DIRECTORATE OF EDUCATION
**GNCT of Delhi, Delhi Government**

**SUPPORT MATERIAL**
**(2021 2022)**

**Class: XII**

# POLITICAL SCIENCE
## (Urdu Medium)

Under the Guidance of

**Mr. H. Rajesh Prasad**
Secretary (Education)

**Mr. Udit Prakash Rai**
Director (Education)

**Dr. Rita Sharma**
Addl. DE (School & Exam.)

***Coordinators***

| **Sh. Sanjay Subhas Kumar** | **Ms. Sunita Dua** | **Sh. Raj Kumar** | **Sh. Krishan Kumar** |
|---|---|---|---|
| DDE (Exam) | OSD (Exam) | OSD (Exam) | OSD (Exam) |

Production Team

**Anil Kumar Sharma**

Published at Delhi Bureau of Text Books , 25/2 Institutional Area, Pankha Road, New Delhi-110058 by **Prabhjot Singh** Secretary, Delhi Bureau of Text Books and Printed by Supreme Offset Press, New Delhi-110017

**H. RAJESH PRASAD**
**IAS**

सत्यमेव जयते

प्रधान सचिव ( शिक्षा )
राष्ट्रीय राजधानी क्षेत्र
दिल्ली सरकार
पुराना सचिवालय, दिल्ली-110054
दूरभाष : 23890187 टेलीफैक्स : 23890119

Pr Secretary (Education)
Government of National Capital Territory of Delhi
Old Secretariat, Delhi-110054
Phone : 23890187 Telefax : 23890119
e-mail : secyedu@nic.in

# MESSAGE

I would like to congratulate the members of Core Academic Unit and the subject experts of the Directorate of Education, who inspite of dire situation due to Corona Pandemic, have provided their valuable contributions and support in preparing the Support Material for classes IX to XII.

The Support Material of different subjects, like previous years, have been reviewed/ updated in accordance with the latest changes made by CBSE so that the students of classes IX to XII can update and equip themselves with these changes. I feel that the consistent use of the Support Material will definitely help the students and teachers to enrich their potential and capabilities.

Department of Education has taken initiative to impart education to all its students through online mode, despite the emergency of Corona Pandemic which has led the world to an unprecedented health crises. This initiative has not only helped the students to overcome their stress and anxiety but also assisted them to continue their education in absence of formal education. The support material will ensure an uninterrupted learning while supplementing the Online Classes.

**(H. Rajesh Prasad)**

**UDIT PRAKASH RAI, IAS**
**Director, Education & Sports**

सत्यमेव जयते

**Directorate of Education**
Govt. of NCT of Delhi
Room No. 12, Civil Lines
Near Vidhan Sabha,
Delhi-110054
Ph.: 011-23890172
Mob.: 8700603939
E-mail : diredu@nic.in

## MESSAGE

The main objective of the Directorate of Education is to provide quality education to all its students. Focusing on this objective, the Directorate is continuously in the endeavor to make available the best education material, for enriching and elevating the educational standard of its students. The expert faculty of various subjects undertook this responsibility and after deep discussions and persistent efforts, came up with Support Material to serve the purpose.

Every year the Support Material is revised/ updated to incorporate the latest changes made by CBSE in the syllabus of classes IX to XII. The contents of each lesson/chapter are explained in such a way that the students can easily comprehend the concept and get their doubts solved.

I am sure, that the continuous and conscientious use of this Support Material will lead to enhancement in the educational standard of the students, which would definitely be reflected in their performance.

I would also like to commend the entire team members for their contributions in the preparation of this incomparable material.

I wish all the students a bright future.

**(UDIT PRAKASH RAI)**

**Dr. RITA SHARMA**
**Additional Director of Education**
**(School/Exam)**

सत्यमेव जयते

**Govt. of NCT of Delhi**
Directorate of Education
Old Secretariat, Delhi-110054
Ph. : 23890185

D.O. No. PA/Addl.DE/Sch/31

Dated: 29.06.2021

# MESSAGE

It gives me immense pleasure to present the revised edition of the Support Material. This material is the outcome of the tireless efforts of the subject experts, who have prepared it following profound study and extensive deliberations. It has been prepared keeping in mind the diverse educational level of the students and is in accordance with the most recent changes made by the Central Board of Secondary Education.

Each lesson/chapter, in the support material, has been explained in such a manner that students will not only be able to comprehend it on their own but also be able to find solution to their problems. At the end of each lesson / chapter, ample practice exercises have been given. The proper and consistent use of the support material will enable the students to attempt these exercises effectively and confidently. I am sure that students will take full advantage of this support material.

Before concluding my words, I would like to appreciate all the team members for their valuable contributions in preparing this unmatched material and also wish all the students a bright future.

**(Rita Sharma)**

# DIRECTORATE OF EDUCATION
**Govt. of NCT of Delhi, Delhi Government**

**SUPPORT MATERIAL**
**(2021-2022)**

**Class : XII**

# Subject: Political Science
# (Urdu Medium)

**NOT FOR SALE**

**PUBLISHED BY : DELHI BUREAU OF TEXTBOOKS**

# भारत का संविधान

भाग 4क

# नागरिकों के मूल कर्तव्य

## अनुच्छेद 51क

**मूल कर्तव्य** – भारत के प्रत्येक नागरिक का यह कर्तव्य होगा कि वह –

1. संविधान का पालन करे और उसके आदर्शों, संस्थाओं, राष्ट्र ध्वज और राष्ट्रगान का आदर करें।
2. स्वतंत्रता के लिए हमारे राष्ट्रीय आंदोलन को प्रेरित करने वाले उच्च आदर्शों को हृदय में संजोए रखे और उनका पालन करे।
3. भारत की प्रभुता, एकता और अखंडता की रक्षा करे और उसे अक्षुण्ण रखे।
4. देश की रक्षा करे।
5. भारत के सभी लोगों में समरसता और समान भ्रातृत्व की भावना का निर्माण करे।
6. हमारी सामाजिक संस्कृति की गौरवशाली परंपरा का महत्त्व समझे और उसका निर्माण करे।
7. प्राकृतिक पर्यावरण की रक्षा और उसका संवर्धन करे।
8. वैज्ञानिक दृष्टिकोण और ज्ञानार्जन की भावना का विकास करे।
9. सार्वजनिक संपत्ति को सुरक्षित रखे।
10. व्यक्तिगत एवं सामूहिक गतिविधियों के सभी क्षेत्रों में उत्कर्ष की ओर बढ़ने का सतत् प्रयास करे।
11. माता–पिता या संरक्षक द्वारा 6 से 14 वर्ष के बच्चों हेतु प्राथमिक शिक्षा प्रदान करना (86वां संशोधन)।

# भारत का संविधान

## उद्देशिका

हम, भारत के लोग, भारत को एक **(सम्पूर्ण प्रभुत्व–सम्पन्न समाजवादी पंथनिरपेक्ष लोकतंत्रात्मक गणराज्य)** बनाने के लिए, तथा उसके समस्त नागरिकों को :

सामाजिक, आर्थिक और राजनैतिक **न्याय,**

विचार, अभिव्यक्ति, विश्वास, धर्म

और उपासना की **स्वतंत्रता,**

प्रतिष्ठा और अवसर की समता

प्राप्त करने के लिए,

तथा उन **सब में,**

व्यक्ति की गरिमा और **(राष्ट्र की एकता**

**और अखंडता)** सुनिश्चित करने वाली बंधुता

बढ़ाने के लिए

हम दृढ़संकल्प होकर इस संविधान को आत्मार्पित करते हैं।

# Disclaimer (2021-2022)

Calss XII۔ سیاسی علوم کے اس Support Material میں استعمال کئے گئے سبھی نقشے کارٹون اور تصویریں N.C.E.R.T. کی نصابی کتاب اور Google Images سے صرف طلبا کے تعلیمی استعمال کے لیے لئے گئے ہیں۔ کسی بھی نقشے ۔ کارٹون ، تصویروں اور دوسری اشیاء کو یقینی بنانے کے لیے ہندوستانی حکومت کے ذریعے N.C.E.R.T. کے ذریعے/CBSE کے زریعے دی گئی ہدایتیں افضل ہیں۔اگر کسی کے کسی بھی حصے میں کوئی خامی ملے تو اسے جلد از جلد ٹھیک کرنے کی کوشش کی جائے۔

# Support Material 2021-2022

## Class-XII

## Subject: Political Science

## Team Members of Review Committee

| S. No. | Name | Designation | School | ID |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Ms. Ajnu Kumari (Team Leader) | Vice Principal | SKV B-3, Paschim Vihar, Delhi- 110063 | 1617011 |
| Subjec Experts | | | | |
| 2 | Dr. Shaifali Gupta (Core Acadmic Unit), DoE, Old Sectt., Delhi | Lect. (Pol.Se) | SKV Mandoli, Delhi- 110093 | 1106019 |
| 3 | Ms. Madhu Bahuguna | Lect. (Pol.Se) | SKV Anand Vihar, Delhi- 110063 | 1001009 |
| 4 | Ms. Priti Makker | Lect. (Pol.Se) | SKV IARI Pusa, Delhi- 110012 | 1720017 |
| 5 | Sh. Anuraj Yadav | Lect. (Pol.Se) | RPVV Kishan Ganj, Delhi- 110007 | 1208092 |
| 6. | Ms. Shanina Faiz | Lect. (Pol.Se) | SKV Bulbuli Khana, Delhi- 110006 | 2127021 |

## مترجم

**شاهینه فیض**

ایس۔ کے وی بلبلی خانہ
آصف علی روڈ
آئی۔ ڈی۔ 2127021

# ہندوستان کا آئین

## حصہ 4اے

دفعہ 51۔اے۔

**بنیادی فرائض:۔** ہندوستان کے ہر ایک شہری کا فرض ہوگا کہ وہ۔

1۔ آئین کی پابندی اور اس کے اصولوں، اداروں۔قومی جھنڈے اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

2۔ آزادی کے لیے ہماری قومی تحریک کو آمادہ کرنے والے اعلیٰ اصولوں کو دل میں بسائے رکھیں اور ان کو اپنائیں۔

3۔ ہندوستان کی خود مختاری۔ یک جہتی اور سالمیت کا تحفظ کریں اور اسے بچائے رکھیں۔

4۔ ملک کی حفاظت کریں۔

5۔ ہندوستان کے سبھی لوگوں میں مساوات اور بھائی چارہ کے جذبے کو قائم رکھیں۔

6۔ ہماری سماجی ثقافت کی فخریہ رسموں کی اہمیت کو سمجھیں اور ان کو قائم رکھیں۔

7۔ قدرتی ماحول کی حفاظت اور اس کو فروغ دیں۔

8۔ سائنٹفک نظریہ اور علم حاصل کرنے کے جذبے کو فروغ دیں۔

9۔ قومی ملکیت کا تحفظ کریں۔

10۔ انفرادی اور مشترکہ سرگرمیوں کے سبھی علاقوں میں ترقی کی طرف بڑھنے کی مسلسل کوشش کریں۔

11۔ ماں باپ یا سرپرست کے ذریعے 6 سے 14 سال کے بچوں کے لیے بنیادی تعلیم مہیا کریں (86ویں ترمیم)

# ہندوستان کا آئین

## تمہید

ہم بھارت کے عوام متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو ایک مقتدر، سماجوادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں۔ اوراس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں۔

**انصاف:** سماجی معاشی اور سیاسی

**آزادی:** خیال۔ اظہار۔ عقیدہ۔ دین اور عبادت۔

**مساوات:** بہ اعتبار حیثیت اور موقع اور ان سب میں۔

اخوت کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور سالمیت کا تعین ہو۔

اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج 26 نومبر 1949 کو یہ آئین ذریعہ ہذا اختیار کرتے ہیں۔ وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔

# فہرست

سیریل نمبر　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　صفحہ نمبر

## حصہ-1 ہم عصر عالمی سیاست


1۔ سرد جنگ اور ناوابستہ تحریک

2۔ دوقطبیت کا خاتمہ

3۔ طاقت کے نئے مرکز

4۔ دور حاضر کا جنوبی ایشیا

5۔ انجمن اقوام متحدہ اور اس کی تنظیمیں

6۔ دور حاضر میں سلامتی

7۔ ماحول اور قدرتی وسائل

8۔ عالمگیریت


## حصہ-2 آزادی کے بعد ہندوستان کی سیاست


1۔ قومی تعمیر کے چیلنج

2۔ منصوبہ اور ترقی

3۔ ہندوستان کی خارجہ پالیسی

4۔ ہندوستان میں پارٹی اور پارٹی نظام

5۔ جمہوریت کی بحالی

6۔ ہندوستان میں سماجی اور نئی سماجی تحریکیں۔

7۔ علاقائی آرزوئیں

8۔ ہندوستانی سیاست: رجحانات اور ترقی

مشقی سوالنامہ 3-1

پروجیکٹ ورک کی فہرست

# New Syllabus 2021-2022

## Subject- Political Science (028)

## حصہ 1۔عصری عالمی سیاست

1۔ سرد جنگ اور ناوابستہ تحریک — 18 پیریڈ

دو عظیم طاقتوں کے دور کی شروعات۔دوقطبیت۔ناوابستہ تحریک

2۔ دوقطبیت کا خاتمہ — 18 پیریڈ

سوویت یونین کا انتشار۔ایک قطبی دنیا۔وسطی مشرقی بحران۔افغانستان۔خلیجی جنگ

جمہوری سیاست اور جمہوریت۔آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ (CIS)۔21ویں صدی (عرب اسپرنگ)

3۔ طاقت کے متبادل مرکز — 16 پیریڈ

تنظیمیں:۔یوروپین یونین۔آسیان۔سارک۔برکس

ممالک: روس۔چین۔اسرائیل۔ہندوستان

4۔ جنوبی ایشیا اور عصری دنیا — 16 پیریڈ

تنازعات اور امن کے لیے کوششیں۔جنوبی ایشیا پاکستان۔نیپال۔بنگلہ دیش۔سری لنکا۔مالدیپ کو جمہوری بنانا

5۔ انجمن اقوام متحدہ اور اس کی تنظیمیں — 12 پیریڈ

خاص اجزا۔ایجنسیاں۔یونیسکو۔یونیسیف۔ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن۔انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن۔

سلامتی کاؤنسل اور اس کی توسیع کی ضرورت۔

6۔ عصری دنیا میں سلامتی — 10 پیریڈ

سلامتی۔معنی اور قسمیں: دہشت گردی

7۔ ماحول اور قدرتی وسائل 10 پیریڈ

ماحولیاتی تحریکیں۔گلوبل وارمنگ اور آب وہوا میں تبدیلی۔قدرتی وسائل کا تحفظ

8۔ عالم گیریت 10 پیریڈ

عالم گیریت کے معنی۔اثرات اور تنقیدیں

## 2۔ آزادی کے بعد ہندوستان کی سیاست

9۔ قومی تعمیر کے چیلنج

قوم اور قومی تعمیر سردار ولبھ بھائی پٹیل اور ریاستوں کی تشکیل نو۔تقسیم کے نتائج۔شنارتھیوں کا مسئلہ۔باز آبادکاری۔

کشمیر کا مدا۔قومی تعمیر پر نہرو کا نظریہ۔لسانی بنیاد پر سیاسی تنازعات۔

10۔ منصوبہ اور ترقی

ہندوستان کی معاشی ترقی کا بدلتا رویہ۔منصوبہ کمیشن اور پنج سالہ منصوبہ۔قومی ترقیاتی کاؤنسل (NDC) نیتی آیوگ۔

11۔ ہندوستان کی خارجہ پالیسی

خارجہ پالیسی کے اصول ہندوستان کے دوسرے ممالک سے بدلتے تعلقات (امریکہ روس۔چین۔اسرائیل۔

ہندوستان کے اپنے پڑوسی ممالک سے تعلقات (پاکستان۔بنگلہ دیش۔نیپال۔سری لنکا اور میانمار) ہندوستان

کا نیوکلیائی پروگرام

12۔ ہندوستان میں پارٹی اور پارٹی نظام 14 پیریڈ

کانگریس نظام۔دو پارٹی نظام۔کثیر پارٹی۔گٹھ بندھن نظام

13۔ جمہوری بحالی 16 پیریڈ

جے پرکاش نارائن اور مکمل انقلاب۔رام منوہر لوہیا اور سماجواد۔دین دیال اپدھائے اور متحدہ انسانیت۔

ملک میں ایمرجنسی۔جمہوری بحالی۔بالغوں کی شرکت۔پچھڑے ہوئے طبقے اور نوجوانوں کی شمولیت۔

14۔ ہندوستان میں سماجی اور نئی سماجی تحریکیں — 10 پیریڈ

کسان تحریکیں۔مزدور تحریکیں۔خواتین تحریکیں۔ماحولیاتی تحریکیں

15۔ علاقائی آرزوئیں — 10 پیریڈ

علاقائی پارٹیوں کا عروج۔پنجاب بحران۔کشمیر مدا۔خودمختاری کے لیے تحریکیں

16۔ ہندوستانی سیاست رجحانات اور ترقی — 10 پیریڈ

گٹھ بندھن کا دور۔نیشنل فرنٹ۔یونائیٹیڈ فرنٹ۔یونائیٹیڈ پروگریسو الائنس (UPA, I-II)


راشٹریہ جمہوری مورچہ NDA -I,II, III, IV ترقی اور حکومت کے مدے۔

نوٹ: اقتباس۔نقشے اور کارٹون پر مبنی سوالات کی تیاری مکمل نصاب میں سے ہے۔

Project Wrok-20 Marks

# Details of Project Work

1. Project work will be implemented in class XII from the session 2021-22.
2. Out of 20 marks, 10 marks are to be allotted to viva voce and 10 marks for project work.
3. For class XII, the evaluation for 20 marks project work should be done jointly by the internal as well as the external examiner.
4. The project can be individual/pair/group of 4-5 each. The Project can be made on any of the topics given in the syllabus of a particular class.
5. The suggestive list of activities for project work is as follows:.
   **Role play, Skit, Presentation, Model, Field Survey, Mock Drills/Mock Events etc.**
6. The teacher should give enough time for preparation of the project work. The topics for Project work taken by the student must be discussed by the teacher in classroom.


THE WORLD
GREENLAND
CANADA
NORTH
AMERICA
UNITED STATES OF AMERICA
PACIFIC
OCEAN
ATLANTIC
OCEAN
SOUTH
BRAZIL
RUSSIA
AUSTRALIA
REFERENCES

# باب۔ ایک

# سرد جنگ اور ناوابستہ تحریک

## دو عظیم طاقتوں کے دور کی شروعات / دو قطبیت ۔ ناوابستہ تحریک (NAM)

سرد جنگ سے مُراد دنیا کی دو عظیم طاقتوں امریکہ اور سابق سوویت یونین کے بیچ موجودہ تلخ تعلقات جو تناؤ، ڈر اور حسد پر مبنی تھے۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد 1991-1945 کے بیچ سرد جنگ کا دور چلا اور دنیا دو گٹوں میں بٹ گئی۔ ان دونوں گٹوں کے بیچ نظریاتی اور سیاسی لڑائی تھی۔


**یاد رکھنے لائق نکات:**

- دوسری جنگ عظیم کے بعد سے آج تک کے عالمی واقعات کا مطالعہ عصری عالمی سیاسیات کے موضوعات ہیں:
  - ■ پہلی جنگ عظیم —— 1914 سے 1918 تک
  - ■ دوسری جنگ عظیم —— 1939 سے 1945 تک

دوسری جنگ عظیم کے گٹ:

- ■ **دوست ممالک:** سوویت یونین، فرانس، برطانیہ، ریاست ہائے متحدہ امریکہ
- ■ **محوری طاقتیں:** جرمنی، جاپان، اٹلی

- دوسری جنگ عظیم کے ختم ہو جانے کے بعد دو عظیم طاقتوں کا عروج ہوا۔ سرمایہ دارانہ نظریات کی نمائندگی کرنے والا ریاست ہائے متحدہ امریکہ اور سماج وادی نظریات کا حامی سوویت یونین تھا۔
- اپنے اثرات کو بڑھانے کے لیے دونوں عظیم طاقتوں نے دوسرے ممالک کے ساتھ معاہدے کیے:



↓

1۔ NATO (1949)

2۔ SEATO (1954) وارسا پیکٹ 1955

3۔ CENTO (1955)

- اپنے اثرات کا رقبہ بڑھاتے ہوئے اور ان سے حاصل دیگر فائدوں کو دیکھتے ہوئے یہ عظیم طاقتیں چھوٹے ممالک کے ساتھ بھی اپنے تعلقات رکھنا چاہتی تھیں۔
- چھوٹے ممالک بھی سلامتی، ہتھیار اور معاشی امداد کی غرض سے ان عظیم طاقتوں سے جڑے رہنا چاہتے تھے۔
- ایٹمی صلاحیتیں ہونے کی وجہ سے دونوں ہی عظیم طاقتیں خون ریزی کی جنگ کے مقام پر مقابلہ آرائی اور تناؤ کی صورت پیدا کر رہی تھیں جسے سرد جنگ کا نام دیا گیا۔

## عظیم طاقتوں کو چھوٹے ممالک سے فائدے:

- چھوٹے ممالک سے قدرتی وسائل حاصل کرنا
- ان ممالک میں اپنے فوجی ٹھکانے قائم کرنا
- معاشی امداد حاصل کرنا
- زمینی علاقہ (تاکہ عظیم طاقتیں اپنے ہتھیاروں اور فوجی کارروائی چلا سکیں)


## سرد جنگ کے دائرے:

- 1948 میں برلن کی ناکہ بندی
- 1950 میں کوریا بحران
- 1954 سے 1975 تک ویت نام میں امریکی مداخلت
- 1956 ہنگری میں سوویت یونین کی مداخلت
- 1962 کیوبا میزائل بحران

## ناوابستہ تحریک

- ناوابستہ تحریک ایشیا اور افریقہ کے نئے آزاد ممالک کے سامنے اپنی آزادی اور اقتدار کو بنائے رکھنے کا تیسرا حل تھا کہ ناوابستہ تحریک میں شامل ہو جائیں۔
- ناوابستہ تحریک کی پہلی کانفرنس 1961 میں بیلگراڈ (یوگوسلاویہ) میں ہوئی جس میں 25 ممالک نے حصّہ لیا۔اس تحریک سے وابستہ لیڈر اور ممالک تھے:۔
  - پنڈت جواہر لعل نہرو ——— بھارت
  - جمال عبدالناصر ——— مصر
  - سوکارنو ——— انڈونیشیا
  - جوزف بروز ٹیٹو ——— یوگوسلاویہ
  - کوامے نکرومہ ——— گھانا
- 17 ویں فاوابستہ چوٹی کانفرنس Venezuela کے Margarita جزیزے میں ستمبر 2016 میں منعقد ہوئی۔اس وقت اس تحریک کے ممبروں کی تعداد 120 ہے ساتھ ہی ساتھ اس کی 17 ممالک اور 10 بین الاقوامی تنظمیں ہیں۔ اس چوٹی کانفرنس میں دہشت گردی، مجموعی قومی اصلاح مغربی ایشیا کے حالات UNO کی امن مہم، تبدیلی آب وہوا۔ٹکاؤ ترقی شنارتھیوں کا مسئلہ اور ترک اسلحہ جیسے مدّعوں پر بحث کی گئی ہے۔

18 ویں NAM کانفرنس ازربیجان میں 26-25 اکتوبر 2019 میں ہوئی۔


Warsaw Pact Members
Other Communist Nations
Others
FINLAND
NORWAY
SWEDEN
USSR
Moscow
EAST GERMANY
POLAND
CZECHOSLOVAKIA
HUNGARY
ROMANIA
BULGARIA
YUGOSLAVIA
AUSTRIA
WEST GERMANY
ITALY
FRANCE
SPAIN
TURKEY
Black Sea



## بھارت اور سرد جنگ

- سرد جنگ کے دوران بھارت نے نئے آزاد ممالک کی قیادت کی اور اپنے قومی مفادات کو پورا کیا۔ بھارت نے دونوں عظیم طاقتوں کے درمیان بھید بھاؤ کو دور کرانے کی بھی کوششیں کیں۔

## ہتھیاروں کو محدود کرنے کے معاہدے

1۔ 5/اگست 1963 Limited Test Ban Treaty(LTBT)

2۔ SALT
(i) 26/ مئی 1972
(ii) 18/جون 1979

3۔ START
(i) 31/جولائی 1991
(ii) 3/جنوری 1993

4۔ یکم جولائی 1968 Non-Proliferation Treaty (NPT)

(پانچ ایٹمی طاقت والے ملک فرانس، جرمنی، امریکہ، برطانیہ اور روس ہی ایٹمی تجربہ کر سکتے تھے دوسرے ملک نہیں)

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ جملے کو صحیح کر کے لکھیں:

''امریکہ نے سرمایہ دار ممالک کو لے کر 1949 میں وارسا معاہدہ کیا''

2۔ NPT/NATO کو مکمل کر کے لکھیں۔

3۔ محوری طاقتوں کے دو ممبران کے نام لکھیں۔

4۔ ایسے دو دوست ممالک کے نام لکھیں جن کے درمیان بعد میں سرد جنگ ہوئی۔

5۔ امریکہ نے دوسری جنگ عظیم میں جاپان کے کن دو شہروں پر بم گرائے تھے؟

6۔ ایٹمی بموں کے خفیہ نام کیا تھے؟

7۔ SALT کا پورا نام لکھیں؟

8۔ START کا پورا نام لکھیں

9۔ UNCTAD کو وسیع کر کے لکھیں

10 ناوابستہ تحریک کے کنیں دو ممالک اور اس کے بانی لیڈروں کے نام لکھیں۔

11۔ خالی جگہوں کو پورا کریں۔

کیوبا میزائل بحران۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے ذریعے کیوبا میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو تعینات کرنے کی وجہ تھی۔

12۔ خالی جگہوں کو پورا کریں۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ناٹو کی تشکیل ہوئی جس میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ممالک شامل تھے۔

13۔ پہلی ناوابستہ کانفرنس میں کتنے ممالک شامل ہوئے۔

(A) 15 (B) 20 (C) 30 (D) 25

14۔ امریکہ میں آزادی کی لڑائی کب ہوئی تھی۔

15۔ ناوابستہ تحریک میں شامل یوگوسلاویہ کے لیڈر کا نام لکھیں۔

16۔ تیسری دنیا سے کیا مراد ہے؟

17۔ مندرجہ ذیل واقعات کو ترتیب وار لکھیں۔

(1) ناٹو کی تشکیل (2) پہلی جنگ عظیم

(3) ہیروشیما اور ناگاساگی پر ایٹم بم گرنا (4) وارسا پیکٹ

18۔ سرد جنگ کے زمانے میں ایک مشرقی اور ایک مغربی گٹھ بندھن کا نام لکھیں۔

19۔ کیوبا میزائل بحران کے دوران سوویت یونین کے لیڈر کون تھے؟

20۔ پہلی جنگ عظیم کب سے کب تک ہوئی؟

## دو نمبر والے سوالات

1۔ سرد جنگ سے کیا مراد ہے؟

2۔ ناوابستگی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

3۔ بھارت سیٹو اور ناٹو کا ممبر کیوں نہیں بنا؟

4۔ ہتھیاروں پر پابندی کے لیے عظیم طاقتوں نے کن دو معاہدوں پر دستخط کیے؟

5۔ مزاحمت کسے کہتے ہیں؟

6۔ کیوبا میزائل بحران کے دوران امریکہ اور سوویت یونین کی قیادت کون کر رہا تھا؟

## اقتباس پر مبنی سوالات:۔

مندرجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے پڑھیں اور سوالات کے جواب دیں

سرد جنگ محض طاقت کے لیے حریفانہ کشمکش، فوجی معاہدوں اور طاقت کے توازن کی کہانی نہیں تھی بلکہ اس کے ہمراہ حقیقی نظریاتی اختلافات بھی تھے۔ یعنی کشاکش تھی کہ کون سا نظریہ دنیا کی سیاسی، معاشی اور سماجی نظام کے لیے بہتر اور مناسب ہے۔ مغربی حلیفوں کی سرداری امریکہ کر رہا تھا جو ایک ایسے نظام کی نمائندگی کرتا تھا جس کا نظریہ آزاد جمہوریت اور سرمایہ داری پر مبنی تھا۔ اس کے برعکس مشرقی حلیفوں کی قیادت سوویت یونین کے ہاتھ میں تھی جو اشتراکی اور کمیونسٹ نظریہ رکھتے تھے۔

1۔ سرد جنگ دنیا کی کن دو عظیم طاقتوں کے بیچ لڑی گئی؟

(a) امریکہ اور انگلینڈ (b) سوویت یونین اور جاپان

(c) امریکہ اور سوویت یونین (d) دوست ممالک اور محوری ممالک

2۔ امریکہ کس نظریہ کا حامی تھا؟

(a) سماجوادی (b) سرمایہ داری

(c) کمیونزم (d) مخلوط

3۔ مغربی گٹھ بندھن کا حامی ملک کون سا تھا؟

(a) امریکہ (b) سوویت یونین

(c) انگلینڈ امریکہ (d) جاپان

4۔ مشرقی گٹھ بندھن کے ایک خاص فوجی گٹھ بندھن کا نام چنئے؟

(a) سیٹو (b) وارسا پیکٹ (c) ناٹو (d) سینٹو

## چار نمبر والے سوالات

1۔ عظیم طاقتیں چھوٹے ممالک کو اپنے ساتھ کیوں رکھتی تھیں؟

2۔ ''کیوبا میزائل بحران سرد جنگ کا نقطۂ عروج تھا'' واضح کیجیے۔

3۔ ناوابستہ پالیسی کے چار اصول بیان کیجیے۔

4۔ ناوابستگی کے معنی علیحدگی کا مذہب نبھانا نہیں ہے۔اس جملے کو واضح کریں۔

## پانچ نمبر والے سوالات

نیچے دیئے گئے دنیا کے نقشے میں پانچ جگہوں کو دکھایا گیا ہے نیچے دی گئی معلومات کی بنیاد پر ان کی پہچان کریں ان کے صحیح نام ان کا سیریل نمبر اور متعلق حروف لکھیں۔

| استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر | متعلق حروف | ملک کا نام |
|---|---|---|
| 1۔ | | |
| 2۔ | | |
| 3۔ | | |
| 4۔ | | |
| 5۔ | | |


1۔ کیوبا میزائل بحران سے متعلق ملک

2۔ دوست ممالک کی رہنمائی کرنے والا ایک ملک

3۔ محوری طاقتوں کی رہنمائی کرنے والا ملک

4۔ اگست 1945 میں ایٹمی بم کا شکار ملک

5۔ جنوبی مشرقی ایشیا کا ایک ملک




3۔ کارٹون کی بنیاد پر مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔




1۔ یہ کارٹون کس مشہور کارٹونسٹ کے ذریعے بنایا گیا ہے۔اس میں کس جنگ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

2۔ یہ کارٹون کس وقت میں بنایا گیا۔

3۔ اوپر دیا گیا یہ کارٹون کیا مظاہرہ کر رہا ہے۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ دومحوری دنیا قائم ہونے کے کیا اسباب تھے؟ دونوں عظیم طاقتوں کے درمیان سرد جنگ سے متعلق دائرے کون کون سے تھے؟

2۔ سرد جنگ کے دوران دونوں عظیم طاقتوں نے ایک طرف تو ہتھیاروں کی دوڑ شروع کی تو دوسری طرف ہتھیاروں کو محدود کرنے کے لیے معاہدے کیے۔کیوں؟(Imp)

3۔ ''سرد جنگ کے ختم ہو جانے کے بعد کیا ناوابستگی موزوں یا فائدے مند ہے؟ واضح کیجیے۔(Imp)

4۔ سرد جنگ کے نتائج کا ذکر کریں۔

5۔ سرد جنگ کے تناؤ کو کم کرنے میں بھارت نے کیا رول ادا کیا ہے؟

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ NATO معاہدہ کیا

2۔ North Atlantic Treaty Organization ......(NATO)

Nuclear Non-proliferation Treaty ......(NPT)

3۔ جرمنی، جاپان، اٹلی

4۔ سوویت یونین اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ

5۔ ہیروشیما اور ناگاساکی

6۔ چھوٹا بچہ (Little Boy) اور موٹا آدمی (Fat Man)

7۔ Startegic Arms Limitation Talks

8۔ Startegic Arms Reduction Treaty.

9۔ United Nation Conference on the Trade and Development

10۔ (1) ہندوستان۔ جواہر لال نہرو، (2) انڈونیشیا۔ سوکارنو

11۔ سوویت یونین — ایٹمی میزائلس

12۔ 1949 — 12

13۔ 25

14۔ 1787

15۔ جوزف بروز ٹیٹو

16۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد افریقہ اور ایشیا کے لیے آزاد ممالک جن کی ترقی کم ہوئی یا ہو رہی ہے۔ ترقی پذیر

17۔ i۔ 2 ii۔ 3 iii۔ 1 iv۔ 1

18۔ مشرقی گٹھ بندھن۔ وارسا پیکٹ۔ مغربی گٹھ بندھن SEATO

19۔ نکیتا خرشچیو

20۔ 1914-18

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ سرد جنگ سے مراد ہے دو عظیم طاقتوں (سوویت یونین اور امریکہ) کے درمیان ایٹمی طاقت ہونے کے باوجود خون ریز جنگ نہ ہو کر تناؤ اور کشیدگی کے حالات کا بنے رہنا

2۔ دونوں عظیم طاقتوں میں سے کسی کے بھی گٹ میں شامل نہ ہونے کی پالیسی ہی ناوابستگی ہے۔

3۔ بھارت کسی بھی عظیم طاقت کے گٹ کا ممبر نہیں بننا چاہتا تھا۔ آزاد پالیسی کو بنائے رکھنے کی وجہ سے بھارت ناٹو اور سیٹو جیسے فوجی معاہدوں میں شامل نہیں ہوا۔

4۔ LTBT SALT, START,

5۔ مزاحمت یعنی روک اور توازن۔ جب دونوں فریق تباہی کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں لیکن کوئی بھی فریق جنگ کا خطرہ نہیں اٹھانا چاہتا۔

6۔ امریکہ کی جانب سے جان۔ ایف۔ کینڈی اور سوویت یونین کی جانب سے نکیتا خروشچیف

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جواب

1۔ (C) امریکہ اور سوویت نونین

2۔ (B) سرمایہ داری

3۔ (A) امریکہ

4۔ (B) وارسا پیکٹ

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ یاد رکھنے کے لائق نکات میں دیکھیں ''...... عظیم طاقتوں کو چھوٹے ممالک سے فائدے''

2۔ 1962 میں سوویت یونین نے کیوبا میں ایٹمی میزائلیں تعینات کر دیں اور امریکہ ان نشانوں کی حدود میں آ گیا لیکن امریکی صدر جان کینڈی کی جوابی کارروائی کے بعد سوویت یونین نے مزائلیں ہٹالیں۔ دونوں عظیم طاقتوں کے درمیان تناؤ اور کشدگی نے جنگ کی شکل اختیار نہیں کی۔ کیوبا میزائل بحران سرد جنگ کا نقطۂ عروج کہلاتا ہے۔

3۔ (i) آزادانہ خارجہ پالیسی

(ii) عظیم طاقتوں کے گٹوں سے الگ رہنا

(iii) نوآبادیات اور سامراجیت کی مخالفت کرنا

(iv) عالمی امن اور پرامن بقائے باہمی

(v) رنگ بھید کی پالیسی کی مخالفت

(vi) اقوام متحدہ میں یقین

(vii) آپسی بھید بھاؤ اور جھگڑوں کا بات چیت کے ذریعے حل تلاش کرنا

4۔ ناوابستگی کے معنی علیحدگی کا مذہب نبھانا نہیں ہے۔ اس بیان کا مطلب ہے خاص طور سے جنگ میں شامل نہ ہونے کی پالیسی کو اپنانا۔ علیحدگی کی پالیسی کو اپنانے والے ملک کے لیے یہ ضروری نہیں کہ وہ جنگ کو ختم کرنے میں مدد کریں۔ ایسے ملک جنگ میں شامل نہیں ہوتے اور نہ ہی جنگ کو صحیح غلط ہونے کے بارے میں ان کی کوئی طرفداری ہوتی ہے۔ دراصل کئی وجوہات سے ناوابستہ ممالک جس میں ہندوستان بھی شامل ہے جنگ میں شامل ہوئے ہیں۔ ان ممالک نے دوسرے ممالک کے بیچ جنگ کو ہونے سے ٹالنے کے لیے کام کیا ہے اور جاری جنگ کو ختم کرنے کے لیے کوشش کی ہے۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ کیوبا A 1

فرانس B 2

اٹلی C 3

| | | |
|---|---|---|
| جاپان | D | 4 |
| میانمار | E | 5 |

2۔ (i) یہ کارٹون مشہور کارٹونسٹ کُٹّی نے بنایا ہے۔اس میں سرد جنگ کو لے کر ہندوستان کے نظریے کو پیش کیا ہے۔

(ii) یہ اس وقت بنا جب سوویت یونین کو اندھیرے میں رکھ کر امریکہ نے چین کے ساتھ خفیہ دوستی کی تھی۔

(iii) یہ کارٹون امریکہ اور چین کے بیچ دوستی کو ظاہر کر رہا ہے۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ دونوں عظیم طاقتیں دنیا میں اپنا اثر، غلبہ یا دبدبہ قائم رکھنا چاہتی تھیں۔اپنی فوجی طاقت، ایٹمی طاقت اور خیالات کے نظریہ کو بڑھا چڑھا کر دکھانا چاہتی تھیں۔

2۔ **ہتھیاروں کی دوڑ:** اپنا دبدبہ قائم رکھنا، عمدہ قسم کے تکنیکی ہتھیار بنانا، زیادہ طاقت کے ایٹمی ہتھیار بنانا

**ہتھیاروں پر کنٹرول:** دونوں عظیم طاقتوں کو اپنے ختم ہونے کا خوف، ہتھیار بنانے کے خرچ کو بچانا، ہتھیاروں پر روک لگانے سے متعلق معاہدے

3۔ **ناوابستہ تحریک کی حقیقت:**

(i) ترقی پذیر ممالک کا ایسا اسٹیج جہاں وہ سب ایک ساتھ جمع ہوں

(ii) جدید معاشی نظام کو لاگو کرنا

(iii) بین الاقوامی میدان میں اپنی پہچان بنانا اور اپنا وجود قائم رکھنا

(iv) بین الاقوامی اداروں میں ترقی پذیر ممالک کو غلبہ دینا

(v) غریب ممالک کے معاشی استحصال کے خلاف مل کر کھڑے ہونا

(vi) عالمی امن و امان کو قائم رکھنا اور تخفیف اسلحہ کو لاگو کرنا

4۔ **سرد جنگ:**

(i) دومحوری دنیا کا وجود عمل میں آنا

(ii) فوجی معاہدوں کی تشکیل

(iii) ناوابستہ تحریک کی شروعات

(iv) ہتھیاروں کی دوڑ کا شروع ہونا

(v) اقوام متحدہ کی کارروائی میں کمی آنا

5- (i) ناوابستہ تحریک کی قیادت


(ii) فوجی معاہدوں یا فوجی گٹوں میں شامل نہ ہونا

(iii) عالمی مشکلات یا مسائل پر آزاد خیالات کا ہونا

(iv) علاقائی تنظیموں کی تشکیل

(v) عظیم طاقتوں سے دوستانہ تعلقات

(vi) بین الاقوامی تنظیموں کو مضبوط کرنے میں مدد کرنا


MAP OF CENTRAL, EASTERN EUROPE AND THE COMMONWEALTH OF INDEPENDENT STATES
Belarus
Ukraine
Moldova
Romania
Bulgaria
Serbia
Montenegro
Slovenia
Croatia
Kazakhstan
Uzbekistan
Tajikistan
Georgia
Azerbaijan
Armenia

# باب۔ دو

# دوقطبیت کا خاتمہ

| |
|---|
| سوویت یونین کا دوسری ایک محوری دنیا۔ وسطی ایشیائی بحران افغانستان۔ خلیجی جنگ۔ جمہوری سیاست اور جمہوریت CIS اور 21 ویں صدی (عرب اسپرنگ): |

- سرد جنگ کی نمایاں پہچان 1961 میں بنی برلن کی دیوار کو 9/نومبر 1989 میں مشرقی جرمنی کی عوام نے توڑ دیا۔
- 25/دسمبر 1991 کو سوویت یونین کا زوال ہو گیا۔

### سوویت یونین کی ابتدا اور نظام

- 1917 کے روسی بالشویک انقلاب کے بعد سماجوادی سوویت یونین کا وجود عمل میں آیا۔

### سوویت نظام کی خصوصیات

- سوویت یونین میں مساوی سماج کی تشکیل کے لیے مرکزی منصوبہ۔ ریاست کے کنٹرول پر مبنی اور کمیونسٹ پارٹی کے ذریعے بنایا گیا نظام سوویت نظام کہلائے گا۔
- ایک منصوبہ بند معاشی نظام تھا جو سرمایہ دارانہ نظام کا مخالف تھا اور سماج واد کے اصولوں میں یقین رکھتا تھا۔
- کمیونسٹ پارٹی کا دبدبہ تھا۔
- کم از کم معیار زندگی کی سہولیت، بے روزگاری کا نہ ہونا، ترقی یافتہ مواصلاتی نظام کے تمام ذرائع پر حکومت کا کنٹرول تھا۔ پیداوار کے تمام ذرائع بھی ریاست کی ملکیت میں تھے۔

### دوسری دنیا

- مغربی یوروپی ممالک کو سماج وادی نظام کے طرز پر ڈھالا گیا تھا۔ ان ہی کو سماج وادی خیمے کے ملک ادوسری دنیا کہا گیا۔

## میخائل گورباچیف

- 1980 کی دہائی میں میخائل گورباچیف نے سیاسی اصلاحات کی شروعات کی۔ گورباچیف کے ذریعے پیرستورائکا (منظّم کرنا) اور گلاس نوست (کھلے پن) کی پالیسیاں اختیار کی گئیں تاکہ معاشی طور پر بہتر اقدامات کیے جاسکیں۔

## سوویت یونین کے ختم ہونے کا اعلان

- 1991 میں بورس یلتسین کی قیادت میں مشرقی یوروپین ممالک اور روس، یوکرین اور بیلا روس نے سوویت یونین کے ختم ہونے کا اعلان کیا۔
- آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ (Commonwealth of Independent States) کا قیام عمل میں آیا۔ 15 نئے ممالک کا عروج ہوا۔

## سوویت یونین کے زوال کے اسباب

- سوویت یونین کے سیاسی اور معاشی ادارے اندرونی کمزوریوں کے سبب عوام کی خواہشات اور امنگوں کو پورا نہ کرسکے
- سوویت نظام پر نوکرشاہی کا شکنجہ
- کمیونسٹ پارٹی کا کنٹرول
- عوامی مفاد کے بجائے ایٹمی ہتھیاروں اور فوجی ساز وسامان کا زیادہ استعمال
- مغربی ممالک کے مقابلے میں سوویت یونین کا پیچھے رہنا
- روس کی اہمیت
- گورباچیف کے ذریعے کے گئے اقدامات کی مخالفت
- معیشت کی رفتار دھیمی اور صارفین کی چیزوں کی کمی۔
- ریاستی ملکیت کی بالادستی، آمریت اور نوکرشاہی کا دخل
- قومی جذبات اور اقتداری خواہش کی کمی
- سوویت نظام کا اقتدار پسند ہونا۔

- پارٹی کا عوام کے تئیں جواب دہ نہ ہونا۔

## سوویت یونین کے زوال کے نتائج

- سرد جنگ کا خاتمہ ہو گیا۔
- ایک محوری طاقت کی شکل میں امریکہ کا ظہور عمل میں آیا۔
- ہتھیاروں کی دوڑ ختم ہو گئی۔
- سوویت یونین کا خاتمہ ہوا۔ 15 نئی ریاستوں کو ملا کر روس کا وجود ہوا۔
- روس سوویت یونین کا جانشین بنا۔
- دنیاوی سیاست میں طاقت کے رشتے بدل گئے۔
- سماج وادی نظریہ پر سوالیہ نشان لگ گیا اور سرمایہ داری یا حریت پسند نظام کا دبدبہ ہوا۔

## شاک تھیریپی

- لفظی معنی تکلیف پہنچا کر علاج کرنا۔

کمیونزم کے زوال کے بعد سوویت یونین کی ریاستوں کو عالمی بینک اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے ذریعے تیار کئے گئے ماڈل (کمیونزم سے سرمایاداری کی طرف) کو اپنانے کو کہا گیا اسے ہی شاک تھیریپی کہتے ہیں۔

## شاک تھریپی کی خصوصیات

- ملکیت کی اہم شکل ذاتی ملکیت
- ریاست کی ملکیت کی نجی کاری
- اجتماعی فارم کی جگہ ذاتی فارم
- آزادانہ تجارت کے نظام کو اپنانا
- مغربی ممالک کو معاشی نظام سے جوڑنا
- مالی کھلاپن، کرنسی کا لین دین اور آزاد تجارت کی پالیسی کو اہم سمجھا گیا

■ سرمایہ دارانہ نظام کے طریقوں سے کھیتی کا کام شروع کیا گیا

## شاک تھیریپی کے نتائج

- شاک تھیریپی مکمل طور پر سے ناکام رہی۔ روس کا صنعتی ڈھانچہ چرمرا گیا۔

روسی کرنسی روبل میں گراوٹ آ گئی

سماجی فلاح و بہبودگی کا نظام پوری طرح تباہ ہو گیا۔

90% صنعتوں کو نجی ہاتھوں یا کمپنیوں کو کم داموں میں بیچا گیا جیسے تاریخ کی سب سے بڑی گیراج سیل کہا جاتا ہے۔

معاشی گراوٹ میں اضافہ ہوا۔

غذائی بحران پیدا ہو گیا

مافیہ طبقہ کا عروج ہوا۔

کمزور پارلیمنٹ اور صدر کو زیادہ اختیارات دینے کی وجہ سے صدر حکومت قائم ہو گئی۔

## تناؤ اور کشیدگی کے علاقے

- سابق سوویت یونین کی زیادہ تر ریاستیں تنازعہ میں الجھنے کی جانب مائل ہیں۔ ان ریاستوں میں باہری طاقتوں کی دخل اندازی بھی بڑھی ہے۔ روس کی دو ریاستوں چیچنیا اور داغستان میں علاحدگی پسند تحریکوں کا میدان رہی ہیں۔ چیکوسلواکیہ دو حصّوں چیک اور سلواکیہ میں بٹ گیا۔

## بلقان ریاست

- بلقان ریاست یوگوسلاویہ خانہ جنگی کے سبب کئی صوبوں میں بٹ گیا۔ اس میں شامل بوسینیا، ہرزگونیا، سلوونیا اور کروشیا نے اپنی آزاد ریاستوں کا اعلان کر دیا۔ بالٹک حصّے میں لیتھوانیا نے مارچ 1990 میں خود کو آزاد ریاست ہونے کا اعلان کر دیا۔ ایسٹونیا، لاتیوا اور لاتھوانیا 1991 میں اقوام متحدہ کے ممبر بنے اور 2004 میں ناٹو میں شامل ہوئے۔

## وسطی ایشیا

- وسطی ایشیا کے تاجکستان میں دس سالوں تک (2001 تک) خانہ جنگی چلتی رہی۔ آذربائیجان، آرمینا، یوکرین، کرغستان

اور جارجیا میں بھی خانہ جنگی جیسی صورت حال ہے۔ وسط ایشیائی ریاستوں کے پاس پیٹرول کے ذخائر ہیں جس کی وجہ سے یہ علاقہ باہری طاقتوں اور تیل کمپنیوں کے لیے مقابلہ کا میدان بن گیا ہے۔

## بھارت اور کمیونزم کے بعد کے ممالک

- کمیونزم کے بعد وجود میں آئے ملکوں کے ساتھ بھارت کے تعلقات اچھے ہیں۔ خاص طور سے روس کے ساتھ بھارت کے تعلقات کافی خوشگوار ہیں۔
- روس اور بھارت دونوں کے سامنے ایک کثیر قطبی عالمی نظام کا تصوّر ہے۔
- دونوں ممالک اجتماعی سلامتی، علاقائی اقتدار، آزادانہ خارجہ پالیسی، بین الاقوامی تنازعات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے اور اقوام متحدہ پر یقین رکھتے ہیں۔
- 2001 میں بھارت اور روس کے ذریعے 80 سے زیادہ دوطرفہ معاہدوں پر دستخط ہوئے ہیں۔
- بھارت روس کے ہتھیار کا خریدار ہے۔
- بھارت روس سے تیل درآمد کرتا ہے۔
- روس اور بھارت نے کئی سائنسی منصوبوں پر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کیا ہے۔
- 1991 سے لے کر آج تک قومی مفاد کو مدّ نظر رکھتے ہوئے بھارت روس کے علاوہ امریکہ کے ساتھ بھی اپنے تعلقات کو خوشگوار بنانے کی کوششیں کر رہا ہے۔
- گوا میں دسمبر 2016 میں ہوئی BRICS کانفرنس کے دوران روس اور ہندوستان کے بیچ 17 ویں سالانہ کانفرنس میں ہندوستان کے وزیر اعظم نریندر مودی اور روس کے صدر Vladimir Putin کے بیچ ایٹمی توانائی خلائی مہم کے ساتھ معاشی تعلقات کو بڑھاوا دینے اور ان کے مقاصد کو حاصل کرنے پر زور دیا گیا۔

## پہلی خلیجی جنگ۔ ایک محوری نظام

1991 میں سوویت یونین کے زوال کے ساتھ ہی سرد جنگ ختم ہوگئی اور امریکی دبدبے کے قیام کے ساتھ عالمی سیاست کی شکل ایک محوری ہوگئی۔

اگست 1990 میں عراق کے صدر صدام حسین نے اپنے پڑوسی ملک کویت پر قبضہ کرلیا اقوام متحدہ کے ذریعے عراق کے

خلاف طاقت کے استعمال کی اجازت دیئے جانے کو امریکی صدر جارج بش نے اس لیے عالمی نظام سے منسوب کیا۔

امریکی صدر بل کلنٹن لگا تار دو مرتبہ 1993 سے 2001 تک صدر کے عہدے پر رہے۔ انھوں نے امریکی جمہوریت کو بڑھاوا دیا۔ آب و ہوا میں تبدیلی اور عالمی تجارت جیسے مدعوں پر ہی اپنی توجہ مرکوز کی۔

## امریکہ کے ذریعے چلائی گئیں فوجی مہم/ کارروائی

| فوجی مہم کا نام | امریکی صدر کا نام | سال | تفصیل/ کس کے خلاف کارروائی/ مہم چلائی گئی |
|---|---|---|---|
| operation Desert Storm (طوفان دشت کی مہم) | جارج بش (سینئر) | 1991 | 34 ممالک کی زبردست فوج نے مل کر عراق کے خلاف جنگ چھیڑی اور اس کو شکست دے دی۔ اسے خلیج کی پہلی جنگ، کمپیوٹر جنگ یا ویڈیو گیم وار بھی کہا جاتا ہے |
| Operation Infinite Reach (لامحدود تحقیق کی مہم) | بل کلنٹن | 1998 | نیروبی (کینیا) اور دارالسلام (تنزانیہ) کیا مریکی سفارت خانوں پر بمباری کے جواب میں سوڈان و افغانستان میں القاعدہ کے ٹھکانوں پر کروز میزائلوں سے حملہ |
| Operation Enduring Freedom (پائیدار آزادی کی مہم) | جارج ڈبلیو بش | 2001 | 9/11 کے واقعہ کے ردّعمل میں القاعدہ اور افغانستان میں طالبان حکومت کے خلاف دنیا میں دہشت گردی کے خلاف عالم گیر جنگ |
| Operation Iraqi Freedom (عراق کی آزادی کی مہم) | جارج ڈبلیو بش | 2003 | اقوام متحدہ کی منظوری کے بغیر عراق پر حملہ۔ سلامتی کونسل کے ذریعے اس حملہ کی تنقید بھی کی گئی |

11/ ستمبر 2001 کے دن 19 یرغمالیوں کے ذریعے جن کا تعلق القاعدہ دہشت گرد گروپ سے مانا گیا۔ 4 امریکی تجارتی طیاروں پر ان کے اڑان بھرتے ہی قبضہ کرلیا گیا۔ ایک طیارہ نیویارک میں عالمی تجارتی مرکز کے شمالی اور جنوبی ٹاور سے ٹکرایا۔ اسے 9/11 کا واقعہ کہا گیا۔ اس حملے میں تقریباً تین ہزار لوگ مارے گئے جس کے ردّعمل میں امریکہ نے دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ کا اعلان کیا گیا۔

عراق کی آزادی کی مہم کو فوجی اور سیاسی سطح پر ناکام مانا گیا کیوں کہ اس میں تین ہزار امریکی فوجی، بڑی تعداد میں عراقی فوج اور تقریباً پچاس ہزار بے قصور شہری مارے گئے تھے۔

# Common Welth of Independent States (CIS)

## دولت مشترکہ کی آزاد ریاستیں

- 21 دسمبر 1991 کو سوویت یونین کا زوال ہوا اور دو عظیم طاقتوں کے درمیان جاری سرد جنگ کا خاتمہ ہو گیا۔
- سوویت یونین جو کہ 15 ریاستوں سے مل کر بنا تھا اور اب اس کا جانشین ''روس تھا'' (اپنی 15 ریاستوں میں سے ایک طاقتور ریاست) روس اور دیگر 11 جمہوریہ (یوکرین۔ مالداویہ۔ جارجیا۔ آرمینیا۔ آزربائیجان ۔ تزاکستان۔ ترکمانستان۔تاجکستان۔کرغستان۔ازبکستان) جو پہلے سوویت یونین کا حصہ تھیں انھوں نے مل کر اپنی ایک تنظیم بنائی جسے دولت مشترکہ کی آزاد ریاستیں (CIS) کہا جاتا ہے۔تین ریاستیں لتاویہ، لیتھونیا اور اسٹونیا اس میں شامل نہیں ہوئیں یہ بالٹک ریاستوں کا حصہ بنیں

### ان کا خاص مقصد

ایک دوسرے کو تعاون دینا۔اپنی اپنی معیشت کو ایک دوسرے کی مدد سے آگے بڑھانا۔معاشی سیاسی۔ثقافتی اور فوجی معاملات میں ایک دوسرے کی مدد کرنا ہے۔

### 21 ویں صدی عرب بہار (Arb Spring)

21 ویں صدی میں جمہوریت کے حامی اور جمہوریت نواز بغاوتوں کا ایک سلسلہ جو وسطی مغربی ایشیا اور شمالی افریقہ میں شروع ہوا عرب اسپرنگ یا عرب بغاوت کی شکل میں جانا جاتا ہے۔عرب اسپرنگ بغاوت کی ایک ایسی سیر تھی جسنے احتجاج۔مخالف مظاہرے اور فسادات کی بدولت عرب ممالک کے ساتھ ساتھ پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا۔اس کی شروعات ٹیونیشیا میں 2010 کو محمد باؤزی زی (Md. Bouzizi) کی خودکشی کے ساتھ ہوئی۔اس کی آگ کی لپٹیں پہلے لیبیا۔مصر۔یمن شام اور بحرین پہنچیں جہاں حکمرانوں کو اقتدار کی گدی سے ہٹنے پر مجبور ہونا پڑا۔

عرب اسپرنگ کی خاص وجہ وہاں کی حکومتوں کے تاناشاہی رویہ اور معاشی غیر یکسانیت تھی۔اس کے علاوہ عوام کی حکومت کے تئیں بے اطمینانی۔انسانی حقوق کی پامالی۔سیاسی بدعنوانی بے روزگاری۔بدحال معیشت اور مقامی وجوہات بھی تھیں۔ان سبھی وجوہات نے حکومت مخالف سبھی طبقوں کو ایک کرنے کا کام کیا۔پورے عرب ممالک میں جمہوریت کے تئیں بیداری پیدا کی۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ دوقطبیت کے معنی بتائیے؟

2۔ برلن کی دیوار..................کی نمایاں پہچان تھی۔

3۔ سماج وادی سوویت ریاست کب وجود میں آئی؟

4۔ CIS کا پورا نام لکھیں۔

5۔ USSR کا جانشین کسے بنایا گیا؟

6۔ سوویت یونین میں بہتر اقدامات کی شروعات کس لیڈر نے کی؟

7۔ سوویت یونین سے سب سے پہلے علاحدہ ہونے والی ریاست کا نام بتائیے

8۔ روس کی کن دور ریاستوں میں علاحدگی پسند تحریکیں چلائی گئیں؟

9۔ سوویت یونین کا سیاسی نظام..................نظریہ پر قائم تھا؟

10۔ سوویت یونین سے الگ ہونے کا اعلان سب سے پہلے کن ریاستوں نے کیا؟

11۔ سوویت نظام میں مندرجہ ذیل میں سے کسے اہمیت نہیں دی گئی۔

1۔ نجی جائداد کا خاتمہ

2۔ مساوات کے اُصول پر سماج کی تشکیل

3۔ مخالف پارٹی کا وجود نہیں

4۔ معیشت پر ریاست کا کوئی کنٹرول نہیں

12۔ صحیح انتخاب کریں:

NATO کے جواب میں سوویت یونین نے فوجی معاہدہ کیا۔

(1) سیٹو (2) سینٹو (3) سارک (4) وارسا

13۔ سوویت یونین کی زوال کے وقت کمیونسٹ پارٹی کے جنرل سیکریٹری تھے۔

(1) بورس یلتسین (2) نکیتا خرشچیو (3) میخائل گورباچیف (4) Vladimir putin

14۔ سوویت یونین میں شامل جمہوریہ (ریاستوں) کی تعداد تھی۔

(1) 10 (2) 15 (3) 20 (4) 18

15۔ خالی جگہیں بھریں:

(1) .................................. ممالک کی ملی جلی اور .......................فوجیوں کی بھاری بھرکم فوج نے عراق کے خلاف مورچہ کھولا۔

(2) کیوبا کے نزدیک امریکی فوج کا ایک ٹھکانہ.......................میں ہے۔

16۔ SLOC کو وسعت سے لکھیں۔

17۔ جملے کو صحیح کر دوبارہ لکھیں۔

A۔ خلیجی جنگ کو آپریشن اینڈ بورنگ فریڈم کے نام سے جانا جاتا ہے۔

B۔ عالمی معیشت میں ہندوستان کی حصہ داری 28% ہے۔

18۔ صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

پہلی خلیجی جنگ میں عراق کے تقریباً اتنے شہری مارے گئے۔

(A) 300 (B) 5000 (C) 20000 (D) 50000

19۔ آپریشن عراق فریڈم میں ممالک شامل ہوئے۔

(A) 35 سے زیادہ (B) 34 سے زیادہ

(C) 40 سے کم (D) 50 سے زیادہ

20۔ عرب بغاوت سب سے پہلے کس ملک میں ہوئی۔

(A) یمن (B) بحرین (C) لیبیا (D) ٹیونیشیا

## دو نمبر والے سوالات

1۔ شاک تھیراپی سے کیا مراد ہے؟

2۔ سوویت یونین سے الگ ہوئے کوئی دو وسط ایشیائی ملکوں کے نام لکھیں۔

3۔ تاجکستان میں ہوئی خانہ جنگی کتنے سالوں تک چلتی رہی اور یہ خانہ جنگی کب ختم ہوئی؟

4۔ مندرجہ ذیل کو ترتیب وار شکل میں لکھیں۔

افغانستان بحران، روس کا انقلاب، برلن کی دیوار کا گرنا، سوویت یونین کا زوال

5۔ مندرجہ ذیل کو ملا کر لکھیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | شاک تھریپی | ........................ | سوویت یونین کا جانشین |
| (ii) | روس | ........................ | فوجی معاہدہ |
| (iii) | بورس یلتسین | ........................ | معاشی ماڈل |
| (iv) | وارسا | ........................ | روس کے صدر |

6۔ تاریخ کی سب سے بڑی گیراج سیل کسے اور کیوں کہا جاتا ہے؟

7۔ شاک تھریپی کے دو نتائج بتایئے۔

8۔ صدر بل کلنٹن نے اپنی صدارتی مدت کے دوران کن مدوں پر زیادہ زور دیا؟

9۔ پہلی خلیجی جنگ کس کے درمیان لڑی گئی۔

10۔ 9/11 کے واقعہ سے آپ کے خیال میں امریکی سوچ میں کیا تبدیلی آئی۔

11۔ آپریشن عراقی فریڈم کے عراق پر کیئے گئے حملے کا حقیقی مقصد کیا تھا؟

12۔ آپریشن اینڈیورنگ فریڈم (پائیدار آزادی کی مہم) کے تحت کیا کیا قدم اٹھائے گئے۔

13۔ میلان کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | آپریشن ڈیزرٹ اسٹارم | (A) | بل کلنٹن |
| 2۔ | آپریشن انفائنائٹ ریچ | (B) | 9/11 کے حادثہ کے بعد |
| 3۔ | آپریشن اینڈیورنگ فریڈم | (C) | جارج بش سینئر |
| 4۔ | آپریشن عراقی فریڈم | (D) | جارج ڈبلیو بش جونیئر |

## اقتباس پرمبنی سوالات

مندرجہ ذیل پیراگراف کودھیان سے پڑھیں اورسوالات کے جواب دیں۔

''1992 میں بل کلنٹن امریکہ کےصدر بنے۔کلنٹن نے خارجہ پالیسی کے بدلے داخلہ پالیسی (گھریلو پالیسی) کوالیکشن مہم کاحصّہ بنایا۔کلنٹن 1996 میں دوبارہ الیکشن جیتے اوراس طرح وہ آٹھ سالوں تک صدر کے عہدے پر رہے۔کلنٹن کے زمانے میں ایسا لگتا تھا کہ امریکہ نے اپنے آپ کوگھریلو معاملات تک ہی محدود کرلیا ہے۔خارجہ پالیسی کے معاملے میں کلنٹن نے فوجی طاقت اورسلامتی جیسی اہم سیاست کی جگہ جمہوریت کوفروغ دینے،ماحولیاتی تبدیلی اورعالمی تجارت کی جانب زیادہ توجہ دی''

1۔ بل کلنٹن کاتعلق کس پارٹی سے تھا؟

(A) ڈیموکریٹک (B) ریپبلک (C) لیبر (D) کنزرویٹو

2۔ بل کلنٹن نے کن مدوں کواپنے دور میں اٹھایا۔

(A) دہشت گردی (B) ہندوستان کے ساتھ تعلقات

(C) جمہوری اورآب وہوامیں تبدیلی (D) پاکستان میں جمہوریت

3۔ بل کلنٹن کب امریکہ کےصدر بنے۔

(A) 1991 (B) 1992 (C) 1993 (D) 1994

4۔ بل کلنٹن کتنی بارامریکہ کےراشٹر پتی بنے۔

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

## چار نمبر والے سوالات

1۔ سوویت یونین کےزوال کے تین اسباب بتائیے۔ (Imp)

2۔ سماج وادی سوویت معاشی نظام اورسرمایہ دارانہ امریکی نظام میں چارفرق بتائیے۔

3۔ ''گورباچیف بیماری کاعلاج ٹھیک کررہے تھےاورسدھاروں کی کوشش بھی ٹھیک تھی''۔پھربھی سوویت یونین کازوال کیوں ہوگیا؟

4۔ بھارت جیسے ملک کے لیے سوویت یونین کے زوال کا نتیجہ کیا ہوا؟

5۔ کیا شاک تھریپی سماج واد سے سرمایہ دارانہ نظام کی جانب جانے کا بہتر طریقہ تھی؟ واضح کیجیے۔ (Imp)

6۔ عرب بغاوت کی کوئی دو وجہ بتائیں۔

7۔ 11 ستمبر 2001 کو ریاستہائے متحدہ امریکہ پر دہشت گردانہ حملہ کیوں ہوا؟ اس پر امریکہ کا کیا ردعمل تھا؟

## پانچ نمبر والے سوالات

تصویر کو دھیان سے دیکھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔



1۔ اس عمارت کو پہنچائے اس پر کب حملہ کیا گیا؟

2۔ اس سے متاثر ملک کا نام بتایئے۔ اس حملے کے پیچھے کس کا ہاتھ تھا؟

3۔ اس کے نتیجے میں کون سی مہم چلائی گئی۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ کیا آپ مانتے ہیں کہ سووست یونین کے زوال کے بعد بھارت کو اپنی خارجہ پالیسی بدل لینی چاہیے اور روس جیسے پرانے دوست کے بدلے امریکہ سے دوستی کرنے پر زیادہ دھیان دینا چاہیے۔

2۔ سوویت یونین کے زوال کے کیا اسباب تھے؟ (Imp)

3۔ ''سابق سوویت یونین کی ریاستوں میں تناؤ اور کشیدگی کی صورت بنی رہتی تھی۔'' اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

4۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد سوویت یونین کے عظیم طاقت بننے کی وجوہات بتائیں۔

5۔ عرب ممالک میں جمہوریت کیسے قائم ہوئی؟ وضاحت کریں۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ دنیا میں اقتدار کے دو مرکز ہونا۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ اور سوویت یونین

2۔ سرد جنگ

3۔ 1917

4۔ Commonwealth of Independent States

5۔ روس

6۔ میخائل گورباچیف

7۔ روس، یوکرین

8۔ چیچنیا، داغستان

9۔ سماج واد

11۔ (1)

12۔ وارسا

13۔ میخائل گورباچیف

14۔ 15

15۔ 34 660000

16۔ Sea lane of Communications

17۔ دنیا کی معیشت میں امریکہ کی حصہ داری 28% ہے۔

18۔ 50,000

19۔ 40 سے زیادہ

20۔ ٹیونیشیا

## دو نمبر والے سولات کے جوابات

1۔ تکلیف پہنچا کر علاج کرنا۔کمیونزم سے سرمایہ دارانہ نظام کی جانب رخ کرنا

2۔ تاجکستان، یوکرین، جورجیا

3۔ 10 سال تک، 2001 میں

4۔ روس کا انقلاب — افغانستان کا بحران، برلن کی دیوار کا گرنا، سوویت یونین کا زوال

5۔ شاک تھریپی ............ معاشی ماڈل

روس ............ سوویت یونین کا جانشین

بورس یالیستن ............ روس کے صدر

وارسا ............ فوجی معاہدہ

6۔ شاک تھیریپی کو اختیار کرنے پر روس کے 90 فی صد صنعتوں کو نجی ہاتھوں یا کمپنیوں کو اونے پونے داموں پر بیچا گیا جسے تاریخ کی سب سے بڑی گیراج سیل کہا جاتا ہے۔

7۔ روسی کرنسی روبل کی قیمت میں گراوٹ......تمام معاشی نظام چرمرا گیا

8۔ جمہوریت کو بڑھاوا۔آب وہوا میں تبدیلی اور عالمی تجارت جیسے مدّوں پر زور دیا۔

9۔ عراق اورامریکہ کے ذریعے 34 ممالک سے اکٹھی گئی فوج کے درمیان۔

10۔ دہشت گردی کو ایک عالمی جنگ یا بین الاقوامی مسئلہ کی شکل میں لینا۔

11۔ عراق کے تیل کے ذخائر پر قبضہ۔ عراق پر امریکہ کی من پسند حکومت قائم کرنا۔

12۔ القاعدہ اور طالبان کو نشانہ بنایا۔ مشکوک لوگوں کو گرفتار کرکے۔ گوانتاموجیل میں رکھا گیا۔

13۔ 1۔ (C) 2۔ A 3۔ (B) 4۔ (D)

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ یاد رکھنے والے نکات میں ''سوویت یونین کے زوال کے اسباب'' دیکھیں۔

2۔

| نمبر شمار | سوویت معاشی نظام | نمبر شمار | امریکی معاشی نظام |
|---|---|---|---|
| (i) | منصوبہ بند معاشی نظام، ریاست کا کنٹرول | (i) | ریاست کا کم سے کم مداخلت کرنا |
| (ii) | منصوبہ بند معاشی نظام | (ii) | آزاد معاشی مقابلہ آرائی پر قائم |
| (iii) | ذاتی سرمائے کا تصور نہیں | (iii) | ذاتی سرمائے کو اہمیت |
| (iv) | سماج وادی اصولوں پر قائم | (iv) | زیادہ سے زیادہ منافع کے سرمایہ دارانہ اصول |
| (v) | پیداوار کے ذرائع پر ریاست کا کنٹرول | (v) | پیداوار کے ذرائع پر بازار کا کنٹرول |

3۔ گورباچیف نے لوگوں کے غصّہ کو کم کرنے اور معاشی نظام کو سدھارنے کے لیے انتظامی ڈھانچہ میں ڈھیل دینے کا فیصلہ کیا لیکن نظام میں ڈھیل دیتے ہی شہریوں کی امیدوں کا سیلاب امنڈ پڑا جس پر قابو پانا مشکل ہوگیا۔

4۔ بھارت جیسے ملک کے لیے سوویت یونین کے زوال کے نتائج

(i) ترقی پذیر ملکوں کی گھریلو سیاست میں امریکہ کی مداخلت زیادہ بڑھ گئی

(ii) کمیونسٹ نظریہ کو شدید جھٹکا لگا ہے۔

(iii) دنیا کی اہم ترین تنظیموں جیسے World Bank &IMF پر امریکہ کا غلبہ

(iv) ملٹی نیشنل کمپنیوں کو بھارت و دیگر ترقی پذیر ممالک میں قدم جمانے کا موقعہ

5۔ نہیں، تبدیلی فوراً کیے جانے کی بانسبت آہستہ آہستہ ہونی چاہیے تھی۔ سوویت یونین میں حالات اچانک صدمہ حاصل کرنے کے نہیں تھے۔

6۔ یادرکھنے لائق نکات دیکھیں:

7۔ پوری دنیا کے لوگوں کا دھیان مبذول کرانے کے لیے اور آپریشن انفائنائٹ رِچ کے ردّعمل میں امریکہ نے اس کے خلاف عالمی جنگ شروع کردی۔

سلامتی کے نام پر امریکہ میں داخل ہونے والے یہاں تک کہ جن کے سفارت خانے کے لوگوں کو رعایت حاصل ہوتی ہے۔ جانچ کے دائرے میں لے لیا گیا۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ ورلڈ ٹریڈ ٹاور 11 ستمبر 2001

2۔ امریکہ۔ القاعدہ

3۔ آپریشن ڈیزرٹ اسٹارم

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ بین الاقوامی سطح پر دنیا میں نہ کوئی مستقل دشمن ہوتا ہے اور نہ ہی مستقل دوست۔ صرف قومی مفاد ہی سب سے اوپر ہوتا ہے۔ لہٰذا بین الاقوامی تبدیلی کے سبب ہر ملک کے لیے لازمی ہے کہ وہ خود کو تبدیلی کے مطابق ڈھال سکے۔ بھارت نے بھی عالمی نظام میں تبدیلی کے تحت خود کو تبدیل کیا ہے۔ روس کے ساتھ بھارت کے تعلقات دوستانہ اور مددگار رہے ہیں لیکن اپنی ترقی کے لیے بھارت کو امریکہ کے ساتھ بھی اپنے خوشگوار تعلقات قائم رکھنے ضروری ہیں۔ بھارت امریکہ کی پالیسیوں کی بھی حمایت کر رہا ہے۔ بھارت بھی اپنے تعلقات امریکہ کے ساتھ مضبوط اور بہتر بنانا چاہتا ہے۔ لیکن روس کے ساتھ بھی بھارت اپنے تعلقات کو بہتر بنائے ہوئے ہے۔

2۔ یادرکھنے لائق نکات میں دیکھیں

3۔ یادرکھنے لائق نکات میں دیکھیں

4۔ 1۔ مشرقی یوروپ اور سوویت یونین کی معیشت کو مجموعی طور سے دوسری دنیا کا نام دیا گیا جو کہ اس کی طاقت کا متعارف تھا۔


2۔وارسا پیکٹ فوجی گٹھ بندھن کا کنٹرول سوویت یونین کے پاس تھا۔

3۔سوویت معیشت دنیا کی معیشت میں کافی آگے تھی۔

4۔ترقی یافتہ مواصلاتی نظام توانائی کے وسائل، تیل، لوہا، اور فولاد کے ترقی یافتہ ذخیروں کا ہونا، اور ملک کے دور دراز حصوں پر پہنچ ہونا۔

4۔پیداوار میں خود انحصاری جس میں پن سے لیکر کار کی پیداوار بھی گھریلو بازاروں میں کی جاتی تھی۔


5۔ یادرکھنے لائق نکات دیکھیں۔


طاقت کے نئے مرکز
تنظیمیں
ممالک
یوروپین یونین
آسیان
سارک
برکس
روس
چین
ہندوستان
اسرائیل
BRICS

EUROPEAN UNION MAP



# MAP OF EAST ASIA AND PACIFIC




# باب۔ تین

# طاقت کے نئے مرکز

تنظیمیں۔ یوروپین یونین۔ آسیان۔ سارک۔ برکس ممالک۔ روس۔ چین۔ ہندوستان۔ اسرائیل

- سرد جنگ کے بعد دنیا میں عالمی سطح پر کچھ ایسی تنظیموں اور ممالک نے بین الاقوامی سیاست میں اہم کردار نبھانا شروع کیا جس سے یہ واضح ہونے لگا کہ یہ تنظیمیں یا ممالک امریکہ کے متبادل کی شکل میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ دنیا کی سیاست میں دو محوری نظام کے ٹوٹنے کے بعد واضح ہو گیا کہ سیاسی اور معاشی طاقت کے نئے مرکز کچھ حد تک امریکہ کے غلبے کو محدود کریں گے۔




1۔ یوروپین یونین (European Union)

دوسری جنگ عظیم کے بعد سرد جنگ نے ایک بار پھر سے یوروپ کے اتحاد میں اہم کردار ادا کیا۔ مارشل پلان کے تحت امریکہ نے ریوروپی ممالک کو بے پناہ مالی امداد دی۔

1948 میں مارشل پلان کے تحت ہی تنظیم برائے یوروپی معاشی تعاون قائم کر کے مغربی یوروپ کے ممالک کو معاشی مدد دی گئی۔

1957 میں چھ ممالک (فرانس۔مغربی جرمنی۔اٹلی۔بیلجیم۔نیدرلینڈ۔لکسمبرگ) کے ذریعے یوروپی معاشی کمیونٹی (EEC) قائم کی گئی۔

1979 میں یوروپی پارلیمنٹ کے وجود میں آنے سے یوروپی معاشی کمیونٹی نے سیاسی شکل اختیار کر لی فروری 1992 میں ماسٹریٹ معاہدے کے ذریعے سے یوروپی یونین کا قیام ہوا۔

- **یوروپین یونین کے مقاصد**

  - ایک جیسی خارجہ ودفاعی پالیسی
  - اندرونی معاملات اور انصاف سے جڑے معاملات پر ایک دوسرے کی مدد
  - ایک جیسی کرنسی کا استعمال
  - بغیر ویزا کے ایک دوسرے ملک میں آنا جانا

- **یوروپین یونین کی خصوصیات**

  - یوروپین یونین نے معاشی امدادوالی تنظیم سے بدل کر سیاسی تنظیم کی شکل اختیار کر لی ہے
  - یوروپین یونین ایک ملکی ریاست کی حیثیت سے کام کر رہی ہے
  - یوروپین یونین کا اپنا جھنڈا، اپنا ترانہ، یوم تاسیس اور کرنسی ہے
  - دوسرے ممالک سے تعلقات کے معاملہ میں اس نے کافی حد تک مساوی خارجہ پالیسی اور دفاعی پالیسی اختیار کی ہے۔
  - یوروپین یونین کا جھنڈا 12 سونے کے ستاروں کے گھیرے کی شکل میں روایتی طور سے تکمیل اور اتحاد واتفاق کی نشانی ہیں۔

- **یوروپین یونین کو طاقتور بنانے والے عناصر یا خصوصیات**

  - 2005 میں یہ دنیا کی سب سے بڑی معاشی نظام کی شکل تھی اور اس کی گھریلو پیداوار امریکہ سے بھی زیادہ تھی۔
  - اس کی کرنسی یورو، امریکی ڈالر کی قیادت کے لیے خطرہ بن گئی ہے۔

- دنیاوی تجارت میں اس کی حصّہ داری امریکہ سے تین گنا زیادہ ہے۔
- یہ عالمی تجارتی تنظیم کے اندر ایک اہم گروپ کی شکل میں کام کرتی ہے۔
- اس کی معاشی طاقت کا اثر ایشیا اور افریقہ کے ممالک پر ہے۔
- اس کے ممبران ملک برطانیہ اور فرانس سلامتی کونسل کے مستقل ممبر ہیں۔
- یوروپین یونین امریکہ سمیت سبھی ملکوں کی پالیسیوں کو متاثر کرتی ہے۔
- یوروپین یونین کے دو ملک برطانیہ اور فرانس ایٹمی طاقت سے مالا مال ہیں۔
- فوجی طاقت میں یوروپین یونین کے پاس دنیا کی سب سے بڑی فوج ہے۔اس کا کل دفاعی بجٹ امریکہ کے بعد سب سے زیادہ ہے۔

## یوروپین یونین کی کمزوریاں:

- اس کے ممبران ممالک کی اپنی خارجہ اور دفاعی پالیسی ہے جو کئی بار ایک دوسرے کے خلاف بھی ہوتی ہے جیسے عراق پر حملے کے معاملے میں
- یوروپ کے کچھ حصّوں میں یورو کرنسی کو لاگو کرنے کو لے کر ناراضگی بھی ہے۔
- ڈنمارک اور سویڈن نے ماسٹریٹ معاہدہ اور یورو کرنسی کو اختیار کرنے کی مزاحمت کی۔
- یوروپین یونین کے کئی ممبر ممالک امریکی گٹھ بندھن میں تھے۔
- برطانیہ یوروپین یونین سے جون 2016 میں رائے شماری کے ذریعے الگ ہو گیا ہے۔

## 2۔ جنوبی مشرقی ایشیائی قوموں کی تنظیم (ASEAN)

1۔ اگست 1967 میں اس علاقے کے پانچ ملکوں انڈونیشیا، فلپینس، سنگاپور اور تھائی لینڈ نے بنکاک قرارداد پر دستخط کر کے ASEAN کے قیام کا اعلان کیا۔

2۔ بعد میں برونائی۔دارالسلام۔ویت نام۔لاؤس۔میانمار اور کمبوڈیا کو شامل کیا گیا۔اور ان کی تعداد 10 ہو گئی۔

- ایسیان ASEAN کے مقاصد
  - ممبر ممالک کی معاشی ترقی کو فروغ دینا
  - اس کے ذریعے سماجی اور ثقافتی ترقی حاصل کرنا
  - قانون کی حکومت اور اقوام متحدہ کے اصولوں کو اختیار کر کے علاقائی امن وامان واقتدار کو بڑھاوا دینا۔
- ایسیان انداز یا طریقہ کار (ASEAN WAY)

ایسیان ممالک کا اپنا غیر رسمی، غیر تنازعاتی اور باہمی تعاون کے ساتھ کام کرنے کا انداز ہے جس ''کو ایسیان انداز یا طریقہ کار'' (ASEAN WAY) کہا جاتا ہے۔

ایسیان برادری کے اہم ستون

ایسیان حفاظتی برادری | ایسیان معاشی برادری | ایسیان ثقافتی برادری

- ایسیان حفاظتی برادری علاقائی جھگڑوں کو فوجی کارروائی تک نہ لے جانے کی صلاح پر قائم ہے۔
- ایسیان معاشی برادری کا مقصد ایسیان ممبر ممالک کا مشترکہ بازار، صنعتی مرکز کا قیام اور علاقے کی سماجی اور معاشی ترقی میں تعاون شامل ہے۔
- ایسیان ثقافتی برادری کا مقصد ہے کہ ایسیان ممالک کے درمیان ٹکراؤ کی جگہ بات چیت اور تعاون کو بڑھاوا دیا جائے۔

- ایسیان کی اہمیت یا حقیقت
  - ایسیان کی موجودہ معاشی طاقت خاص طور سے بھارت اور چین جیسے تیزی سے ترقی کرنے والے ایشیائی ملکوں میں تجارت کو ظاہر کرتی ہے۔
  - ایسیان نے ایک آزاد تجارتی علاقہ (FTA) بنانے پر زور دیا ہے جو سرمایہ کاری، خدمات اور مزدوروں کے لیے واقف ہو۔
  - امریکہ اور چین نے FTA کے معاملے میں ایسیان سے گفتگو کرنے میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔
  - 1991 کے بعد بھارت نے ''مشرق کی جانب'' کی پالیسی اختیار کی ہے۔

■ بھارت ایسیان کے ساتھ بھی FTA کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ہندوستان نے آسیان کے دو ملک سنگاپور اور تھائی لینڈ کے ساتھ آزاد تجارت کا سمجھوتہ کیا ہے۔

■ یہ ایشیا کی واحد ایسی تنظیم ہے جو ایشیائی ملکوں اور عالمی طاقتوں کو سیاسی اور دفاعی معاملات پر بات چیت کے لیے اسٹیج فراہم کرتی ہے۔

■ آسیان کی اپنی اصل طاقت اپنے ممبر ممالک معاون ممبروں اور غیر علاقائی تنظیموں کے بیچ بات چیت اور صلاح کرنے کی پالیسی سے ہے۔

■ حال ہی میں بھارت کے وزیر اعظم نے ایسیان ملکوں کا دورہ کیا اور مختلف میدانوں میں تعاون کرنے پر معاہدے کیے۔اور جو مشرق کی جانب دیکھو پالیسی کی جگہ Act East Policy شروع کی ۔اس کے تحت 2018 کی یوم جمہوریہ تقریب میں آسام ممالک کے سربراہ کو خصوصی مہمان کی شکل میں بلایا گیا تھا۔

## سارک(SAARC)

■ سارک کا پورا نام ہے South Asian Association for Regional Cooperation یعنی جنوبی ایشیائی علاقائی تعاون کی تنظیم

■ 8 دسمبر 1985 کو ڈھاکہ میں جنوبی ایشیا کے 7 ممالک کے سربراہوں کی کانفرنس ہوئی اور سارک کی تشکیل ہوئی۔

سارک کے سات ممبر ممالک میں ہندوستان ۔ پاکستان ۔ بنگلہ دیش ۔ نیپال ۔ بھوٹان ۔ سری لنکا اور مالدیپ ۔ 2005 میں سارک کی تیرہویں کانفرنس نے ذریعے ڈھاکہ میں افغانستان کو سارک میں شامل کرنے پر رضامندی دی۔اور اس طرح افغانستان اس کا آٹھواں ممبر بن گیا ہے۔

## سارک کے مقاصد:۔

1۔ جنوب ایشیائی علاقے کی عوام کی فلاح و بہبودگی اور ان کے معیار زندگی میں سدھار کرنا۔

2۔ جنوب ایشیائی ممالک کی اجتماعی خود انحصاریت میں اضافہ کرنا۔

3۔ آپسی یقین سوجھ۔بوجھ اور ایک دوسرے کے مسائل کا تجزیہ کرنا۔

4۔ معاشی۔سماجی۔ثقافتی۔تکنیکی اور سائنسی میدان میں مثبت تعاون اور آپسی تعاون میں اضافہ کرنا۔

جنوری 2004 میں منعقد 12 ویں چوٹی کانفرنس میں سارک ممالک نے جنوبی ایشیائی آزاد تجارت سمجھوتہ (SAFTA) پر دستخط کئے جو 1 جنوری 2006 میں عمل میں آیا۔اس سمجھوتے کے دو خاص مقصد ہیں۔

1۔ جنوبی ایشیائی علاقے میں آزاد تجارت سے متعلق پابندیوں کو ہٹانا۔

2۔ تجارت اور ٹیکس سے متعلق سبھی پابندیوں کو ختم کرنے کی کوشش کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ آزاد نظام قائم کرنا۔

عالم کاری سارک کے کانفرنس میں آب و ہوا میں تبدیلی قدرتی آفات سے نمٹنے۔دہشت گردی کو ختم کرنے کے لیے بھی بہت سے معاہدے کئے گئے۔

سارک کی 18 ویں کانفرنس نیپال کی راجدھانی کٹھمنڈو میں 2014 میں ہوئی جس میں امن وامان وخوشحالی کے لیے مل جل کر ایک ساتھ آگے بڑھنے کی بات ہوئی۔سارک کی 19 ویں کانفرنس 2016 میں اسلام آباد میں ہوئی لیکن اری میں دہشت گرد حملہ کی وجہ سے ہندوستان نے اس کانفرنس کا بائیکاٹ کیا۔بعد میں بنگلہ دیش۔ بھوٹان۔سری لنکا اور مالدیپ نے بھی اس کانفرنس کا بائیکاٹ کیا۔

ہندوستان کے اپنے پڑوسی ممالک کے ساتھ جن میں پاکستان۔نیپال۔بنگلہ دیش اور سری لنکا اہم ہیں ان میں سے پاکستان کو چھوڑ کر باقی ممالک کے ساتھ ہندوستان کے خوش گوار تعلقات رہے ہیں۔

## سارک کی افادیت:

1۔ ہندوستان اور پاکستان کے ساتھ تناؤ بھرے تعلقات کے باوجود دو سطح پر سمجھ اور تعاون کو بڑھاوا دینے کے لیے چھوٹے ممالک کے لیے یہ ابھی بھی مفید تنظیم ہے۔

2۔ سارک میں سافٹا کو بنا کر تجارت کی سمت میں اہم قدم اٹھایا گیا ہے۔

3۔ ماحولیات۔معاشی ترقی اور توانائی کے شعبوں میں آپسی تعاون کو بڑھاوا ملا ہے۔

- BIMSTEC

(Bay of Bengal Initiative for Multi-Sectoral Technical and Economic Cooperation)

- اس میں 7 ممبر ممالک ہیں۔ہندوستان۔بھوٹان۔نیپال۔بنگلہ دیش۔سری لنکا۔میانمار اور تھائی لینڈ۔پاکستان اس میں شامل نہیں ہے۔

- اس تنظیم کا مقصد تیز معاشی سماجی ترقی کو بڑھاوا دینے اور مشترکہ مفاد کے مدّوں پر تال میں قائم کرنے کے لیے ممبر ممالک کے بیچ مثبت ماحول بنانا ہے۔
- بنکاک اعلانیہ کے تحت 1997 میں اس علاقائی تنظیم کو قائم کیا گیا تھا۔

موجودہ وقت میں ہندوستان BIMSTEC پر زیادہ زور دے رہا ہے۔ سال 2018 میں اس کی چھوٹی چھوٹی کانفرنس کاٹھمنڈو (نیپال) میں منعقد کی گئی اس بیٹھک میں سرمایہ کاری۔ توانائی۔ تکنیکی۔ مچھلی پالن۔ آب وہوا کی تبدیلی۔ تہذیب و تمدن لوگوں کے نجی تعلقات وغیرہ کے بارے میں بحث کی گئی۔

5 ویں کانفرنس ستمبر 2020 میں کولمبوسری لنکا میں کی جائے گئی اس کانفرنس کی پہل 17 ویں وزراء کی سطحی بیٹھک کے ساتھ ہوگی۔ اور 21 سینئر افسروں کی بیٹھک کے ساتھ ختم ہوگی۔

برکس (BRICS) پانچ ممبر ممالک کی مشترکہ تنظیم کو برکس کہتے ہیں۔ یہ پانچ ممبر ممالک ترتیب وار ہیں۔ برازیل۔ روس۔ انڈیا۔ چائنا اور ساؤتھ افریقہ۔ اس تنظیم کی تشکیل 2006 میں روس میں ہوئی تھی۔ پہلے اس کا نام BRIC تھا۔ کیوں کی اس کی شروعات برازیل۔ روس۔ انڈیا اور چین کے ساتھ ہوئی تھی لیکن بعد میں اس میں جنوبی افریقہ کو بھی شامل کیا گیا۔ اس طرح یہ برک (BRIC) سے برکس (BRICS) ہوگیا۔ دنیا کی ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے اس لفظ کا استعمال کیا گیا۔ ہر سال برکس ممالک کی سالانہ کانفرنس ہوتی ہے جس میں ان کے لیڈر شامل ہوتے ہیں۔ اس کی 11 ویں کانفرنس 2019 میں برازیل میں ہوئی۔ 12 ویں کانفرنس روس میں 2020 میں آن لائن ہوئی۔

## برکس کے مقاصد:

1۔ مختلف شعبوں میں ممبر ممالک کے بیچ آپسی نفع بخش تعاون کو آگے بڑھانا جس سے ان ممالک میں ترقی کی رفتار کو بڑھایا جا سکے۔

2۔ ایک منصفانہ یکسانیت بھرے عالمی نظام کی تشکیل جو کسی ایک گروپ کے غلبے میں نہ ہو کر سبھی کے حق میں ہو۔ اس کا مقصد مغربی غلبے والے عالمی نظام کی جگہ پر ایک نئے کثیر محوری نظام کی تشکیل کرنا ہے۔

3۔ موجودہ دنیا کے اہم مدے جیسے آب وہوا کی تبدیلی۔ دہشت گردی۔ عالمی تجارت۔ ایٹمی توانائی وغیرہ کا منصفانہ حل۔

4۔ مختلف عالمی معاملات میں فیصلہ لینے کی کارروائی کا جمہوری ہونا۔ اور اس نظریہ سے اہم بین الاقوامی اداروں میں سدھار (جیسے بین الاقوامی مانیٹری فنڈ میں کوٹا سدھار کی مانگ۔)

عالمی سیاست میں برکس بین الاقوامی استحصال کو بنائے رکھنے اور عالمی معاشی ترقی کا تعین کرنے اور کثیر محوری دنیا کو یکجا کرنے میں اہم تعاون دے سکتا ہے۔

1۔ روس:

سوویت یونین کے زوال سے پہلے روس سوویت یونین کا سب سے بڑا حصہ تھا رقبہ کے اعتبار سے بھی یہ دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔ 1991 میں سوویت یونین کے زوال کے بعد روس سوویت یونین کا جانشین بنا۔

- عالمی سطح پر یہ ایک طاقتور ریاست ہے اس کے پاس معدنیات۔ قدرتی وسائل اور گیسوں کا بے پناہ ذخیرہ ہے۔ نیوکلیائی ہتھیاروں کا بڑا ذخیرہ ہے۔
- روس نیوکلیائی ہتھیاروں سے لیس ملک ہے۔
- یہ انجمن اقوام متحدہ کی سلامتی کاؤنسل جسے P-5 بھی کہا جاتا ہے کا ایک مستقل ممبر ہے۔ روس ہندوستان کے خاص دوستوں میں سے ایک ہے دونوں ممالک کے درمیان اچھے تجارتی تعلقات بھی ہیں۔

2۔ چین:

- **ماؤ کی قیادت میں چین کی ترقی**

1949 کے انقلاب کے ذریعے چین میں سماج وادی حکومت کو قائم کیا گیا۔ شروع میں یہاں سماج وادی معاشی نظام کو اختیار کیا گیا لیکن اس کے سبب چین کو مندرہ ذیل مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

■ چین میں سماج وادی ماڈل کھڑا کرنے کے لیے ایک عظیم صنعتی معاشی نظام کا مقصد سامنے رکھا۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے سبھی اداروں کو صنعتوں میں لگا دیا گیا۔

■ چین اپنے شہریوں کو روزگار، صحت سے متعلق سہولیات اور سماجی فلاحی منصوبوں میں فائدے پہنچانے میں ترقی یافتہ ممالک سے بھی آگے نکل گیا لیکن چین کی بڑھتی ہوئی آبادی ترقی میں رکاوٹ پیدا کر رہی تھی۔

■ کھیتی باڑی پرانے طریقوں پر قائم ہونے کی وجہ سے وہاں صنعتوں کی ضرورتوں کو پورا نہیں کر پا رہی تھی۔

- **چین میں اصلاحات کی شروعات**

■ چین نے 1972 میں امریکہ سے تعلقات قائم کر کے اپنی سیاسی اور معاشی خاموشی کو ختم کیا۔

- 1973 میں وزیراعظم ژواین لال نے زراعت،صنعت،فوج اور سائنسی ٹکنالوجی کے میدان میں جدیدت کا اعلان کیا۔
- 1978 میں اس وقت کے چینی رہنما ڈینگ زیاپنگ نے معاشی اصلاحات اور کھلے دروازے کی پالیسی کا اعلان کیا۔
- 1982 میں زراعت کو غیر ریاستی بنایا گیا۔
- 1998 میں صنعت بھی حکومت کے اثر سے آزاد ہوگئی۔اس کے ساتھ ہی خصوصی معاشی علاقوں (SEZ) سے پابندیاں ہٹالی گئیں۔
- چین 2001 میں عالمی تجارتی تنظیم میں شامل ہو گیا۔اس طرح دوسرے ممالک کے لیے اپنا معاشی نظام کھولنے کی جانب چین نے ایک قدم اور بڑھایا۔

## چین کی اصلاحات کا منفی پہلو

- چین کی معاشی ترقی کا فائدہ سماج کے سبھی لوگوں کو حاصل نہیں ہوا۔
- سرمایہ داری طریقوں کو اختیار کیے جانے سے وہاں بے روزگاری بڑھی ہے۔
- وہاں خواتین کے روزگار اور کام کرنے کے حالات تسلی بخش نہیں ہیں۔
- گاؤں اور شہر، ساحلی علاقوں اور اہم زمینی مقامات پر رہنے والے لوگوں کے درمیان آمدنی میں فرق بڑھ رہا ہے۔
- ترقی کے اہم طریقوں نے ماحولیات کو کافی نقصان پہنچایا ہے۔
- چین میں انتظامیہ اور سماجی زندگی کے درمیان بدعنوانی میں اضافہ ہوا ہے۔

3۔ ہندوستان:

21 ویں صدی میں ہندوستان کو ابھرتی ہوئی عالمی طاقت کی شکل میں دیکھا جا رہا ہے۔ایک کثیر محوری نظریہ سے بھی دنیا ہندوستان کی طاقت اور اس کے عروج کا اندازہ کر رہی ہے۔

ہندوستان کی آبادی تقریباً 1.35 کروڑ ہے۔ہندوستانی کی معاشی سماجی اور ثقافتی حیثیت بہت مضبوط ہے۔

معاشی نظریہ سے: ہندوستان ایک بڑا تجارتی مرکز ہے۔

سماجی اور ثقافتی نظریہ سے :۔200 ملین ہندوستانی مہاجرین کے ساتھ ہندوستان کی ملی جلی تہذیب ہندوستان کو پوری دنیا میں 21 ویں صدی کے ایک نئے مرکز کی شکل میں اہمیت دیتی ہے۔

فوجی نظریہ سے: ہندوستان کی فوجی طاقت نیوکلیائی تکنیک کے ساتھ اسے خودکفیل بناتی ہے۔

سائنس اور ٹکنالوجی میں میک ان انڈیا کا منصوبہ ہندوستان کی معیشت کو خودکفیل بناتا ہے۔ یہ سبھی تبدیلیاں موجودہ دنیا میں ہندوستان کو طاقت کا ایک اہم مرکز بناتی ہے۔

4۔ اسرائیل:

عالمی نقشے میں ایک نقطے کے مانند اسرائیل معیشت کے علاوہ سائنس وٹکنالوجی دفاع اور خفیہ معاملات میں 21 ویں صدی کی دنیا میں ایک طاقتور ملک کی شکل میں ابھرا ہے۔مغربی ایشیائی ممالک کی روشن سیاست کے بیچ واقع اسرائیل اپنی بے پناہ صلاصیت۔ دفاعی صلاحیت۔ تکنیکی مہارت۔صنعتکاری اور زراعتی ترقی کی وجہ سے عالمی سیاست کی اونچائیوں پر پہنچ گیاہے۔اسرائیل عام طور سے ہم عصر عالمی سیاست میں اور خاص طور سے عرب قیادت پسند مغربی ایشیائی سیاست میں ایک اہم کردارادا کرتا ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ مارشل پلان کے تحت 1948 میں کس تنظیم کی شروعات ہوئی ؟

2۔ چین میں کس لیڈر نے اور کب ’’کھلے دروازے کی پالیسی اختیار کی؟

3۔ چین نے کس وزیراعظم کے زمانے میں جدیدیت کی چار تجاویز رکھی گئیں؟

4۔ ASEAN کا پورا نام لکھیں؟

5۔ یوروپین یونین کی تشکیل کب اور کس معاہدے کے ذریعے ہوئی ؟

6۔ بھارت نے ایسیان کے کن دوملکوں کے ساتھ آزاد تجارت کا معاہدہ کیا؟

7۔ ایسیان نے ASEAN WAY کے ذریعے کن دوملکوں کا ٹکراؤ ختم کیا؟

8۔ یورو(EURO) کرنسی کو ماننے کی مخالفت کن ملکوں نے کی؟

9۔ کب اور کس معاہدے کے ذریعے یوروپی کمیونٹی کے ملکوں کے درمیان سرحدی کنٹرول ختم کیا گیا؟

10۔ یوروپین یونین کی کرنسی کا نام بتایئے۔

11۔ سارک کی تشکیل کب کی گئی۔

12۔ ماؤ کی قیادت میں چین میں آئے انقلاب کے بعد اختیار کیا گیا معاشی ماڈل کسی ملک پر قائم کیا گیا تھا؟

13۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان غلط ہے۔

1۔ آسیان کی تشکیل پانچ ممالک نے مل کر کی ہے۔

2۔ حا میں اس کے ممبروں کی تعداد 10 ہے۔

3۔ آسیان کے کام کاج میں قومی باہمی تعاون کی عزت کرنا اہم ہے۔

4۔ 1992 میں آسیان علاقائی تنظیم کی تشکیل کی گئی۔

14۔ چین میں زراعت کی نجی کاری کب کی گئی۔

15۔ سوویت یونین کا جانشین.................................ہے۔

16۔ آسیان کے دو ممبر ممالک کے نام لکھیں۔

17۔ برکس کی 11ویں کانفرنس 2019 میں.........................ملک میں ہوئی۔

## دو نمبر والے سوالات

1۔ علاقائی تنظیم کے کیا معنی ہیں؟

2۔ طاقت ک نئے مراکز سے کیا مراد ہے؟

3۔ مارشل پلان کیا تھا؟

4۔ ایسیان کے کوئی دو بانی ملکوں کے نام بتایئے۔

5۔ 1970 کی دہائی میں چین نے کون سے دو اہم فیصلے لیے؟

6۔ 1973 میں چین کے وزیر اعظم ژو این لال نے کن چار میدانوں میں جدیدت کی تجویز رکھی؟

7۔ چین کے ذریعے اختیار کی گئی کھلے دروازے کی پالیسی کیا تھی؟

8۔ تاریخ کے اعتبار سے مندرجہ ذیل کو ترتیب دیں:

(i) عالمی تجارتی تنظیم میں چین کا شامل ہونا

(ii) چین میں کھیتی کو نجی ملکیت

(iii) کھلے دروازے کی پالیسی

(iv) سیاسی اور معاشی خاموشی کا خاتمہ

9۔ مندرجہ ذیل کو صحیح طرح سے جوڑیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) یوروپی معاشی تعاون تنظیم کا قیام | .................. | ڈنمارک اور سویڈن |
| (ii) بنکاک قرارداد کے ذریعے قیام | .................. | فرانس و برطانیہ |
| (iii) یوروکرنسی کا ماننے سے انکار | .................. | مارشل منصوبہ |
| (iv) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی مستقل ممبرشپ | .................. | ایسیان |

10۔ سارک کے دو مقاصد لکھیں۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ ایک معاشی کمیونٹی کی شکل میں بنی یوروپین یونین نے ایک سیاسی تنظیم کی شکل کیسے اختیار کی؟

2۔ ایسیان برادری کے کوئی دو ستون اور ان کے مقاصد کے بارے میں بتائیے۔

3۔ علاقائی تنظیموں کو بنانے کے اہم مقاصد کیا ہیں؟

4۔ بدلی ہوئی چین کی معیشت میں کوئی چار کمی بیان کیجیے۔

5۔ یوروپین یونین کو ایک کمزور علاقائی تنظیم بنانے والی چار باتیں بتائیے۔

6۔ چین کی نئی معاشی پالیسی نے کن چار طریقوں سے چین کے معاشی نظام کو فائدہ پہنچایا؟

7۔ طاقت کے نئے مراکز کے ذریعے مختلف ملکوں میں خودکفیل معاشی نظام کی شکل دینے میں ادا کیے گئے رول کی تشریح کیجیے۔

8۔ آسیان وژن 2020 کی اہم خصوصیات کیا ہیں۔ (Imp)

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ نیچے دیئے گئے نقشے میں پانچ جگہوں کو (A)(B)(C)(D)(E) کے ذریعے دکھایا گیا ہے۔ نیچے دی گئی جانکاری کی بنا کر ان

کو پہچانیے اوران کے صحیح نام ترتیب وار اور اس سے متعلق حروف بھی لکھیں۔


A۔ یوروپین یونین کا ایک پرانا ممبر ملک۔

B۔ یوروپین یونین کا ایک نیا ممبر ملک۔


C۔ یوروپین یونین وہ ملک جو سلامتی کاؤنسل کا مستقل ممبر ہے۔

D۔ وہ ملک جو 2016 میں یوروپین یونین سے الگ ہو گیا۔

E۔ وہ ملک جس نے 2007 میں یورو کو اپنایا۔



2۔ نیچے دیے گئے کارٹون کو دیکھیں اور سوالات کا جواب دیں۔





سریندر، دی ہندو

(i) یہ کارٹون کس تنظیم کے اجلاس کو ظاہر کرتا ہے؟ 1

(ii) تنظیم میں شامل دو ملکوں کے نام بتایئے۔ 2

(iii) کارٹون میں دو کرسیوں کی حالت باقی دوسری کرسیوں سے الگ کیوں دکھائی گئی ہے؟ 2

4۔ نیچے دیے گئے کارٹون کا مطالعہ کریں اور سوالات کا جواب دیں۔




(i) کارٹون میں سائیکل کی علامت کیا ظاہر کرتی ہے؟ 1

(ii) دیے گئے کارٹون میں چین کی کس پالیسی کو ظاہر کیا گیا ہے؟ 2

(iii) چین نے اپنی معاشی ترقی کے لیے کیا قدم اٹھائے؟ 2

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ چین کی معیشت کو ترقی دینے کے لیے ذمّہ دار عناصر کی تشریح کیجیے۔ (Imp)

2۔ یوروپین یونین ایک بااثر علاقائی تنظیم کی شکل میں کس طرح ابھری؟ (Imp)

3۔ چینی معیشت کی ترقی کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

5۔ ''چین اور بھارت ایک بڑی معاشی طاقت کی شکل میں ابھر رہے ہیں''۔کیا آپ اس بیان سے متفق ہیں۔کوئی تین دلائل دے کر اپنا جواب واضح کیجیے۔

4۔ اسرائیل کس طرح طاقت کے نئے مرکز کی شکل میں ابھر رہا ہے؟ وضاحت کریں۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ یوروپی معاشی تعاون تنظیم

2۔ ڈینگ زیاپنگ، 1978

3۔ ژواین لال

4۔ ایسیان...... Association of South East Asian Nations

5۔ 1992 میں ماسٹریٹ معاہدے کے ذریعے

6۔ سنگاپور اور تھائی لینڈ

7۔ کمبوڈیا اور جنوبی تمور

8۔ سویڈن اور ڈنمارک

9۔ 1985، Shengen معاہدہ

10۔ یورو

11۔ 1985

12۔ سوویت یونین

13۔ 1992 میں آسیان علاقائی تنظیم کی تشکیل کی گئی

14۔ 1982 میں۔

15۔ روس

16۔ انڈونیشیااور ملائشیا

17۔ برازیل

## دونمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ علاقائی تنظیم اقتدار والے مما لک کے رضا کارانہ کمیونٹی کی ایک تنظیم ہے۔ جوایک مقررہ رقبہ کے اندر ہواوران میں تمام شامل مما لک کا مفاد ہواوراس رقبہ میں ان شامل مما لک میں کسی کے ساتھ بھی حملے کی کارروائی نہ ہو۔

2۔ سوویت یونین کے زوال کے بعد دنیا میں امریکہ کا دبدبہ قائم ہو گیا ہے۔ کچھ ملکوں کی تنظیموں کی ابتدا طاقت کے نئے مراکز کی شکل میں ہوئی ہے۔ یہ تنظیمیں امریکہ کی قیادت کو محدود کریں گی کیوں کہ یہ تنظیمیں سیاسی اور معاشی نقطہ نگاہ سے کافی طاقتور یاباا ثر ہورہی ہیں۔

3۔ 1945 کے یوروپی ملکوں میں میل ملاپ اورامریکہ کے ذریعے سرد جنگ کے دوران معاشی نظام کی تشکیل نو کے لیے مدد

4۔ انڈونیشیا، ملیشیا، فلپنس، سنگاپور، تھائی لینڈ

5۔ (i) 1972 میں امریکہ سے سیاسی ومعاشی تعلقات قائم کیے۔
(ii) 1978 میں کھلے دروازے کی پالیسی کا اعلان کیا۔

6۔ زراعت، صنعت، فوج اور سائنس ٹکنالوجی کے میدان میں۔

7۔ غیر ملکی سرمایہ اور ٹکنالوجی میں شامل ہونے سے اعلیٰ پیداوار کو حاصل کیا جائے۔

8۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | عالمی تجارتی تنظیم میں چین کا شامل ہونا | ............ | 2001 |
| (ii) | چین میں کھیتی کو نجی ملکیت | ............ | 1982 |
| (iii) | کھلے دروازے کی پالیسی | ............ | 1978 |
| (iv) | سیاسی اور معاشی خاموشی کا خاتمہ | ............ | 1972 |

9۔ (i) یوروپی معاشی تعاون تنظیم کا قیام ............ مارشل منصوبہ

(ii) بنکاک قرارداد کے ذریعے قیام ............ ایسیان

(iii) یورو کرنسی کو ماننے سے انکار ............ ڈنمارک اور سویڈن

(iv) اقوام متحدہ میں سلامتی کونسل کی مستقل ممبرشپ ............ فرانس و برطانیہ

10۔ (1) جنوبی ایشیا کے لوگوں کی معیار زندگی میں اضافہ

(2) جنوبی ایشیا میں معاشی ترقی سماجی اور ثقافتی ترقی۔

(3) جنوبی ایشیا میں خود اعتمادی اور خود انحصاویت کا بڑھنا۔

(4) آپسی مسائل کا پرامن حل۔

## چار نمبر والے سوالات ہے جوابات

1۔ (i) یوروپین یونین ایک ریاست کی طرح ہے جس کا اپنا جھنڈا، ترانہ، یوم تاسیس اور کرنسی ہے۔

(ii) یوروپی پارلیمنٹ کی تشکیل کے سبب۔

(iii) سوویت یونین کے زوال کے بعد 1992 میں یوروپین یونین کی تشکیل ہوئی۔

(iv) ایک کرنسی، مساوی خارجہ ودفاعی پالیسی، انصاف اور گھریلو معاملات پر آپسی تعاون۔

2۔ (i) دفاعی برادری: ایسیان دفاعی برادری علاقائی جھگڑوں کو فوجی ٹکراؤ تک نہ لے جانے کی رضامندی پر منحصر ہے۔

(ii) معاشی برادری کا مقصد ایسیان ملکوں کا ایک بازار اور پیداوار کی بنیاد تیار کرنا ہے اور اس علاقے میں سماجی اور معاشی امداد کرنا ہے۔

3۔ (i) ممبران ممالک میں یکجہتی کے جذبے کا مضبوط ہونا۔

(ii) علاقائی امداد کو فروغ دینا۔

(iii) ممبران ممالک کے درمیان تجارت کو بڑھانا۔

(iv) اپنے رقبے میں امن وامان قائم رکھنا اور دوستی کو بڑھانا۔

(v) مسائل کو آپسی بات چیت کے ذریعے حل کرنا

4۔ جواب یادر کھنے لائق نکات میں تلاش کریں

5۔ (i) کبھی کبھی ممبران ملکوں کے ذریعے غیر ملکی اور سیاسی پالیسیوں کا ایک دوسرے کے خلاف استعمال

(ii) ایک آئین بنانے کی کوشش ناکام

(iii) ڈنمارک اور سویڈن کیذریعے ماسٹریٹ معاہدے اور یورو کرنسی کی مخالفت

(iv) کئی ممبران ممالک امریکہ کے گٹ میں شامل ہیں

6۔ (i) کھلے دروازے کی پالیسی

(ii) زراعت کو نجی ملکیت میں لے کر

(iii) تجارت کے نئے اصول اور معاشی میدانوں میں اصلاحات

(iv) دیہی معیشت میں نجی بچت کو فروغ حاصل ہوا

7۔ ■ یک محوری دنیا میں امریکی دبدبہ کو ختم کرنے کے لیے طاقت کے نئے مراکز کا ہونا ضروری ہے

■ یوروپین یونین، ایسیان، ناوابستہ تحریک اور سارک جیسے طاقت کے نئے مراکز نے علاقائی سطح پر زیادہ پرامن اور خوش گوار معاشی نظام کو شکل دینے میں اہم رول ادا کیا۔

8۔ (i) بین الاقوامی برادری میں ایک وسیع النظر کردار کو اوّلیت دینی ہے۔

(ii) ٹکراؤ کی جگہ بات چیت کو بڑھاوا دینے کی پالیسی اپنائی جاتی ہے۔

(iii) دنیا تیزی سے بدل رہی ہے اس لئے آسیان ممالک کو اپنی معیشت میں اور زیادہ نرم کاری لانی ہوگی۔

(iv) 2020 تک نہ صرف تجارت بلکہ سرمایہ کاری اور خدمات کے میدان میں بھی آسیان ممالک پوری طرح سے ایک بازار بن جائیں گے۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | A | — | C | — | آئرلینڈ |
| 2 | D | — | A | — | پولینڈ |
| 3 | C | — | B | — | فرانس |
| 4 | B | — | D | — | برٹین |
| 5 | | | E | — | سلووینیا |

2۔ (i) سارک کانفرنس

(ii) بھوٹان نیپال وغیرہ یا کوئی اور یہ دو کرسیوں اس کے دو ممبر ہندوستان اور پاکستان کی خصوصی حالت اور اس میں ملوث رہنے والے ان دو ممالک کے دو طرفہ مدوں کی طرف دھیان مبذول کرتی ہے۔

3۔ (i) چین کی معیشت

(ii) چین کے دوہرے پن کی پالیسی......سرمایہ دارانہ سماج واد

(iii) کھلے دروازے کی پالیسی، خصوصی معاشی علاقوں (SEZ) کی تشکیل، زراعت اور صنعت کو بھی نجی ملکیت میں دینا

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

2۔ (a) سب سے پرانی تنظیم جو اسے مضبوط اور با اثر بناتی ہے۔

(b) مساوی سیاسی شکل جیسے جھنڈا، قومی ترانہ، یوم تاسیس اور کرنسی

(c) یورپین یونین کی امدادی پالیسی

(d) عالمی بازار میں (عالمی تجارت) میں یوروپین یونین کی حصہ داری امریکہ سے تین گنا زیادہ ہے۔

(e) اس کے پاس دنیا کی دوسرے نمبر پر سب سے بڑی فوج ہے جس کا دفاعی بجٹ امریکہ کے بعد سب سے زیادہ ہے

(f) برطانیہ اور فرانس اقوام متحدہ میں سلامتی کونسل کے مستقل ممبر ہیں

3۔ **حمایت میں:**

(i) 1972 میں سیاسی اور معاشی خاموشی کو ختم کر کے

(ii) زراعت، فوج، سائنس اور ٹکنالوجی کے میدان میں جدیدیت

(iii) کھلے دروازے کی پالیسی

(iv) زراعت اور صنعت کو نجی ملکیت میں دینا

**مخالفت میں:**

(i) بہتر اقدامات کا فائدہ سبھی طبقات کو نہیں مل سکا

(ii) بے روزگاری میں اضافہ

(iii) خواتین کے لیے روزگار اور کام کے حالات ٹھیک نہیں رہے

(iv) ماحولیات کو نقصان پہنچنا

(v) بدعنوانی کو بڑھاوا دیا گیا

4۔ ■ عالمی سطح پر چین ایک بڑی معاشی طاقت بن چکا ہے۔ جاپان، امریکہ، روس کے ساتھ اپنے اختلافات کو کچھ حد تک سدھار لیا ہے۔

■ لاطینی امریکہ اور افریقی ممالک میں اپنا سرمایہ لگا رہا ہے

■ عالمی تجارتی تنظیم کا ممبر بھی ہے

■ عالمی چنوتیاں سامنے رکھتے ہوئے بھارت نے بھی معاشی میدان میں بہتر اقدامات کیے ہیں اور اپنی معیشت میں سدھار کیا ہے۔

# باب۔ چار

# جنوبی ایشیا اور ہم عصر دنیا

## جنوبی ایشیا میں تنازعات اور امن کی کوششیں اور جمہوریت:
## پاکستان۔ نیپال۔ بنگلہ دیش۔ سری لنکا اور مالدیپ

### یاد رکھنے لائق نکات

- جنوبی ایشیا دنیا کا اہم علاقہ ہے۔ اس میں شامل سات ممالک ہندوستان، پاکستان، نیپال، بھوٹان، بنگلہ دیش، سری لنکا، مالدیپ کو جنوبی ایشیا کا نام دیا گیا ہے۔ اب اس میں میانمار اور افغانستان کو بھی شامل کیا جاتا ہے۔ جنوبی ایشیا کے ممالک میں آپس میں تعاون اور تنازعات کا دور چلتا رہتا ہے۔
- چین کو جنوبی ایشیا کے ممالک میں شمار نہیں کیا گیا ہے۔
- شمال میں ہمالیہ پہاڑ جنوب میں بحرِ ہند۔ مغرب میں بحرِ عرب اور مشرق میں موجود خلیج بنگال جنوبی ایشیا کو جغرافیائی خصوصیات عطا کرتے ہیں۔
- جنوبی ایشیا کے ممالک میں ایک جیسا سیاسی نظام نہیں پایا جاتا۔
- بھارت اور سری لنکا میں آزادی کے بعد سے ہی جمہوری نظام پایا جاتا ہے۔
- پاکستان اور بنگلہ دیش میں کبھی جمہوری اور کبھی فوجی نظام حکومت رہا ہے۔
- نیپال میں 2006 تک آئینی بادشاہت تھی اور بعد میں جمہوری نظام بحال ہوا ہے۔
- بھوٹان میں بادشاہت ہے۔
- مالدیپ میں 1968 تک سلطنت نظام تھا لیکن اب یہاں بھی جمہوری نظام ہے۔
- جنوبی ایشیا کے لوگ جمہوریت کو اچھا سمجھتے ہیں اور نمائندہ جمہوری اداروں کی حمایت کرتے ہیں۔

- جنوبی ایشیا کی جمہوریت کے تجربوں سے جمہوریت کے بارے میں قائم یہ یقین ٹوٹ گیا ہے کہ جمہوری نظام صرف دنیا کے امیر ممالک میں ہی پھل پھول سکتا ہے۔

## پاکستان

- پاکستان کے سیاسی نظام میں فوج کافی باثر ہے۔ یہ ہی وجہ ہے کہ یہاں فوجی نظام بار بار جمہوریت کو کچلتا رہا ہے۔ ایسا ہی بنگلہ دیش میں بھی ہوا ہے۔

- پاکستان میں آئین بننے کے بعد سے ہی چار بار جمہوری نظام کو ختم کر کے فوجی حکمرانی کو قائم کیا جا چکا ہے۔

- سب سے پہلے ملک کی باگ ڈور جنرل ایوب خاں نے سنبھالی پھر جنرل یحییٰ خان۔ ان کے بعد جنرل ضیاء الحق اور 1999 میں جنرل پرویز مشرف نے عوام کے ذریعے نمائندہ حکومت کو ہٹا کر فوجی نظام حکومت قائم کیا۔

- کچھ وقت کے لیے ضرور ذوالفقار علی بھٹو، بے نظیر بھٹو اور نواز شریف کی قیادت میں پاکستان میں جمہوری نظام حکومت قائم رہا۔ جون 2013 میں پاکستان میں نواز شریف کی قیادت میں جمہوری حکومت قائم ہوئی لیکن 2017 میں انھیں مالی بدعنوانی کے معاملے میں پاکستان سپریم کورٹ کے ذریعے وقت سے پہلے ہٹا دیا گیا اور 10 سال کی سزا کا حکم دیا گیا۔ جولائی 2018 میں ہونے والے چناؤ میں عمران خان کی رہنمائی میں جمہوری حکومت قائم ہوئی۔

## نیپال

- نیپال میں ایک طویل مدّت تک بادشاہ اور جمہوری نظام کی حمایت کرنے والوں میں جدوجہد چلتی رہی۔ نیپال کی سیاست میں آج ماؤوادی کافی اثراانداز ہو رہے ہیں۔

- نیپال میں فوج، جمہوریت کے حامی اور ماؤوادیوں کے درمیان تکونی جدوجہد کا نتیجہ یہ رہا کہ نیپال میں آج آئینی جمہوریت کی شروعات ہوئی۔ نیپال کے ذریعے موجودہ آئین کے تحت کھڑگ پرشاد شرما اولی 2015 سے نیپال کے وزیراعظم ہیں۔

## سری لنکا

- سری لنکا نے 1948 میں آزادی حاصل کی اور آج تک جمہوریت کی برقراری میں کامیاب رہا ہے۔ سری لنکا میں ایک کامیاب جمہوریت اور سماجی، معاشی میدانوں میں اپنی اچھی صورت کے باوجود سنہالی اور تمل قوم نسلی تصادم کا شکار رہا ہے۔

سنہالی سری لنکا کے بنیادی شہری ہیں جبکہ تامل لوگ کثیر تعداد میں بھارت سے ہجرت کر کے سری لنکا میں بس گئے تھے۔ تامل لوگوں کیذریعے سری لنکا میں ایک علاحدہ تامل ملک کا مطالبہ ہے جبکہ سنہالی قوم پرستوں کے خیال میں سری لنکا کو تامل لوگوں کو کوئی مراعات نہیں دینی چاہئیں۔

- مئی 2009 میں سری لنکا کی فوج کے ذریعے جنگجو قوم پرست تنظیم (LTTE) کے لیڈر پربھاکرن کے مارے جانے کے بعد سری لنکا میں سالوں سے چلی آ رہی خانہ جنگی کا خاتمہ ہو گیا۔

## بنگلہ دیش

- 1947 سے 1971 تک بنگلہ دیش پاکستان کا حصہ تھا۔
- 1947 سے 1971 تک اسے مشرقی پاکستان کے نام سے جانا جاتا ہے۔
- برطانوی حکومت کے وقت کے بنگال اور آسام کے تقسیمی حصوں سے مشرقی پاکستان کا یہ علاقہ بنا تھا۔
- اس علاقے کے لوگ مغربی پاکستان کے دبدبے اور اپنے اوپر اردو زبان کو لادے جانے کے خلاف تھے۔
- اس علاقے کے لوگوں نے بنگالی تہذیب اور زبان کے ساتھ کئے جانے والے برے سلوک کے خلاف مخالفت کرنی شروع کریں۔
- اس علاقے کی عوام نے سیاسی اقتدار میں مکمل شرکت کی مانگ کی۔
- اس علاقے کی عوام نے انتظامیہ میں بھی اپنی منصفانہ نمائندگی کی مانگ کی۔
- مغربی پاکستان کے اقتدار کے خلاف عوامی جدوجہد کی رہنمائی شیخ مجیب الرحمٰن نے کی۔
- 1970 کے چناؤ میں شیخ مجیب الرحمٰن کے رہنمائی والی عوامی لیگ کو مشرقی پاکستان کی ساری سیٹوں پر جیت حاصل ہوئی۔
- عوامی لیگ کو پورے پاکستان کے لیے آئین ساز اسمبلی میں اکثریت حاصل ہوگئی۔
- لیکن حکومت پر مغربی پاکستان کے رہنماؤں کا دبدبہ تھا۔ اور حکومت نے اس کی اسمبلی کی اپنانے سے منع کر دیا۔
- شیخ مجیب الرحمٰن کو گرفتار کر لیا گیا۔
- جنرل یحییٰ خان کی فوجی حکومت میں پاکستانی فوج نے بنگالی عوام کی تحریک کو کچلنے کی کوشش کی۔
- ہزاروں لوگوں پاکستانی فوج کے ہاتھوں مارے گئے۔

- مشرقی پاکستان سے بڑی تعداد میں لوگ ہندوستان آ گئے۔
- ہندوستان کے سامنے (شنارتھیوں) مہاجرین کو سنبھالنے کا مسئلہ پیدا ہوا۔
- ہندوستان کی حکومت نے مشرقی پاکستان کے لوگوں کی آزادی کی مانگ کی حمایت کی اور انہوں نے مالی اور فوجی مدد دی۔
- نتیجتاً 1971 میں ہندوستان اور پاکستان کے بیچ جنگ شروع ہو گئی۔
- جنگ کا اختتام مشرقی پاکستان میں پاکستان کی فوج کے ہتھیار ڈالنے اور ایک آزاد ملک بنگلہ دیش کی تشکیل کے ساتھ ہوا۔
- بنگلہ دیش نے اپنا آئین بنا کر اس میں ملک کو ایک سیکولر جمہوری اور سماجوادی بنا دیا۔
- بنگلہ دیش میں کثیر پارٹی انتخاب پر مبنی نمائندہ جمہوریت قائم ہے۔
- بنگلہ دیش ہندوستان کی ''مشرق کی طرف چلو'' پالیسی کا ایک حصہ ہے۔
- قدرتی آفات اور ماحولیات کے مسئلے پر دونوں ممالک نے لگاتار تعاون کیا ہے۔
- بنگلہ دیش اور ہندوستان کے بیچ گنگا اور برہم پتر ندی کے پانی پر شرکت کے مدّے پر اختلاف ہے۔

## مالدیپ

- یہ 1968 تک سلطنت ہوتی تھی۔
- 1968 میں ایک جمہوریہ بنا اور حکومت کا صدارتی نظام اپنایا گیا۔
- 2005 کے جون میں مالدیپ کی پارلیمنٹ نے کثیر پارٹی نظام کو اپنانے کے حق میں ایک ووٹ سے انتخاب کیا۔
- (MDP) مالایوین ڈیموکریٹک پارٹی کا ملک کے سیاسی معاملات میں غلبہ ہے۔
- 2005 کے چناؤ کے بعد مالدیپ میں جمہوریت مضبوط ہوئی ہے کیونکہ اس چناؤ میں اپوزیشن پارٹی کو قانونی منظوری دے دی گئی۔
- مالدیپ کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات خوشگوار اور گرم جوشی کے ہیں۔
- 1988 میں مالدیپ میں کرائے کے فوجیوں کے ذریعے کی گئی چال کو ناکام کرنے کے لیے ہندوستان نے وہاں فوج بھیجی۔
- ہندوستان نے مالدیپ کی معاشی ترقی، سیاست اور مچھلی صنعت میں بھی مدد کی ہے۔
- ہندوستان اور مالدیپ نے 2020 میں چار سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔

- کھیل اور نوجوان معاملات کے تعاون پر مالدیپ اور ہندوستان کے بیچ سمجھوتہ ہوئے ہیں۔
- Greater Male Connectivity Project (GMCP) کے لیے ہندوستان کے 500 ملین ڈالر کے پیکیج کے ایک حصہ کی شکل میں 100 ملین امریکی ڈالر کے فنڈ کے لیے ایک معاہدے پر دستخط کیے گئے ہیں۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ جنوبی ایشیا کے اس ملک کا نام بتایئے جس میں بادشاہت ہے؟

2۔ نیپال میں کب تک آئینی بادشاہت قائم رہی؟

3۔ IPKF کا پورا نام لکھیں

4۔ سری لنکا کا اہم مسئلہ کیا ہے؟

5۔ سیاچین کن دو ملکوں کے درمیان ہے؟

6۔ جنوبی ایشیا کا وہ کون سا ملک ہے جس کی آزادی میں بھارت کا اہم رول رہا ہے؟

7۔ فرخاً مسئلہ کن دو مما لک کے درمیان رہا ہے؟

8۔ بنگلہ دیش ہندوستان کی .............................. پالیسی کا حصہ ہے۔

9۔ آپ کے خیال میں اکیسویں صدی میں بھارت- پاکستان تناؤ کا اہم سبب کیا ہے؟

10۔ سری لنکا نے کب آزادی حاصل کی؟

11۔ سری لنکا میں کن دو قوموں کے درمیان تصادم رہا؟

12۔ جملے کو صحیح کر کے دوبارہ لکھیں۔
1960 میں عالمی بینک کی مدد سے ہندوستان اور نیپال نے سندھ پانی معاہدے پر دستخط کئے۔

13۔ جنوبی ایشیا میں آزاد تجارت بڑھانے کے لیے.................. سمجھوتہ کیا گیا۔

14۔ شیخ مجیب الرحمٰن کس پارٹی سے متعلق تھے۔

15۔ مالدیپ میں کس پارٹی کا دبدبہ ہے۔

16۔ مشرقی پاکستان کے عوامی تنازعے کی نمائندگی کس نے کی؟

17۔ جنوبی ایشیا میں چاروں طرف زمین سے گھرے دوممالک کے نام بتایئے۔

18۔ 1960 میں ہندوستان اور پاکستان نے کس معاہدہ پر دستخط کئے۔

19۔ ہندوستان اور بنگلہ دیش کے بیچ تنازعے کے اہم مدے کیا ہیں؟

## دو نمبر والے سوالات

1۔ جنوبی ایشیا میں کامیاب جمہوریت والے دوملکوں کے نام لکھیں؟

2۔ جنوبی ایشیا سے کیا مراد ہے؟

3۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان کوئی دومعاہدوں کا ذکر کریں۔

4۔ جنوبی ایشیا کے ان دوملکوں کے نام بتایئے جن میں جمہوریت اور فوجی نظام رہا ہے؟

5۔ مالدیپ میں کس طرح کا نظام حکومت پایا جاتا ہے؟

6۔ بھارت نے کب کب ایٹمی تجربات کیے؟

7۔ ایسے دوملکوں کے نام لکھیں جن کے ساتھ پانی کے بٹوارے کے مدعوں پر بھارت کا جھگڑا رہا ہے؟

## چار نمبر والے سوالات

1۔ پاکستان میں جمہوریت کو کمزور کرنے والے کیا اسباب ہیں؟

2۔ نیپال میں جمہوریت کے قائم ہونے پر خیالات کا اظہار کریں۔

3۔ ہندوستان کے ذریعے سری لنکا میں امن فوج بھیجنے کا کیا مقصد تھا؟

4۔ بھارت–پاکستان تعلقات کے درمیان کشیدگی کے کیا اسباب ہیں؟

5۔ جنوبی ایشیا کے ممالک کی کوئی چار ایک جیسی مشکلات کا ذکر کیجیے۔

6۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان تعلقات ہموار کرنے کی جانب ہوئے معاہدوں پر روشنی ڈالیں۔

7۔ ایسے دو مسائل کے نام بتائیے جن پر بھارت-بنگلہ دیش کے درمیان آپسی تعاون اور ناراضگی ہے۔

8۔ مشرقی پاکستان (حال میں بنگلہ دیش) میں بے اطمینانی کی کیا وجوہات تھیں۔

9۔ مندرجہ ذیل پیراگراف کا مطالعہ کریں اور دیے گئے سوالات کا جواب دیں:

''آزادی کے بعد سری لنکا میں سیاست پران طاقتوں کا غلبہ ہوا جو اکثریت یعنی سنہالی قوم کے مفادات کی نمائندگی کرتی تھیں۔ وہ تامل لوگوں سے عداوت رکھتے تھے جو کثیر تعداد میں موجود تھے اور ہندوستان سے ہجرت کر کے سری لنکا میں بس گئے تھے۔ یہ ہجرت آزادی کے بعد بھی جاری رہی۔ سنہالی قوم پرستوں کے خیال میں سری لنکا کو تامل لوگوں کو کوئی مراعات نہیں دینی چاہئیں کیونکہ سری لنکا صرف سنہالی لوگوں کا ہے۔ تامل مفادات کو نظر انداز کرنے کی وجہ سے جنگجو تامل قوم پرستی نے جنم لیا ہے۔ 1983 سے اب تک جنگجو قوم پرست تنظیم (LTTE) ایک علاحدہ ملک کا مطالبہ کر رہی ہے اور سری لنکا کی فوج سے مصروف پیکار ہے۔ LTTE نے سری لنکا کے شمال مشرقی علاقے کو قبضہ میں لے رکھا ہے۔''

(1) آزادی سے پہلے سری لنکا کو کس نام سے جانا جاتا تھا؟

(A) سیلون (B) جنوجزیرہ

(C) سنیالی جزیرہ (D) اس میں سے کوئی نہیں

(2) سری لنکا کو.................تنازعے کا سامنا کرنا پڑا۔

(A) فوجی (B) سیاسی (C) لسانی (D) نسلی

(3) سری لنکا سیاست میں کس فرقہ کا دبدبہ ہے۔

(A) تمل (B) سنہالی

(C) مرا (D) اس میں سے کوئی نہیں

(4) سری لنکا میں جاری تنازع میں کون سا بیان غلط ہے؟

(1) سری لنکا میں سیاست کھلے طور پر سنیال فرقہ سے متفق تھی۔


(2) تملو کے مفاد کونظر انداز کیا گیا۔

(3) مٹھے کو سارک ممالک کی حمایت حاصل تھی۔

(4) سری لنکا میں سیاسی یکسانیت نہیں تھی۔

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ دیئے گئے نقشے میں پانچ ممالک تک A,B,C,D اور E کو دکھایا گیا ہے۔ نیچے دی گئی معلومات کی بنا پر ان ممالک کی پہچان کریں۔ اوران کے صحیح نام۔ استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور متعلق حروف جدول کی شکل میں اپنی جوابی کاپی میں لکھیں۔




1۔ چاروں طرف خشکی سے بھرا ہوا ملک۔

2۔ وہ ملک جہاں نسلی جدوجہد ہوئی۔


3۔ وہ ملک جہاں آزادی کے بعد زیادہ وقت تک فوجی حکومت رہی۔

4۔ وہ ملک جس کی تشکیل 1971 میں ہوئی۔

5۔ وہ ملک جسے جنوبی ایشیا کا ملک نہیں مانا جاتا۔

| معلومات سے متعلق سیریل نمبر | متعلق حروف | ملک |
|---|---|---|
| 1۔ | | |
| 2۔ | | |
| 3۔ | | |
| 4۔ | | |
| 5۔ | | |

2۔ نیچے دیے گئے کارٹون کو دھیان سے دیکھیں اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالات کا جواب دیں۔



(i) اس کارٹون سے متعلق ملک کو پہچانئے۔

(ii) اس ملک میں جاری نظام حکومت کا جائزہ لیں۔

(iii) یہ کارٹون کیا پیغام دے رہا ہے۔

3۔ مندرجہ ذیل کارٹون کو دھیان سے دیکھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔



(i) یہ کارٹون کس ملک سے متعلق ہے؟

(ii) تصویر میں شیر اور چیتا کن کن فرقوں کی نمائندگی کر رہے ہیں۔

(iii) تصویر میں دکھایا گیا شخص کون ہے اور تصویر میں ان کی کوشش کی وضاحت کریں۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ بھارت-پاکستان تعلقات پر روشنی ڈالیں۔

2۔ سری لنکا میں نسلی تصادم کا ذکر کریں۔

3۔ جنوبی ایشیا کی بانسبت چھوٹے ملکوں کے بھارت کے تئیں امید کے برتاؤ کے کیا اسباب ہیں؟

4۔ جنوبی ایشیا کے علاقے میں امن وتعاون کو کیسے بڑھاوا دیا جاسکتا ہے؟ وضاحت کریں۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ بھوٹان

2۔ 2006

3۔ ہندوستانی امن فوج

4۔ سنہالی-تامل نسلی تصادم

5۔ بھارت-پاکستان

6۔ بنگلہ دیش

7۔ بھارت-بنگلہ دیش

8۔ مشرق کی طرف چلو

9۔ دہشت گردی

10۔ 1948

11۔ سنہالی اور تامل

12۔ 1960 میں عالمی بینک کی مدد سے ہندوستان اور پاکستان نے سندھ پانی معاہدے پر دستخط کیے۔

13۔ SAFTA

14۔ عوامی لیگ

15۔ مالدیوین ڈیموکریٹک پارٹی

16۔ شیخ مجیب الرحمٰن

17۔ نیپال - بھوٹان

18۔ سندھ کے پانی کا معاہدہ Indus Water Treaty

19۔ ندی پانی کا تنازعہ۔ پناہ گزینوں کا مسئلہ

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ بھارت، سری لنکا

2۔ بھارت، پاکستان، نیپال، بھوٹان، بنگلہ دیش، سری لنکا اور مالدیپ کو جنوبی ایشیا کی ممالک میں شمار کیا جاتا ہے۔ کچھ لوگ افغانستان اور میانمار کو بھی سارک میں شامل کرتے ہیں۔

3۔ تاشقند معاہدہ، شملہ معاہدہ

4۔ پاکستان اور بنگلہ دیش

5۔ جمہوری

6۔ 1974 اور 1998 میں

7۔ پاکستان اور بنگلہ دیش

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) سیاست میں فوجی مداخلت

(ii) سیاست میں مذہبی لیڈروں کا دبدبہ

(iii) بیرونی طاقتوں کی مداخلت

(iv) سیاسی جماعتوں اور لیڈروں کے آپسی مفادات وغیرہ

2۔ (i) 2006 تک آئینی بادشاہت

(ii) عوامی بغاوت اور جمہوریت کی شروعات

(iii) بادشاہ کا اثر ختم ہو جانا

(iv) عوام میں اپنے حقوق کے لیے بیداری

(v) ماؤوادی لوگوں کا اثر انداز ہونا

3۔ سری لنکا کا مسئلہ ہندوستان وراثتی تمل لوگوں سے جڑا ہے۔ ہندوستان کی تمل عوام کا ہندوستانی حکومت پر دباؤ تھا کہ وہ سری لنکائی تملوں کے مفاد کی حفاظت کریں۔ ہندوستان کی حکومت نے سری لنکا سے ایک سمجھوتہ کیا اور سری لنکا کی حکومت اور تملوں کے بیچ رشتہ ہموار کرنے کے لیے ہندوستانی فوج کو بھیجا ہندوستان کی فوج کی حاضری کو سری لنکا کی عوام نے پسند نہیں کیا انہوں نے سمجھا کہ ہندوستان سری لنکا کے اندرونی معاملات میں دخل اندازی کر رہا ہے۔ 1989 میں ہندوستان نے اپنی امن فوج مقصد حاصل کئے بغیر واپس بلائی۔

4۔
- کشمیر کا مسئلہ
- دہشت گردی
- سیاچین گلیشیئر
- ثقافتی مسائل وغیرہ

5۔ (i) تعلیم کا کم ہونا، جہالت

(ii) غریبی

(iii) آبادی میں اضافہ

(iv) معاشی پچھڑاپن وغیرہ

6۔ (i) سندھو ندی پانی کا معاہدہ ...... 1960

(ii) تاشقند معاہدہ ...... 1966

(iii) شملہ معاہدہ ...... 1972

(iv) لاہور بس سروس ...... 1999 وغیرہ

7۔ **آپسی تعاون:** (i) بھارت کی ''مشرق کی جانب دیکھو'' پالیسی کا حصّہ ہے

(ii) قدرتی آفات کے باوجود بنگلہ دیش کو ماحولیات سے متعلق امداد دینا

**ناراضگی:** (i) گنگا-برہمپتر کے پانی بٹوارے کو لے کر مسائل

(ii) بھارت-بنگلہ میں ناجائز طور سے لوگوں کی ہجرت پر روک لگانا

8۔ 1947 سے 1971 تک بنگلہ دیش پاکستان کا حصہ تھا۔اس علاقے کے لوگ مغربی پاکستان کے دبدبے اور اپنے اوپر اردو لادنے کے خلاف تھے۔ پاکستان کے بننے کو فورا بعد ہی یہاں لوگوں نے بنگالی تہذیب اور زبان کے ساتھ کئے جانے والے برے سلوک کے خلاف مخالفت شروع کر دی۔اس علاقے کی عوام نے انتظامیہ میں اپنی نمائندگی اور سیاسی اقتدار میں ملکی شرکت کی مانگ کی۔

9۔ اقتباس پر مبنی جواب

(1) سیلون

(2) نسلی

(3) سینالی

(4) مٹھے کو سارک ممالک کی حمایت حاصل تھی۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔

| سیریل نمبر | حروف | ملک |
|---|---|---|
| 1 | B | ہندوستان |
| 2 | C | سری لنکا |
| 3 | D | پاکستان |
| 4 | A | بنگلہ دیش |
| 5 | E | چین |

2۔ یہ پاکستان سے متعلق کارٹون ہے۔

1۔ پہلے سوال میں صدر کے رول میں سے فوج کے رول کو گھٹا کر دکھایا گیا ہے کہ صدر کے اختیارات زیرو ہیں۔

2۔ دوسرے میں فوجی رہنما کے رول میں سے صدر کے رول کو گھٹا کر دکھایا ہے کہ فوج کا اختیارات قائم ہیں یعنی صدر کے اختیارات Zero ہیں۔

3۔ تیسرے میں فوج اور صدر کے اختیارات کو جوڑ دیا گیا ہے یعنی اگر فوجی رہنما چاہے تو اختیارات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

3۔ یہ کارٹون پیغام دیتا ہے کہ پاکستان میں فوج کا رول زیادہ اہم ہے۔

4۔ (i) سری لنکا

(ii) شیر سری لنکا کے سنہالی فرقے اور چیتا تمل فرقے کی نمائندگی کر رہا ہے۔

(iii) تصویر میں دکھائے گئے شخص سری لنکا کے سابق صدر مہندر اراج پکشے ہیں اور وہ دونوں فرقوں کے بیچ توازن قائم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان سماجی، معاشی، ثقافتی اور تاریخی ایک جیسی اشکال پائی جاتی ہیں۔

### بھارت-پاکستان کے درمیان کشیدگی

- 48-1947، 1965، 1971 اور 1999 میں فوجی ٹکراؤ
- کشمیر کا مسئلہ
- ہتھیاروں کا مسئلہ
- دہشت گردی کا مسئلہ
- سیاچن گلیشیئر کا مسئلہ

- سرکرک مسئلہ

## بھارت- پاکستان کے درمیان آپسی تعاون

- ثقافتی (فلمی گانے،ڈرامے وغیرہ)
- کھیل (کرکٹ، ہاکی)
- تجارت (کپاس، پیاز،سافٹ ویئر وغیرہ)
- غریبی کو دور کرنا، ترقی کو فروغ دینا، جمہوریت کو مضبوط کرنا وغیرہ

2۔
- اکثریت والے سنہالی اور اقلیت والے تامل لوگوں کے درمیان نسلی تصادم
- تامل لوگوں کو حقوق دلوانے کی کوششیں
- جنگجو تامل لوگوں کے ذریعے LTTE کی تشکیل
- سری لنکا کی حکومت کی جانب سے سختی
- 1987 میں راجیو گاندھی اور جے وردھنے کے درمیان معاہدہ
- سری لنکا میں بھارت کی امن فوج
- ناروے کی مدد سے دونوں ملکوں کے درمیان امن قائم کرنے کی کوششیں

3۔
- وسیع زمینی رقبہ
- جغرافیائی خصوصیات
- بہت زیادہ آبادی
- معیشت کا مضبوط ہونا
- بڑی فوجی طاقت
- ٹکنالوجی میں دوسرے ملکوں سے آگے

■ بین الاقوامی سیاست میں اہم مقام

■ پاکستان، چین اور مغربی میڈیا کا بھارت کے بارے میں غلط نظریہ

4۔ جنوبی ایشیا میں بنگلہ دیش۔ بھوٹان۔ ہندوستان۔ مالدیپ۔ نیپال پاکستان اور سری لنکا کو شامل کیا جاتا ہے۔

میرے خیال میں اس علاقے میں امن وتعاون کو بڑھایا جاسکتا ہے۔


(1) جنوبی ایشیا کے یہ سبھی ممالک آزاد تجارت پر راضی ہوں۔

(2) SAFTA سمجھوتے کے پیچھے یہی جذبہ ہے۔

(3) یہ سبھی ممالک اپنے تنازعات پرامن کوششوں سے حل کریں۔

(4) غیر علاقائی طاقتوں کو اس علاقے سے الگ رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

(5) یکجا بازار کی تشکیل کریں۔ اور آپسی تجارت میں اضافہ کریں۔


The United Nations System
Principal organs
Subsidiary Bodies
Security Council
International Court of Justice
Related Organisation
Research and Training Institutes
Secretariat
Programmes and Funds
General Assembly
Other Entities
Subsidiary Bodies
Related Organisations
Functional Commissions
Economic and Social Council
Trusteeship Council
Suspended on 1 November 1994 with the independence of Palau, the last UN trust territory
Regional Commissions
Related Organisation

# باب۔ پانچ

# انجمن اقوام متحدہ اور اس کی تنظیمیں

| |
|---|
| اہم اجزا۔ اہم ایجنسیاں ۔ UNESCO, UNICEF, WHO, ILO<br>سلامتی کاؤنسل اور اس کی توسیع کی ضرورت |

## یاد رکھنے لائق نکات

- جس طرح کسی علاقہ کی مشکلات یا مسائل کو حل کرنے کے لیے علاقائی تنظیمیں ہوتی ہیں اسی طرح مختلف ممالک کے درمیان مختلف مسائل اور ان کا حل تلاش کرنے کے لیے بین الاقوامی تنظیموں کی ضرورت ہوتی ہے۔
- بین الاقوامی تنظیموں کی ضرورت
    - بین الاقوامی مسائل کا پرامن طریقے سے حل تلاش کرنا
    - جنگوں کے روک تھام میں مددگار
    - دنیا کی معاشی ترقی میں معاون
    - قدرتی آفات، حادثات سے نمٹنا
    - بین الاقوامی امداد کو فروغ دینا
    - عالمی درجۂ حرارت سے نمٹنا
- پہلی جنگ عظیم کے بعد لیگ آف نیشنز کا قیام عمل میں آیا تاکہ مستقبل میں جنگ کے خطروں کو روکا جاسکے لیکن یہ اپنے مقاصد کو پورا کرنے میں ناکام رہی۔ 1939 سے 1945 کے دوران دوسری جنگ عظیم کے بعد بین الاقوامی امن وامان کو قائم رکھنے اور دنیا کو تیسری جنگ عظیم کے خطرے سے بچانے کے لیے 24/ اکتوبر 1945 کو اقوام متحدہ کا قیام عمل میں آیا۔ اقوام متحدہ میں ابتدا میں 51 ممالک شامل تھے جس میں بھارت بھی ایک اہم ممبر تھا۔ آج اقوام متحدہ کے ممبران کی تعداد 193 ہوگئی ہے۔



# اقوام متحدہ

| اعضا کے نام | ممبران کی تعداد | مرکزی دفتر | مقاصد |
|---|---|---|---|
| جنرل اسمبلی | 193 | نیویارک | ممبران ممالک کی شمولیت و برخاستگی، بجٹ پیش کرنا |
| سلامتی کونسل | 5 مستقل + 10 غیر مستقل | نیویارک | امن و سلامتی قائم رکھنا، جھگڑے، امن اور جنگ پر بحث، فوجی کارروائی کرنا |
| ٹرسٹی شپ کونسل | 14 | نیویارک | خصوصی علاقوں کی سماجی و معاشی ترقی کرنا، 1994 سے پلاؤ کی آزادی کے بعد اس کو معطل کردیا گیا ہے |
| سماجی اور معاشی کونسل | 57 | نیویارک | معاشی، سماجی، تعلیم اور صحت پر غور کر کے جنرل اسمبلی کو اپنی رپورٹ پیش کرنا |
| بین الاقوامی عدالت | 15 جج | ہیگ | مختلف ممالک کے آپسی مسائل/ جھگڑوں پر غور کرنا |
| سکریٹریٹ | سکریٹری جنرل + دیگر ملازمین | نیویارک | اقوام متحدہ کے ذریعے کیے جارہے کاموں کو انجام دینا اقوام متحدہ کا مکمّل ریکارڈ رکھنا |

- اقوام متحدہ کا سب سے طاقت ور اعضاء سلامتی کونسل ہے۔ اس میں کل 15 ممبران ہیں۔ جن میں 5 ممبران (امریکہ، روس، برطانیہ، فرانس اور چین) اس کے علاوہ 10 غیر مستقل ممبران ہیں۔ جو 2 سال کی مدت کے لئے چنے جاتے ہیں مستقل ممبران کو ویٹو کے اختیارات حاصل ہیں۔

- سرد جنگ کے بعد سے ہی اقوام متحدہ اور اس کے ڈھانچے میں کام کرنے کے عمل سے متعلق سدھار کرنے کی مانگ زور پکڑنے لگی ہے۔ سلامتی کونسل میں مستقل اور غیر مستقل ممبران کی تعداد کو بڑھانے پر بھی زور دیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ غریبی، بھوک مری، بیماریاں، دہشت گردی، ماحولیات اور انسانی حقوق وغیرہ جیسے مدعوں پر اقوام متحدہ کے رول کو اور بھی زیادہ با اثر بنانے پر بھی زور دیا جا رہا ہے۔

- سکریٹری جنرل اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی نمائندگی کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کے موجودہ سکریٹری جنرل کا نام Antonio Guterres ہے جن کا تعلق پرتگال سے ہے۔

- **انجمن اقوام متحدہ کے اب تک کے سیکرٹری جنرل اس طرح ہیں۔**

| نام | ملک | مدت |
|---|---|---|
| 1۔ ترگف لائی | ناروے | 1946-1952 |
| 2۔ ڈاگ ہیمر شولڈ | سویڈن | 1953-1961 |
| 3۔ یوتھانٹ | برما (میانمار) | 1961-1971 |
| 4۔ کرٹ والدہیم | آسٹریا | 1972-1981 |
| 5۔ جیویر پیریز ڈیسوکر | پیرو | 1982-1991 |
| 6۔ بطرس بطرس غالی | مصر | 1992-1996 |
| 7۔ کوفی۔اے۔عنان | گھانا | 1997-2006 |
| 8۔ بانکی مون | جنوبی کوریا | 2007-2016 |
| 9۔ ایٹونیو گُٹیر یس | پرتگال | 2017-اب تک |

- بھارت نے ہمیشہ ہی اقوام متحدہ کے کاموں میں مدد کی ہے۔ چاہے وہ عالمی امن کا معاملہ ہو، تخفیف اسلحہ، جنوبی کوریا کا بحران، سوئز نہر کا مسئلہ، عراق کا کویت پر حملہ ہو یا انسانی حقوق کی حفاظت، نوآبادیات کی مخالفت وغیرہ میں بھارت نے بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا ہے اور اقوام متحدہ کی مدد کی ہے۔

- **اقوام متحدہ کے مقاصد واصول**
  - بین الاقوامی امن وامان کو قائم رکھنا
  - ملکوں کے درمیان دوستانہ تعلقات کو قائم رکھنا
  - آپسی تعاون کے ذریعے معاشی، سماجی، ثقافتی اور انسانی ڈھنگ کی بین الاقوامی مشکلات کو حل کرنا
  - بین الاقوامی معاہدوں، بین الاقوامی قوانین کو مساوی شکل میں لاگو کرنا
  - ملکوں کی علاقائی سالمیت اور سیاسی آزادی کی عزت کرنا

- **اقوام متحدہ کو یک محوری دنیا میں زیادہ بااثر بنانے کے لیے تدابیر**
  - امن قائم کرنے والے کمیشن کی تشکیل کی جائے
  - انسانی حقوق کمیشن کو قائم کیا جائے
  - ایک جمہوری فنڈ کی تشکیل کی جائے
  - دہشت گردی کی تمام شکلوں کو ختم کیا جائے
  - ٹرسٹی شپ کونسل کا خاتمہ

- **انجمن اقوام متحدہ کی مختلف ایجنسیاں**

United Nations Educational, Scientific and Cultural Organization

- **یونیسکو (UNESCO)**

اقوام متحدہ کی تعلیمی، سائنسی وثقافتی تنظیم 4 نومبر 1946 کو قائم کی گئی تھی فرانس کی راجدھانی پیرس میں اس کا آفس ہے۔ اس کے ممبر ممالک کی تعداد 193 ہے۔ اس تنظیم کے موجودہ ڈائریکٹر جنرل Audrey Azoulay ہیں۔

- **یونیسکو کے مقاصد:۔**

1۔ تعلیمی سائنسی وثقافتی میدانوں میں تعاون دیکر عالمی امن وتحفظ کو بڑھاوا دینا۔

2۔ ثقافتی وراثت کی حفاظت کرنا۔ اور ثقافتی رنگا رنگی کو فروغ دینا۔

3۔ آزادانہ تعلیم، سائنسی کھوج بین کے نتائج سے فائدہ اٹھا کر آزادانہ ترسیلی بہاؤ کو فروغ دینا۔

4۔ پائیدار ترقی کے لیے سائنسی علوم اور پالیسیوں کو متحرک کرنا۔

5۔ بنیادی تعلیم پر زور دینا۔ اسے جمہوری بنانا۔ نئی ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانا۔

- یونیسیف United Nations International Children's Emergency Fund (UNICEF)

اقوام متحدہ کی بین الاقوامی بچوں کا ہنگامی فنڈ تنظیم کی تشکیل UNO کی جنرل اسمبلی کے ذریعے 1946 میں امریکہ کے نیو یارک میں ہوئی اس کے ممبر ممالک کی تعداد 193 ہے۔ اس تنظیم کے ڈائریکٹر جنرل Henrietta Fore ہیں۔ یہ تنظیم ترقی اور آفات سے متاثرہ علاقوں میں جذباتی اور جسمانی تندرستی کو فروغ دینے کے لیے کوشاں ہے۔

- یونیسیف کے مقاصد:

1۔ بچوں کے لیے ایمرجنسی فنڈ اکٹھا کرنا اور پوری دنیا میں بچوں کی ترقی کے کاموں میں مدد کرنا۔

2۔ دنیا کے سبھی حصوں میں بچوں کی صحت اور اعلیٰ زندگی کا یقین کرنے والے کاموں کو بڑھاوا دینا۔

3۔ بیماریوں کی روک تھام کے لیے حفاظتی ٹیکے لگوانا۔ انہیں بہتر غذائیت فراہم کرنا۔

4۔ تشدد۔ بدسلوکی بچہ مزدوری اور جنسی استحصال کے لیے بچوں کو اسمگلنگ سے بچانے کی کوشش کرنا۔

3۔ World Heath Organization

- ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (WHO)

اقوام متحدہ کی عالمی صحت تنظیم 1948 میں سوئزرلینڈ کی راجدھانی جنیوا میں قائم کی گئی۔ اس کے ممبر ممالک کی تعداد 193 ہے۔ اس کے ڈائریکٹر جنرل Roberto Azebedo ہیں۔ یہ دنیائے ممالک کے صحت سے متعلق مسائل پر آپسی تعاون اور معیار کو فروغ دینے والی تنظیم ہے۔

- ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے مقاصد:

1۔ بین الاقوامی صحت سے متعلق کام کو انجام دینے والے ادارے کی شکل میں کام کرنا۔

2۔ صحت اور طبی خدمات سے متعلق کاروبار کے لیے اعلیٰ تعلیم کو فروغ دینا۔

3۔ حکومتوں کے کہنے پر صحت سے متعلق خدمات کوفروغ دینا۔

4۔ وبائی امراض کی روک تھام ان کے علاج کی سہولت مہیا کرنا۔ حال کے نظریہ سے کوڈ-19 پر قابو پانے کی کوشش اس کے لیے ٹیکہ مہم کوفروغ دینا۔

4۔ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن International Labour Orgnization (ILO)

بین الاقوامی مزدور تنظیم اقوام متحدہ کی ایک تنظیم ہے۔ اس کی تشکیل سوئزرلینڈ کے جنیوا میں 1919 میں کی گئی۔ مزدوروں کی خدمات انجام دینے کا اعتراف کرتے ہوئے اس ایجنسی کو 1963 میں نوبل انعام سے نوازا گیا۔ اس تنظیم کی خاص بات یہ ہے کہ اس کی پالیسی بنانے کے معاملے میں مزدوروں اور تاجروں کے نمائندے حکومت کے نمائندوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

- **انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے مقاصد:**

1۔ سماجی انصاف کو بڑھاوا دینا۔ اور امن وامان قائم کرنا۔

2۔ سماجی انصاف بہتر حالات کوفروغ دینا اور عالمی سطح پر مزدورں کے لیے کام کرنا۔

3۔ خواتین اور مرد مزدورں کو پیداواری کاموں میں لگنے کے لیے بڑھاوا دینا۔

4۔ مزدوروں کی کام کی جگہ پر تحفظ اور ان کی عظمت ووقار کے حالات کو بنانا۔

5۔ مزدوروں کے لیے روزگار کے بہترین مواقع فراہم کرنا۔

- **اقوام متحدہ کی سلامتی کا ؤنسل اور اس میں توسیع کی ضرورت:**

سلامتی کاؤنسل کی تشکیل 1945 میں کی گئی تھی۔ اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت سلامتی کاؤنسل کی بنیادذمہ داری بین الاقوامی امن وسلامتی کوفروغ دینا ہے۔ اس میں کل 15 ممبر ہیں جن میں 5 مستقل اور 10 غیر مستقل ہیں۔ ہندوستان نے جنوری 2021 سے سلامتی کاؤنسل کے غیر مستقل ممبر کی حیثیت سے آٹھویں دفعہ اپنی مدت شروع کی ہے۔ موجودہ مستقل ممبروں میں ہر ایک کو ویٹو کا حق حاصل ہے۔

1992 میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ایک قرارداد پیش ہوئی۔ اس میں تین خاص شکایتوں کا ذکر تھا۔

1۔ سلامتی کاؤنسل اب سیاسی حقیقتوں کی نمائندگی نہیں کرتی۔

2۔ اس کے فیصلوں پر مغربی قدروں اور مفادات کا اثر ہے اور ان فیصلوں پر چند ممالک کا غلبہ ہوتا ہے۔

3۔ سلامتی کاؤنسل میں برابر کی نمائندگی رہی ہے۔

ان شکایتوں کے نتیجے میں ایک جنوری 1997 کو اقوام متحدہ کے جنرل سیکریٹری کوفی عنان نے سدھار کے لیے جانچ شروع کی اور سلامتی کاؤنسل کے مستقل اور غیر مستقل ممبروں کے لیے مندرجہ ذیل سجھاؤ بھی دیئے۔

1۔ آبادی کے لحاظ سے بڑا ملک ہو۔

2۔ بڑی اقتصادی اور فوجی طاقت ہو۔

3۔ اقوام متحدہ کے بجٹ میں اس ملک کا تعاون زیادہ ہو۔

4۔ یہ ملک ایسا ہو جو اپنے جغرافیہ۔معیشت اور ثقافت کے لحاظ سے دنیا میں تنوعات کی نمائندگی کرتا ہو۔

مختصراً سبھی ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک سلامتی کاؤنسل میں سدھار کے حامی ہیں۔اس لیے مستقل اور غیر مستقل ممبروں کی تعداد میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں۔لیکن مستقل ممبروں کو ویٹو کا حق دینے پر سبھی متفق نہیں ہیں۔

## ● بین الاقوامی ادارے اور غیر سرکاری تنظیمیں

اقوام متحدہ کے علاوہ کئی بین الاقوامی ادارے اور غیر سرکاری تنظیمیں ہیں جو لگاتار اپنے مقاصد کو پورا کر رہی ہیں جیسے:

### 1۔ **بین الاقوامی مالیاتی ادارہ** (International Monetary Fund)

یہ ان مالیاتی اداروں اور اصولوں کی نگرانی کرتا ہے جو بین الاقوامی سطح پر کام کرتے ہیں۔IMF میں یوں تو 184 ممبر ہیں لیکن ہر ممبر مساوی حیثیت نہیں رکھتا۔چوٹی کے دس ممبر 55 فی صد ووٹ کا حق رکھتے ہیں۔

### 2۔ **عالمی بینک** (World Bank)

دوسری جنگ عظیم کے بعد 1945 میں قائم کیا گیا ۔اس کی سرگرمیوں کا محور ترقی پذیر ممالک ہیں۔یہ ممبر ملکوں کو قرضے اور مدد فراہم کرتا ہے۔

### 3۔ **عالمی تجارتی تنظیم** (World Trade Organisation)

یہ ایک بین الاقوامی تنظیم ہے جو عالمگیر تجارت کے لیے قانون اور اصول وضع کرتی ہے۔یہ تنظیم 1945 میں قائم ہوئی ۔اس

کے ممبران کی تعداد 150 ہے۔ سارے فیصلے مجموعی اتفاق رائے سے طے پاتے ہیں۔

### 4. بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی (International Atomic Energy Agency)

اس تنظیم کا قیام 1957 میں عمل میں آیا۔ اس کا مقصد امریکی صدر ڈیوٹ آئزن ہاور کی پیش کش ''ایٹم امن کے لیے'' کی تکمیل تھا جس کے مطابق نیوکلیائی طاقت کا استعمال پرامن مقاصد کے لیے ہوگا اور اس کے فوجی استعمال پر روک لگائی جائے۔

### 5. ایمنسٹی انٹرنیشنل (Amnesty International)

یہ ایک غیر سرکاری تنظیم ہے جو دنیا بھر میں حقوق انسانی کے تحفظ کے لیے کام کرتی ہے۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق اور ان کے احترام کو فروغ دیتی ہے۔

### 6. انسانی حقوق کے نگراں (Human Rights Watch)

یہ ایک بین الاقوامی غیر سرکاری تنظیم (NGO) ہے۔ جو انسانی حقوق کے بارے میں تحقیق وتفتیش اور اس کی وکالت میں مصروف ہے۔ یہ امریکہ میں حقوق انسانی کی سب سے بڑی تنظیم ہے۔ یہ عالمی میڈیا کی توجہ حقوق انسانی کی پامالی کی جانب مبذول کراتی ہے۔

### 7. بین الاقوامی ریڈ کراس سوسائٹی

یہ سوسائٹی جنگ اور اندورنی تشدد کے سبھی متاثرہ کو مدد اور ہتھیاروں کے ساتھ تشدد پر روک لگانے والے قانون کو لاگو کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

### 8. گرین پیس

1971 کے قائم گرین پیس فاؤنڈیشن عالمی برادری کو ماحولیات کے تئیں بیدار کرنے اور ماحولیاتی تحفظ کے لئے قانون بنانے کے لئے دباؤ ڈالنے کا کام کرتے ہیں۔

حالانکہ اقوام متحدہ میں کچھ کمی پائی جاتی ہے لیکن اس کے بغیر دنیا بدحال ہو جائے گی۔ اقوام متحدہ اور اوپر دی گئیں تمام بین الاقوامی تنظیمیں اور غیر سرکاری تنظیمیں ایک دوسرے پر منحصر ہیں جن سے ان کی اہمیت دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ اس لیے آنے والی حکومتوں کو اقوام متحدہ اور ان بین الاقوامی ادارے اور تنظیموں کو حمایت دینے اور استعمال کے طریقے تلاش کرنے ہوں گے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ اقوام متحدہ کی تشکیل کب ہوئی؟

2۔ اقوام متحدہ کے چارٹر پر کتنے ملکوں نے دستخط کیے؟

3۔ بھارت اقوام متحدہ کا ممبر کب بنا؟

4۔ موجودہ دور میں اقوام متحدہ کے ممبران کی تعداد کتنی ہے؟

5۔ بین الاقوامی عدالت کہاں واقع ہے؟

6۔ IAEA کو مکمل کر کے لکھیں۔

7۔ عالمی تجارتی تنظیم کب قائم ہوئی؟

8۔ پہلی جنگ عظیم کے بعد جنگ روکنے کے لیے کون سی بین الاقوامی تنظیم بنائی گئی؟

9۔ UNHRC کو مکمل کر کے لکھیں۔

10۔ عالمی بینک کی تشکیل کب ہوئی؟

11۔ انجمن اقوام متحدہ کی سلامتی کاؤنسل.................مستقل.................غیر مستقل ممبر ہیں۔

12۔ UNESCO کو وسیع کر کے لکھیں۔

13۔ کس چارٹر کے تحت انجمن اقوام متحدہ کی تشکیل کی گئی۔

14۔ IMF کا کوئی ایک کام لکھیں۔

15۔ انجمن اقوام متحدہ کی تشکیل.................کی جانشینی کی شکل میں کی گئی۔

16۔ انجمن اقوام متحدہ کا دفتر کہاں واقع ہے۔

(i) نئی دہلی (ii) نیویارک (iii) لندن (iv) ماسکو

17۔ مندرجہ ذیل میں سے کس ملک کو سلامتی کاؤنسل کے غیر مستقل ممبر کی ممبر شپ 2020 میں حاصل ہوئی۔

(i) ہندوستان (ii) چین (iii) نیپال (iv) فرانس

18۔ UNICEF کو امن کا نوبل انعام کس سال دیا گیا۔

(i) 1960 (ii) 1965 (iii) 1970 (iv) 1975

19۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا ادارہ مزدوروں کے بیچ تفریق کو ختم کرنے کے لیے کام کرتا ہے۔

(i) عالمی صحت تنظیم (ii) بین الاقوامی مزدور تنظیم

(iii) سلامتی کاؤنسل (iv) کوئی نہیں۔

20۔ عالمی صحت تنظیم کا دفتر کہاں واقع ہے۔

(i) جنیوا (ii) نیو یارک (iii) نئی دہلی (iv) پیرس

21۔ دیئے گئے جملے کے لیے صحیح یا غلط لکھیں۔

اقوام متحدہ کی سلامتی کاؤنسل میں صرف مستقل ممبروں کی پاس ویٹو کا حق ہے

22۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا انجمن اقوام متحدہ کا اہم اجزا نہیں ہے۔

(i) جنرل اسمبلی (ii) سلامتی کاؤنسل

(iii) بین الاقوامی عدالت (iv) یوروپین یونین

23۔ انجمن اقوام متحدہ کے موجودہ جنرل سیکریٹری کون ہیں۔

(i) بانکی مون (ii) کوفی عنان

(iii) ٹرگولے لی (iv) اینٹونیوگٹریس

## دو نمبر والے سوالات

1۔ عالمی بینک کے کوئی دو کام بتایئے۔

2۔ سلامتی کونسل کے مستقل ممبران کے نام لکھیں۔

3۔ انسانی حقوق کی سلامتی سے متعلق دو تنظیموں کے نام بتایئے۔

4۔ عالمی تجارتی تنظیم کے دو کام بتائیے۔

5۔ مندرجہ ذیل کو ملائیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | 24/اکتوبر 1945 | .................. | اٹلانٹک چارٹر |
| (ii) | 10/دسمبر 1948 | .................. | مالٹا کانفرنس |
| (iii) | فروری 1945 | .................. | اقوام متحدہ کی تشکیل |
| (iv) | اگست 1941 | .................. | انسانی حقوق کا اعلان |

6۔ ویٹو کا حق کیا ہے؟

7۔ مندرجہ ذیل کو ملائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | ریڈ کراس سوسائٹی | A | عالمی تجارتی قانون |
| 2۔ | ایمنسٹی انٹرنیشنل | B | جنگ یا آفات سے متاثرہ کو مدد |
| 3۔ | عالمی تجارتی تنظیم | C | معاشی ترقی اور قرض دینا |
| 4۔ | بین الاقوامی مالیاتی فنڈ | D | انسانی حقوق کا تحفظ |

8۔ ایسے کوئی دو بین الاقوامی مدّعوں کو پہچانیے جنھیں سلجھانا کسی ایک ملک کے لیے ممکن نہیں ہے۔

9۔ آپسی انحصار کسے کہتے ہیں؟

10۔ دنیا میں بین الاقوامی تنظیمیں ہونے کے کوئی دو فائدے بیان کیجیے۔

مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھیں اور پوچھے گئے سوالات کے جواب دیں۔

''پہلی جنگ عظیم نے دراصل متنازعہ مسئلوں کے حل کے لئے بین الاقوامی تنظیموں کے قیام کی حوصلہ افزائی کی۔ اکثر کا خیال تھا کہ ایسی تنظیم جنگ کو ٹالنے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے اس خیال کے تحت مجلس اقوام(The League of Nation)

کا قیام عمل میں آیا۔ اپنی ابتدائی کامیابیوں کے باوجود یہ دوسری عالمی جنگ (45-1939) روک نہیں سکی۔ اس جنگ میں پہلے سے کہیں زیادہ لوگ ہلاک اور زخمی ہوئے۔ اقوام متحدہ مجلس اقوام کی جانشین ہے اور یہ 1945 میں قائم ہوئی۔''

1۔ پہلی جنگ عظیم کب ختم ہوئی۔

(a) 1915 (b) 1917 (c) 1918 (d) 1920

2۔ پہلی جنگ عظیم کے بعد جھگڑوں کو نمٹانے کے لیے عالمی سطح پر کون سی تنظیم کو بنایا گیا۔

(a) لیگ آف نیشن (b) انجمن اقوام متحدہ

(c) آسیان (d) سارک

3۔ دوسری جنگ عظیم کا صحیح دور بتائیں۔

(a) 1935 سے 1939 (b) 1940 سے 1945

(c) 1939 سے 1945 (d) 1940 سے 1950

4۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد بین الاقوامی تنازعات کا پرامن حل کرنے کے لیے کون سی تنظیم کو بنایا گیا۔

(a) لیگ آف نیشن (b) انجمن اقوام متحدہ

(c) آسیان (d) سارک

## چار نمبر والے سوالات

1۔ بدلتے ہوئے حالات میں بااثر اور مناسب ڈھنگ سے کام کرنے کے لیے اقوام متحدہ کی عمل اور ڈھانچے میں سدھار کے کون کون سے تجویز ہیں؟ بیان کیجیے۔ (Imp)

2۔ ''اقوام متحدہ امریکی دبدبہ کا سامنا کرنے میں ناکام ثابت ہوا ہے''۔ اس بات سے آپ کہاں تک متفق ہیں۔

3۔ سلامتی کونسل کے کام بیان کیجیے۔

4۔ بھارت کے شہری کی شکل میں سلامتی کونسل میں بھارت کی مستقل ممبر شپ کی دعویداری کے حق میں آپ کیا دلائل دیں گے۔ بیان کیجیے۔ (Imp)

5۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کیا ہے؟اس کے کوئی دو کام بیان کیجیے۔

6۔ اقوام متحدہ کے اہم اصول بیان کیجیے۔

7۔ یونیسکو کے اہم کام بتائیں۔

8۔ یونیسیف کے اہم کام بتائیں۔

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ نیچے دیے گئے کارٹون کا مطالعہ کریں اور سوالات کے جواب دیں۔




(i) دیے گئے کارٹون میں دکھایا گیا شخص کس ملک کی جانب اشارہ کرر ہا ہے؟ 1

(ii) کارٹون میں دکھائے گئے شخص کے دونوں ہاتھوں میں کیا دکھایا گیا ہے؟ 2

(iii) ''دائیں ہاتھ سے بات نہیں سمجھو گے تو بائیں ہاتھ سے سمجھائی جائے گی''۔اس بیان کا مطلب اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔ 2

2۔ (i) تصویر کس ادارے یا تنظیم سے تعلق رکھتی ہے؟ 1

(ii) اس تصویر میں کون سا نقشہ دکھایا گیا ہے۔ 2

(iii) اس تصویر میں کون سی پتیاں دکھائی گئی ہیں؟ یہ پتیاں کس بات کو ظاہر کرتی ہیں؟ 2

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ بین الاقوامی تنظیموں کی ضرورت کو واضح کیجیے۔

2۔ اقوام متحدہ کو اور بھی زیادہ بااثر بنانے کے لیے کیا قدم اٹھائے جانے چاہئیں؟

3۔ اقوام متحدہ میں بھارت کی مستقل ممبر شپ کی حمایت میں دلائل پیش کریں۔

4۔ اقوام متحدہ میں بھارت کے رول پر بحث کیجیے۔ (Imp)

5۔ آج کے ماحول میں سلامتی کونسل میں سدھار کی ضرورت کیوں محسوس ہوتی ہے؟ (Imp)

6۔ اقوام متحدہ کے اہم مقاصد بیان کیجیے۔ ان مقاصد کو کیسے حاصل کیا جا سکتا ہے؟

7۔ عالمی سیاست میں بین الاقوامی ادارے اور تنظیمیں کس حد تک جمہوری اور جوابدہ ہیں؟

8۔ سلامتی کاؤنسل کی وسعت کی ضرورت کی کوئی تین وجہ بتائیں۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ 24/اکتوبر 1945

2۔ 51 ملکوں نے

3۔ 30/اکتوبر 1945

4۔ 193

5۔ ہیگ، نیدرلینڈ

6۔ بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی

7۔ 1995 میں

8۔ لیگ آف نیشنز

9۔ اقوام متحدہ کمیشن برائے انسانی حقوق

10۔ 1945

11۔ 05 اور 10

12۔ United Nations Educational Social and Cultural Organisation

13۔ اٹلانٹک چارٹر

14۔ عالمی سطح کے مالیاتی نظام کی دیکھ بھال کرنا۔

15۔ انجمن اقوام

16۔ نیویارک

17۔ ہندوستان

18۔ 1965

19۔ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن

20۔ جنیوا

21۔ صحیح

22۔ یوروپین یونین

23۔ انیٹونیا گٹیرس

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) زراعت اور گاؤں کی ترقی کے لیے کام کرنا

(ii) ممبر ممالک کو قرضے اور مدد فراہم کرنا

2۔ برطانیہ، فرانس، امریکہ، روس اور چین

3۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل اور انسانی حقوق کے نگراں

4۔ (i) عالمگیریت کے لیے قانون اور اصول وضع کرنا

(ii) ممبران ممالک کے درمیان آزادانہ تجارت کو ہموار کرنا

5۔ (i) 24/اکتوبر 1945 ............ اقوام متحدہ کا قیام

(ii) 10/دسمبر 1948 ............ انسانی حقوق کا اعلان

(iii) فروری 1945 ............ مالٹا کانفرنس

(iv) اگست 1941 ............ اٹلانٹک چارٹر

6۔ سلامتی کونسل کا کوئی بھی مستقل ممبر سلامتی کونسل کے ذریعے لئے جانے والے فیصلے کو روک سکتا ہے یہی ویٹو کا حق ہے۔

7۔ 1 – B

2 – D

3 – A

4 – C

8۔ عالمی درجۂ حرارت............دہشت گردی

9۔ معاشرہ اور مسائل کے درمیان بڑھتے ہوئے رشتے جسے ہم عام طور پر ایک دوسرے پر منحصر کہتے ہیں اسے ہی آپسی انحصار کا نام دیا گیا ہے۔

10۔ ■ بین الاقوامی تنظیمیں جنگ اور امن کے معاملات میں مدد کرتی ہیں۔

■ بین الاقوامی تنظیمیں عالمی درجۂ حرارت اور دہشت گردی جیسے مسائل کا حل ڈھونڈنے کی کوششیں کرتی ہیں۔

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جواب

(I) –C (II) –A (III) –C (IV) –B

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) اقوام متحدہ میں سلامتی کونسل میں مستقل ممبران کی تعداد کو بڑھانا

(ii) ویٹو پاور کو ختم کرنا

(iii) ترقی یافتہ ممالک کے اثر کو ختم کرنا

(iv) اقوام متحدہ کے کام کرنے کے طریقوں کو اور زیادہ جمہوری بنانا

2۔ (i) امریکہ سب سے بڑی مالی امداد دینے والا ملک ہے

(ii) اقوام متحدہ کا صدر مقام نیو یارک میں ہے جو امریکہ کے رقبے میں آتا ہے۔

(iii) اقوام متحدہ میں زیادہ تر ملازمین امریکہ کے ہیں۔

(iv) کوئی بھی قرارداد یا تجویز اپنے ساتھی ملکوں کے مفاد کے مطابق نہ ہونے پر اپنے ویٹو سے روک سکتا ہے۔

3۔ سلامتی کونسل کے کام مندرجہ ذیل ہیں:

(i) دنیا میں امن و امان قائم رکھنا

(ii) کسی بھی ملک کے ذریعے بھیجی گئی شکایت پر کارروائی کرنا

(iii) اپنے منصوبوں کو لاگو کرنے کی کارروائی کرنا

(iv) جھگڑوں کا حل تلاش کرنا

4۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

5۔ ایمنسٹی انٹرنیشل انسانی حقوق کی حفاظت کرنے والا ایک بین الاقوامی ادارہ ہے۔ یہ ادارہ انسانی حقوق سے جڑی رپورٹ تیار کرتا ہے اور انھیں شائع کرتا ہے جو انسانی حقوق کی طرفداری میں ایک اہم رول ادا کرتی ہیں۔

6۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

7۔ یادرکھنے لائق نکات دیکھیں

8۔ یادرکھنے لائق نکات دیکھیں

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) امریکہ

(ii) اس شخص کے ہاتھ میں اقوام متحدہ کا نشان ہے جو امن وامان کا مظہر ہے اور بائیں ہاتھ میں پنجہ ہے جو جنگ کو ظاہر کرتا ہے

(iii) اس بیان کا یہ مطلب ہے کہ امریکہ کا کہنا ہے کہ اگر کوئی ملک اس کی بات کو پرامن طریقے سے نہیں مانے گا تو اسے جنگ کا سامنا کرنا پڑے گا۔

2۔ (i) امریکہ

(ii) دنیا کا نقشہ

(iii) زیتون کی پتیاں ہیں جو عالمی امن کو ظاہر کرتی ہیں۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

2۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

3۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

4۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

5۔ مندرجہ ذیل اسباب کی وجہ سے اقوام متحدہ میں سدھاروں کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔

(i) سلامتی کونسل اب سیاسی حقیقت کی نمائندگی نہیں کرتی

(ii) اس کے فیصلوں پر مغربی ممالک کے مفاد کا اثر نظر آتا ہے

(iii) سلامتی کونسل میں برابر کی نمائندگی نہیں ہے

(iv) اس کے فیصلوں پر چند ملکوں کا دباؤ ہے، خاص طور سے ان ملکوں کا جو اقوام متحدہ کے بجٹ میں زیادہ سے زیادہ مالی امداد کرتے ہیں۔

6۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

7۔ بین الاقوامی اداروں اور تنظیموں کے جوابدہ ہونے کی حمایت میں دلائل

(i) جنرل اسمبلی میں دنیا کے تمام ملکوں کی مساوی ممبر شپ

(ii) معاشی ترقی کے لیے کئی اکائیاں قائم

(iii) ملکوں میں جمہوریت کی حفاظت کے لیے اقوام متحدہ مسلسل کوشاں ہے

(iv) اقوام متحدہ کی اکائیاں انسانی حقوق کے حفاظت کے لیے کام کرتی ہیں

(v) انسانی ترقی (تعلیم، علاج) وغیرہ پر زور

(vi) ماحولیاتی سلامتی پر زور

مندرجہ بالا دلائل کی بنیاد کے باوجود بھی اقوام متحدہ میں کچھ ملکوں کا لگاتار دبدبہ بڑھتا ہی جا رہا ہے چاہے وہ سلامتی کونسل میں ممبران کی تعداد کو بڑھانے کی بات ہو یا سلامتی کونسل میں ویٹو کا استعمال ہو وغیرہ......اقوام متحدہ جیسے ادارے کے جمہوری ہونے پر بھی سوالیہ نشان لگتے ہیں۔

# باب۔ چھ

# دورحاضر میں سلامتی اور تحفظ

## سلامتی۔معنی اور تصورات۔دہشت گردی

### یاد رکھنے لائق نکات

- انسان کی زندگی کا اہم مرکز سلامتی ہی ہے اپنے شہریوں کی سلامتی کے لئے دنیا کے تقریباً سبھی ممالک ایک جیسی فکر میں ہیں
- سلامتی کے معنی انسانی زندگی میں شامل خطروں کو دور کرنا تاکہ انسان پُرامن زندگی گزار سکے

سلامتی کے تصورات

- روایتی تصور
  - باہری خطرہ
    - فوجی حملہ
    - مزاحمت
    - طاقت کا توازن
    - اتحاد سازی
  - اندرونی خطرہ
    - نظم ونسق
    - علیحدگی پسندی
    - خارجہ جنگی
- غیر روایتی تصور
  - انسانی سلامتی
    - وسیع معنوں میں
    - بھوک
    - مہلک بیماریاں
    - اور قدرتی آفات سے سلامتی
  - عالمی سلامتی
    - نئے چیلنج
    - دہشت گردی
    - بیماریاں آب وہوا سے متعلق اس میں شامل ہیں۔

- باہری سلامتی کے تحت خطرے کا ذریعہ کوئی دوسرا ملک ہوتا ہے جو فوجی حملے کی دھمکی دے کر اقتدار اعلیٰ، خودمختاری اور حدود ارضی کے استحکام کی بنیادی قدروں کو خطرے میں ڈال دیتا ہے۔
- سلامتی کی پالیسی کا تعلق جنگ کو ٹالنے سے ہے جسے ''مزاحمت'' کہا جاتا ہے۔
- سلامتی کی روایتی پالیسی کے تحت ملک '' طاقت کے توازن'' کا بھی بہت دھیان رکھتا ہے اور اپنی فوجی طاقت کے ساتھ معاشی طاقت اور ٹیکنالوجی بڑھانے میں لگا رہتا ہے۔

- کسی ملک یا گٹھ بندھن کے مقابلے میں اپنی طاقت کا اثر بڑھانے کے لیے ملک گٹھ بندھن بناتے ہیں۔گٹھ بندھن قومی مفادات پر منحصر ہوتے ہیں۔قومی مفاد بدل جانے پر گٹھ بندھن بھی بدل جاتے ہیں۔

- **سلامتی کے روایتی طریقے**: تخفیف اسلحہ،ہتھیاروں پر کنٹرول اور یقین کی بحالی

- سلامتی کے داخلی تصور کے تحت ملک کے اندر امن وامان اور قانونی نظم ونسق ہو۔ایشیا اور افریقہ کے نئے آزاد ملکوں کے ساتھ اندرونی فوجی بغاوتیں،خانہ جنگی اور علاحدگی پسند تحریکیں تشویش کا سبب ہیں۔


- سلامتی کا غیر روایتی نظریہ فوجی خطرات کے ساتھ ساتھ انسانی وجود پر آنے والے خطروں سے جڑا ہوا ہے۔جس میں انسانی وجود کو نقصان پہنچانے والے خطروں اور اندیشوں کو شامل کیا جاتا ہے جیسے اناج کی قلت،قحط،موذی بیماری،قدرتی آفات اور گلوبل وارمنگ وغیرہ۔بین الاقوامی دہشت گردی بھی اس میں شامل ہے۔

- سلامتی کے غیر روایتی تصور کے دو پہلو ہیں:انسانی سلامتی اور عالمی سلامتی

- سلامتی کے غیر روایتی تصور کے تحت دنیا کے لیے:
  - دہشت گردی
  - انسانی حقوق
  - عالمی غریبی
  - ہجرت کرنے والے لوگوں کا مسئلہ
  - بیماریاں جیسے ایڈس،برڈ فلو اور SARS وغیرہ شامل ہیں۔

- باہمی تعاون کی سلامتی
  - غیر روایتی خطرات سے نمٹنے کے لیے فوجی کارروائی کا استعمال نہ کرکے بین الاقوامی تعاون (باہمی تعاون) کی مدد سے پالیسیاں بنائی جاتی ہیں۔اگرچہ آخری حل کی شکل میں طاقت کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔
  - باہمی تعاون میں مختلف ملکوں کے علاوہ بین الاقوامی ادارے (اقوام متحدہ،عالمی بینک وغیرہ)،ذاتی خدمات کی تنظیمیں (ریڈ کراس،ایمنسٹی انٹرنیشنل وغیرہ) کاروباری تنظیمیں اور مشہور شخصیات جیسے نیلسن منڈیلا،مدر ٹریسا وغیرہ شامل ہوسکتی ہیں۔

- بھارت کی سلامتی حکمت عملی




## دہشت گردی

دہشت گردی سے مراد جابر تشدد کے اس منظّم استعمال سے ہے جس سے سماج میں ڈر کا ماحول بنتا ہے۔ اس کا استعمال خاص طور سے سیاسی اور مذہبی اور نظریاتی مقصد کے لیے کیا جاتا ہے۔ یہ جان بوجھ کر اور بغیر کسی مروت کے شہریوں کو اپنا نشانہ بناتی ہے۔ یہ دہشت گردی ایک سے زیادہ ممالک یعنی بین الاقوامی سطح پر پھیلی ہوئی ہے اور اس کے نشانے پر کئی ممالک کے شہری ہیں۔

کوئی سیاسی تعلق یا حالات نہ پسند ہوں تو دہشت گردوں کے گروپ اسے طاقت کے استعمال کی دھمکی دے کر تبدیل کرنا چاہتے ہیں عوام میں دہشت پھیلانے کے لیے شہریوں کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔

دہشت گردی کی کئی شکلیں میں جیسے ہوائی جہاز کا اغوا یا بھیڑ بھاڑ والی جگہوں جیسے ریل گاڑی، ہوٹل، بازار یا ایسے ہی دوسرے مقامات پر بم دھماکے کرنا۔ جیسے 11 ستمبر 2001 کو دہشت گردوں نے امریکہ کے ورلڈ سینٹر پر حملہ کیا۔ اس کے بعد دوسرے ممالک اور وہاں کی حکومتیں دہشت گردی پر زیادہ دھیان دینے لگی ہیں۔ ہندوستا کے موجودہ وزیر اعظم نریندر مودی جی نے واضح کیا ہے کہ دہشت گردی اچھے یا برے عمل میں منقسم نہیں کی جاسکتی یہ ایک عالمی مسئلہ ہے اس کا خاتمہ اجتماعی طور سے کیا جانا چاہیے۔

## ایک نمبر والے سوالات

مندرجہ ذیل سوالات میں دیئے گئے مختلف انتخابات میں سے صحیح کو چنیں۔

1۔ مندرجہ ذیل معاہدوں میں سے ترک اسلحہ سے متعلق معاہدے کا انتخاب کریں۔

(i) 1992 کا BWC معاہدہ (ii) NPT

(iii) 1972 کا ABM معاہدہ (iv) کیوٹو پروٹوکول

A۔ i, ii, iii, B۔ ii, iv

C۔ ii, iii, iv D۔ i, ii, iii, iv

2۔ ایشیا اور افریقہ کے نئے آزاد ممالک کے سامنے کون سی سلامتی کی چنوتی تھی۔

A۔ ان ممالک کے سامنے علیحدگی پسند تحریکوں سے خطرہ تھا۔

B۔ ان ممالک کے سامنے سرحدی تنازعے تھے۔

C۔ آبادی پر کنٹرول کو لے کر باہمی تعاون کی پالیسی تھی۔

D۔ انہیں اندرونی فوجی تنازعے کی بھی فکر کرنی تھی۔

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کس سال چین کے ذریعے ہندوستان پر حملہ کیا گیا۔

A۔ 1947-48 B۔ 1962

C۔ 1965 D۔ 1971

4۔ خالی جگہ بھریں۔

کسی ملک کے اندر خطروں سے نپٹنے کے لیے نظام کو.............................. کہتے ہیں۔

5۔ جولوگ قومی سرحدوں کے اندر اپنا کاروبار چھوڑ چکے ہوتے ہیں انہیں ........................ کہا جاتا ہے۔

6۔ ........................ سیاسی انسانی حقوق کے تحت آتے ہیں۔

7۔ سلامتی سے کیا مراد ہے؟

8۔ مزاحمت کسے کہتے ہیں؟

9۔ NPT کو مکمل کر کے لکھیں۔

10۔ شمالی نصف کرّہ اور جنوبی نصف کرّہ کے ممالک میں خاص فرق کیا ہیں۔

11۔ ملک کی کوئی دو مرکزی قدریں بتائیں۔

12۔ دہشت گردی کو کس طرح کے مسئلے کی شکل میں دیکھا جا سکتا ہے۔

(A) ایک ملک کا مسئلہ (B) دو ملکوں کا مسئلہ

(C) ایشیا براعظم کا مسئلہ (D) عالمی مسئلہ

13۔ مندرجہ ذیل بیان کے لیے صحیح یا غلط لکھیں۔

ہندوستان کے موجودہ وزیر اعظم دہشت گردی کو اچھے یا برے عمل میں منقسم کرتے ہیں۔

## دو نمبر والے سوالات

1۔ روایتی سلامتی سے کیا مراد ہے؟

2۔ باہمی تعاون کی سلامتی سے کیا مراد ہے؟

3۔ اندرونی طور سے پناہ لینے والے لوگوں سے کیا مراد ہے؟ کوئی ایک مثال بیان کیجیے۔

4۔ تارکین وطن اور پناہ گزینوں کے درمیان کیا فرق ہے؟

5۔ گٹھ بندھن بنانا کس طرح رسمی رسلامتی پالیسی کا ایک اجزا ہے

6۔ ترکِ اسلحہ سے کیا مراد ہے۔

7۔ مندرجہ ذیل کو ملا کر لکھیں

(i) پناہ گزین ...... فوجی طاقت سے متعلق بیرونی واندرونی خطرات سے سلامتی

(ii) داخلی طور سے اجڑے لوگ ...... دلائی لامہ

(iii) روایتی سلامتی ...... کشمیری پنڈت

(iv) غیر روایتی سلامتی ...... عالمی سلامتی اور انسانی سلامتی

## پیراگراف پر مبنی سوال

مندرجہ ذیل پیراگراف کو دھیان سے پڑھیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے

''صرف ملک ہی نہیں انسانوں اور تنظیموں یا یہ کہا جائے کہ تمام انسانیت کو سلامتی کی ضرورت ہے۔ اگر چہ اس بات میں فرق پایا جاتا ہے کہ ایسے کون سے خطرات ہیں جن سے انسان کو بچایا جانا چاہیے۔ وسیع معنی میں انسانوں و دیگر طبقات کو خون خرابے سے بچانا انسانیت کی سلامتی ہے جبکہ عام اصطلاح میں یہ ''محرومی سے نجات'' اور ''خوف سے نجات'' ہے۔

(1) سلامتی کی ضرورت کسے ہے؟

(A) ریاست کو۔ (B) لوگوں کو

(C) کمیونٹی کو (D) سبھی کو

(2) دیئے گئے پیراگراف کے مطابق تنگ معنوں میں سلامتی کیا ہے؟

(A) لوگوں کو خون خرابے سے بچانا (B) کمیونٹی کو خون خرابے سے بچانا

(C) لوگوں اور کمیونٹی دونوں کو خون خرابے سے بچانا (D) کوئی نہیں

(3) دیئے گئے پیراگراف کے مطابق وسیع معنوں میں سلامتی کیا ہے؟

(A) محرومی سے نجات (B) محرومی اور خوف سے نجات

(C) خوف سے نجات (D) ان میں سے کوئی نہیں

(4) کن خطروں سے لوگوں کو بچایا جانا چاہیے۔

(A) وبائی امراض (B) قدرتی آفات

(C) دہشت گردی (D) سبھی طرح کے خطروں سے

## چار نمبر والے سوالات

1۔ بھارت کی سلامتی پالیسی کو تفصیل سے بیان کریں۔

2۔ عالمی غریبی کس طرح انسانیت کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے؟

3۔ سلامتی کے دو روایتی طریقے مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

4۔ طاقت کا توازن کیا ہے؟ کوئی ملک اسے کیسے قائم کرتا ہے؟

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ مندرجہ ذیل تصویر کو دھیان سے دیکھیں اور سوالات کا جواب دیں




(i) تصویر میں دکھائے گئے مسائل کے لیے کون سے عوامل ذمہ دار ہیں؟

(ii) کیا ان مسائل کے علاوہ بھی اور مسائل ہیں؟ کنہیں دو عالمی مسائل کا ذکر کریں۔

(iii) ان مسائل سے دنیا کیسے نمٹ سکتی ہے؟

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ بیرونی سلامتی کے روایتی تصوّر سے کیا مراد ہے؟ اس طرح کی سلامتی کے دو عناصر بیان کیجیے۔

2۔ اندرونی اور بیرونی سلامتی کے روایتی تصوّر سے کیا مراد ہے؟

3۔ ''ملک کے سامنے فی الحال جو خطرات موجود ہیں ان میں ایٹمی ہتھیاروں کی سلامتی یا مزاحمت کے لیے بڑا محدود استعمال رہ گیا ہے''۔ اس بیان کو تفصیل سے بتایئے۔

4۔ بھارت کے تصوّر کو دھیان میں رکھتے ہوئے کس طرح کی سلامتی کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ روایتی یا غیر روایتی۔ اپنے جواب کی وضاحت میں آپ کیا خیال پیش کریں گے؟ (Imp)

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ A

2۔ C

3۔ B

4۔ حکومت

5۔ اندرونی طور سے ہجرت کرنے والے لوگ

6۔ خیال کا اظہار اور جلسے کرنے کی آزادی

7۔ خطرے کی آزادی

8۔ جنگ کا اندیشہ ہونا

9۔ Neculear Nonproliferation Treaty

10۔ شمالی نصف کرّہ کے زیادہ تر ممالک ترقی یافتہ ہیں جبکہ جنوبی نصف کرّہ کے ممالک ترقی پذیر ہیں۔

11۔ اقتدارِ اعلیٰ اور علاقائی یک جہتی

12۔ عالمی مسئلہ کی شکل میں

13۔ غلط

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ فوجی حملہ جس کا ذریعہ کوئی دوسرا ملک ہوتا ہے جو فوجی حملے کی دھمکی دے کر کسی ملک کی مرکزی اقدار، جیسے انتشار، آزادی اور علاقائی سالمیت وغیرہ کے لیے خطرہ پیدا کرتا ہے۔

2۔ غیر روایتی خطروں سے نپٹنے کے لیے فوجی معاہدے کے بجائے بین الاقوامی تعاون سے حکمت عملی تیار کرنا

3۔ ہجرت کرنے والے وہ لوگ جو اپنا گھر چھوڑ کر اپنے ہی ملک کی حدود میں رہتے ہیں ان کو داخلی طور سے اجڑے ہوئے لوگ کہا جاتا ہے جیسے جموں و کشمیر ریاست سے کشمیری پنڈت جو بھارت کے مختلف حصّوں میں رہنے پر مجبور ہیں۔

4۔ تارکین وطن وہ لوگ ہیں جو اپنی خوشی اور سہولت کے مطابق اپنا وطن چھوڑتے ہیں اور پناہ گزیں وہ لوگ ہیں جو اپنے وطن کو جنگ، قدرتی تباہ کاری یا سیاسی جبر کی وجہ سے چھوڑتے ہیں۔

5۔ گٹھ بندھن نظام میں اس طرح کا معاہدہ کیا جا سکتا ہے کہ کچھ خاص حالات میں دونوں لوگ ایک دوسرے کی مدد کر سکتے ہیں۔

6۔ ترک اسلحہ سے مراد ہتھیاروں کے بنانے یا ان کو حاصل کرنے پر پابندی لگانا ہے۔

7۔ (i) پناہ گزین .................. دلائی لاما

(ii) داخلی طور سے اجڑے .................. کشمیری پنڈت

(iii) روایتی سلامتی .................. فوجی طاقت سے متعلق بیرونی و اندرونی خطرات سے سلامتی

(iv) غیر روایتی سلامتی .................. عالمی سلامتی اور انسانی سلامتی

## پیراگراف پر مبنی سوالات کے جواب:

(1) –D (2) –C (3) –C (4) –D

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) فوجی صلاحیت کو مضبوط کرنا

(ii) بین الاقوامی اداروں کا احترام

(iii) اندرونی سلامتی کے مسئلے کو حل کرنا

(iv) معاشی استحکام/مضبوطی

2۔ (i) معاشی نابرابری

(ii) پناہ گزیں

(iii) تارکین وطن (تفصیل سے)

3۔ ■ تخفیف اسلحہ...... 1972 کی Biological Weapons Treaty

■ ہتھیاروں پر کنٹرول...... 1972 کی Anti-ballistic Missile Treaty

■ یقین کی بحالی...... ایک دوسرے ملک کے درمیان اطلاعات کو فروغ دینا...... (کوئی دو)

4۔ طاقت کا توازن ایک ایسا نظام ہے جس میں لگاتار یہ کوشش رہتی ہے کہ کوئی ملک طاقتور بن کر موجودہ طاقت کے توازن کو بگاڑ نہ دے۔

■ اپنی فوجی طاقت بڑھا کر

■ معاشی ٹیکنالوجی کی طاقت بڑھا کر

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) دہشت گردی کے لیے غریبی۔ بے روزگاری، تنگ نظریہ۔ قدرتی آفات کے لیے بڑھتی ہوئی آبادی وسائل کا زیادہ سے زیادی استعمال ماحول کر برباد ہونا وغیرہ عوامل ذمہ دار ہیں۔

(ii) ہاں ان کے علاوہ انسانی حقوق کی پامالی، عالمی غریبی، مہلک بیماریاں، گلوبل وارمنگ جیسے مسائل ہیں۔

(iii) ان مسائل سے نمٹنے کے لئے دنیا کے سبھی ممالک کے بیچ باہمی تعاون کی ضرورت ہے۔ یہ تعاون دوطرفہ علاقائی اور عالمی سطح کا بھی ہوسکتا ہے۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ **بیرونی سلامتی کا روایتی تصوّر:** کسی ملک کو سب سے بڑا خطرہ فوجی خطرہ مانا جاتا ہے۔

### بیرونی سلامتی کے عناصر:

(i) بیرونی حملے کے خلاف اپنی حفاظت کرنا یا اس کو روکنا

(ii) جنگ کو ٹالنا

(iii) طاقت کا توازن/گٹھ بندھن بنانا

2۔ **اندرونی سلامتی کا روایتی تصوّر:**

روایتی سلامتی کا تصور اندرونی سلامتی کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد زمین پر سب سے زیادہ طاقتور ممالک کی اندرونی سلامتی کم و بیش پہلے سے قائم تھی۔ 1945 کے بعد امریکہ اور سوویت یونین میں یکجہتی دکھائی دی تھی اور وہ اپنی سرحدوں میں امن کی امید کر سکتے تھے۔ یوروپ میں زیادہ طاقتور ممالک کے سامنے اپنی سرحدوں میں کوئی چنوتی نہیں تھی۔

### بیرونی سلامتی کا روایتی تصوّر

دوسری جنگ عظیم کے بعد کا وقت سرد جنگ کا زمانہ تھا جس میں امریکہ کی قیادت میں مغربی گٹھ بندھن کے سامنے سوویت یونین کی قیادت میں جنوبی گٹھ بندھن تھا۔ دونوں کو ایک دوسرے سے فوجی حملے کا خطرہ تھا۔ کچھ یوروپی طاقتوں کو اپنی نوآبادیات میں آزادی کی مانگ کرنے والی عوام کے تشدد کی فکر تھی۔

3۔ نئے نئے خطرے دنیا کے سامنے آرہے ہیں جیسے عالمی درجۂ حرات کا بڑھنا، موذی بیماریاں اور غریبی وغیرہ

- قحط، موذی بیماریاں اور قدرتی آفات سے مرنے والے لوگوں کی تعداد جنگ، دہشت گردی سے مرنے والے لوگوں کے مقابلے میں زیادہ ہے۔

- ایٹمی ہتھیار، قحط، وبائی امراض (مہاماریاں) اور قدرتی آفات کو روکنے میں............نہیں ہیں۔

4۔ بھارت سے متعلق دونوں ہی خطرے مساوی طور سے کافی سنجیدہ ہیں


- بھارت کو 48-1947، 1965، 1971 اور 1999 میں پاکستان کے ساتھ جنگی حملوں کا سامنا کرنا پڑا جب کہ 1962 میں چین نے بھارت پر فوجی حملہ کیا تھا۔
- کشمیر اور شمال مشرقی ریاستوں کی سرحدیں بین الاقوامی ہونے کی وجہ سے کافی تناؤ اور کشیدگی کا سبب ہیں۔
- بھارت بین الاقوامی اداروں کو مضبوطی دینے اور عالمی امداد کے حق میں اپنا مکمل تعاون دے رہا ہے۔
- غریبی، وبائی امراض اور دہشت گردی سے بھی لگا تار بھارت کو مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے۔

# باب۔ سات
# ماحولیات اور قدرتی وسائل

ماحولیاتی تحریکیں۔ عالمی درجۂ حرارت۔ آب و ہوا کی تبدیلی۔ قدرتی وسائل کا تحفظ

## یاد رکھنے لائق نکات

- ماحولیات: آس پاس کے حالات جس میں انسان رہتا ہے اور چیزیں ملتی ہیں ان کا فروغ ہوتا ہے۔ ماحولیات قدرتی پیڑ پودوں اور جنگلی جانوروں پر مشتمل ہے۔
- قدرتی وسائل: قدرت سے حاصل انسان کے استعمال کے ذرائع
- موجودہ عالمی سیاست میں ماحولیات اور قدرتی وسائل ایک ایسا موضوع ہے جس کے بارے میں فکر لازمی ہے۔ جس کی خاص وجہ کھیتی کے لائق زمین کی کمی۔ چراگاہ اور مچھلی ذخائر میں تنزلی۔ آبی آلودگی اور صاف پینے کے پانی کی کمی۔ جنگلات کی کٹائی۔ حیاتیاتی اختلاف کا ختم ہونا اور اوزون پرت کو نقصان اور ساحلی علاقوں میں بڑھتی آلودگی ہے۔



• ماحولیات کے تحفظ کے لئے عالمی کوششیں:۔

| نمبر شمار | سال | کوشش | نتائج |
|---|---|---|---|
| 1۔ | 1972 | کلب آف روم نے Limits to growth کتاب شائع کی | اس میں بڑھتی ہوئی آبادی کے سبب قدرتی وسائل کے اندیشوں کو بتایا گیا ہے۔ |
| 2۔ | 1972 | اسٹاک ہوم | Human Envirnment کانفرنس کرائی گئی جس میں ایک ہی زمین کی گونج سنائی دی۔ |
| 3۔ | 1970 کی دہائی | UNEP کے ذریعے مختلف کانفرنس | ماحولیات کے مسائل پر زیادہ کارگر اور زیادہ سلجھی ہوئی پہل قدمیوں کی شروعات ہوئی۔ |
| 4۔ | 1987 | Montreal پروٹوکول | یہ اوزون کی تنزلی کو روکنے کے لیے کیا گیا۔ |
| 5۔ | 1987 | برٹ لینڈر رپورٹ Our Common Future | اس میں بتایا گیا تھا کہ معاشی ترقی کے یہ جاری طریقے آگے چل کر ٹکاؤ ثابت نہیں ہوں گے۔ |
| 6۔ | 1992 | برازیل (ریوڈی جینیریو) ارضی کانفرنس | • 170 ممالک ہزاروں خود امدادی تنظیموں اور کئی ملٹی نیشنل کمپنیوں نے حصہ لیا۔<br>ماحولیاتی تحفظ کو لے کر ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کے بیچ فرق تھا۔ ترقی یافتہ ممالک کی فکر اوزون پرت میں چھید اور عالمی درجۂ حرارت کو لے کر تھی۔ ترقی پذیر ممالک اپنے اور ماحول کے تحفظ کے بیچ توازن قائم کرنے کے لئے فکر مند تھے۔ ایجنڈا 21 اس میں ترقی کے طریقے سمجھائے گئے یہ کیا گیا کہ معاشی ترقی کا طریقہ ایسا ہونا چاہیے جس سے ماحول کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔ اسے ہی ٹکاؤ ترقی بھی کہا گیا۔ |
| 7۔ | 1997 | کیوٹو پروٹوکول | صنعتی ممالک کے لئے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے کے لئے مقاصد تعین کئے گئے۔ |
| 8۔ | 2002 | جوہانسبرگ (جنوبی افریقہ) دوسری ارضی کانفرنس | بنیادی طور سے عرصہ دراز ترقی پر مرکوز تھا۔<br>• سابق راشٹرپتی جارج بُش نے اس کا بائیکاٹ کیا تھا۔<br>• چین اور روس نے 1997 کے کیوٹو پروٹوکول پر رضامندی دے دی تھی۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | برازیل نے ایک تجویز کے ذریعے سے 2010 تک دنیا بھر میں کُل توانائی کے استعمال کا 10% غیر رسمی زراعتوں سے ہونے کا مقصد رکھا تھا۔ |
| 9- | 2007 | بالی (انڈونیشیا) تیسری کانفرنس | • اس میں CoP-3 کے نام سے بھی ارضی کانفرنس جانی جاتی تھی۔<br>• کیوٹو پروٹوکول پر بات چیت ہوئی۔ مشرق میں ماحول کو لے کر کی گئی کوششوں کا تجزیہ کیا گیا۔<br>• 2009 تک اگلی کانفرنس سے پہلے کچھ ٹھوس روڈ میپ اور طے شدہ مقاصد کو تیار کیا گیا۔ |
| 10- | 2009 | کوپین ہیگن کانفرنس | 2012 میں ختم ہونے والے کیوٹو معاہدے کو آگے لاگو کرنے کے پیمانے کا تعین کرنا۔ زمین کا درجۂ حرارت 2°C سے زیادہ نہ کرنے پر اتفاق ہوا۔ کاربن کے اخراج میں کٹوتی کو کہا گیا۔ |
| 11- | 2010 | کان کُن کانفرنس | گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کٹوتی کی بات بھی کہی گئی۔ |
| 12- | 2012 | CoP-16 ریو+20 ریوجینیریو | پہلی ارضی کانفرنس کے 20 سال بعد ریو میں یہ کانفرنس ہو رہی تھی اس لئے ریو+20 کہا گیا۔ اس میں نئی ابھرتی چنوتیوں کو حل کرنا مقصد تھا ریو کانفرنس کا تجزیہ کیا گیا۔ |
| 13- | 2013 | فارسا COP-19 | یہ کہا گیا کہ سبھی ممبر ممالک یقیناً 2015 کے پہلے سہ ماہی تک کاربن کے اخراج میں کٹوتی کریں گے۔ |
| 14- | 2015 | پیرس سمجھوتہ CoP-19<br>Conference of Parties | • یہ 2020 تک لاگو ہوگا۔<br>• عالمی درجۂ حرارت میں بڑھوتری کو 2°C کے قریب محدود کرنا۔<br>• ہندوستان نے 2 اکتوبر 2016 کو دستخط کئے اور 2030 تک اپنے اخراجات کی تیزی کو 2015 کے مقابلے 33-35% تک کم کرنے کا مقصد رکھا ہے۔<br>• امریکہ نے خود کو اس سمجھوتے سے الگ رکھا ہے۔ |
| 15- | 2016 | CoP-22 مارا کیش (مورکو) | • ترقی پذیر ممالک کے ذریعے مقرر نشدانی کو حاصل کرنے کے لئے ضروری مالی مدد مہیا کرانا اس کا خاص موضوع تھا۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 16- | 2017 | CoP-23 جان (جرمنی) | • کوئلے کے استعمال کو محدود کرنے پر رضامندی۔<br>• جنس سے متعلق عوامل کو پہچان کی تعمیر۔<br>• مقامی لوگوں کی رائے کو اہمیت۔<br>زراعت کے وسیلے سے ہونے والے گرین ہاؤس اخراج کے مدّے پر بحث ومباحثہ کا فیصلہ ہے۔<br>ٹلناؤ وارقا۔مختلف ممالک کے ذریعے کی جانے والی کوششوں کو جانچنے کی ایک کارروائی ہے۔ |
| 17- | 2018 | CoP-2 پولینڈ | یہ اس سال 2018 میں منظّم کی جائے گی۔ |

- **مشترکہ ملکیت:**

ان وسائل کو کہتے ہیں جن پر کسی ایک کا نہیں بلکہ تمام کمیونٹی کا حق ہوتا ہے جیسے مشترکہ خاندان کا چولہا، چراگاہ، میدان، کنویں اور ندیاں وغیرہ۔اسی طرح دنیا کے کچھ حصّے ہیں جن پر دنیا کے کسی ایک ملک کا حق نہیں ہوتا بلکہ ان کا انتظام ملی جلی یا بین الاقوامی کمیونٹی کی ذمہ داری ہوتی ہے۔انھیں عالمی جائیداد یا پھر انسانیت کی ساجھی وراثت کہا جاتا ہے۔اس میں خطہ ارض کا ماحول، انٹارٹیکا، سمندری سطح اور خلا شامل ہیں۔اس جانب کچھ اہم معاہدے جیسے انٹارٹیکا معاہدہ 1959۔1987 کا منٹریل پروٹوکال اور 1991 کی انٹارٹیکا ماحولیاتی پرٹوکول ہیں۔

- **مشترکہ ملکیت الگ الگ ذمے داری:**

عالمی مشترکہ ملکیت کے تحفظ کو لے کر ترقی پذیر اور ترقی یافتہ ممالک کے خیالات الگ الگ ہیں ترقی یافتہ ممالک اس کو تحفظ کی ذمہ داری سبھی ممالک میں یکساں بانٹنے کے حق میں ہیں لیکن ترقی پذیر ممالک دو بنیاد پر ترقی یافتہ ممالک کی اس پالیسی کی مخالفت کرتے ہیں پہلا یہ کہ مشترکہ ملکیت کو آلودہ کرتے ہیں ترقی یافتہ ممالک کا کردار زیادہ ہے۔دوسرا یہ کہ ترقی پذیر ممالک ابھی ترقی کر رہے ہیں اس لئے مشترکہ ملکیت کے تحفظ کے سلسلے میں ترقی یافتہ ممالک کی ذمہ داری بھی زیادہ ہونی چاہیے۔اور ترقی پذیر ممالک کی ذمہ داری کم ہونی چاہیے۔

- بھارت نے بھی ماحولیاتی تحفظ کے پروگراموں کے توسط سے اپنے حصہ داری پیش کی ہے۔

- **ماحولیاتی تحفظ اور بھارت**

  - 2002 میں کیوٹو پروٹوکول پر دستخط
  - 2005 میں ممالک G-8 کے اجلاس میں ترقی یافتہ ملکوں کے ذریعے کی جارہی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج

کے سلسلے میں کمی پر زور

- 2001 میں توانائی کے تحفظ کا قانون پاس کیا۔
- صاف ایندھن مثلاً قدرتی گیس اور آلودگی سے مبرا تکنیکوں پر زور (نیشنل آٹو مینول پالیسی)
- 2003 میں بجلی قانون میں قابل تجدید توانائی کے استعمال کو بڑھاوا
- ہندوستان میں بائیوڈیزل سے متعلق ایک قومی مشن پر کام چل رہا ہے۔
- بھارت میں ماحول کے تحفظ اور سلامتی کے لیے National Green Tribunal(NGT) کی تشکیل کی گئی۔
- ہندوستان دنیا کا پہلا ملک ہے جہاں Renewable Energy کے لیے الگ منسٹری ہے۔
- بھارت سارک کی مدد سے سبھی ملکوں کے ذریعے ماحولیاتی تحفظ سے متعلق ایک رائے قائم کرنا چاہتا ہے۔
- ہندوستان میں ماحول کے تحفظ کے لئے 2010 میں National Green Techonology کی تشکیل کی گئی۔
- ہندوستان نے پیرس سمجھوتے پر 2 اکتوبر 2016 میں دستخط کئے۔ 2030 تک ہندوستان نے اخراج کی تیزی کو 33-35% کم کرنے کا مقصد رکھا ہے۔
- CoP-23 میں ہندوستان پیڑوں کو لگانے اور جنگلاتی علاقے کے وسیلے سے 2030 تک سِنک ہٹانے کا وعدہ کیا ہے۔
- ہندوستان خطِ سرطان اور خطِ جدی کے بیچ سبھی ممالک کے ایک عالمی گٹھ بندھن کے مُکھیا کی شکل میں کام کرے گا۔

- ماحولیاتی تحفظ کو لے کر مختلف ملکوں کی حکومتوں کے علاوہ مختلف حصّوں میں منظّم ماحولیاتی کارکنان نے بین الاقوامی اور مقامی سطح پر بہت سی تحریکوں کا آغاز کیا:
  - میکسکو، چلّی، برازیل، ملیشیا، انڈونیشیا، افریقہ اور بھارت میں جنگلاتی تحریکیں
  - آسٹریلیا میں معدنی صنعتوں کی مخالفت میں تحریکیں
  - تھائی لینڈ، جنوبی افریقہ، انڈونیشیا، چین اور بھارت میں بڑے بڑے باندھ کے خلاف تحریکیں جن میں بھارت کا نرمدا بچاؤ آندولن مشہور رہے۔

- وسائل کی زمینی سیاست

جس ملک کے پاس جتنے زیادہ وسائل ہوں گے اس کی معیشت اتنی ہی مضبوط ہوگی۔ مغربی ملکوں کی ترقی کا اہم سبب ان کی نوآبادیات کا معاشی استحصال رہا ہے۔

- **عمارتی لکڑی:** مغربی ممالک نے کشتیوں، جہازوں کی تعمیر کے لیے دوسرے ملکوں کے جنگلات پر قبضہ کیا تا کہ ان کی بحریہ مضبوط ہو اور غیر ملکی تجارت میں اضافہ ہو۔
- **تیل کے ذخائر**: ترقی یافیہ ممالک نے تیل کے بے روک ٹوک سپلائی کے لیے سمندری راستوں پر فوج تعینات کی۔ سعودی عرب اور عراق دنیا کے بڑے تیل کی پیداوار کرنے والے ملک ہیں۔
- **پانی**: دنیا کے کئی حصّوں میں پانی کا فقدان ہے عالمی سیاست کے لیے پانی بھی ایک اہم وسیلہ ہے۔ دنیا کے بہت سے علاقوں میں صاف پینے کے پانی کی لگاتار کمی ہو رہی ہے۔ یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ اکیسویں صدی میں پانی فساد کی جڑ نہ بن جائے۔

- اصل باشندے

اقوام متحدہ نے 1982 میں ان لوگوں کو اصل یا قدیمی باشندے بتایا جوان لوگوں کی اولاد ہیں جو کسی مخصوص علاقے میں اس وقت آباد تھے جب کہ ایک دوسری نسل اور تمدن کے لوگوں نے دنیا کے دوسرے علاقوں میں وہاں آ کر بستیاں بسائیں اور ان پر حاکم ہو گئے۔ بھارت میں قدیمی باشندوں کے لیے شیڈیولڈ ٹرائس یا آدی باسی لفظ کا استعال کیا گیا ہے۔ 1975 میں اصل باشندوں کی تنظیم (World Council of Indegenous People) قائم ہوئی۔ اصل باشندوں کی اہم مانگ یہ ہے کہ انھیں اپنی آزاد پہچان رکھنے والا سماج مانا جائے۔ دسرے آزادی کے بعد سے چلی آ رہی ترقیاتی منصوبوں کے سبب ان لوگوں کے بے گھر ہونے اور ترقیاتی منصوبوں کے مطابق انہیں معاوضہ دے کر ان کی خوش حالی کو بحال کیا جائے۔

## ایک نمبر والے سوالات

خالی جگہیں بھریں۔

1۔ اوزون پرت میں چھید ہونے کی خاص وجہ..................گیس کی مقدار میں کمی کا ہونا ہے۔

2۔ مشترکہ..................کے وسائل کو لے کر ممالک کے بیچ تشدد ہوئے ہیں۔

3۔ ہندوستان میں اصل باشندے کے لیے..................لفظ کا استعمال کیا جاتا ہے۔

کثیر انتخاب میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں۔

4۔ ریو اجلاس کب ہوا۔

(A) 1992 (B) 1997 (C) 2002 (D) ان میں سے کوئی نہیں۔

5۔ دنیا کی سب سے پہلی باندھ مخالف تحریک کہاں ہوئی۔

(A) ہندوستان (B) کناڈا (C) آسٹریلیا (D) ناروے

6۔ شمال جنوبی اختلافات کیا ہیں۔

(A) شمال اور جنوبی سمت میں واقع ممالک کے بیچ ترقی کے لیے اختلافات

(B) ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کے بیچ ترقی کو لے کر اختلاف

(C) دونوں ہی (D) ان میں سے کوئی نہیں۔

7۔ مندرجہ ذیل میں سے کن وسائل کو لے کر زمینی سیاست کی جاتی رہی ہے۔

(i) عمارتی کٹڑی (ii) انٹرنیٹ (iii) تیل (iv) پانی

(A) i, ii, iii, vi (B) i, ii, iii (C) ii, iii, iv (D) i, iii, vi

مندرجہ ذیل کو صحیح کر کے پھر سے لکھیں

8۔ کیوٹو پروٹوکول 1992 میں ہوا۔

9۔ پہلی ارضی کانفرنس جنوبی افریقہ میں ہوئی۔

10۔ تیل ذخائر میں سعودی عرب دوسرے نمبر پر ہے۔

11۔ کیوٹو پروٹوکول سے کیا مراد ہے؟

12۔ گلوبل وارمنگ کسے کہتے ہیں؟

13۔ عالمی آب وہوا سے متعلق انٹارکٹکا کی کیا اہمیت ہے؟

14۔ خطہ ارض میں گرین ہاؤس گیسوں کے بڑھنے سے کیا اثر پڑتا ہے؟

15۔ آب وہوا میں تبدیلی اور عالمی درجہ حرارت کے بڑھنے کا کیا سبب ہے؟

16۔ ریو +20 کیا ہے۔

مندرجہ ذیل کو وسعت سے لکھیں۔

17۔ UNFCC

18۔ UNEP

19- CFC

20- WWF

## دو نمبر والے سوالات

1- Agenda-21 کیا ہے؟

2- ریو اجلاس کے دو نتائج کا ذکر کیجیے۔

3- ہندوستان اور چین کو کیوٹو پروٹوکول کی شرائط سے رعایت دینے کا کیا سبب تھا؟

4- اصل باشندوں کے وجود کو سب سے اہم خطرہ کیا ہے؟

5- آب وہوا تبدیلی کے سلسلے میں امریکہ کی پالیسی میں کیا تبدیلی آئی ہے؟

6- زمین کے اوپری کرۂ باد میں کیا تبدیلیاں آرہی ہیں؟

7- دنیا کی مشترکہ ملکیت کے سائز میں لگاتار کمی کی کوئی دو وجہ بتائیں۔

مندرجہ ذیل پیراگراف کو پڑھیں اور سوالات کا جواب دیں:

زمین کے ماحولیاتی نظام کی سالمیت اور صحت کو برقرار رکھنے حفاظت کرنے کے لیے ریاستیں عالمی ساجھے داری کے ساتھ تعاون کریں گی۔ ماحول کو خراب کرنے سے متعلق غیر یکساں (کم اور زیادہ) حصہ داری کو دھیان میں رکھتے ہوئے ریاستیں مشترکہ لیکن الگ لگ ذمے داریوں کو نبھائیں گی۔

(i)- پیراگراف میں لکھی گئی باتیں کب اور کہاں کہی گئی ہیں۔

(A) ارضی کانفرنس 1992 (B) اسٹاک ہوم کانفرنس

(C) کوپین ہیگن کانفرنس (D) پیرس سمجھوتہ

(ii)- ریاستوں کو مشترکہ لیکن الگ الگ ذمہ داریاں نبھانے کو کیوں کہا جا رہا ہے؟

(A) ماحولیات کو نقصان پہنچانے میں ترقی یافتہ ممالک کا کردار زیادہ ہے۔

(B) ماحولیات کو نقصان پہنچانے میں ترقی پذیر ممالک کا کردار زیادہ ہے۔

(C) سبھی ممالک کا یکساں تعاون ہے

(D) ان میں سے کوئی نہیں۔

(iii)۔ ماحولیاتی تحفظ کو زیادہ بڑھاوا ملنے کی کیا ضرورت ہے؟

(A) لگاتار بڑھتی گلوبل وارمنگ (B) لگاتار زراعتی زمین کی کمی

(C) لگاتار کرۂ باد میں اوزون گیس کی مقدار میں لگاتار کمی (D) اوپر دیئے گئے سبھی

(iv)۔ ریوڈی جینیرو کانفرنس (1992) کو کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(A) ارضی کانفرنس (B) آبی کانفرنس

(C) معاشی کانفرنس (D) ہوائی کانفرنس

## چار نمبر والے سوالات

1۔ مشترکہ ملکیت کی سلامتی سے متعلق بین الاقوامی سطح پر کیے گئے اقدامات بیان کیجیے۔

2۔ ماحولیاتی تحفظ کے تحت مشترکہ ذمہ داری لیکن الگ الگ رول سے متعلق بھارت کا نظریہ بیان کیجیے۔

3۔ اصل باشندے کون ہیں؟ ان کے حقوق پر بحث کیجیے۔ (Imp)

4۔ پائیدار ترقی کیا ہے؟ اسے کیسے لاگو کیا جا سکتا ہے؟

5۔ دنیا کے ساجھی وراثت کے کیا معنی ہیں اس کا استعمال اور اسے آلودہ کیسے کیا جا رہا ہے۔ (Imp)

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ دی گئی تصویر کا مطالعہ کر کے مندرجہ ذیل سوالات کا جواب دیں۔



(i) زمین پر پانی کی مقدار زیادہ ہونے کے باوجود کارٹون میں پانی کے پھیلاؤ کو کم کیوں دکھایا گیا ہے۔

(ii) پانی عالمی سیاست کا مدّعا کس طرح ہے؟

(iii) ایسے دو ممالک کا نام بتایئے جہاں پانی کے لئے تنازعہ ہوا ہے۔



2۔ دی گئی تصویر کا مطالعہ کریں۔اور سوالات کا جواب دیں۔

(i) کارٹون میں دکھایا گیا شخص کس درجہ کے ممالک کی جانب اشارہ کر رہا ہے؟ 1

(ii) ماحولیاتی تحفظ کو قائم رکھنے کے لیے مختلف ملکوں کی حصہ داری طے کرنے سے متعلق کون کون سی کوششیں کی گئیں؟ 2

(iii) ماحولیات کے فیصلے کو لے کر امیر اور غریب ممالک کے نظریے میں کیا فرق ہے؟ 2

3۔ دیئے گئے دنیا کے نقشے میں پانچ ممالک (A) (B) (C) (D) (E) کی نشاندہی کی گئی ہے نیچے دی گئی جانکاری کی بنا کر انہیں پہچانیئے اور ان کے صحیح نام استعمال کی گئی جانکاری کے سیریل نمبر اور متعلق حروف کے ساتھ مندرجہ ذیل جدول میں لکھیں۔

| استعمال کی گئی جانکاری کا سیریل نمبر | متعلق حروف | ملک کا نام |
|---|---|---|
| i | | |
| ii | | |
| iii | | |
| iv | | |
| v | | |


(i) وہ ملک جہاں جون 1992 میں ارضی کانفرنس ہوئی۔

(ii) گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کا اہم ملک

(iii) باندھ مخالف ندی بچاؤ تحریک کے لیے جانا جاتا ہے۔

(iv) کیوٹو پروٹوکول کی پابندیوں سے آزاد رکھا گیا ملک۔

(v) دنیا میں معدنی تیل کا دوسرے نمبر کا سب سے بڑا پیداواری ملک۔



## چھ نمبر والے سوالات

1۔ ''عالمی سیاست میں ماحولیات کی فکر لازمی ہے'' واضح کیجیے۔

2۔ ''ساجھی ذمہ داری لیکن الگ الگ رول'' سے کیا مراد ہے؟ ہم اس خیال کو کیسے لاگو کر سکتے ہیں؟

3۔ دنیا میں ماحولیاتی آلودگی کی کیا وجوہات ہیں۔ اس کا تحفظ کیسے کیا جا سکتا ہے۔ اپنے خیالات واضح کریں۔

## ایک نمبر والے والات کے جوابات

1۔ کاربن ڈائی آکسائڈ

2۔ پانی

3۔ قبائلی

4۔ A

5۔ C

6۔ B

7۔ D

8۔ 1997 میں

9۔ برازیل

10۔ پہلے

11۔ کیوٹو پروٹوکول جاپان کے شہر میں ہوئے ایک معاہدے کا نام ہے جس میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کی کمی کے مقاصد کو طے کیا گیا۔

12۔ ماحولیاتی آلودگی سے دنیا کے بڑھتے ہوئے درجۂ حرارت کو گلوبل وارمنگ کہا جاتا ہے۔

13۔ عالمی آب وہوا کو متوازن رکھتا ہے۔

14۔ گرین ہاؤس گیس اوزون کو نقصان پہنچاتی ہیں۔

15۔ بڑھتی ہوئی صنعتی ترقی

16۔ 1992 کی پہلی ارضی کانفرنس نے 20 سال بعد 2012 میں ریو میں پھر سے کانفرنس ہوئی جسے ریو+20 کہا گیا۔

17۔ United Nations Framework Convention on Climate

18۔ United Nations Environment Programme

19۔ Chloro Fluoro Carbon

20۔ World Wide Fund

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ اس اجلاس میں ترقی کے کچھ طور طریقے سکھائے گئے جسے Agenda-21 کہا جاتا ہے۔

2۔ (i) گلوبل وارمنگ کو خاص فکر کی شکل میں ابھارا گیا۔

(ii) پائیدار ترقی پر زور دیا گیا۔

3۔ کیوں کہ گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج ان ممالک میں زیادہ نہیں تھا۔

4۔ اصل باشندوں کے وجود کو سب سے اہم خطرہ وہاں تیزی سے جنگلات کا کاٹا جانا اور ان جنگلات میں جنگلی جانوروں کی تعداد میں کمی کا آنا ہے۔

5۔ راشٹرپتی اوباما کے دور میں اربوں ڈالر کی مدد عالمی درجۂ حرارت کے مسئلہ سے نپٹنے کے لئے دی گئی تھی۔ جبکہ راشٹرپتی ٹرمپ نے یہ کہہ کر ایسا کرنے سے امریکہ کی GDP اگلے دس سال 2500 ارب ڈالر گھٹ کر کمزور ہو جائے گی امریکہ کو پیرس سمجھوتے سے الگ کر لیا ہے۔

6۔ اوزون پرت میں چھید جس کی وجہ سے انسانی صحت اور ماحول کو خطرہ ہوا۔

7۔ مشترکہ ملکیت کا اندھا دھند استعمال۔ بڑھتی ہوئی آبادی۔

## پیراگراف پر مبنی سوالات کے جواب:

(i) ارضی کانفرنس

(ii) ماحولیات کو نقصان پہنچانے میں ترقی یافتہ ممالک کا کردار زیادہ ہے

(iii) اوپر دیئے گئے سبھی

(iv) ارضی کانفرنس

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

2۔ بھارت کا خیال ہے کہ گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج میں کمی کرنے کی زیادہ تر ذمہ داری ان ترقی یافتہ ممالک کی ہے جنھوں نے ایک طویل مدت تک ان گیسوں کا اخراج کیا ہے۔

3۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

4۔ ایسی ترقی جو ماحول کو نقصان پہچائے بغیر کی جائے۔

5۔ ایسی ملکیت جس پر کسی ایک فرد یا کمیونٹی کا حق نہیں بلکہ پوری عالمی کمیونٹی کا حق ہو مشترکہ ملکیت کہلاتی ہے (وجہ)

(i) نجی کاری

(ii) آبادی میں اضافہ

(iii) ماحولیاتی نظام میں گراوٹ

(iv) کاربن گیسوں کا زیادہ اخراج

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) دنیا کے ہر حصے میں صاف پینے کا پانی یکساں نہیں ہے۔

(ii) کیوں کہ دنیا میں صاف پانی کی کمی ہے۔ کیوں کہ پانی ایک مشترکہ وسائل ہے۔

(iii) اسرائیل۔ جارڈن۔ سیریا

2۔ (i) ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کی جانب

(ii) ریو قرارداد 1992، UNFCCC اور کیوٹو پروٹوکول 1997

(iii) امیر ملکوں کا یہ کہنا کہ ماحولیات کے تحفظ کو لے کر سبھی ممالک کی ذمہ داری برابر ہونی چاہیے جب کہ غریب ممالک کے ماحولیات کو آلودہ کرنے میں ان ترقی یافتہ امیر ممالک کا سب سے زیادہ ہاتھ ہے۔ لہٰذا یہ ذمہ داری ان ہی ملکوں کو پوری کرنی چاہیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3۔ | برازیل | C | i |
| | امریکہ | B | ii |
| | ہندوستان | E | iii |
| | چین | A | iv |
| | عراق | D | v |

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ مندرجہ ذیل اسباب کی بنیاد پر عالمی سیاست میں ماحولیات کی فکر کرنا لازمی ہے:

(i) بڑھتی ہوئی آلودگی

(ii) اوزون پرت میں سوراخ

(iii) تازہ پینے کے پانی کی کمی

(iv) جنگلی جانوروں کو خطرہ

(v) زرخیز زمین اور چراگاہوں کا تیزی سے کم ہونا

(vi) قدرتی وسائل میں تیزی سے کمی

(vii) آبادی کا تیزی سے بڑھنا

2۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

3۔ دنیا میں ماحولیاتی آلودگی کی وجوہات:۔

1۔ آبادی میں اضافہ

2۔ جنگلات کی کٹائی

3۔ صارفینی تہذیب کو بڑھاوا

4۔ وسائل کا اندھا دھند استعمال

5۔ صنعت کاری کو بڑھاوا

6۔ آمدورفت کے بہت زیادہ وسائل

تحفظ کے طریقے

1۔ آبادی پر کنٹرول

2۔ جنگلات کا تحفظ

3۔ ماحولیات کو صاف ستھرا رکھنے والی تکنیک کا استعمال

4۔ قدرتی وسائل کا متوازن استعمال

5۔ آمدورفت کے سرکاری وسائل کا استعمال

6۔ عوام کو بیدار کرنے والے پروگرام

7۔ بین الاقوامی تعاون

# باب۔ آٹھ

# عالم گیریت

## عالم گیریت: معنی۔ اثرات اور تنقیدیں

### یاد رکھنے لائق نکات:

- عالم گیریت کے معنی اشیا، سرمایہ، محنت اور خیالات کی دنیا کے ایک حصّے سے دوسرے حصوں میں آزادانہ ہجرت
- عالم گیریت ایک ایسا عمل ہے جس کا بنیادی عنصر میل ملاپ ہے۔ یہ بین الاقوامی پس منظر میں مسلسل لازمی عمل ہے جو لگاتار بڑھ رہا ہے۔
- عالم گیریت کو فروغ دینے میں ایجادات کا زبردست ہاتھ ہے۔ عالم گیریت کے سبب ہی ملکوں کی نزدیکیاں بڑھی ہیں۔
- عالم گیریت کے اسباب
  - اعلیٰ ٹیکنالوجی اور عالمی میل ملاپ کے سبب آج دنیا ایک عالمی گاؤں کی شکل اختیار کر چکی ہے۔
  - ٹیلی گراف، ٹیلی فون، مائکروچپ، انٹرنیٹ اور اطلاعات کے دیگر ذرائع نے دنیا کے مختلف حصوں کے درمیان ترسیل کا ایک انقلاب پیدا کر دیا ہے۔
  - ماحولیات کے عالمی مسائل جیسے سونامی، آب وہوا میں تبدیلی، عالمی درجۂ حرارت وغیرہ سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی امداد
- عالم گیریت کی خصوصیات
  - سرمایہ کا میل ملاپ، خیالات کا میل ملاپ اور اشیاء کا میل ملاپ اور آزادانہ تجارت
  - سرمایہ دارانہ نظام، کھلے پن اور عالمی تجارت میں اضافہ
  - مختلف ممالک کے درمیان آپسی میل جول، ترقی اور انحصار
  - مختلف معاشی واقعات جیسے معاشی بحران یا ترقی، وبائی امراض جیسے ایڈس، برڈ فلو، سانس کی گھٹن (SARS)، سوائن فلو وغیرہ جیسے معاملات میں عالمی تعاون اور اثر۔
- عالم گیریت کی مثالیں
  - مختلف بیرونی ممالک کی اشیا کی بھارت میں مانگ

- نوجوانوں کی ترقی کرنے کے لیے مواقع اور کورسیز کا ملنا
- کسی ہندوستانی کا امریکی کلینڈر اور وقت کے مطابق خدمات فراہم کرنا
- فصلوں کے خراب ہوجانے کے سبب کچھ کسانوں کا خودکشی کر لینا
- Retail کے تاجروں کو اس بات کا ڈر ہے FDI کہ لاگو ہونے سے بڑی کمپنیاں آ جائیں گی اور ان کا روزگار چھن جائے گا۔
- لوگوں کے درمیان معاشی عدم مساوات میں اضافہ

## عالم گیریت کے اثرات

(1) سیاسی (2) معاشی (3) ثقافتی

## عالم گیریت کے سیاسی اثرات

- عالم گیریت کے سبب ریاست کے دائرہ اختیار میں کمی آئی ہے۔ ریاست اب چند اہم کاموں جیسے قانونی نظام یا سلامتی تک ہی محدود ہے۔ آج بازار معاشی اور سماجی اہمیت یا فوقیت پر قائم ہے۔
- ریاست کا اقتدار برقرار ہے اور اسے عالم گیریت سے کوئی خاص چنوتی نہیں مل رہی ہے۔
- عالم گیریت کے سبب ذرائع ترسیل وآمدورفت کو کافی فروغ حاصل ہوا ہے۔ کئی مرتبہ ملٹی نیشنل کمپنیوں کے دباؤ کی وجہ سے ریاستیں اپنے آپ کو بے سہارا محسوس کرتی ہیں۔

## عالمگیریت کے معاشی اثرات

- بین الاقوامی مالیاتی فنڈ، عالمی بینک اور عالمی تجارتی تنظیم جیسے بین الاقوامی اداروں کے ذریعے معاشی پالیسیوں کو لاگو کرنا
- درآمد برآمد سے متعلق پابندیوں میں کمی
- غیر ملکی زرمبادلہ کو فروغ اور روزگار کے عالمی مواقع بڑھے ہیں
- ترقی یافتہ ممالک کے ذریعے ویزا کی پالیسی کے تحت لوگوں کے آنے جانے پر پابندی
- عالم گیریت کے سبب آج حکومتیں اپنے سماجی تعلق سے بھی منہ موڑ رہی ہیں جس کے لیے سماجی ڈھال کی ضرورت ہے۔

- تنقید نگاروں کے مطابق عالم گیریت کے سبب سماج میں معاشی نابرابری بڑھ رہی ہے

## عالم گیریت کے ثقافتی اثرات

- عالم گیریت کے سبب دنیا کے بیشتر مما لک میں مغربی ثقافت کو بڑھاوا ملا ہے
- اس عمل سے یہ بھی خطرہ پیدا ہو گیا ہے کہ کہیں یہ دنیا کی ثقافتوں کے لیے خطرہ نہ بن جائے
- کھانے پینے کی اشیا اور لباس وغیرہ میں کافی تیزی سے اضافہ ہوا ہے
- قدیم تہذیبوں کی بنیادی اقدار پر کافی برا اثر پڑا ہے
- ثقافتی عالم گیریت کے سبب ہر ملک کی ثقافت بہت زیادہ اہم اور الگ ہو رہی ہے۔

## بھارت اور عالم گیریت

- آزادی کے بعد بھارت میں گھریلو صنعتوں کو بڑھاوا دینے کی پالیسی اختیار کی گئی تاکہ بھارت خودکفیل بن سکے لیکن ملک میں معاشی ترقی کی رفتار سست رہی۔
- 1991 میں لاگو نئی معاشی پالیسی کے ذریعے بھارت عالم گیریت کے لیے تیار ہوا اور کھلے پن کی پالیسی اختیار کی
- آج عالم گیریت کے سبب بھارت کی معاشی اضافہ کی در 7.5 فی صد سالانہ کی اوسط سے بڑھ رہی ہے جو 1990 میں 5.5 فی صد سالانہ تھی۔
- بھارت کے لوگ کمپیوٹر سافٹ ویئر میں اپنا دبدبہ قائم کرنے میں لگے ہیں
- آج بھارت کے لوگ عالمی سطح پر اعلی عہدوں کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو رہے ہیں۔

## عالم گیریت کی تنقید/مخالفت

- عالم گیریت کے سبب امیر اور غریب لوگوں کے درمیان کافی فاصلے بڑھ گئے ہیں۔
- بائیں بازو والے مخالفین کے مطابق ثقافت کی بنیاد ختم ہو رہی ہے۔ گھریلو صنعتوں پر ہوئے برے اثرات کے سبب یہ عالم گیریت کی مخالفت کرتے ہیں
- سیاسی معنوں میں عالم گیریت کے سبب ریاست کے کمزور ہونے کی فکر پائی جاتی ہے
- ثقافتی میدانوں میں اکثر لوگ اپنی پرانی تہذیب کو بھول رہے ہیں اور ان پر مغربی ثقافت کی چھاپ بڑھ رہی ہے۔
- کھانے پینے کی اشیا اور لباس نے بھی ملکوں کی پرانی تہذیب کو متاثر کیا ہے

- دنیاوی سطح پر عالم گیریت کی مخالفت کرنے کے لیے ورلڈ سوشل فورم قائم کی گئی ہے۔ یہ ایک ایسا عالمی پلیٹ فارم ہے جہاں حقوق انسانی ماحولیات، مزدور، حقوق نسواں اور نئی نسل کے سرگرم کارکن ایک جگہ جمع ہوتے ہیں۔
- 1991 میں عالمی تجارتی تنظیم کے وزارتی جلسہ میں معاشی طور سے مضبوط ریاستوں کی بدعنوانیوں کے خلاف وسیع پیمانے پر احتجاج ہوئے۔
- ورلڈ سوشل فورم (WSF) کی پہلی میٹنگ برازیل کے شہر پورٹو الیگر میں 2001 میں ہوئی۔ چوتھی میٹنگ 2004 میں ممبئی میں اور ساتویں نیروبی، کینیا میں جنوری 2007 میں ہوئی۔
- باہر کے ممالک کے ٹی وی چینل جو کیبل نیٹ ورک کے ذریعے دکھائے جاتے ہیں ان کی بھی مخالفت کی جا رہی ہے
- ویلنٹائن ڈے کی تقریب اسکول اور کالجوں میں طالبات کا مغربی طرز کے لباس کا ذوق بھی تنقید کا موضوع بن رہے ہیں۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ عالم گیریت کے ابھرنے کی خاص وجہ کیا ہے؟

(A) ٹیکنالوجی (B) مواصلات میں انقلاب

(C) عالمی آپسی جڑاؤ (D) اوپر دیئے گئے سبھی

2۔ مندرجہ ذیل میں سے عالم گیریت کے بارے میں کون سا بیان صحیح نہیں ہے۔

(A) عالم گیریت ایک کثیر جہتی مظہر ہے (B) عالم گیریت اور مغربیت ایک ہی چیز ہیں

(C) عالم گیریت ایک معاشی مظہر ہے (D) عالم گیریت ممالک کے بیچ آپسی جڑاؤ ہے

3۔ WSF کی پہلی بیٹھک کہاں اور کب ہوئی؟

(A) 2004 یوروپ میں (B) 2001 برازیل میں

(C) 2002 برازیل میں (D) 2005 امریکہ میں

4۔ عالم گیریت کی مخالفت کا عالمی منچ کون سا ہے؟

(A) ہندوستان سوشل منچ (B) عالمی سوشل منچ

(C) عالمی صارفین منچ (D) سبھی

5۔ عالم کاری کو بڑھاوا دینے میں..................کا اہم کردار ہے۔

مندرجہ ذیل کے سامنے صحیح اور غلط کا نشان لگائیں۔

6۔ عالم کاری کا تعلق چیزوں، سرمایہ اور خدمات کا ایک ملک سے دوسرے ملک میں بہاؤ سے ہے۔

7۔ عالم کاری خاص طور پر سیاسی تصور ہے۔

8۔ عالم کاری 1993 کے بعد سے پھیلنی شروع ہوئی ۔

مندرجہ ذیل سوال میں دو بیانات ہیں۔ایک کو بیان A اور دوسرے کو وجہ بھی کہا گیا ہے۔آپ کو دونوں کا تجزیہ کرنا ہے۔اور مندرجہ ذیل کی بنیاد پر فیصلہ کر کے اپنا جواب دینا ہے۔

(A) A اور R دونوں صحیح ہیں A,R کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) A اور R دونوں صحیح ہیں لیکن A,R کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) A صحیح ہے لیکن R غلط ہے

(D) A غلط ہے اور R صحیح ہے۔

9۔ بیان A:۔ عالم کاری ایک سرمایہ وادی کارروائی ہے۔جس کا سب سے اہم اور آخری مقصد سرمایہ کاری کو بڑھاوا دینا ہے۔

وجہ R:۔ عالم کاری سے سب کو فائدہ ہوتا ہے۔چاہے وہ ترقی یافتہ ملک ہو چاہیے وہ ترقی پذیر۔

10۔ بیان A:۔ ہندوستان میں عالم کاری کی مخالفت کی گئی ہے۔

وجہ R:۔ عالم کاری ریاست کے کردار کو محدود کرتی ہے۔

11۔ بیان A:۔ عالم کاری سے دنیا میں معاشی بہاؤ میں اضافہ ہوتا ہے۔

وجہ R:۔ عالم کاری ثقافتی یک رنگی کا اجزا ہے۔

مندرجہ ذیل پیراگراف کو دھیان سے پڑھیں اور سوالات کے جواب دیں۔

''ہندوستان میں عالم گیریت کی مخالفت الگ الگ اطراف سے ہوئی ہے۔معاشی رواداری کے خلاف بائیں بازو کی طرف سے سیاسی پارٹیوں اور انڈین سوشل فورم کے ذریعے سے احتجاج ہوئے ہیں۔کثیر ملکی کمپنیوں (MNCS) کی آمد

کے خلاف ٹریڈ یونینوں اور کسانوں کے مفاد سے متعلق انجمنوں نے بھی احتجاج کیے امریکی اور یوروپی کمپنیوں کا کچھ جڑی بوٹیوں کا اپنے نام سے مخصوص کرالینا۔ جیسے کہ 'نیم' نے بھی مخالفت کا سامنا کیا۔

1۔ بایاں بازو کی طرف سے سیاسی پارٹیوں نے عالم گیریت کی مخالفت کیوں کی؟

(A) عالم گیریت سرمایہ داری کو پھیلانا ہے۔ (B) عالم گیریت سرمایہ داری کے خلاف ہے۔

(C) عالم گیریت کمیونزم کو پھیلانا ہے۔ (D) ان میں سے کوئی نہیں۔

2۔ معاشی عالم گیریت کی مخالفت کس نے کی؟

(A) سیاسی پارٹیوں نے (B) انڈین سوشل فورم نے

(C) ان میں کوئی نہیں (D) A اور B دونوں

3۔ انڈین سوشل فورم جیسی عالمی تنظیم کون سی ہے؟

(A) IMF (B) WSF

(C) WB (D) ان میں سے کوئی نہیں۔

4۔ امریکی کمپنیوں نے کس جڑی بوٹی کو اپنے نام سے مخصوص کیا۔

(A) نیم (B) تلسی (C) برگد (D) بھی

## دو نمبر والے سوالات

1۔ سماجی سلامتی ڈھال سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

2۔ ترقی یافتہ ممالک کی ویزا پالیسی کیا ہے؟

3۔ میک ڈونلڈ کاری کے کیا معنی ہیں؟

4۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کا عالم گیریت پر کیا اثر پڑا ہے؟

5۔ عالم کاری میں کس کا آزاد بہاؤ ہوتا ہے؟

6۔ Protectionism کیا ہے؟

## چار نمبر والے سوالات

1۔ ثقافتی میل ملاپ اور ثقافتی امتیاز میں کیا فرق ہے؟

2۔ عالم گیریت کا بھارت پر کیا اثر پڑا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

3۔ عالم گیریت کی مخالفت اور اس سے متعلق سیاسی حمایت پر بھارت کے پس منظر میں جواب دیں۔


4۔ عالم گیریت کے معاشی اثرات بیان کیجیے۔

5۔ ''عالم گیریت کے سبب ریاست کی صلاحیت میں کمی آئی ہے''۔ بیان کیجیے۔

6۔ عالمی جڑاؤ کیا ہے اس کے کون کون سے عوامل ہیں؟

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ مندرجہ ذیل کارٹون کو غور سے دیکھیں اور اس سے متعلق سوالات کے جواب دیجیے۔




(i) تصویر کے مطابق کل اور آج سے کیا مراد ہے؟ 1

(ii) چین اور ہندوستان کے لوگ تمھاری نوکری کھا جائیں گے اس جملے کے کیا معنی ہیں؟ 2

(iii) اس کارٹون کے ذریعے سے آؤٹ سورسنگ کے معنی واضح کریں۔ 2

2۔ کارٹون کا مطالعہ کریں اور جواب دیں۔



(i) اس کارٹون میں عالم کاری کے کس اثر کو دکھایا گیا ہے۔

(ii) MCDonaldism کیا ہے؟

(iii) ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک پر اس کا کوئی ایک مثبت اور منفی اثر بتائیں۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ عالم گیریت نے بھارت کو کس طرح متاثر کیا ہے اور بھارت کس طرح عالم گیریت کو متاثر کر رہا ہے؟ (Imp)

2۔ کیا آپ اس بیان سے متفق ہیں کہ عالم گیریت کے سبب ثقافتی امتیاز بڑھ رہا ہے؟

3۔ عالم کاری کی وجہ سے ترقی پذیر ممالک میں ریاست کے بڑھتے یا کم ہوتے کردار کو بیان کریں۔

4۔ عالم کاری کی مخالفت کس بنیاد پر کی جارہی ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ A

2۔ A

3۔ B

4۔ B

5۔ ٹکنالوجی

6۔ صحیح

7۔ غلط

8۔ غلط

9۔ C

10۔ A

11۔ B

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ معاشی طور پر کمزور لوگوں کو تعلیم، صحت، صاف صفائی اور نوکری کی سہولت حکومت کے ذریعے مہیا کرانا

2۔ ترقی پذیر ممالک کے لوگوں کو ویزا دینے کے اصولوں میں سختی تاکہ زیادہ تعداد میں پہنچ کر یہ لوگ ترقی یافتہ ممالک میں نوکریاں نہ حاصل کر سکیں

3۔ مختلف ثقافت پر امریکی ثقافت کا اثر

4۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی کے سبب دنیا میں آپسی میل جول اور آپسی انحصار بڑھا ہے

5۔ سرمایہ، خیالات، چیزیں اور خدمات

6۔ 1991 سے پہلے اپنے گھریلو سامان کو بچانے کے لئے ملٹی نیشنل کمپنیوں پر پابندی لگانا۔

## پیراگراف پر مبنی سوالات کے جواب:

1۔ A

2- D

3- B

4- A

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1- ثقافتی میل ملاپ کے معنی مغربی تہذیب کا پوری دنیا میں پھیلنا تا کہ وہ عالمی ثقافت کی شکل اختیار کر سکے۔ ثقافتی امتیاز کے تحت ثقافتیں دوسری تہذیبوں یا ثقافت کی اچھی باتوں کو اپنی ثقافت میں شامل کرتی ہیں جس کے سبب ہر تہذیب یا ثقافت انوکھی بنتی جا رہی ہے۔

2- ■ تیزی سے معاشی ترقی

■ نئے مواقع کا فراہم ہونا

■ گھریلو صنعتوں کو نقصان یا ان کے سامنے نئی چنوتیوں کا سامنا

■ عالمی سیاست میں بھارت کا اہم مقام حاصل کرنا

3- 1991 میں شروع معاشی سدھاروں کا دائیں بازوں اور بائیں بازوں کی جماعتوں نے مخالفت کی

■ بھارت میں ثقافتی اثرات کی بھی مخالفت کی گئی

■ 1991 کے بعد کسی بھی سیاسی جماعت کی حکومت رہی ہو سبھی نے آزادانہ تجارت، کھلے پن کی پالیسی کو اختیار کر لیا

■ آزادانہ، سرمایہ دارانہ معاشی نظام کو بڑھاوا

■ آپسی میل ملاپ کے مفاد میں مساوات کا بڑھنا

4- دنیا کے تمام ممالک کا ترسیل و آمدورفت کی ترقی کے ذریعے ایک دوسرے کے نزدیک آنا۔ آپسی میل ملاپ اور آپسی انحصار سے معاشی ترقی میں اضافہ ہونا، درآمد و برآمد سے متعلق پابندیوں کی غیر ملکی کرنسی کو فروغ روزگار کے مواقع بڑھنا۔

5- یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

6- دنیا کے سبھی ممالک انفارمیشن ٹیکنالوجی کی ترقی کے ذریعے نزدیک ہوئے۔

آپنی انحصار اور آپسی تعاون

عوامل۔ انٹرنیٹ۔ ٹیلی فون۔ ٹیلی گراف۔ مائیکرو چپ وغیرہ۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) کل کے معنی عالم گیریت سے پہلے اور آج کے معنی عالم گیریت کے بعد کی صورت

(ii) عالم گیریت کے سبب بھارت اور چین کے لوگوں کے ذریعے ترقی یافتہ مما لک میں نوکری کے مواقع حاصل کرنا جس کے سبب بے روزگاری کا خطرہ بڑھا

(iii) اس کے معنی یہ ہیں کہ کسی کام کا ٹھیکہ دوسری کمپنیوں کو دینا۔اس کا اہم سبب قیمت میں کمی اور اشیا کی کوالٹی میں معیاری استعمال

2۔ (i) اس میں عالم کاری کے ثقافتی اثر کو دکھایا گیا ہے ثقافتی اثر کی وجہ سے دنیا پر مغربی تہذیب کو لایا جا رہا ہے۔دنیا میں میکڈونلڈ تہذیب کا بڑھنا اس کی اچھی مثال ہے۔

مثبت اثر: لوگوں کے سامنے متبادل کا دائرہ وسیع ہو جاتا ہے۔

منفی اثر: طاقتور تہذیب کم طاقتور سماج پر اپنا اثر ڈال دیتی ہے۔

(ii) MC Donaldism کے معنی ہیں مختلف تہذیبوں کا امریکی تہذیب میں رنگ جانا۔

(iii) ہاں یہ کارٹون اس کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ عالم گیریت کے بھارت پر اثرات

(i) تیزی سے معاشی ترقی

(ii) نئے مواقع کا حاصل ہونا

(iii) مزدور اور کسانوں کی حالت پر منفی اثرات

(iv) گھریلو صنعتوں کے سامنے چنوتیاں

(v) علم گیر ثقافت

بھارت کے ذریعے عالم گیریت کو متاثر کرنا

(i) کم مزدوری کی بدولت بھارت کی کمپنیوں کو outsourcing کے ذریعے زیادہ کام

(ii) نوجوانوں کا روزگار میں تیزی سے اضافہ

(iii) ترقی یافتہ مما لک میں بھارت کے لیے اہمیت

(iv) کمپیوٹر اور ٹیکنالوجی کے میدان میں تیزی سے ترقی کر کے اپنا دبدبہ قائم کرنا


2۔ ہاں ہم اس بیان سے متفق ہیں

- مختلف ثقافتوں کا میل جول
- مختلف ممالک کے ذریعے دوسرے ممالک کے تہواروں کا مزہ لینا
- مختلف کھانے پینے کی اشیا اور لباس وغیرہ کے استعمال میں اضافہ ہونا
- نیلی جینز اور خاکی کرتے کا میل وغیرہ

3۔ یاد رکھنے لائق نکات دیکھیں

4۔ یاد رکھنے لائق نکات لکھیں۔

# آزادی کے بعد
# ہندوستان کی سیاست


INDIA
States and Union Territories
AFGHANISTAN
PAKISTAN
LADAKH
Srinagar
Leh
JAMMU & KASHMIR
HIMACHAL PRADESH
Shimla
PUNJAB
CHANDIGARH
Dehradun
UTTARAKHAND
HARYANA
DELHI
New Delhi
CHINA (TIBET)
NEPAL
UTTAR PRADESH
Lucknow
Jaipur
RAJASTHAN
SIKKIM
BHUTAN
Itanagar
ARUNACHAL PRADESH
ASSAM
Dispur
NAGALAND
Shillong
MEGHALAYA
BIHAR
Patna
BANGLADESH
MANIPUR
Agartala
TRIPURA
MIZORAM
JHARKHAND
Ranchi
WEST BENGAL
Kolkata
MYANMAR (BURMA)
Gandhinagar
GUJARAT
Bhopal
MADHYA PRADESH
Raipur
CHHATTISGARH
ODISHA
Bhubaneswar
Daman
DADRA & NAGAR HAVELI AND DAMAN & DIU
MAHARASHTRA
Mumbai
TELANGANA
Hyderabad
Yanam (Puducherry)
Amaravati
Panaji
GOA
ANDHRA PRADESH
KARNATAKA
Bengaluru
Chennai
Mahe (Puducherry)
PUDUCHERRY
LAKSHADWEEP (INDIA)
Kavaratti
KERALA
TAMIL NADU
Karaikal (Puducherry)
Thiruvananthapuram
SRI LANKA
ANDAMAN & NICOBAR ISLANDS (INDIA)
Port Blair
International Boundary
State/UT Boundary
Country Capital
State/UT Capital
Map not to Scale
INDIAN OCEAN
Copyright © 2020 www.mapsofindia.com

# باب۔ ایک

# قومی تعمیر کے چیلنج

- قوم اور قومی تعمیر
- سردار ولبھ بھائی پٹیل
- تقسیم کی وراثت ۔مہاجرین کو چنوتی ۔تشکیل نو۔ کشمیر مدّعا۔قومی تعمیر میں نہرو کا نظریہ لسانیات پر سیاسی تنازعے اور ریاستوں کی لسانی بنیاد پر تعمیر

## یاد رکھنے لائق نکات:

- تقریباً200 سال کی انگریزوں کی غلامی کے بعد 15-14 اگست 1947 کی درمیانی شب کو ہندوستان آزاد ہوا۔لیکن اس آزادی کے ساتھ ملک کی عوام کو ملک کی تقسیم کا سامنا کرنا پڑا۔آئین ساز مجلس کے خاص اجلاس میں پنڈت جواہر لال نہرو نے مقدر سے ملاقات کے نام سے تقریر کی۔
- آزادی کی لڑائی کے وقت دو باتوں پر عام رضامندی تھی:

  (i) ملک کا نظام جمہوری طرز پر چلایا جائے گا

  (ii) حکومت عوام کی بھلائی کے لیے کام کرے گی
- نئے ملک کے سامنے چنوتیاں

آزادی کے بعد ملک کے سامنے تین اہم چنوتیاں تھیں:

1۔ ایکتا کی چنوتی:۔ ہندوستان اپنے سائز اور اختلاف میں کسی بڑے ملک کے برابر تھا یہاں مختلف زبان۔تہذیب اور مذہب کے لوگ رہتے تھے ان سبھی کو یکجا کرنے کی چنوتی تھی۔

## 2۔ جمہوریت کا قیام

بھارت نے پارلیمانی نظام حکومت کے مطابق نمائندہ جمہوریت کے عمل کو اختیار کیا اور بھارت کے آئین میں ہر شہری کو بنیادی حقوق اور بالغ رائے دہی کا حق دیا گیا۔

## 3۔ مساوات پر قائم ترقی

ایسی ترقی جس سے تمام سماج کو فائدہ پہنچایا جا سکے نہ کہ کسی ایک طبقہ یا مذہب کو بلکہ تما شہریوں کے ساتھ مساوی برتاؤ کیا جائے اور سماجی طور پر پچھڑے ہوئے طبقات اور مذہبی وثقافتی طبقات کو جو کہ اقلیت میں پائے جاتے ہیں خصوصی سہولت دی جائے۔

## ● ملک کی تقسیم

مسلم لیگ نے ''دوقومی نظریہ'' کا اصول پیش کیا تھا۔ بھارت کسی ایک قوم کا نہیں بلکہ ہندو اور مسلمان دونوں کا ملک ہے جس کی وجہ سے مسلم لیگ نے مسلمانوں کے لیے ایک الگ ملک یعنی ''پاکستان'' کی مانگ کی۔ بھارت کی تقسیم کی بنیاد مذہبی اکثریت کو بنایا گیا۔ ملک کی تقسیم کے سبب بہت سے مسائل پیدا ہو گئے جیسے:

- مسلمانوں کی آبادی کی بنیاد پر پاکستان میں دو علاقے شامل ہوں گے مشرقی پاکستان اور مغربی پاکستان اور ان کے درمیان بھارت کے زمینی رقبہ کا بڑا حصہ رہے گا۔
- مسلم اکثریت والے علاقے کے سبھی لوگ پاکستان جانے کو راضی نہیں تھے۔ مغربی سرحدی والے علاقے کے لیڈر خان عبدالغفار خان جنھیں سرحدی گاندھی کے نام سے جانا جاتا ہے وہ دوقومی نظریہ کے اصول کے سخت خلاف تھے۔
- برٹش-انڈیا کے مسلم اکثریتی صوبے پنجاب اور بنگال میں ان کے حصّے اکثریت غیر مسلم آبادی والے تھے۔ ایسے میں ان صوبوں کے تقسیم مذہبی اکثریت کی بنیاد پر ضلع یا اس سے نچلی سطح کے انتظامی حلقے کو بنیاد بنا کر کی گئی۔
- بھارت کی تقسیم صرف مذہب کی بنیاد پر ہوئی تھی اس لیے دونوں طرف سے اقلیتی طبقے بڑے ہی شش و پنچ میں تھے کہ ان کا کیا ہوگا۔ وہ کل سے پاکستان کے شہری ہوں گے یا بھارت کے۔

## ● تقسیم کا مسئلہ

بھارت کی تقسیم کے منصوبے میں یہ نہیں کہا گیا کہ دونوں حصوں سے اقلیتوں کی منتقلی بھی ہوگی یا نہیں۔ تقسیم سے پہلے ہی

دونوں ملکوں کے تقسیم کے علاقوں میں ہندو۔مسلم فسادات شروع ہو گئے۔مغربی بنگال میں رہنے والے اکثریتی غیر مسلم لوگوں کو اپنا گھر بار، زمین جائیداد چھوڑ کر اپنی جان بچانے کے لیے وہاں سے پنجاب یا بھارت کے دوسرے حصّے میں آنا پڑا اور اسی طرح مسلمانوں کو بھی دوسرے حصّوں میں جانا پڑا۔


- ■ تقسیم کے عمل میں بھارت کی زمین کا ہی بٹوارہ نہیں ہوا بلکہ تہذیبوں کا بٹوارہ بھی ہوا۔
- ■ آزادی اور ملک کی تقسیم کے سبب بھارت کو وراثت میں شرنارتھیوں (مہاجرین) کو دوبارہ بسانے جیسے مسئلہ کا بھی سامنا کرنا پڑا جسے نہایت صبر آمیز طریقوں سے حل کیا گیا۔شرنارتھیوں کی تشکیل نو اور ان کو بسانے کے لیے ایک وزارت بھی قائم کی گئی۔

## ● رجواڑوں کا الحاق

رجواڑوں کا الحاق آزادی حاصل کرنے سے پہلے بھارت دو حصوں میں بٹا ہوا تھا۔ برطانوی بھارت اور دیسی ریاستیں۔ ان دیسی ریاستوں کی تعداد 565 تھی۔ریاسوں کے حکمرانوں کو منانے، سمجھانے میں سردار پٹیل (وزیر داخلہ) نے تاریخی رول ادا کیا۔انھوں نے زیادہ تر رجواڑوں کو بھارتیہ یونین میں شامل کرنے کے لیے راضی کر لیا تھا۔

## ● دیسی ریاستوں کے بارے میں تین اہم باتیں

- ■ زیادہ تر رجواڑوں کے لوگ بھارتیہ یونین میں شامل ہونا چاہتے تھے۔
- ■ بھارت سرکار کچھ علاقوں کو خود مختاریت دینے کے لیے تیار تھی جیسے جموں وکشمیر
- ■ ملک کی تقسیم کے پس منظر میں مختلف علاقوں کے سرحدی سوالات پر کھینچا تانی زور پکڑ رہی تھی اور ایسے میں ملک کی علاقائی سالمیت اور یکجہتی کا سوال سب سے اہم تھا۔زیادہ تر رجواڑوں کے حکمرانوں نے بھارتیہ یونین میں الحاق کے معاہدے پر دستخط کر دیئے تھے جسے الحاق کی دستاویز کہا جاتا ہے۔جونا گڑھ، حیدر آباد، کشمیر اور منی پور کی ریاستوں کا الحاق باقی ریاستوں کے مقابلے میں کافی مشکل ثابت ہوا۔




### ۱۵ حیدرآباد کا الحاق

- حیدرآباد کے حکمراں کو نظام کہا جاتا تھا۔ انہوں نے بھارت سرکار کے ساتھ نومبر 1947 میں ایک سال کے لیے موجودہ صورت حال قائم رکھنے کا معاہدہ کیا۔
- کمیونسٹ پارٹی اور حیدرآباد کانگریس کی قیادت میں کسانوں اور خواتین نے نظام کے خلاف تحریک شروع کردی۔ اس تحریک کو کچلنے کے لیے نظام نے ایک نیم فوجی دستہ (رضا کار) کو لگایا جس کے جواب میں بھارت سرکار نے ستمبر 1948 کو فوجی کارروائی کے ذریعے نظام کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کردیا۔ اس طرح حیدرآباد ریاست کا بھارت میں الحاق ہوگیا۔

- ## منی پور ریاست کا الحاق

  - منی پور کی اندرونی خودمختاریت بنی رہے اس بات کو لے کر مہاراج بودھ چندسنگھ اور بھارت سرکار کے درمیان الحاق کی منظوری پر دستخط ہوئے۔
  - عوام کے دباؤ میں الیکشن کروایا گیا جس کے سبب آئینی جمہوریت قائم ہوئی۔ منی پور بھارت کا پہلا حصّہ ہے جہاں سب سے پہلے بالغ رائے دہی کے اصول کو اختیار کیا گیا جس کے تحت یہاں 1948 میں انتخابات ہوئے۔

## سردار پٹیل اور قومی یکجہتی

ہندوستان کے پہلے نائب وزیراعظم اور وزیر داخلہ سردار ولبھ بھائی پٹیل 1918 کے کھیڑا ستیہ گرہ اور 1928 کے باردولی ستیہ گرہ کے بعد تحریک آزادی کے اہم لیڈر کی شکل میں ابھرے۔

آزادی کے وقت رجواڑوں کی یک جہتی کا مسئلہ قومی یک جہتی اور ہندوستان کی سالمیت کے لیے ایک بڑی چنوتی تھی۔ ایسے مشکل وقت میں سردار پٹیل نے 565 دیسی ریاستوں کے اتحاد کے باہمت کام کی ذمہ داری لی۔ سبھی دیسی ریاستوں کے آزاد ہندوستان میں الحاق کولیکر ہندوستان Iron man کے نام سے مشہور سردار پٹیل کا نظریہ واضح تھا۔ وہ ہندوستان کی علاقائی سالمیت کولیکر کوئی سمجھوتہ نہیں چاہتے تھے۔ ان کے سیاسی تجربہ اور دوراندیشی کی وجہ سے 565 میں سے کئی ریاستیں ہندوستان کی آزادی سے پہلے ہی ہندوستان میں الحاق کے لیے اپنی رضامندی دے چکیں تھیں۔

سردار پٹیل کو الحاق میں خصوصاً تین ریاستوں حیدرآباد، جوناگڑھ اور کشمیر کے ذریعے چنوتیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ ان ہی کی رہنمائی میں ہندوستانی فوج نے حیدرآباد اور جوناگڑھ کو ہندوستان میں الحاق کے لیے مجبور کیا۔ پاکستان کی منشا جو کہ جناح کی تقسیم کاری دوقومی نظریہ پر مبنی تھی۔ اس سے اچھی طرح واقف ہونے کی وجہ سے سردار پٹیل کی کشمیر پر رائے دوسرے لیڈروں سے الگ تھی۔ حیدرآباد کی طرح وہ کشمیر کو بھی فوجی مہم کے ذریعے ہی ہندوستان میں ملانا چاہتے تھے۔ لیکن کچھ اہم لیڈروں کے ناتجربہ کار فیصلوں کی وجہ سے سردار پٹیل کشمیر کا ہندوستان میں پوری طرح سے الحاق کرانے میں کامیاب نہیں ہوسکے۔ اگرچہ سردار پٹیل ہمیشہ ایک ایسے انوکھے لیڈر کی شکل میں جانے جاتے رہیں گے جو خود میں قوم پرستی حقیقت پرستی کا مکسچر تھے۔ جنہیں ہندوستانی تاریخ میں Nationalist Catalyst Realist (NCR) کی شکل میں جانا جاتا ہے۔

- ## ریاستوں کی تشکیل نو

نوآبادیاتی نظام کے وقت ریاستوں کی تشکیل انتظامی سہولیات کے مطابق کی گئی تھی۔ لیکن آزاد بھارت میں زبان اور ثقافتی اکثریت کی بنیاد پر ریاستوں کی تشکیل کی مانگ ہوئی۔

- زبان کی بنیاد پر صوبوں کی تشکیل کا سیاسی مدّا کانگریس کے ناگپور اجلاس (1920) میں پہلی بار شامل کیا گیا تھا۔
- تیلگو زبان بولنے والے لوگوں کی مانگ تھی مدراس صوبے کے تیلگو زبان علاقوں کو الگ کر کے ایک نئی ریاست آندھرا پردیش بنائی جائے۔
- اس تحریک کے دوران کانگریس کے ایک سینئر لیڈر پوٹی سری راملو کی تقریباً 56 دنوں کی بھوک ہڑتال کے بعد موت ہو گئی اور جگہ جگہ تشدد کے واقعات پیش آئے۔
- اس کے سبب سرکار کو دسمبر 1952 میں آندھرا پردیش نام سے الگ ریاست بنانے کا اعلان کرنا پڑا۔ آندھرا پردیش زبان کی بنیاد پر تشکیل دی گئی پہلی ریاست تھی۔

## ریاستوں کا تشکیل نو کمیشن

مرکزی حکومت نے 1953 میں ریاستوں کی تشکیل نو کے لیے کمیشن قائم کیا۔ کمیشن نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ ریاستوں کی تشکیل وہاں بولی جانے والی زبانوں کی بنیاد پر کی جائے۔


## کمیشن کی اہم سفارشات

- تین سطحی (حصہ B,A اور C) ریاستی نظام کو ختم کیا جائے
- صرف تین مرکزی انتظامیہ علاقوں (انڈومان، نکوبار، دہلی اور منی پور) کو چھوڑ کر باقی کے مرکزی زیر انتظام علاقوں کو ان کی نزدیکی ریاستوں میں ملا دیا جائے۔
- ریاستوں کے سرحدوں کو وہاں پر بولی جانے والی زبان کی بنیاد پر قائم کیا جائے۔
- اس کمیشن نے اپنی رپورٹ 1955 میں پیش کی جس کی بنیاد پر پارلیمنٹ میں ریاستوں کی تشکیل نو کا قانون عمل میں آیا اور ملک کو 14 ریاستوں اور 6 مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں بانٹا گیا۔

| بنیادی ریاست | نئی ریاستیں | سال |
|---|---|---|
| بمبئی | مہاراشٹر، گجرات | 1960 |
| آسام | ناگالینڈ | 1963 |
| پنجاب | ہریانہ، ہماچل پردیش، پنجاب | 1966 |
| آسام | میزورم، اروناچل پردیش | 1987 |

| | | |
|---|---|---|
| 2000 | اترا کھنڈ<br>جھارکھنڈ<br>چھتیس گڑھ | اترپردیش<br>بہار<br>مدھیہ پردیش |
| 2014 | تلنگانہ | آندھراپردیش |

- گوا ...... 1987
- سکّم ...... 1975
- مرکز کے زیرانتظام علاقے جو بعد میں ریاست بنے
- میزورم، منی پور، تری پورہ اور گوا وغیرہ



## ایک نمبر والے سوالات

1۔ جواہر لعل نہرو کی کس تقریر کو ''مقدر سے ملاقات'' کے نام سے جانا جاتا ہے؟

2۔ آزادی کے بعد بھارت کے سامنے پہلی چنوتی کیا تھی؟

3۔ محمد علی جناح نے دوقومی نظریہ کا اصول کیوں پیش کیا تھا؟

4۔ رجواڑوں کے حکمرانوں اور بھارتیہ یونین کے درمیان جس رضامندی پر دستخط ہوئے اسے کیا کہتے ہیں؟

5۔ کس ریاست میں پہلی بار بالغ رائے دہی کے اصول کو اختیار کر کے الیکشن ہوئے؟

6۔ کس اجلاس کے بعد بھارتیہ کانگریس نے مان لیا کہ ریاستوں کی تشکیل زبان کی بنیاد پر ہوگی؟

7۔ Struggle For Survival-1953 کارٹون کس ماحول کو ظاہر کرتا ہے؟

8۔ آندھرا تحریک کے دوران کس لیڈر کی موت بھوک ہڑتال کے سبب ہوئی؟

9۔ بھارت نے 1956 میں زبان کی بنیاد پر ریاستوں کی تشکیل کیوں کی؟

10۔ پہلا الیکشن کمشنر کون ہے۔

11۔ سرحدی گاندھی کے نام سے کسے جانا جاتا ہے۔

12۔ ہندوستان کے کن دو صوبوں کا بٹوارہ 1947 کی تقسیم کی سب سے بڑی وجہ بنا؟

13۔ پنجابی زبان کے پدم شری اور گیان پیٹھ انعامات سے نوازی گئی شاعرہ کا نام لکھیں۔

14۔ مندرجہ ذیل واقعات کو ان کے دور کے مطابق لکھیں۔

A۔ کانگریس کا ناگپور اجلاس

B۔ ریاستی تنظیم نو کمیشن کا قیام

C۔ پوٹی سری رامولو کی بھوک ہڑتال

D۔ آندھرا پردیش بنانے کا اعلان

15۔ مندرجہ ذیل بیانات کو صحیح کر کے دوبارہ لکھیں۔

''ہندوستان میں کثرت کا بنیادی اصول ہے۔''

''ہندوستان میں مختلف علاقوں اور لسانی گروہ کو اپنی ثقافت کو بنائے رکھنے کی چھوٹ نہیں ہوگی۔''

16۔ آزادی کے وقت منی پور کے راجا.................. تھے۔

17۔ حیدرآباد کے حکمراں........................ کے نام سے جانے جاتے تھے۔

18۔ پنڈت جواہر لال نہرو کے ذریعے ''مقدر سے ملاقات'' تقریر کب دی گئی؟

(i) 26 جنوری 1945 (ii) 14-15 اگست 1947 کی بیچ رات

(iii) 15 جنوری 1950 (iv) 26 اگست 1950

19۔ آزاد ہندوستان کے پہلے وزیر داخلہ کون تھے؟

(i) مہاتما گاندھی (ii) پنڈت نہرو

(iii) سردار پٹیل (iv) بی۔آر۔امبیڈکر

20۔ آزادی حاصل کرنے کے بعد ہندوستان میں کل کتنی ریاستیں تھیں۔

(i) 500 (ii) 510

(iii) 525 (iv) 565

21۔ اسٹیچو آف یونیٹی مجسمہ کس ہندوستان سیاسی لیڈر سے متعلق ہے۔

(i) مہاتما گاندھی (ii) پنڈت نہرو

(iii) سردار پٹیل (iv) لال بہادر شاستری

22۔ بیان کے لیے صحیح یا غلط بتائیں

سردار پٹیل کو NCR کا نام دیا جاتا ہے۔

23۔ اسٹیچوآف یونیٹی مجسمہ کس ہندوستانی ریاست میں ہے؟

(i) گجرات (ii) ہماچل پردیش

(iii) پنجاب (iv) راجستھان

24۔ ریاستی تشکیل نو کمیشن نے کتنی ریاستوں کی تشکیل کی سفارش کی۔

(i) 12 ریاستیں (ii) 14 ریاستیں

(iii) 16 ریاستیں (iv) 18 ریاستیں

25۔ بیان کے لیے صحیح یا غلط بتائیں

انڈین نیشنل کانگریس کے ناگپور اجلاس (1920) میں ریاستوں کی تشکیل نو کے لیے زبان کو بنیاد بنانے کا مدا شامل تھا۔

26۔ بیان کو صحیح یا غلط بتائیں۔

کھیڑا ستیہ گرہ (1918) اور باردولی ستیہ گرہ (1928) کے بعد سردار پٹیل تحریک آزادی کے اہم لیڈر کی شکل میں ابھرے۔

## دو نمبر والے سوالات

1۔ آزادی کی لڑائی کے وقت کن دو باتوں پر سبھی راضی تھے؟

2۔ بھارت کی آزادی کے وقت قومی تشکیل کی راہ میں دور کاوٹیں کونسی تھیں؟

3۔ مہاتما گاندھی کے مطابق 15/اگست 1947 (کل) خوشی اور غم دونوں کا دن کیوں ہوگا؟

4۔ آزادی کے وقت ملک کے مشرق اور مغرب میں قومی تشکیل کی چنوتی کے لحاظ سے دو خاص فرق کیا تھے؟

5۔ دو قومی نظریہ کیا ہے؟

6۔ آزاد ہندوستان کے لیڈر سیاست کو مسئلے کی شکل میں نہیں دیکھتے تھے۔ وہ سیاست کو مسئلے کے حل کی شکل میں مانتے تھے آپ اس دلیل سے کہاں تک متفق ہیں۔

7۔ آزادی کے بعد ہندوستانی لیڈر ہندوستانی وفاق کی ریاستوں کا زبان کی بنیاد پر بنائے گئے تشکیل نو کے اصول کو ماننے سے

کیوں جھجھک رہے تھے۔

8۔ 1950 کی دہائی میں ملک کے باقی حصوں کو زبان کی بنیاد پر بنایا گیا تھا لیکن پنجاب کو 1966 تک کیوں انتظار کرنا پڑا؟

## اقتباس پر مبنی سوالات

مندرجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔

''چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں بٹ جانے کے اس امکانات کے خلاف عارضی حکومت نے سخت رویہ اپنایا۔ مسلم لیگ نے انڈین نیشنل کانگریس کے اس قدم کی مخالفت کی۔ لوگوں کا ماننا تھا راجواڑوں کو اپنی مرضی کا راستہ چننے کے لئے چھوڑ دیا جانا چاہیے۔ راجواڑوں کو منانے اور سمجھانے میں سردار پٹیل نے تاریخی رول ادا کیا۔ اور اس طرح زیادہ تر راجواڑوں کو انھوں نے ہندوستان میں شامل ہونے کے لئے راضی کر لیا۔

1۔ عارضی حکومت میں وزیر اعظم کون تھے؟

(A) پنڈت جواہر لال نہرو (B) سردار ولبھ بھائی پٹیل

(C) بھیم راؤ امبیڈکر (D) لال بہادر شاستری

2۔ عارضی حکومت میں وزیر داخلہ کون تھے؟

(A) پنڈت جواہر لال نہرو (B) سردار ولبھ بھائی پٹیل

(C) سی۔ راج گوپال اچاریہ (D) مولانا ابوالکلام آزاد

3۔ رجواڑوں کے ہندوستانی وفاق میں الحاق میں سب سے اہم اور تاریخی رول کس نے نبھایا؟

(A) پنڈت جواہر لال نہرو (B) سردار ولبھ بھائی پٹیل

(C) بابو جگ جیون رام (D) بھیم راؤ امبیڈکر

4۔ عارضی حکومت کے کام کی مدت کون سی تھی؟

(A) 1940-45 (B) 1945-50

(C) 1947-1952 (D) 1950-55

## چار نمبر والے سوالات

1۔ بھارت کی تقسیم کے عمل میں کوئی چار مشکلات کا تفصیل سے ذکر کریں۔ (Imp)

2۔ رجواڑوں سے متعلق الحاق کی دستاویز (Instrument of accession) کے کیا معنی ہیں؟


3۔ آزادی کے بعد قومی تشکیل کی کن کن چنوتیوں کو کامیابی کے ساتھ حل کیا گیا؟

4۔ حیدرآباد کا الحاق ہندوستان میں کس طرح ہوا؟ (Imp)

5۔ ہندوستانی انتخابی کمیشن کے سامنے پہلے عام چناؤ سے پہلے آنے والی چار مشکلات کی وضاحت کریں۔

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ دیئے گئے ہندوستان کے نقشے میں پانچ ریاستوں کو A, B, C, D اور E کے ذریعے دکھایا گیا ہے نیچے دی گئی جانکاری کے مطابق انھیں پہچانیئے اور جوابی کاپی میں ان کے صحیح نام ان کا سیریل نمبر اور اس سے متعلق حرف (Alphabet) لکھیں۔



(i) وہ ریاست جسے مدھیہ پردیش کاٹ کر بنایا گیا۔

(ii) آزاد ہندوستان میں کمیونسٹ حکومت والی پہلی ریاست۔

(iii) وہ ریاست جس نے آزادی کے بعد ہندوستان کے ساتھ الحاق کی مخالفت کی۔

(iv) پوٹی سری راملو سے متعلق ریاست

(v) سبز انقلاب کی وجہ سے زراعتی میدان میں خوشحال ہونے والی ریاست۔

2۔ دیئے گئے کارٹون کا دھیان سے مطالعہ کریں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔




یہ کارٹون ریاست کے راجاؤں اور عوام کے درمیان تعلقات پر تبصرہ ہے۔

1۔ کارٹون میں دائیں اور بائیں طرف کے لیڈر کو پہچانیے اور ان کے نام لکھیے۔

2۔ یہ کارٹون راجا اور عوام کے بیچ کن تعلقات کو ظاہر کرتا ہے۔

3۔ اس لیڈر نے کس معاملے کو کامیابی سے حل کرا لیا۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ ریاستی تنظیم نو کمیشن کیا تھا؟ اس کی اہم سفارشات کیا تھیں؟ (Imp)

2۔ رجواڑوں کو بھارتیہ یونین میں شامل کرنے کی اہم بنیاد کیا تھی؟ اس کام میں کس نے اہم رول ادا کیا؟

3۔ آزادی کے وقت بھارت کے سامنے آنے والی تین چنوتیوں کو تفصیل سے بیان کیجیے۔ (Imp)

4۔ 1947 میں بھارت کی تقسیم کے کوئی چار اسباب بیان کیجیے۔ تقسیم کے کوئی چار نتائج بھی بیان کیجیے۔

5۔ رجواڑوں کے ہندوستانی وفاق میں الحاق میں سردار پٹیل کے اہم کردار کی وضاحت کریں۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ 14/اور 15/اگست (1947) کی درمیانی شب میں بھارت کے وزیر اعظم جواہر لعل نہرو نے آئین ساز جماعت کو مخاطب کیا تھا۔ اس تقریر کو ''مقدر سے ملاقات'' کے نام سے جانا جاتا ہے۔

2۔ ملک کو یکجہتی کے دھاگے میں باندھنا

3۔ محمد علی جناح نے ہندوؤں کے لیے ہندوستان اور مسلمانوں کے لیے پاکستان کے مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے دو قومی نظریہ کے اصول کو پیش کیا تھا۔

4۔ Instrument of accession

5۔ منی پور

6۔ ناگپور اجلاس (1920)

7۔ جب لسانی بنیاد پر ریاستوں کی تشکیل کرنے کی مانگ زور پکڑ رہی تھی۔

8۔ پوٹی سری رامولو

9۔ (i) تحریکوں کا دباؤ

(ii) اپنی پہچان بچائے رکھنے کے لیے

10۔ سوکمار سین

11۔ خان عبدالغفار خان

12۔ پنجاب اور بنگال

13۔ امریتا پریتم

14۔ A

C

D

B

15۔ ہندوستان میں کثرت میں وحدت کا بنیادی اصول ہے۔

''ہندوستان میں مختلف علاقوں اور لسانی گروہ کو اپنی ثقافت بنائے رکھنے کی چھوٹ ہوگی۔

16۔ راجا بودھ چندر سنگھ

17۔ نظام

18۔ (ii) 14-15 اگست کی بیچ رات

19۔ (ii) سردار ولبھ بھائی پٹیل

20۔ (iv) 565

21۔ (iii) سردار ولبھ بھائی پٹیل

22۔ صحیح

23۔ (i) گجرات

24۔ (ii) 14 اگست

25۔ صحیح

26۔ صحیح

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) ملک کا نظام جمہوری نظام کے مطابق چلایا جائے گا

(ii) حکومت سماج کے سبھی طبقات کے لیے کام کرے گی۔

2۔ (i) پاکستان سے آئے ہوئے شرنارتھیوں کو دوبارہ بسانے کی چنوتی

(ii) فرقہ وارانہ یکجہتی کو چنوتی

3۔ مہاتما گاندھی کے مطابق 15/ اگست 1947 خوشی کا دن اس وجہ سے ہوگا کیوں کہ بھارت کو آزادی ملی تھی اور غم کا دن اس وجہ سے ہوگا کہ ملک کی تقسیم کے سبب ہندو-مسلم فسادات ہورہے ہیں۔

4۔ (i) مشرقی علاقے میں ثقافتی اور معاشی توازن کا مسئلہ تھا لیکن مغربی علاقوں میں ترقی کو چنوتی تھی۔

(ii) مشرقی علاقے زبانی مسائل سے جو جھ رہے تھے جب کہ مغربی علاقوں میں مذہبی اور ذات پات کی مشکلات تھیں

(i) فرقہ وارانہ فسادات

(ii) جمہوریت کا قیام

(iii) سماج کے سبھی طبقات کے لیے بھلائی اور ترقی

5۔ یادرکھنے لائق نکات دیکھیں۔

6۔ ان کے مطابق سیاسی سرگرمیوں کا مقصد عوامی مفاد میں فیصلہ لینا اور اس پر عمل کرنا ہوتا ہے۔ اسی لیے انھوں نے سیاست میں آنا ضروری سمجھا۔

7۔ فرقہ وارانہ تقسیم کے بعد انہوں نے محسوس کیا کہ زبان کی بنیاد پر ریاستوں کی تشکیل سے اور رُکاوٹیں آسکتی ہیں اور ملک بکھر سکتا ہے۔

8۔ پنجابی صوبہ تحریک کی رہنمائی کمزور تھی اسے غیر سکھوں اور سکھوں میں کچھ نسلوں کی حمایت حاصل نہیں تھی۔ پنجاب کی یہ تحریک دوسری ریاستوں میں ہونے والی تحریک کی طرح مضبوط نہیں تھی۔

## اقتباس پر مبنی جواب

(1) A (2) B (3) B (4) C

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) صوبوں کی تقسیم

(ii) ریاستوں کا الحاق

(iii) مہاجر/ پناہ گزینوں کا مسئلہ

(iv) غذائی بحران

2۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

3۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

4۔ یادرکھنے لائق نکات دیکھیں

5۔ یادرکھنے لائق نکات دیکھیں

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (نقشہ)

| ریاست | حروف | سیریل نمبر |
|---|---|---|
| چھتیس گڑھ | A | 1 |
| کیرل | B | 2 |
| منی پور | D | 3 |
| آندھراپردیش | C | 4 |
| پنجاب | E | 5 |

2۔ (i) 1946 میں کیبنٹ مشن کے تحت ہوئے چناؤ کے بعد بنائی گئی حکومت کو عارضی حکومت کہا گیا۔ یہ حکومت عام چناؤ سے پہلے تک کام کرتی رہی۔

(ii) برطانوی حکومت میں چھوٹے چھوٹے سائز کی کچھ ریاستیں تھیں جن پر راجاؤں کی حکومت تھی وہ اپنی ریاستوں کے گھریلو معاملات کی حکومت چلاتے تھے۔ انہیں رجواڑہ کہا گیا۔

(iii) مسلم لیگ کانگریس کی مخالفت اس لئے کررہی تھی کیوں کہ اس کا منشا تھا کہ رجواڑوں کو اپنی مرضی کے راستہ چننے کے لئے چھوڑ دینا چاہیے۔

(iv) سردار پٹیل نے آزادی کے بعد مشکل وقت میں زیادہ تر رجواڑوں کو سمجھا کر ہندوستانی وفاق میں شامل ہونے کے لئے تیار کرلیا اور جہاں ضرورت پڑی وہاں طاقت کا استعمال کر کے بھی ملک کو یکجا کیا۔ اس لئے ان کے کردار کو تاریخی مانا جاتا ہے۔

3۔ (i) سردار ولبھ بھائی پٹیل اور منی پور کا راجا بودھ چندر سنگھ

(ii) کارٹون ظاہر کرتا ہے کہ ریاستوں کے راجانے عوام پر ظلم اور استحصال کیا۔

(iii) سردار پٹیل نے ریاستوں کے ہندوستان میں الحاق کے معاملے کو کامیابی سے حل کر لیا۔

## چھ نمبر والے والے سوالات کے جوابات

1۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

2۔ (i) رجواڑوں میں رہنے والے بھارتیہ یونین میں شامل ہونا چاہتے تھے

(ii) بھارت سرکار کا نظریہ لچیلا تھا وہ کچھ علاقوں کو خودمختاری دینے پر بھی راضی تھے۔

(iii) ملک کی تقسیم کے پس منظر میں ملک کی یکجہتی، اس کی علاقائی حددو کا سوال سب سے اہم تھا۔

سردار پٹیل نے جن کو ''مرد آہن (Iron man) کہا جاتا ہے اس کام میں اہم رول ادا کیا۔

3۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

4۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

5۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

# باب۔ دو
# منصوبہ اور ترقی

ہندوستان کی معاشی ترقی کے بدلتے رجحان۔ منصوبہ کمیشن اور پنج سالہ منصوبے قومی ترقیاتی کاؤنسل اور نیتی آیوگ۔

منصوبے سے مراد ہے موجودہ وسائل کے بہتر استعمال کے لئے مستقبل کا منصوبہ بنانا۔ منصوبے کے ذریعے سے پیداوار میں اضافہ۔ روزگار کے موقعوں میں اضافہ۔ اور معاشی استحکام وغیرہ مقاصد کو حاصل کیا جاتا ہے۔

## یاد رکھنے لائق نکات:

- آزادی کے بعد تقریباً سبھی اس بات پر متفق تھے کہ بھارت کی ترقی کے معنی منصوبہ بند معاشی و سماجی انصاف پر قائم ہو۔
- اس بات پر بھی متفق تھے کہ معاشی ترقی اور سماجی و معاشی انصاف کو صرف پیشہ وارانہ، صنعت کاروں اور کسانوں کے بھروسے نہیں چھوڑا جا سکتا۔ اس میں حکومت کو بھی اہم رول ادا کرنا ہوگا۔
- آزادی کے وقت ترقی کا پیمانہ مغربی ممالک کو مانا جاتا تھا۔ جدید ہونے کے معنی مغربی صنعتی ممالک کی طرح ہونا تھا۔
- ترقی کے دو ماڈل تھے پہلا آزاد سرمایہ دارانہ ماڈل اور دوسرا اشترا کی (سماج وادی) ماڈل۔
- بھارت نے ملی جلی معیشت کا ماڈل جس میں عوامی اور نجی شعبوں کی خصوصیات کی آمیزش تھی اختیار کیا۔
- آزادی کی تحریک کے دوران لیڈروں میں اتفاق ہو گیا تھا کہ غریبی مٹانے اور سبھی معاشی تقسیم نو کے کام کی اہم ذمے داری ہندوستان کی حکومت کی ہوگی۔
- زراعت یا صنعت کو کیسے اوّلیت دی جائے۔ اس پر اختلاف تھے۔
- 1944 میں صنعت کاروں کے ایک گروپ نے منصوبہ بند معیشت کے قیام کی تجویز پیش کی جس کے تحت حکومت نے صنعتی اور معاشی سرمایہ کاری کے دیگر شعبوں میں اہم اقدامات کیے جسے ''ممبئی پلان'' کہا جاتا ہے۔
- ممبئی پلان کی سفارش تھی کہ حکومت صنعتی اور سرمایہ کاری کے دیگر شعبوں میں اہم قدم اٹھائے۔

- پلاننگ کمیشن کی تشکیل مارچ 1950 میں بھارت سرکار کی ایک تجویز کے ذریعے کی گئی۔ وزیراعظم اس کے صدر بنے
- سوویت یونین کی طرح بھارت کے پلاننگ کمیشن نے بھی پانچ سالہ منصوبوں کا راستہ اختیار کیا۔
- پنج سالہ منصوبوں سے مراد یہ تھی کہ اگلے پانچ سالوں کے لیے سرکار کی آمدنی اور خرچ کا منصوبہ ہوگا۔
- **پہلا پنج سالہ منصوبہ (1951-56)** میں سب سے زیادہ توجہ زراعت پر مرکوز کی گئی۔ اس کے تحت باندھ اور سینچائی کے میدان میں سرمایہ کاری کی گئی۔ بھاکڑا ننگل منصوبہ اس میں سے ایک تھا۔
- **دوسرے پنج سالہ منصوبہ (1956-61) میں** بھاری صنعتوں کی ترقی پر زور دیا گیا۔ عوامی شعبہ کو ترقی دی گئی۔ حکومت نے گھریلو صنعتوں کی حفاظت کے لیے بھاری ٹیکس لگائے گئے۔ اس منصوبے کو بنانے والے پی۔ سی۔ مہالنوبس تھے۔
- ## ترقی کا کیرل ماڈل
- ■ غیر مرکزی منصوبہ بندی، تعلیم، صحت، زمینی اصلاحات، موثر غذائی تقسیم اور غربت میں کمی کرنے پر زور دیا گیا۔
- ■ جے۔ سی۔ کمارپا جیسے گاندھی وادی ماہر معاشیات نے ترقی کے منصوبے کے تحت گاؤں کی صنعتی ترقی پر زور دیا۔
- ■ چودھری چرن سنگھ نے بھارت کی معیشت کی منصوبہ بندی میں زراعت کو مرکز کے اختیار میں رکھنے کی بات کافی اثر دار انداز میں اٹھائی۔
- ■ زمینی اصلاحات کے تحت زمینداری نظام کا خاتمہ، زمین کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو ایک ساتھ کرنا (چک بندی) اور جو کاشتکار کسی دوسرے کی زمین پر کھیتی کر رہے تھے انھیں قانونی تحفظ فراہم کیا جائے اور زمینی ملکیت کا مالک بنائے جانے جیسے اہم قدم اٹھائے گئے۔
- ■ 1960 کی دہائی میں قحط اور سوکھا پڑنے کے سبب زراعت کی حالت بدتر ہوتی چلی گئی۔ نتیجتاً بھارت کو دوسرے ملکوں سے گیہوں لینا پڑا۔
- ## سبز انقلاب
- ■ حکومت نے غذائی تحفظ کو منظّم کرنے کے لیے ایک نئی حکمت عملی اختیار کی جس کو ''سبز انقلاب'' کا نام دیا گیا۔ اب ان علاقوں پر زیادہ ذرائع کا استعمال کرنے کا فیصلہ کیا گیا جہاں سینچائی کی سہولت موجود تھی اور کسان خوشحال تھے۔
- ■ حکومت نے اچھی کوالٹی کے بیج، کھاد، جراثیم مارنے والی دوائیں اور بہتر سینچائی کے طریقے بڑے منظّم انداز سے مہیا کروانا

شروع کر دیے۔ پیداوار کو ایک مقرر قیمت پر خریدنے کی بات گارنٹی کے ساتھ کہی گئی۔ ان تمام انتظامات اور کوششوں کو ہی بھارت میں ''سبز انقلاب'' کہا جاتا ہے جس کے بانی ایم۔ ایس۔ سوامی ناتھن تھے۔

- سبز انقلاب کے سبب گیہوں کی پیداوار میں اضافہ ہوا۔ پنجاب، ہریانہ اور مغربی اتر پردیش کے علاقے خوشحال ہوئے۔
- اس کا منفی اثر یہ پڑا کہ علاقائی اور سماجی نابرابری بڑھنے لگی۔ سبز انقلاب کے سبب غریب کسان اور زمینی مالکان کے درمیان فرق بڑھ گیا جس سے بائیں بازو کی تنظیمیں ابھرنے لگیں۔ وسطی طبقے کے زمین کے مالک کسانوں کا عروج ہوا۔

## ● سفید انقلاب

Milkman of India کے نام سے مشہور ورگیس کورین نے گجرات میں دودھ والوں کی کوآپریٹیو سوسائٹیوں کا جال پھیلا دیا۔ 1970 میں ''آپریشن سیلاب'' کے نام سے دیہی ترقی کا پروگرام شروع کیا گیا جس کا مقصد دودھ کی پیداوار میں اضافہ ہو اور درمیان کے بچولیوں کو ہٹا کر دودھ پیدا کرنے والے اور دودھ خریدنے والوں میں قربت ہو۔ اس کے ذریعے ڈیری فارمنگ کو ترقی دی گئی۔ دیہی گھرانوں کے لیے آمدنی اور روزگار مہیا کرا کے غریبی کو کم کیا گیا۔ اس میں گجرات کے دو لاکھ دودھ پیدا کرنے والے جڑے۔ اس ماڈل کی ترقی کو ہی ''سفید انقلاب'' کہا جاتا ہے۔

## ● اہم زراعتی انقلاب اور ان کے مقاصد

**سبز انقلاب**: غذائی اشیا کی پیداوار کو بڑھانا

**سفید انقلاب** : دودھ اور دودھ سے بننے والی اشیا کی پیداوار کو بڑھانا

**پیلا انقلاب**: تلہن کی پیداوار بڑھانا

**نیلا انقلاب**: مچھلی کی پیداوار کو بڑھانا

پنچ سالہ منصوبے

| منصوبہ | مدت | مقاصد |
|---|---|---|
| پہلا منصوبہ | 1951-56 | زراعتی ترقی |
| دوسرا منصوبہ | 1956-61 | صنعتی ترقی |
| تیسرا | 1961-66 | غذائی، خود انحصاری، بے روزگاری مٹانا |

| | | |
|---|---|---|
| چوتھا منصوبہ | 1969-74 | پیداوار میں اضافہ، معاشی استحکام |
| پانچواں منصوبہ | 1974-79 | خودانحصاری، غریبی دور کرنا |
| چھٹا منصوبہ | 1980-85 | توانائی کے وسائل میں ترقی، کمزور طبقہ کے مفاد |
| ساتواں منصوبہ | 1985-90 | غذائی پیداوار، جدید کاری، دیہی ترقی |
| آٹھواں منصوبہ | 1992-97 | روزگار، صحت، تعلیم |
| نواں منصوبہ | 1997-2002 | سماجی انصاف، 6.5 فیصد معاشی ترقی |
| دسواں منصوبہ | 2002-2007 | سماجی صنعتی ترقی اور 7 فیصد معاشی ترقی |
| گیارہواں منصوبہ | 2007-2012 | توانائی، روزگار ۹ فیصد ترقی |
| بارہواں | 2012-17 | ۸ فیصد معاشی ترقی |

## نیتی آیوگ National Institution for Transforming India (NITI AYOG)

آزادی کے بعد ہندوستان کی منصوبہ بند ترقی کے لیے سماجوادی نظریہ پر مبنی منصوبہ کمیشن کی تشکیل کی گئی۔ چونکہ یہ منصوبہ عالم گیریت کے دور میں خصوصاً 21 ویں صدی میں ترقی کی سخت چنوتیوں کا سامنا کرنے میں بے اثر اور غیر موزوں ہوتے جارہے تھے۔ اس لیے 15 اگست 2014 کے یوم آزادی کی تقریر میں وزیراعظم نریندر مودی نے منصوبہ کمیشن کو ختم کرنے کی بات کہی۔ مرکزی حکومت کو مرکز اور ریاستی سطح کی پالیسیوں کو بنانے میں ضروری تکنیکی صلاح دینے کے مقصد سے 1 جنوری 2015 کو منصوبہ کمیشن کے مقام پر نیتی آیوگ کی تشکیل کی گئی۔

ہندوستان کے وزیراعظم نیتی آیوگ کے صدر ہیں اور وہ نیتی آیوگ کے نائب صدر کا تقرر کرتے ہیں۔ نیتی آیوگ کے پہلے نائب صدر Arvind Panagariya تھے۔ حال میں نیتی آیوگ کے نائب صدر ڈاکٹر راجیو کمار ہیں۔

قومی سلامتی اور معاشی پالیسیوں کے بیچ تال میل قائم کرنے اور مخصوص شعبوں میں لازمی قانونی پروگراموں کا طویل مدتی ڈھانچہ تیار کرنے کے مقصد سے نیتی آیوگ مرکزی حکومت کے نظریاتی مرکز کی شکل میں کام کرتا ہے۔ ''نیچے تک نطقۂ نظر'' کی نشاندہی کرتے ہوئے اور ملک کی سبھی ریاستوں کی یکساں شرکت کا تعین کرتے ہوئے نیتی آیوگ متحد وفاقیت کے جذبے سے کام کرتا ہے۔

## قومی ترقیاتی کاؤنسل National Development Council

قومی ترقیاتی کاؤنسل ہندوستان میں ترقیاتی معاملات پر فیصلہ لینے اور اس پر غور وفکر کرنے والا اعلیٰ ادارہ ہے۔اس کے صدر وزیراعظم ہوتے ہیں۔اسے 16 اگست 1952 میں قائم کیا گیا ملک کے وسائل کو منصوبوں کے لیے وقف کرنے۔سبھی اہم شعبوں میں عام معاشی پالیسیوں کو بڑھاوا دینے۔نیز رفتار اور متوازن ترقی کا تعین کرنے کے لیے اس کا قیام ہوا۔اس ادارے میں وزیراعظم مرکزی کابینہ وزیر۔سبھی ریاستوں کے وزیراعلیٰ۔مرکزی صوبائی علاقوں کے نمائندے اور نیتی آیوگ کے ممبر شامل ہوتے ہیں۔

1۔ ملک کے سبھی حصوں میں تیز اور متوازن ترقی کے لیے کوشاں رہنا۔

2۔ منصوبوں کو لاگو کرنے میں ریاستوں کے تعاون کو یقینی بنانا۔

3۔ شہریوں کے معیار زندگی میں سدھار کرنا۔

4۔ فی کس آمدنی میں اضافہ کرنا۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ دوسری پنج سالہ منصوبوں کا خاکہ کس نے تیار کیا تھا؟

2۔ "Economy of Permanance" کے مصنف کون تھے؟

3۔ بھارت میں منصوبہ بند ترقی کا کیا مقصد تھا؟

4۔ زوننگ لفظ سے کیا مراد ہے؟

5۔ اڑیسہ میں کس دھات کے بڑے ذخائر موجود ہیں؟

6۔ آزادی کے بعد بھارت کی منصوبہ بندی کرنے والے کس ماڈل سے متاثر تھے؟

7۔ ملک مین آف انڈیا کے نام سے کسے جانا جاتا ہے؟

8۔ علاقہ بندی کی پالیسی سے بہار پر کیا اثر پڑا؟

9۔ پی۔سی۔مہالنوبس کون تھے؟

10۔ سبز انقلاب کا موجد کس کو مانا جاتا ہے؟

11۔ منصوبہ بندی کا ایک فائدہ بتائیے۔

12۔ سفید انقلاب سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

13۔ آزادی حاصل کرنے والے سالوں میں ترقی سے کیا مراد ہے؟

14۔ سبز انقلاب سے کیا مطلب ہے؟

15۔ پنج سالہ منصوبوں کا ماڈل بھارت نے کس ملک سے متاثر ہو کر اختیار کیا؟

16۔ صحیح متبادل چنیں

ہندوستانی صنعت کاروں کے ذریعے منصوبہ بند معیشت چلانے کے لیے ایک جوائنٹ تجویز تیار کی گئی سال............

(1) 1944 (2) 1945 (3) 1942 (4) 1946

17۔ ہندوستان میں شروعاتی دور میں ترقیات کی جو پالیسی اپنائی گئی ان میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا نظریہ شامل نہیں تھا۔

(1) منصوبہ (2) نرم کاری (3) اجتماعی کھیتی (4) خود کفالت

18۔ نیتی آیوگ کی تشکیل کس سال کی گئی۔

(A) 2010 (B) 2012 (C) 2014 (D) 2015

19۔ مندرجہ ذیل جملے کو صحیح کر کے لکھیں۔

قومی ترقیاتی کاؤنسل کے سربراہ صدر ہوتے ہیں۔

20۔ خالی جگہیں بھریں۔

ہندوستان میں پنج سالہ منصوبوں کی شروعات سال......................... میں ہوئی۔

21۔ نیتی آیوگ کے حالیہ نائب صدر مندرجہ ذیل میں سے کون ہیں۔

(A) ڈاکٹر سنجیو کمار (B) ڈاکٹر راجیو کمار

(C) ڈاکٹر راجیش کمار (D) ڈاکٹر مکیش کمار

## دو نمبر والے سوالات

1۔ بامبے پلان کیا تھا؟

2۔ ترقی کا کیرل ماڈل کیا تھا؟

3۔ Operation Flood کا اہم مقصد کیا تھا؟

4۔ سبز انقلاب کی شروعات کن حالات میں کی گئی؟

5۔ زمینی اصلاحات سے متعلق اٹھائے گئے دو اقدامات بیان کیجیے۔

6۔ دوسرا پنج سالہ منصوبہ پہلے پنج سالہ منصوبے کے مقابلے میں کس طرح مختلف تھا؟

7۔ زوننگ (علاقہ بندی) کے کوئی دو نتائج بیان کیجیے۔

8۔ بھارت کی معیشت کو ملی جلی معیشت کیوں کہتے ہیں؟

9۔ ایسی دو ریاستوں کے نام لکھیں جہاں HYV بیجوں کا استعمال ہوا؟

10۔ پوسکو پلانٹ کی آدمی کیوں مخالفت کر رہے تھے

11۔ مندرجہ ذیل کو آپس میں جوڑیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | چودھری چرن سنگھ | ............ | صنعتی ترقی |
| (ii) | پی۔سی۔مہالنوبس | ............ | علاقہ بندی |
| (iii) | ورگیس کورین | ............ | کسان لیڈر |
| (iv) | بہار کا قحط | ............ | کوآپریٹیو ڈیری |

12۔ نیتی آیوگ کے اہم مقاصد لکھیں:

## چار نمبر والے سوالات

1۔ دائیں بازو اور بائیں بازو میں کیا فرق ہے؟ (Imp)

2۔ ملی جلی معیشت کی تنقید کس بنیاد پر کی گئی ہے؟

3۔ پلاننگ کمیشن کے اہم کاموں کا ذکر کیجیے۔

4۔ بھارت میں غذائی بحران کے کیا نتائج ہوئے؟ (Imp)

5۔ آزادی کے وقت بھارت کی معیشت کی کیا مشکلات تھیں؟

6۔ بھارت کی ملی جلی معیشت کے ماڈل کے اہم نتائج کا جائزہ لیجیے۔

7۔ قومی ترقیاتی کاؤنسل کی تشکیل کیوں کی گئی؟

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔



(i) اوپر دیے گئے کارٹون میں کس مسئلہ کی جانب اشارہ کیا گیا ہے؟ 2

(ii) اس مسئلہ کا حل کس طرح نکالا گیا ہے؟ 1

(iii) دونوں جماعتوں کی جانب سے ایک ایک بیان دیجیے۔ 2

2۔ ''ترقی کے دو جانے مانے ماڈل تھے۔ ہندوستان نے ان میں سے کسی کو بھی نہیں اپنایا۔ سرمایہ دارانہ ماڈل میں ترقی کا کام پوری طرح نجی شعبے کے بھروسے ہوتا ہے۔ ہندوستان نے یہ راستہ نہیں اپنایا۔ ہندوستان نے ترقی کا سماجوادی ماڈل بھی نہیں اپنایا۔ جس میں ہر طرح کی پیداوار پر ریاست کا کنٹرول ہوتا ہے۔ ہندوستان نے دونوں ماڈل کے ملے جلے راستے کو اپنایا۔

(i) ترقی کے دو جانے مانے ماڈل کن دو ممالک سے متاثر تھے۔

(ii) سرمایہ دارانہ ماڈل اور سماجوادی ماڈل میں کیا فرق ہے۔

(iii) ہندوستان میں کون سی معیشت اپنائی اور کیوں؟

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ آزادی کے بعد بھارت میں اختیار کیے گئے معاشی ترقی کے ماڈل کی حمایت اور مخالفت میں مختلف بیانات واضح کیجیے۔

2۔ آزادی کے بعد سے لاگو پنچ سالہ منصوبوں سے کیا کامیابیاں حاصل ہوئیں بیان کیجیے۔

3۔ سبز انقلاب کے مثبت اور منفی پہلوؤں کا جائزہ لیجیے۔

4۔ آزادی حاصل کرنے کے بعد بھارت کی ترقی ہو رہی ہے لیکن پھر بھی قومی یکجہتی کے کچھ مدّے ابھی باقی ہیں۔ وضاحت کیجیے۔

5۔ سبز انقلاب کے ذریعے پیداوار بڑھانے کے لیے حکومت نے کیا اقدامات کیے؟

6۔ نیتی آیوگ کی تشکیل کے کیا جواز ہیں۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ پی۔سی۔مہالنوبس

2۔ جے۔سی۔کمارپا

3۔ معاشی ترقی اور تمام شہریوں کی بھلائی

4۔ علاقہ بندی کی پالیسی

5۔ لوہا دھات

6۔ سماج وادی ماڈل

7۔ ورگیس کورین

8۔ اناج کی پیداوار میں کمی

9۔ ماہر معاشیات اور دوسری پنچ سالہ منصوبہ کے بانی

10۔ ایم۔ ایس۔ سوامی ناتھن

11۔ دیے گئے مقررہ وقت میں مقاصد حاصل کرنا

12۔ دودھ اور دودھ سے بننے والی اشیا کی پیداوار کو بڑھانا

13۔ سب کی مساوی ترقی

14۔ غذائی پیداوار کو بڑھانا

15۔ سوویت یونین

16۔ 1944

17۔ نرم کاری

18۔ 2015

19۔ وزیراعظم

20۔ 1951

21۔ ڈاکٹر راجیو کمار

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ 1944 میں صنعت کاروں کے ایک گروپ کے ذریعے ملک میں منصوبہ بند معاشی نظام کو چلانے کے لیے تیار کی گئی تجویز

2۔ اس میں تعلیم، محنت، زمینی سدھار وغیرہ پر زور دیا گیا۔

3۔ دودھ کی پیداوار کرنے والوں کو پیداوار اور تقسیم کی ایک قومی مہم کے ساتھ جوڑا گیا۔

4۔
- سوکھا پڑنے اور قحط کی وجہ سے پیدا غذائی بحران
- گیہوں کو دوسرے ملکوں سے منگوایا گیا خاص طور سے امریکہ سے

5۔ زمینداری نظام کو ختم کر دیا گیا اور کاشتکاروں کو قانونی تحفظ فراہم کیا گیا۔

6۔ پہلا پنچ سالہ منصوبہ زراعت پر منحصر تھا جب کہ دوسرے پنچ سالہ منصوبے میں صنعتی ترقی پر زور دیا گیا۔
پہلے پنچ سالہ منصوبہ میں ترقی کی رفتار سست رہی لیکن دوسرے منصوبہ کی کوشش تیز رفتاری کے ساتھ تھی۔

7۔ مختلف ریاستوں کے درمیان غذائی اشیا کی تجارت نہیں ہو پا رہی تھی۔ بہار (قحط اور سوکھا) میں سب سے زیادہ غذائی بحران

تھا اور غذائی اشیا میں بھاری گراوٹ آ رہی تھی۔

8۔ کیوں کہ بھارت نے سرمایہ دارانہ اور سماج وادی دونوں ماڈل کو ملا کر اپنی ملی جلی معیشت کو قائم کیا ہے۔

9۔ پنجاب و آندھرا پردیش

10۔ آدی باسیوں کو اپنے روزگار کے چھن جانے اور گھر بار چھن جانے کا ڈر تھا اور ان کو ڈر تھا کہ کان کنی کی صنعت سے ماحول آلودہ ہوگا۔

11۔
| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | چودھری چرن سنگھ | ............ | کسان لیڈر |
| (ii) | پی۔سی۔مہالنوبس | ............ | صنعتی ترقی |
| (iii) | ورگیس کورین | ............ | کوآپریٹیو ڈیری |
| (iv) | بہار قحط | ............ | علاقہ بندی |

12۔ ملک کی سلامتی اور معاشی پالیسوں کے ساتھ تال میں قائم کرنا اور مخصوص شعبوں میں لازمی قانونی پروگراموں کا طویل مدتی ڈھانچہ تیار کرنا۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔
- غریب اور پچھڑے ہوئے سماجی طبقات کی حفاظت
- عام فلاحی ریاست اور سرکاری پالیسیوں کے حامی
- کھلے معاشی مقابلے اور بازاری معاشی نظام
- معیشت میں غیر ضروری مداخلت کی مخالفت

2۔
- نجی شعبوں کو بڑھاوا نہ دینا
- گھریلو بازار میں مقابلہ آرائی نہیں
- تعلیم اور علاج میں کم خرچ
- ریاستی مداخلت کے سبب ایک نئے متوسط طبقے کا آغاز

3۔ (i) ملک کے وسائل اور سرمایہ کا اندازہ لگانا

(ii) ترقی کے منصوبے بنانا

(iii) ترقی کی منزلوں کو طے کرنا

(iv) ترقی کی راہ میں آنے والی رکاوٹوں کا پتہ لگانا

(v) ترقی کے منصوبوں کا تجزیہ کرنا

4۔ (i) دوسرے ملکوں سے گیہوں منگوانا پڑا

(ii) خاص طور سے امریکہ کی مدد لینی پڑی

(iii) یہ طے کیا گیا کے مستقبل میں کس طرح غذائی طور پر ملک کو خود کفیل بنایا جائے

(iv) حکومت کے خلاف عوام کے بے چینی بڑھی

(v) عوام کا منصوبہ بندی پر سے یقین ختم ہونے لگا

5۔ (i) کمزور معیشت

(ii) فی کس آمدنی کا کم ہونا

(iii) معیار زندگی کا کم ہونا

(iv) زراعت کو اہمیت

(v) زراعت اور صنعتوں کی کم پیداوار

6۔ (i) زراعتی تجارت اور صنعتوں کا زیادہ تر حصّہ نجی ملکیت میں چھوڑ دیا گیا

(ii) حکومت کے ذریعے قائم خاص صنعتوں نے صنعتی ڈھانچے، تجارت اور زراعت میں مداخلت کی

7۔ (1) ملک کے سبھی حصوں میں تیز اور متوازن ترقی کرنا۔

(2) منصوبوں کو لاگو کرنے میں ریاستوں کے تعاون کو یقینی بنانا۔

(3) شہریوں کی معیار زندگی میں سدھار کرنا۔

(4) فی کس آمدنی میں اضافہ کرنا۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) عوامی اور نجی زمروں کا مسئلہ

(ii) ملی جلی معیشت کے ذریعے

(iii) ■ عوامی شعبوں میں بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنا

■ نجی شعبوں میں بازاری معیشت کا حامی ہونا

2۔ (i) سرمایہ دارانہ ماڈل امریکہ۔ سماجوادی ماڈل سوویت یونین

(ii) سرمایہ دارنہ ماڈل میں نجی جائداد کا وجود ہوتا ہے۔ پیداوار کے وسائل پر نجی لوگوں یا تنظیم کا کنٹرول ہوتا ہے جبکہ سماجوادی ماڈل میں پیداوار کے وسائل پر ریاست کا کنٹرول ہوتا ہے۔

(iii) ہندوستان نے ملی جلی معیشت کو اپنایا اور اپنے ملک کی ترقی کے لیے دونوں ماڈلوں میں سے کچھ کچھ باتوں کو اپنایا اور انہیں ملے جلے روپ سے لاگو کیا۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ **حمایت**

(i) بھارت کی ترقی کے معنی معاشی ترقی اور سماجی انصاف ہونا چاہیے

(ii) ترقی کے مدّے کو صرف تجارتی لوگوں، صنعت کاروں اور کسانوں پر ہی نہیں چھوڑا جا سکتا۔ اس میں حکومت کو بھی ایک اہم رول ادا کرنا ہوگا

(iii) صنعت بنام زراعت، نجی بنام عوامی شعبوں سے جڑے مدّعوں پر متفق نہ ہونا

**مخالفت**

(i) حکومت کے ذریعے پیش کیے گئے رول پر متفق نہ ہونا

(ii) اگر معاشی ترقی سے نابرابری ہو تو انصاف کی ضرورت سے جڑے مدّعوں پر ناراضگی

(iii) زراعت بنام صنعت۔ عوام بنام نجی شعبہ سے جڑے مدّعوں پر متفق نہ ہونا

2۔ (i) بھارت کے مستقبل کی بنیاد مضبوط

(ii) زمینی اصلاحات کے اقدامات شروع

(iii) قومی آمدنی میں اضافہ

(iv) سماجی انصاف قائم ہوا

(v) تعلیم میں اضافہ ہوا

(vi) پیداوار میں خودکفیل

3۔ **مثبت نتائج**

(i) زراعت کے میدان میں خودکفیل

(ii) دیہاتی علاقوں میں ترقی

(iii) غذائی اشیا میں خودکفیل ہونے کے سبب بیرونی زرمبادلہ میں اضافہ

(iv) قومی آمدنی میں اضافہ

(v) صنعتی ترقی کا عمل تیز ہوا

(vi) روزگار کے مواقع بڑھے

**منفی نتائج**

(i) علاقائی نابرابری میں اضافہ

(ii) چھوٹے کسانوں اور زراعتی مزدوروں کو فائدہ نہیں ہوا

(iii) امیر اور غریب کے درمیان فرق بڑھا

(iv) دائیں بازوں اور بائیں بازوں کی سرگرمیاں تیز ہوئیں

4۔ (a) جہالت

(b) ذات پات

(c) لسانیت

(d) غریبی وغیرہ

5۔ یاد رکھنے لائق نکات دیکھیں

6۔ (1) ہندوستان کے موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے۔ منصوبہ کمیشن عالم گیریت کے دور کی نئی چنوتیوں سے نمٹنے میں نا اہل تھا۔

(2) ملک کی سیاسی۔ معاشی۔ سماجی۔ سماجی اور تکنیکی حالتوں میں تبدیلیاں ہو رہی تھیں۔

(3) ہندوستان اب ترقی پذیر سے ترقی یافتہ ملک بننے کی طرف آمادہ ہے۔

# باب۔ تین


# ہندوستان کی خارجہ پالیسی

خارجہ پالیسی کے اصول
ہندوستان کے دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات: امریکہ۔روس۔چین۔اسرائیل۔
ہندوستان کے پڑوسی ممالک کے ساتھ تعلقات: پاکستان۔بنگلہ دیش۔نیپال۔
سری لنکا۔میانمار۔
ہندوستان کا نیوکلیائی پروگرام

ہندوستان بہت چنوتیوں سے بھرے بین الاقوامی حالات میں آزاد ہوا تھا۔اس وقت تقریباً پوری دنیا دو گٹوں میں بٹ چکی تھی۔ایسے میں ہندوستان کے وزیراعظم جواہرلال نہرو نے بڑی دوراندیشی کے ساتھ ہندوستان کی خارجہ پالیسی طے کی۔

## یاد رکھنے لائق نکات:

- بھارت کی خارجہ پالیسی پر ملک کے پہلے وزیراعظم اور وزیرخارجہ جواہرلعل نہرو کی گہری چھاپ پائی جاتی ہے۔نہرو کی پالیسی کے تین خاص مقاصد تھے:
  - ایک طویل جدوجہد کے بعد حاصل ہوئی آزادی واقتدار کو بچائے رکھنا
  - ملک کی علاقائی سالمیت کو بنائے رکھنا
  - ملک کی تیز رفتاری کے ساتھ معاشی ترقی کرنا
  - نہرو ان سبھی مقاصد کو ناوابستگی کی پالیسی اپنا کر ہی حاصل کرنا چاہتے تھے۔




- **ناوابستگی کی پالیسی:۔**

بے تحاشا کوششوں سے ملی آزادی کے بعد ہندوستان کے سامنے ایک بڑی چنوتی اپنے اقتدار اعلیٰ کو بچائے رکھنے کی تھی اس کے علاوہ ہندوستان کو تیز معاشی اور سماجی ترقی کو حاصل کرنا تھا۔ اس لیے ان دونوں مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے ہندوستان نے ناوابستگی کی پالیسی کو اپنی خارجہ پالیسی کے ایک اہم اجزا کی شکل میں شامل کیا۔

اس پالیسی کے ذریعے ہندوستان سرد جنگ کے آپسی مخالف خیموں اور ان کے ذریعے چلائے جانے والے قومی اتحادوں جیسے ناٹو۔ وارسا پیکٹ سے خود کو دور رکھ سکا۔ وہیں ضرورت پڑنے پر دونوں ہی خیموں سے معاشی مدد بھی حاصل کر سکا۔

ایشیا اور افریقہ کے نئے آزاد ممالک کے درمیان مستقبل میں اپنی اہم اور خاص پوزیشن کے امکانات کا اندازہ کرتے ہوئے ہندوستان نے نوآبادیات کی مخالفت کی حمایت کی۔ اس سلسلے میں 1955 میں انڈونیشیا کے شیر بانڈونگ میں ایفروایشیائی کانفرنس ہوئی جس میں ناوابستہ تحریک کی بنیاد پڑی۔ ستمبر 1961 میں بیلگریڈ میں پہلا ناوابستہ کانفرنس منعقد ہوئی۔ موجودہ وقت میں اس تحریک میں تیسری دنیا کے 120 ملک ممبر ہیں۔ دسمبر 2016 میں ناوابستہ تحریک کا 17 واں اجلاس وینیز ویلا میں ہوا۔ 18 ویں کانفرنس جون 2019 میں آزربائجان میں ہوئی۔

- **پنچ شیل:** 29/اپریل 1954 کو وزیراعظم جواہر لعل نہرو اور چین کے صدر چاؤ این لائی کے درمیان معاہدہ جس میں پانچ اہم نکات کو شامل کیا گیا:

- ایک دوسرے کے خلاف حملہ نہ کرنا
- ایک دوسرے کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہ کرنا
- ایک دوسرے کی علاقائی سالمیت کا احترام کرنا
- مساوات اور ایک دوسرے کے ساتھ دوستی کا جذبہ
- پرامن بقائے باہمی

# ہندوستان کے دوسرے ممالک سے تعلقات

## ہندوستان اور امریکہ کے تعلقات

ہندوستان اور امریکی تعلقات خاص طور سے سرد جنگ کے ختم ہوجانے کے بعد کافی اہم ہوگئے ہیں۔ ہندوستان نے آزادانہ تجارت وعالم کاری کی پالیسی اختیار کرکے اپنا اہم مقام قائم کیا جس کے نتائج آج ظاہر ہورہے ہیں۔

- امریکہ آج بھارت کا سب سے بڑا تجارتی حصہ دار بن رہا ہے۔
- امریکہ کے ہر صدر کا بھارت سے تعلقات مضبوط بنانے کے لیے بھارت کا سفر کرنا۔
- امریکہ میں رہنے والے بھارت کے لوگوں کا Silicon Valley میں دبدبہ۔
- اعلیٰ ٹکنالوجی کو 15 فی صد بڑی مہمات ہندوستانی امریکیوں کے ہاتھوں میں ہیں۔
- براک اوباما کے 2015 کے ہندوستان دورہ کے دوران تحفظی سودوں سے متعلق سمجھوتوں کی شروعات کی گئی اور کئی میدانوں میں ہندوستان کو قرض دینے کا اعلان کیا گیا۔

موجودہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی آوٹ سٹینگ پالیسی سے ہندوستان کے تجارتی مفاد متاثر ہونے کے امکانات ہیں۔ حال میں مختلف عالمی منچوں پر امریکہ کر راشٹر پتی اور ہندوستان کے وزیراعظم کے بیچ ہوئی ملاقات اور بات چیت کو دونوں ممالک کے بیچ معاشی، سیاسی، ثقافتی اور فوجی تعلقات کو مضبوط کرنے کے سمت میں مثبت شکل میں دیکھا جاسکتا ہے۔

ہندوستان اور امریکہ دونوں ممالک نے جنوبی چین ساگر میں بین الاقوامی قانون کے تحت سبھی ممالک کے مفاد کے تحفظ کے لیے Code of Conduct کے بنانے پر زور دیا ہے۔

امریکہ اور ہندوستا دونوں نے عالمی سطح پر خوشحالی اور متاثر کن ترقی کو بڑھانے کی اپنی مشترکہ پابندیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے دوسرے ممالک میں تعاون کے United States Agency for International Development (USAID) کے بیچ نئی ساجھیداری کی پہل کی حمایت کی ہے۔

عالمی امراض Covid-19 کے دور می ہندوستان اور امریکہ حیرت انگیز تعاون کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ یہ تعاون نہ صرف صحت کے شعبے میں بلکہ توانائی تحفظ۔ دفاعی شعبے۔ تکنیکی شعبے اور فوجی شعبے میں بھی لگاتار بڑھ رہا ہے۔ ہندوستان چین سرحد پر ہونے والی تشددی جھڑپ کے بعد سے امریکہ اور ہندوستان کے تعلقات میں گہرائی نظر آ رہی ہے۔ ان حالات میں ہندوستان کو امریکہ کی طرفداری بھی حاصل ہوتی ہے۔

عالمی امراض Covid-19 کے دوران امریکہ نے ہندوستان کو امداد صحت کے طور پر تقریباً 60 لاکھ ڈالر کی مدد کی ہے۔ ہندوستان نے بھی امریکہ ہائیڈروکلوروبون (HCQ) دوائیں مہیا کی ہیں۔ دماغی صحت کے معاملے میں تعاون کے لیے ہندوستان کے صحت اور خاندانی فلاحی شعبے اور امریکہ کے ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز شعبے کے بیچ سمجھوتے دستخط کیے گئے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی نشیلی دواؤں پر کنٹرول کے لیے امریکہ کے ذریعے سے تعاون ملا ہے۔

ہندوستان اور امریکہ کے بیچ حالیہ دوطرفہ تعلقات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ہندوستان کی نئی تکنیکی۔ سلامتی اور فلاحی جیسے اہم شعبوں میں امریکہ کے ساتھ دوسرے ممالک سے بھی وسیع غیر ملکی سرمایہ کاری کو بڑھانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

- **ہندوستان اور روس تعلقات**

ترقی یافتہ کمیونسٹ ممالک کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات اچھے ہیں۔ خاص طور سے روس کے ساتھ تعلقات کافی خوشگوار ہیں۔

- روس اور بھارت دونوں کے سامنے ایک کثیر قطبی عالمی نظام کا تصّور ہے۔
- دونوں ممالک اجتماعی سلامتی، علاقائی اقتدار، آزادانہ خارجہ پالیسی، بین الاقوامی تنازعات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنا اور اقوام متحدہ پر یقین رکھتے ہیں۔
- 2001 میں بھارت اور روس کے ذریعے 80 سے زیادہ دوطرفہ معاہدوں پر دستخط ہوئے ہیں۔
- بھارت روس کے ہتھیار کا خریدار ہے۔
- بھارت روس سے تیل درآمد کرتا ہے۔
- روس اور بھارت نے کئی سائنسی منصوبوں پر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کیا ہے۔

- 1991 سے لے کر آج تک قومی مفاد کو مدّ نظر رکھتے ہوئے بھارت روس کے علاوہ امریکہ کے ساتھ بھی اپنے تعلقات کو خوشگوار بنانے کی کوششیں کر رہا ہے۔

- گوا میں دسمبر 2016 میں ہوئی BRICS کانفرنس کے دوران روس اور ہندوستان کے بیچ 17 ویں سالانہ کانفرنس میں ہندوستان کے وزیر اعظم نریندر مودی اور روس کے صدر Vladimir Putin کے بیچ ایٹمی توانائی خلائی مہم کے ساتھ معاشی تعلقات کو بڑھاوا دینے اور ان کے مقاصد کو حاصل کرنے پر زور دیا گیا۔

مختصراً عالمی سطح پر دوسرے ممالک کے مقابلے میں روس کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات قریبی اور بے حد مضبوط رہے ہیں۔ ہندوستان اور روس تاریخی طور سے۔ دفاع۔ تجارت۔ توانائی۔ خلا وغیرہ کے میدان میں ایک دوسرے سے جڑے ہیں۔ حال ہی میں روس کی وزارت دفاع کے بلانے پر ہندوستان کے وزیر دفاع دوسری جنگ عظیم کی 75 ویں وجے دوس پریڈ میں شامل ہونے کے لیے ماسکو (روس) پہنچے تھے۔ ہندوستان کے وزیر دفاع نے تین دن کے روس کے دورے کے دوران ہندوستان اور روس کے تعلقات کو مخصوص ساجھے داری بتایا۔ اور دونوں ممالک کے بیچ دوطرفہ دفاعی پابندیوں کو جاری رکھتے ہوئے جلد ہی کئی دوسرے شعبوں میں بھی دوطرفہ تعلقات کو اور زیادہ مضبوط کرنے کو دہرایا۔

پچھلے کچھ دنوں سے ہندوستان اور چین کے بیچ سرحدی علاقوں میں تناؤ دیکھا جا رہا ہے۔ اس تناؤ کو دور کرنے کے لیے دونوں ہی ممالک کے بیچ پر امن بات چیت چل رہی ہے لیکن ان واقعات کے بیچ ہی دونوں ملک ایک دوسرے پر سبقت حاصل کرنے کی کوشش بھی کر رہے ہیں۔ ان حالات میں ہندوستان کو امریکہ کا تعاون بھی حاصل ہوا ہے۔ سابق راشٹر پتی ڈونلڈ ٹرمپ کے ذریعے G-7 پلس گروپ میں ہندوستان کو شامل کرنا اس کی بڑی ہوئی سبقت ظاہر کرتا ہے۔ اس وقت امریکہ اور چین کے تعلقات میں مختلف مدوں پر تناؤ بنا ہوا ہے۔ ایسے حالات میں ہندوستان کے لیے اہم ہے کہ وہ بدلتی زمینی سیاست میں کس طرح اپنے مفادات کو بڑھاتا ہے۔

- ہندوستان اور چین تعلقات (تنازعات کے میدان میں)
  - 1949 میں انقلاب چین کے بعد چین کی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنے والا بھارت پہلے ملکوں میں سے ایک تھا۔ جواہر لعل نہرو نے چین کے ساتھ اچھے تعلقات قائم رکھنے کی شروعات کی۔
  - نائب وزیر اعظم اور وزیر داخلہ ولبھ بھائی پٹیل نے اس بات پر توجہ دلائی کہ چین بھارت پر حملہ کر سکتا ہے۔ نہرو کا خیال یہ تھا کہ ایسی کوئی امید نہیں ہے۔
  - جب 1950 میں چین نے تبت پر اپنا قبضہ کر لیا تو تبت کی عوام نے اس کی مخالفت کی۔ بھارت نے اس کی کھلی مخالفت نہیں کی۔ تبت کے مذہبی رہنما دلائی لاما نے اپنے حامیوں کے ساتھ بھارت سے سیاسی تحفظ کی مانگ

کی اور 1959 میں دلائی لاما کو بھارت میں اس کے حامیوں کے ساتھ سیاسی پناہ مل گئی۔ چین نے بھارت کے اس قدم کی سخت مخالفت کی۔

- چین اور بھارت کے درمیان جھگڑے کا دوسرا اہم سبب سرحدی تنازعہ ہے۔ چین جموں و کشمیر کے لداخ والے حصّہ میں آ کسائی چین اور ارونا چل پردیش کے ایک کثیر علاقے پر جو اس وقت NEFA کہلاتا تھا اپنا قبضہ جمائے ہوئے ہے۔
- چین کے ذریعے لگا تار پاکستان کی مدد کی جارہی ہے۔
- چین بھارت کے ایٹمی تجربات کی مخالفت کرتا ہے۔
- بنگلہ دیش اور میانمار سے چین کے فوجی تعلقات کو بھارت کے مفاد کے خلاف مانا جاتا ہے۔
- انجمن اقوام متحدہ نے دہشت گرد تنظیم جیش-اے-محمد پر پابندی لگانے والی تجویز کو پیش کیا۔ چین کے ذریعے ویٹو پاور کا استعمال کرنے سے یہ تجویز رد ہوگئی۔
- ہندوستان نے اظہر مسعود کو دہشت گرد قرار دینے کے لیے UNO میں تجویز پیش کی جس پر چین نے ویٹو پاور کا استعمال کیا۔
- چین کا خود غرض منصوبہ One Belt one Road جو کہ Pak سے ہو کر گزرے گا۔ اسے ہندوستان کو گھیرنے کے طریقے کی شکل میں لیا جارہا ہے۔
- 2017 میں بھوٹان کے زمینی حصہ۔ لیکن ہندوستان کے لیے بہت اہم ڈوک لام پر قبضے کے دعوے کو لے کر دونوں ممالک کے بیچ لمبا تنازعہ چلا جس میں دونوں ممالک کے بیچ تعلقات کشیدہ ہو گئے۔ لیکن اس تنازعے کے حل کے لیے ہندوستان کی بے پناہ کوششوں اور ہندوستان کے رخ کو عالمی سطح پر سراہا گیا۔

- ہندوستان-چین (تعاون کے میدان میں)

- چین کے ذریعے ارونا چل پردیش میں اپنی دعویداری جتانے، پاکستان سے چین کی دوستی اور ہندوستان کے خلاف چین کی مدد سے دونوں کے تعلقات خراب رہتے ہیں۔ لیکن ہندوستان چین کے ساتھ سرحدی تنازعہ کے حل کے لیے کوشاں ہیں۔

- 1970 کی دہائی میں چین کی قیادت بدل جانے سے اب بات چیت کے ذریعے عام برتاؤ کو اہمیت دی جارہی ہے۔
- دونوں ممالک نے ثقافتی۔ سائنسی اور تکنیکی میدان میں آپسی تعاون دیا ہے اور دونوں تجارت کے لیے چار پوسٹ کھولنے

کے لیے معاہدے بھی کئے ہیں۔ دوسرے مما لک میں توانائی سودا حاصل کرنے کے معاملے میں بھی دونوں ملک آپسی تعاون کے ذریعے حل نکالنے کی کوششیں کر رہے ہیں۔

- عالمی میدان میں ہندوستان اور چین نے عالمی تجارتی تنظیم جیسے دیگر بین الاقوامی معاشی تنظیموں کے ساتھ مساوی پالیسیاں اختیار کی ہیں۔
- 2014 میں چین کے صدر شی زیپنگ نے بھارت کا دورہ کیا جس میں اہم معاہدہ کیلاش منسرورسفر کے لیے آپسی رضامندی سے سڑک کا راستہ کھولنا تھا۔
- مئی 2016 میں ہندوستان کے صدر پرنب مکھر جی چین کے دورہ پر گئے ہیں یہ دورہ چین کے ذریعے اقوام متحدہ میں پاکستان کے دہشت گرد اظہر مسعود کی حمایت میں ویٹو کرنے۔ NSG کے ذریعے یورینیم کی ہندوستان کو امداد۔ ہندوستان کو NPT پر دستخط کرنے کے لیے مجبور کرنا جیسے مشکل مدعوں کو حل کرنے پر بات چیت ہوئی۔
- ہندوستان اور چین کے ساتھ تعلقات کو مثبت شکل دینے کے لئے ہندوستان کے وزیراعظم شری نریندر مودی اور چین کے صدر شی زیپنگ کے ذریعے کوششیں کی جارہی ہیں دونوں مما لک امن وسلامتی کو بڑھاوا دینے کا عہد کر چکے ہیں۔
- ہندوستان کے وزیراعظم کے ذریعے People to people تعلقات پر STRENGTH کے عہد کی بنا پر زور دیا جا رہا ہے۔

(رسم ورواج تجارت تکنیک) S-Spiri Luality T-Tradition Trade Technology

(آرٹ۔فلمیں) Entertainment (تعلقات) R-Relationship

N-Nature Conservation (Nature کا تحفظ) G-Games T-Tourism

H-Health & Healing

ہندوستان اور چین کے بیچ ڈوکلام علاقے میں فوجی تعیناتی 16 جون 2017 کو شروع ہوئی تھی۔ دونوں مما لک کی آپسی ڈپلومیٹک کوششوں سے یہ تعیناتی 28 اگست 2017 کو ختم ہوگئی۔

حال ہی میں چین کے ذریعے ہندوستان کی طرف سے لگا تار کی جانے والی مانگ کو مانتے ہوئے پاکستان کی دہشت گرد تنظیم جیش اے محمد کے سرغنہ اظہر مسعود کو عالمی دہشت گرد قرار دینے کی سلامتی کونسل کی تجویز پر رضامندی دی گئی۔ جیسے ہندوستان چین تعلقات کے بیچ سدھار کی شکل میں دیکھا جاسکتا ہے۔

مئی 2018 میں دونوں ملک صحت۔ تعلیم اور غذائی تحفظ کے میدان میں افغانستان میں اپنے ترقیاتی پروگرام کی شمولیت کے لیے راضی ہوئے۔

11 اکتوبر 2019 کو چین کے صدر شی جن پنگ نے ہندوستان اور چین کے بیچ دوسری غیر رسمی بیٹھک کے لیے نرنیدر مودی کے ساتھ ملاقات کی۔

- **ہندوستان اور اسرائیل تعلقات**

اسرائیل اور آزاد جمہوری ہندوستان کا عروج ایک ہی سال 1947 میں ہوا۔ حالانکہ قانونی طور پر اسرائیل کو آزادی 1948 میں ملی دونوں ممالک کے شروعاتی تعلقات اچھے نہیں تھے۔

شروعاتی بے یقینی کے بعد چین جنگ کے وقت اسرائیل نے جدید طرح کے ہتھیاروں سے ہندوستان کی مدد کی۔

اسرائیل اور ہندوستان کے بیچ 90 کی دہائی میں دوطرفہ تعلقات فروغ پانے شروع ہوئے۔

2015 کے بعد سے ہندوستان اور اسرائیل کھلے طور پر ایک دوسرے کو معاون ملک کہنے لگے۔

انجمن اقوام متحدہ میں اسرائیل میں انسانی حقوق کی پامالی سے متعلق ووٹ کی تجویز کے وقت ہندوستان موجود نہیں رہا۔

ہندوستان کے وزیر اعظم کا پہلا دورہ اسرائیل میں 2017 میں ہوا۔

2018 میں بنجامن نیتن یاہو نے 6 دنوں کا ہندوستان کا لمبا دورہ کیا۔

2020 میں اسرائیل نے کرونا وائرس کے پھیلنے کو روکنے کے لیے No Contract Policy کے ذریعے استقبال کے طریقے ''نمستے'' کو اپنایا ہے۔

Covid-19 امراض کو روکنے کے لیے ہندوستان کے ذریعے اسرائیل کو ضروری دواؤں کی فراہمی کا تعین کرایا جا رہا ہے۔

ہندوستانی حکومت نے اسرائیلی دوا مفت کے لیے میڈیکل ٹیم بھیجنے اور کچے مال کے لیے N-95 فیس ماسک اور دوسرے علاج کے سامان کی فراہمی کا یقین کرنے کی منظوری دی ہے۔

مارچ 2020 میں ہندوستان ن اسرائیل کے ساتھ 880 کروڑ روپیہ کا ایک دفاعی سودا بھی کیا ہے۔

ہندوستان نے اسرائیل کی دفاعی کمپنیوں کو ''میک ان انڈیا'' میں مشترکہ پیداوار کے لیے کیا ہے۔ اور دفاعی شعبے میں ہندوستان کی آزاد خارجی پالیسی کا فائدہ اٹھانے کے لیے مشترکہ پیداوار کرنے کی تجویز دی۔

# ہندوستان کے پڑوسی ممالک سے تعلقات

- ## ہندوستان - پاکستان تعلقات

- بھارت کی تقسیم 1947 کے سبب پاکستان وجود میں آیا۔ پاکستان کے ساتھ بھارت کے تعلقات شروع سے ہی خراب رہے ہیں۔کشمیر کے مسئلہ پر آزادی کے فوراً بعد ہی دونوں ملکوں کی فوجوں کے درمیان جنگ ہوئی جس میں پاکستان نے کشمیر کے ایک بڑے حصّہ پر قبضہ کرلیا۔
- LOC، سیاچن گلیشیئر ،دہشت گردی اور کشمیر دونوں ممالک کے درمیان جھگڑے کے اہم سبب ہیں۔
- 1960 میں دریائی پانی کے پرانے مسئلے کو عالمی بینک کی نگرانی میں سلجھایا گیا جس پر جواہرلعل نہرو اور جنرل ایوب نے ہندو پاک سندھ پانی معاہدہ پردستخط کیے۔
- 1965 میں پاکستان نے ہندوستان پرحملہ کردیا۔موجودہ وزیراعظم لال بہادر شاستری نے جے جوان جے کسان کا نعرہ دیا کیونکہ اس وقت بھارت میں قحط/سوکھا کی حالت تھی۔ ہماری فوجیں لاہور کے نزدیک تک پہنچ گئی تھیں۔
- اقوام متحدہ کی مداخلت سے جنگ ختم ہوگئی۔1966 میں تاشقند معاہدہ ہوا جس میں لال بہادر شاستری اور جنرل ایوب خاں نے دستخط کیے۔
- 1970 میں پاکستان کے پہلے عام انتخابات میں مغربی پاکستان میں PPP کے ذوالفقار علی بھٹو جبکہ مشرقی پاکستان (موجودہ بنگلہ دیش) میں عوامی لیگ کے شیخ مجیب الرحمٰن (بنگ بندھو) کو کامیابی حاصل ہوئی۔دونوں حصوں میں زبان اور ثقافت کو لے کر کافی فرق پائے جاتے تھے۔
- پاکستان کے ذریعے مشرقی پاکستان میں دخل اندازی کے خلاف عوام نے بغاوت کردی۔شیخ مجیب الرحمٰن کو گرفتار کرلیا گیا۔80 لاکھ بنگلہ دیشی شرنارتھی بھارت میں گھس آئے۔اس وقت کی وزیراعظم اندرا گاندھی نے اس مکتی سنگرام کو اپنی اخلاقی حمایت سمجھا۔پاکستان نے ہندوستان پر اس کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کا الزام لگایا۔
- 1971 میں پاکستان کو چین اور امریکہ سے مدد ملی اس صورت میں اندرا گاندھی نے سوویت یونین کے ساتھ بیس سالہ دوستانہ تعلقات کے معاہدے پر دستخط کیے۔

- 1971 میں پاکستان نے ہندوستان کے خلاف مکمل سطح پر جنگ شروع کردی۔ پاکستانی جہازوں نے پنجاب اور راجستھان پر حملہ کیا۔اس جنگ میں بھارت کو کامیابی حاصل ہوئی اور پاکستان کی 90,000 ہزار فوج کو ہتھیار ڈالنے پڑے۔ پاکستان میں ایک نئے ملک بنگلہ دیش کا وجود عمل میں آیا۔
- 1972 میں شملہ معاہدہ ہوا جس پر اندرا گاندھی اور ذوالفقار علی بھٹو نے دستخط کیے۔
- 1999 میں پاکستان سے تعلقات ہموار کرنے کی غرض سے بھارت نے دہلی-لاہور بس سروس کو شروع کیا لیکن بھارت کے خلاف پاکستان نے کارگل جنگ شروع کردی۔
- کارگل میں خود کو مجاہدین کہنے والے پاکستانی دہشت گرد فوج نے کئی اہم علاقوں پر اپنا قبضہ کرلیا لیکن ہندوستانی افواج نے بہادری سے مقابلہ آرائی کر کے ان علاقوں کو خالی کروایا۔
- پاکستان کے وزیراعظم نواز شریف کا ہندوستان کا دورہ اور ہندوستان کے وزیراعظم نریندر مودی کا پاکستان کا دورہ دونوں ممالک کے بیچ تعلقات کو سدھارنے کے لیے کیا گیا۔لیکن پاکستان کی طرف سے Cease Fire کو توڑنا اور دہشت گردوں کے گھسنے کی کارروائی نے دونوں ممالک کے تعلقات کو ناخوشگوار بنادیا ہے۔
- 2016 میں اُری میں فوجی آفس پر پاکستان حامی دہشت گردوں کے ذریعے کئے گئے دہشت گردانہ حملے نے اور جواب میں ہندوستان کی طرف سے کی گئی فوجی کارروائی نے دونوں ممالک کے بیچ کشاکش کو اور بڑھادیا۔
- 2018 میں پاکستان میں عمران خان کی رہنمائی میں نئی منتخب حکومت کے ساتھ ہندوستان کی حکومت کے ذریعے کی گئی امن کوششوں کے بعد بھی پاکستان کی طرف سے لگاتار تنازعاتی ٹھہراؤ کو توڑنے اور دہشت گردوں کی گھس پیٹھ کی وجہ سے دونوں ممالک کے بیچ تعلقات میں سدھار کے امکانات لگاتار کم ہوئے ہیں۔
- جنوری 2019 میں جموں کشمیر میں CRPF کے جوانوں پر پاکستان دہشت گردوں کے ذریعے جان لیوا حملے کئے گئے جس کے جواب میں ہندوستانی ہوائی فوج کے ذریعے کی گئی کارروائی میں دونوں ممالک کے بیچ جنگ کے حالات پیدا کئے ۔اس کے علاوہ ہندوستان میں پاکستان کو 1996 سب سے زیادہ Most (MFN) Favoured Nation کا درجہ بھی چھین لیا۔

- ## ہندوستان اور بنگلہ دیش

1971 میں بنگلہ دیش کے بننے میں ہندوستان نے مثبت کردار ادا کیا تھا۔اور مغربی پاکستان کی فوجوں کو ہرا کر مشرقی پاکستان کے لوگوں کو آزادی دلائی۔لیکن کچھ سالوں بعد بنگلہ دیش کے ساتھ کئی معاملات پر تنازعے پیدا ہوئے۔جو مختصراً ہیں:

- ہندوستان اور بنگلہ دیش کے بیچ ایک تنازعہ تو برہم پتر ندی اور گنگا ندی کے پانی سے متعلق ہے۔
- بنگلہ دیش سے لاکھوں لوگ غیر قانونی طور پر ہندوستان میں آتے رہتے ہیں۔ہندوستان کے تحفظ اور معیشت پر اس کا برا اثر پڑتا ہے۔بنگلہ دیش انہیں روکنے کی کوشش نہیں کرتا۔
- بنگلہ دیش ہندوستان مخالف اسلامی کٹر فرقوں اور دہشت گروں کو پناہ دیتا ہے۔ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کرتا۔
- بنگلہ دیش کی سرحد پر تعینات فوجی ہندوستانی سرحد پر تعینات فوجیوں سے جھگڑتے رہتے ہیں۔اور دونوں کے آپسی تعلقات کو ناخوشگوار بنانے میں اہم کردار نبھاتے ہیں۔

  ان سبھی تنازعات کے باوجود دونوں ممالک کئی مقامات میں تعاون بھی کرتے ہیں۔
- ہندوستان نے ''مشرق کی طرف دیکھو'' پالیسی میں بنگلہ دیش کو اپنے ساتھ شریک کیا ہے۔
- قدرتی آفات، ماحولیات، معاشی تعاون اور مشترکہ حقہ داری کے ذریعے دونوں ممالک ایک دوسرے کے قریب آتے ہیں۔
- تعلیم اور ثقافت کے شعبہ میں لین دین بڑھا ہے۔رسل اور رسائل اور آمد ورفت کے شعبے میں بھی آپسی تعاون پر زور دیا گیا ہے۔

- ## ہندوستان اور نیپال

- ہندوستان اور نیپال کے بیچ تعلقات اچھے ہیں۔معاہدے کے مطابق دونوں ممالک کے شہری ایک دوسرے کے ملکوں میں بنا پاسپورٹ اور ویزا کے آجا سکتے ہیں۔اور کام کر سکتے ہیں۔ نیپال اپنی معاشی ترقی کے لیے ہندوستان کی مدد پر منحصر ہے۔
- دونوں ممالک نے تجارت، سائنسی تعاون، مشترکہ قدرتی وسائل، بجلی کی پیداوار اور پانی کے انتظام وغیرہ پر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کیا ہے۔

- غیر ملکی تجارت کی سہولیات اور ہندوستان کے ذریعے اسپتال بنانے کی سہولیات۔
- ہندوستان نے نیپال میں سڑکوں کی تعمیر کی ہے۔نیپال کا پہلا ہوائی اڈا بھی ہندوستان نے ہی بنا کر دیا ہے۔ لیکن پھر بھی دونوں ممالک کے بیچ تناؤ کے مدے بھی ہیں۔
- نیپال کی کمیونسٹ پارٹی کا جھکاؤ چین کی طرف ہے۔جس سے دونوں کے بیچ شک کے حالات پیدا ہو جاتے ہیں۔
- نیپال حکومت کے ذریعے ہندوستان مخالف اجزا کے خلاف کارروائی نہ کرنا۔
- نیپال کے ذریعے ہندوستانی کی حکومت پر اندرونی معاملات میں دخل دینے کا الزام۔
- ندی پانی اور پن بجلی پر نظر رکھنا۔
- نیپال کو ہندوستان کے راستے سمندر تک پہنچنے سے روکنا۔

## ہندوستان اور سری لنکا

ہندوستان اور سری لنکا کے بیچ تناؤ کی صرف ایک ہی وجہ ہے۔تمل مسئلہ۔سری لنکا میں نسلی تنازعہ ہے۔جس میں اقلیتی تمل اکثریتی سنہالیوں کے ساتھ جھگڑا کرتے رہے ہیں۔1987 کی فوجی مداخلت (جب ہندوستان نے سری لنکا کے کہنے پر ہندوستان سے امن فوج بھیجی اور سنہالی لوگوں نے اسے سری لنکا کے اندرونی معاملات میں دخل اندازی مانا) کے بعد ہندوستان نے علیحدگی کی پالیسی کو اپنایا ہے۔اس کے باوجود دونوں ممالک نے (Free Trade) آزاد تجارت پر سمجھوتے بھی کیے ہیں۔سنامی کے قہر کے بعد ہندوستان کے سری لنکا کی تعمیر نو میں اسے معاشی مدد بھی دی ہے۔جس سے دونوں کے تعلقات میں کافی سدھار آئے ہیں۔

## ہندوستان میانمار تعلقات

تاریخی اور ثقافتی طور پر ہندوستان اور میانمار کے تعلقات کافی گہرے ہیں۔کیوں کہ برطانوی حکومت کے دوران 1935 تک میانمار ہندوستان کی حکومت کے ساتھ ہی تھا۔1935 کے ایکٹ کے تحت میانمار کو ایک الگ نوآبادی بنا دیا گیا۔

برطانوی دور حکومت میں ہی جنوبی ہندوستان کے بیٹیار مسلم فرقے کے کئی لوگ میانمار چلے گئے تھے 1948 میں میانمار کو آزادی ملی۔1947 سے لیکر 1965 تک ہندوستان اور میانمار کے تعلقات خوشگوار رہے۔

لیکن 1965 سے میانمار میں فوجی حکومت قائم ہوگئی۔ہندوستان فوجی حکومت کا ہمیشہ مخالف رہا ہے۔میانمار میں فوجی

حکومت قائم ہونے سے ہندوستان کے میانمار سے تعلقات میں کشیدگی آ گئی۔فوجی حکومت نے میانمار میں رہنے والے چٹیار مسلم فرقہ کے ساتھ ظالمانہ سلوک کئے ان کی جائدادیں ہڑپ لیں۔ ہندوستان نے اس کی مخالفت کی لیکن بےاثر رہی ۔ چٹیار فرقے کے مسلم برما چلے گئے یہاں پہلے روہنگیا مسلمان رہتے تھے برما میں بودھ مذہب کے لوگوں کی اکثریت تھی انھوں نے روہنگیا مسلمانوں کے خلاف تشدد کئے۔ روہنگیا اس تشدد سے بچ کر بنگلہ دیش پہنچے لیکن وہاں کی خراب معاشی حالت کو دیکھتے ہوئے ہندوستان میں پناہ لی۔

- تعاون کے مدّے

1993 میں پی۔ وی نرسمہا راؤ نے ''مشرق کی طرف دیکھو'' پالیسی میانمار سے شروع کی۔ اس پالیسی کا خاص مقصد ہندوستان کی تجارت کی سمت اپنے پڑوسی ممالک اور مغربی ممالک سے ہٹا کر ابھرتے ہوے جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کی طرف کرنی تھی۔

- نام کلیو املام راج مارگ منصوبہ 2001 میں اٹل بہاری واجپئی کے ذریعے شروع گیا گیا۔
- 2014 میں نرنیدر مودی جی کے ذریعے Look Act Plolicy کی شروعات میانمار سے ہی کی۔
- میانمار مو Gate way of Asean خطاب نرنیدر مودی کے ذریعے ہی دیا گیا۔
- ہندوستان میانمار۔تھائی لینڈ راج مارگ منصوبہ کو ویتنام اور کمبوڈیا تک بڑھانے کا فیصلہ 2016 میں لیا گیا۔

کالا دان ملٹی ماڈل منصوبہ کے ذریعے کلکتہ بندرگاہ اور بنگلہ دیش کو ستوے بندرگاہ کو جوڑا گیا۔

2017 میں آزاد ویزا پالیسی ہندوستان ن میانمار کے ساتھ جاری کی اس کے تحت میانمار کے لوگ ہندوستان آ سکتے ہیں لیکن ان سے کوئی فیس نہیں لی جائے گی۔ ہندوستان اور میانمار BIMSTEC کے ممبر بھی ہیں 2017 میں وزیراعظم نریندر مودی کے میانمار کا دورہ کیا (یاگن شہر)

ہندوستان کی خارجہ پالیسی کو اہمیت دینے اور اپنے دفاعی تعلقات کو مستحکم کرنے کے لیے ہندوستان میانمار کو فوجی تربیت فراہم کرتا رہتا ہے۔

IMBAX-2017, 18, 19 اور IMBAX-2019-20 کے ذریعے ہندوستان نے میانمار کے ساتھ تربیتی فوجی مشق بھی کی ہے۔

2019 میں میانمار کے دفاعی افسر من آ نگ ہلنگ نے ہندوستان کے دورے پر دوران ایک دفاعی تعاون پر دستخط کئے ہیں۔

اپنے Made in India اسلحہ صنعت کو فروغ دینے کے لیے اور اپنی فوجی برآمد کو بڑھانے کے لیے ہندوستان نے میانمار کو ساتھ رکھا ہے۔

- **تنازعات کے مدّے**

- ULFA and NSCN دہشت گرد تنظیموں کو اپنی زمین مہیا کروانا۔
- روہنگیا مسلمان مہاجرین تنازعہ جس میں میانمار کی حکومت نے روہنگیا مسلمان کو اپنے ملک کے باشندے ماننے سے انکار کردیا۔
- میانمار کی فوجی حکومت کی ہندوستان ہمیشہ مخالفت کرتا رہا ہے۔لیکن چین نے وہاں کی فوجی حکومت کی طرفداری کی ہے۔
- چین اور میانمار کے بیچ کافی حد تک نزدیکیاں بڑھ رہی ہیں۔میانمار کی اسٹیٹ ساسو کی میانمار میں چلائی گئی جمہوری تحریک کو بڑھاوادیا۔

- **ہندوستان کا نیوکلیائی پروگرام:**

ہندوستان کی نیوکلیائی پالیسی ہمیشہ ہی امن پسند رہی ہے۔جس کی وضاحت ''پہلے استعمال نہیں''(No first use) کی پالیسی سے ہوجاتی ہے۔لیکن دور حاضر میں علاقائی تحفظ سے متعلق چنوتیوں کی وجہ سے وزیر اعظم نریندر مودی کی رہنمائی والی حکومت نے یہ واضح کردیا ہے کہ ہندوستان کے علاقائی اور قومی تحفظ کے مطابق ''پہلے استعمال نہیں'' پالیسی کا تجزیہ کیا جا سکتا ہے۔اور اس میں تبدیلی بھی لائی جاسکتی ہے۔اس کے ساتھ ہی ہندوستان نیوکلیائی فراہم کردہ گروپ میں اپنی ممبرشپ حاصل کرنے کے لیے بھی پابند ہے۔ہندوستان نے CTBT تجربات پر مکمل پابندی کے معاہدے CTBT) اور نیوکلیائی غیر توسیع معاہدہ(NPT) کو تفریق آمیز اور غیر منصفانہ مانتے ہوئے ان کی مخالفت کی۔

- مئی 1974 میں ہندوستان کے ذریعے راجستھان کے جیسلمیر میں پوکھرن نام کے مقام پر پہلا نیوکلیائی تجربہ کیا گیا۔مئی 1998 میں اسی مقام پر ہندوستان نے پانچ نیوکلیائی تجربات کرکے خود کو اس میدان میں دنیا کے سامنے مثالی بنادیا۔

- **ہندوستان کی نیوکلیائی پالیسی کے اصول**

  - نیوکلیائی توانائی کا پرامن استعمال کرے گا۔
  - غیر امتیازی نیوکلیائی ترک اسلحہ کی پالیسی کا پابند رہے گا۔
  - بھارت اپنی سلامتی کے لیے نیوکلیائی ہتھیار رکھے گا لیکن ''استعمال میں پہل نہیں'' کے اصول پر قائم رہے گا۔
  - 1968 کا نیوکلیائی غیر توسیع معاہدہ(NPT) جانبدارانہ(Nuclear Non-Proliferation) ہے

■ نیوکلیائی ہتھیاروں سے آزاد دنیا کی تشکیل کا حامی ہے

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ بھارت کی خارجہ پالیسی کی دو اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

2۔ جواہر لعل نہرو نے پنچ شیل کا اعلان کب کیا؟

3۔ بھارت کے ذریعے ناوابستگی کی پالیسی اختیار کرنے کا کیا سبب تھا؟

4۔ ہندوستان-چین جنگ کب ہوئی؟

(A) 1948 (B) 1962 (C) 1965 (D) 1971

5۔ NEFA کس صوبے کو کہا جاتا ہے۔

(A) آسام (B) میزورم

(C) آندھرا پردیش (D) اروناچل پردیش

6۔ NPT کو مکمل کر کے لکھیں۔

7۔ بھارت نے 1959 میں کسے سیاسی پناہ دی تھی؟

8۔ بھارت نے اپنا پہلا نیوکلیائی تجربہ کب اور کہاں کیا؟

(A) 1965 پنجاب میں (B) 1971 مغربی بنگال میں

(C) 1974 راجستھان کے پوکھرن میں (D) 1978 راجستھان کے پوکھرن میں

9۔ ''بنگ بندھو'' کے نام سے کسے جانا جاتا ہے؟

10۔ بنگلہ دیش کا وجود کب عمل میں آیا؟

11۔ NATO کو تفصیل سے لکھیں۔

12۔ بھارت نے اپنا دوسرا نیوکلیائی تجربہ کب اور کہاں کیا؟

(A) 1998 راجستھان کے پوکھرن میں (B) 2000 گجرات میں

(C) 2004 کیرل میں (D) 2014 ہریانہ میں

13۔ کشمیر کے مسئلے کو اقوام متحدہ نے کب اپنی ''متنازعہ علاقوں کی فہرست'' سے نکال دیا؟

14۔ مندرجہ ذیل جملوں میں سے کونسا غلط ہے۔

1۔ ناوابستگی کی پالیسی اپنانے کی وجہ سے ہندوستان کو سوویت یونین اور ریاستہائے متحدہ امریکہ دونوں کی مدد حاصل کر سکا۔

2۔ ہندوستان میں 1968 میں NPT پر دستخط کرنے سے منع کر دیا۔

3۔ سرد جنگ کا اثر ہندوستان پاکستان تعلقات پر بھی پڑا۔

4۔ ہندوستان اور امریکہ میں 20 سالہ امن معاہدے پر دستخط کئے۔

15۔ اروناچل پردیش کو اس وقت............ کہا جاتا تھا۔

16۔ میک موہن سرحدی لائن کن دو ممالک کے بیچ کھینچی گئی۔

17۔ ناوابستہ ممالک کے موجودہ ممبروں کی تعداد بتائیے۔

(A) 110 (B) 120 (C) 130 (D) 140

18۔ سندھ ندی پانی سمجھوتہ کن دو ممالک کے بیچ ہوا۔

## دو نمبر والے سوالات

1۔ پنچ شیل معاہدہ پر کن لیڈروں نے دستخط کیے؟

2۔ بھارت-چین کے درمیان جھگڑوں کے کوئی دو موضوع بیان کیجیے۔

3۔ تاشقند معاہدہ کن دو ممالک کے درمیان ہوا اور کب؟

4۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان سندھ ندی پانی کی تقسیم کا معاہدہ کب ہوا؟ اس معاہدہ میں کس نے ثالثی رول ادا کیا؟

5۔ بھارت نے CTBT پر دستخط کرنے سے کیوں منع کر دیا؟

6۔ شملہ معاہدہ کب اور کس کے بیچ ہوا؟

7۔ بھارت نے بیس سالہ تعلقات کا معاہدہ کس ملک کے ساتھ کیا اور کیوں؟

8۔ بھارت چین کے درمیان ''قدیمی سلک روٹ'' تجارت کے لیے کھول دیا گیا؟ یہ کون سا روٹ ہے؟

9۔ شملہ معاہدہ کی دو اہم باتیں بیان کیجیے۔

10۔ مندرجہ ذیل کو مناسب شکل میں جوڑیے

| | | |
|---|---|---|
| (i) | 1950-61 کے دوران بھارت کی خارجہ پالیسی کا مقصد | اس کی شروعات ناوابستہ تحریک میں ہوئی |
| (ii) | پنچ شیل | تبت کے مذہبی لیڈر جو سرحد پار کر کے بھارت چلے آئے |
| (iii) | بڈونگ کانفرنس | علاقائی سالمیت اور اقتدار کی حفاظت و معاشی ترقی |
| (iv) | دلائی لاما | پرامن بقائے باہمی کے پانچ اصول |

## چار نمبر والے سوالات

1۔ پنچ شیل کے کوئی چار اصول بیان کیجیے۔

2۔ 1962 کے بھارت-چین جنگ کا بھارت کی ترقی پر کیا اثر پڑا؟

3۔ بھارت کے نیوکلیائی پروگرام کو مختصراً بیان کیجیے۔

4۔ ''خارجہ پالیسی پر سبھی سیاسی جماعتوں کی عام حمایت حاصل ہے'' نوٹ لکھیے

5۔ ''1971 کے بھارت-پاکستان جنگ میں بھارت نے ناوابستگی کی پالیسی کو چھوڑ دیا''۔ اس بیان کا تنقیدی جائزہ لیں۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ کسی ملک کی قومی قیادت کس طرح اس ملک کی خارجہ پالیسی کو متاثر کرتی ہے؟ بھارت کی خارجہ پالیسی سے کوئی دو مثالیں لیتے ہوئے تفصیل سے بیان کیجیے۔

2۔ 1977 کے بعد عالمی سیاست میں آئی تبدیلیوں کے بھارت کی خارجہ پالیسی پر پڑنے والے اثرات بتائیے۔

3۔ بھارت-چین تعلقات میں فرق اور حمایت کے نکات بیان کیجیے۔ (Imp)

4۔ بھارت کی خارجہ پالیسی کے اہم اصول کون کونسے ہیں؟ (Imp)

5۔ ہندوستان کے ذریعے نیوکلیائی پالیسی اور پروگرام اپنانے کی کوئی چار وجوہات بتائیں۔

6۔ ہندوستان اور اسرائیل کے تعلقات کو تفصیل سے لکھیں۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ ناوابستگی اور پنچ شیل

2۔ 1954 میں

3۔ دنیا میں چل رہی گٹ بندی سے دور رہنا اور آزادانہ ترقی کے لیے ناوابستگی کی پالیسی اختیار کرنا

4۔ 1962

5۔ اروناچل پردیش

6۔ Nuclear Non-Proliferation Treaty

7۔ تبت کے مذہبی لیڈر دلائی لاما

8۔ 1974 میں راجستھان کے پوکھرن میں

9۔ شیخ مجیب الرحمٰن

10۔ 1971

11۔ North Atlantic Treaty Organisation

12۔ 1998 میں راجستھان کے پوکھرن میں پانچ نیوکلیائی تجربات

13۔ 2010

14۔ ہندوستان اور امریکہ نے 20 سال معاہدہ پر دستخط کیے۔

15۔ NEFA یا شمال مشرقی سرحد

16۔ ہندوستان اور چین

17۔ 120 ممبر

18۔ ہندوستان اور پاکستان۔

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ بھارت کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لعل نہرو اور چین کے چاؤ این لائی

2۔ تبت، اروناچل پردیش سمیت سرحدی تنازعہ

3۔ بھارت اور پاکستان......1966

4۔ 1960، عالمی بینک

5۔ کیونکہ بھارت مانتا ہے کہ یہ معاہدہ بھید بھاؤ سے بھرا ہے

6۔ 1972 میں ہندوستان اور پاکستان کے بیچ

7۔ 1971 میں سوویت یونین کے ساتھ...... کیونکہ بھارت امریکہ، چین اور پاکستان کے محور کو توڑنا چاہتا تھا۔

8۔ سکم اور تبت کے درمیان ناتھولہ درہ

9۔ جھگڑوں کا پرامن طریقے سے حل، طاقت کا استعمال نہیں، LOC کو تسلیم کرنا، ذرائع ترسیل کو قائم کرنا

| | | | |
|---|---|---|---|
| 10۔ | (i) | 1950-64 کے دوران بھارت کی خارجہ پالیسی کا مقصد | علاقائی سالمیت، اقتدار کی حفاظت اور معاشی ترقی کرنا |
| | (ii) | پنچ شیل | پرامن بقائے باہمی کے پانچ اصول |
| | (iii) | بڑونگ کانفرنس | اس کی شروعات ناوابستہ تحریک کی شکل میں ہوئی |
| | (iv) | دلائی لاما | تبت کے مذہبی لیڈر جو سرحد پار کر کے بھارت چلے آئے۔ |

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ ناوابستگی، پنچ شیل، علاقائی سالمیت اور تیز رفتاری سے معاشی ترقی کرنا

2۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

3۔
- بھارت کی بین الاقوامی پہچان کو نقصان
- قومی اعتماد کو ٹھیس
- غیر ضروری معاشی دباؤ
- سیاسی ناپائیداری وغیرہ

4۔ ■ 1940 کی دہائی میں ہومی جہانگیر بھابھا کی نگرانی میں شروعات

■ 1974 میں پہلا اور 1998 میں دوسرا نیوکلیائی تجربہ پوکھرن میں کیا گیا

■ NPT اور CTBT کی مخالفت

■ نیوکلیائی پالیسی کا اعلان اور پرامن کاموں کے لیے نیوکلیائی طاقت کا استعمال

5۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

6۔ خود جواب دیں۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) ناوابستگی کی پالیسی

(ii) پنڈت جواہر لال نہرو

(ii) بھارتیہ جن سنگھ۔ سونتر پارٹی اور ڈاکٹر بی۔ آر۔ امبیڈکر یہ امریکہ سے نزدیکیاں بڑھانے کے حق میں تھے۔

2۔ 1۔ 1962 میں ہندوستان کو ہار اس لیے جھیلنی پڑی کیوں کہ ہندوستان کی فوجی تیاری اچھی نہیں تھی اور سیاسی رہنمائی اس مدے پر کوشا نہیں تھی۔

2۔ ہندوستان اور چین کے تعلقات 1976 کے بعد دھیرے دھیرے سدھرنے شروع ہوئے۔

3۔ ستر کی دہائی میں چین میں سیاسی تبدیلی ہوئی اور اب اس کی پالیسی میں نظریاتی مدوں کی جگہ عملیاتی مدوں نے لے لی۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ ■ قیادت کرنے والی جماعت کے نظریات کا اثر

■ جماعت کی ترقی کرنے سے متعلق پالیسیوں کا اثر

■ جواہر لعل نہرو کے ذریعے ناوابستگی کی پالیسی کو لاگو کرنا

■ راجیو گاندھی کے ذریعے پڑوسی ممالک کے ساتھ تعلقات خوشگوار بنانا

■ اٹل بہاری واجپائی کے ذریعے نیوکلیائی پالیسی کا اعلان

2۔ (i) جنتا پارٹی حکومت کے ذریعے حقیقی ناوابستگی کی پالیسی کو لاگو کرنا

(ii) سوویت یونین کے ساتھ جھکاؤ کا خاتمہ

(iii) چین اور امریکہ کے ساتھ تعلقات میں سدھار

(iv) علاقائی تعاون بڑھانے پر زور

(v) فوجی مفاد کے مقابلے میں معاشی مفاد و ترقی پر زور دینا

(vi) 1990 کی دس سالوں میں امریکی حمات والی پالیسیوں کی مخالفت

3۔ **مت بھید (فرق):** سرحدی تنازعہ، پاکستان کو بھارت کے خلاف مختلف سرگرمیوں میں مدد کرنا، تبت کا مسئلہ وغیرہ

حمایت: ماحولیاتی مدعوں پر ترقی یافتہ ممالک کے خلاف، WTO میں ترقی پذیر ممالک کی حمایت کرنا، معاشی تعاون بڑھانے پر رضامندی وغیرہ۔

4۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں۔

5۔ یاد رکھنے لائق نکات دیکھیں۔

6۔ یاد رکھنے لائق نکات دیکھیں۔

# باب۔ چار

# ہندوستان میں پارٹی اور پارٹی نظام

## کانگریسی نظام ۔ دو پارٹی نظام ۔ کثیر گٹھ بندھن نظام

**یاد رکھنے لائق نکات:**

- بھارت کے لیڈروں کی آزادی کی تحریک کے زمانے سے ہی جمہوری نظام میں گہری دلچسپی تھی۔ اس لیے آزادی کے بعد بھارت نے جمہوریت کا راستہ اختیار کیا جب کہ اس وقت آزاد ہوئے دوسرے کئی ملکوں میں غیر جمہوری حکومتیں قائم ہوئیں۔
- 26/ جنوری 1950 کو آئین نافذ ہونے کے وقت ملک میں عارضی اندرون حکومت تھی۔ اب ملک کے آئین کے مطابق نئی حکومت کے لیے انتخابات کروانے تھے۔ جنوری 1950 میں الیکشن کمیشن کی تشکیل کی گئی۔ سوکمار سین ملک کے پہلے چیف الیکشن کمشنر تھے۔
- الیکشن کمیشن کی چنوتیاں
  - آزاد اور غیر جانبدار انتخابات کروانا
  - انتخابی حلقوں کی حدود متعین کرنا
  - افسران اور انتخابی ملازمین کو تربیت دینا
  - تعلیمی کمی کے سبب الیکشن کے خاص عمل کے بارے میں سوچنا
- اکتوبر 1951 سے فروری 1952 تک پہلے عام انتخابات ہوئے۔ پہلے تین عام انتخابات میں کانگریس پارٹی کی بالادستی رہی۔
- ہندوستان میں ایک ہی سیاسی جماعت کی بالادستی دنیا کے دیگر ممالک میں ایک پارٹی کی بالادستی سے مندرجہ ذیل بنیاد پر مختلف تھی۔
- دیگر ممالک میں ایک پارٹی کی بالادستی جمہوریت کی قیمت پر قائم ہوئی۔

- چین، کیوبا اور سیریا جیسے ممالک میں آئین صرف ایک ہی پارٹی کو اجازت دیتا ہے
- میکسکو میں PRI کی تشکیل 1929 میں ہوئی اور 60 سال تک اس پارٹی کی پوری طرح تاناشاہی رہی۔
- ہندوستان میں ایک پارٹی کی بالادستی جمہوریت اور آزادانہ انتخابات کے ساتھ ہوئی۔
- **پہلے تین عام انتخابات میں کانگریس کی بالادستی کے اسباب**
  - آزادی کی تحریک میں اہم رول ادا کرنا
  - سب سے پرانی سیاسی جماعت
  - پارٹی کا مکمل طور سے قومی سطح پر کام کرنا
  - پارٹی میں شامل مشہور لیڈر
  - سبھی لوگوں کو ایک ساتھ ملا کر کام کرنے کا عمل
  - بھارت کا انتخابی طریقہ
- کانگریس پارٹی کی شکل ایک سماجی اور نظریاتی گٹھ بندھن کی ہے۔ کانگریس میں کسان اور صنعت کار، شہر کے باشندے اور گاؤں کے لوگ، مزدور اور مالکان، نچلے اور اعلیٰ طبقات وغیرہ سبھی لوگوں کو جگہ دی گئی۔
- کانگریس میں انقلاب پسند اور پرامن، قدامت پسند اور آزاد خیال، اعتدال پسند اور انتہا پسند سبھی طرح کے لوگوں کو ایک ساتھ پارٹی میں شامل رکھا۔ کانگریس کے گٹھ بندھن کے تحت مخالف جماعتوں کے سامنے مشکلات ہی رہیں جب کہ کانگریس کو عام طاقت ملی۔
- انتخابی مقابلوں کے پہلے دس سالوں میں کانگریس نے حکمراں پارٹی کا رول ادا کیا۔ کانگریس نے مخالف جماعت کا بھی رول ادا کیا۔ اسی وجہ سے ہندوستانی سیاست کے اس دور کو کانگریسی نظام کہا جاتا ہے۔

## چند اہم مخالف جماعتیں

| سیاسی جماعت کا نام | کب قائم ہوئی (تفصیل) | اہم لیڈر | سیاسی جماعت کی اہم پالیسیاں |
|---|---|---|---|
| سوشلسٹ پارٹی | 1934 میں کانگریس کا ایک گٹ اور 1948 میں کانگریس سے الگ نئی سیاسی جماعت بنی | جے پرکاش نارائن<br>اشوک مہتہ، ایم۔این۔جوشی<br>رام منوہر لوہیا وغیرہ | جمہوری سماج واد میں یقین |

| | | | |
|---|---|---|---|
| کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا | 1935 سے ہی کانگریس میں ایک گروپ۔ 1941 میں کانگریس سے الگ ہوکر 1964 میں چین کی جنگ کے سبب پارٹی میں تقسیم ہوگئی۔ | اے۔کے۔گوپالن ایس۔اے۔ڈانگے پی۔سی۔جوشی اجے گھوش،ای ایم ایس نمبودری پد | پیداور کے ذرائع پر سرکار کا کنٹرول، عام تقسیم کا نظام،کسانوں اور مزدوروں کے مفاد کی حمایت،امریکی اور مغربی ممالک کی مخالفت |
| بھارتیہ جن سنگھ | 1951 میں قائم ہوئی | شیاما پرساد مکھر جی دین دیال اپادھیائے بلراج مدھوک اٹل بہاری واجپئی لال کرشن اڈوانی وغیرہ | ایک ملک،ایک تہذیب اور ایک قوم کا تصور، ہندی قومی زبان، آرٹیکل 370 کی مخالفت، ایٹمی ہتھیاروں کی تشکیل، حکومت کی کم دخل اندازی وغیرہ |
| سوتنتر پارٹی | اگست 1959 کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا | سی۔راج گوپال آچاری کے۔ایم۔منشی این۔جی۔رنگا اور مینو مسانی وغیرہ | حکومت کی کم مداخلت، آزادانہ معاشی نظام، مرکزی منصوبہ بندی، پرائیویٹ سیکٹر کو ترقی دینا، زرعی زمین کی سیلنگ،سرکاری کاشت کاری اور سرکاری تجارت کی مخالفت کرنا |

- نہرو کی وفات کے بعد کانگریس کے سامنے کئی چنوتیاں آئیں جو مندرجہ ذیل ہیں:

- ## 1۔ سیاسی جانشینی کا چیلنج

مئی 1964 میں وزیر اعظم جواہر لعل نہرو کے انتقال کے بعد 11/ جنوری 1966 تک لال بہادر شاستری بھارت کے وزیر اعظم رہے۔ شاستری جی کا 10/ جنوری 1966 میں تاشقند میں انتقال ہوگیا۔ ان کی موت کے بعد کانگریس سنڈی کیٹ کے مرار جی ڈیسائی کے بجائے اندرا گاندھی کو وزیر اعظم بنایا گیا۔

سنڈی کیٹ نے اندرا گاندھی کو اس وجہ سے وزیر اعظم بنایا کیوں کہ وہ ایک نا تجربہ کار خاتون تھیں اور حکومت چلانے کے لیے انھیں سنڈی کیٹ پر منحصر رہنا پڑے گا۔ قیادت کے لیے مقابلہ آرائی کے باوجود پارٹی میں اقتدار کی منتقلی پر امن ڈھنگ سے مکمل ہوگئی۔

- ## 2۔ چوتھے عام انتخابات 1967:

■ بارش کی کمی، خشک سالی اور خوراک کی کمی نے ملک میں ایک بڑا چیلنج کھڑا کر دیا تو دوسری جانب 1965 میں

پاکستان کے ساتھ جنگ کا سامنا کرنا پڑا۔فوجی اخراجات میں مکمل اضافہ کے سبب معاشی حالت دن بدن خراب ہورہی تھی جس کا بھرپور فائدہ مخالف سیاسی جماعتوں نے اٹھایااور ملک گیر پیانے پرعوامی تحریکیں شروع کردیں۔ایسی صورت میں ایک ناتجربہ کار وزیراعظم کے لیے یہ زبردست چنوتی تھی۔

- انتخابات کے نتائج کو ''سیاسی زلزلہ'' کا نام دیا گیا۔کانگریس 9 ریاستوں (اتر پردیش، مدھیہ پردیش، پنجاب، ہریانہ، بہار، مغربی بنگال، اڑیسہ، مدراس اور کیرل) میں حکومت قائم نہ کرسکی۔ یہ ریاستیں بھارت کے کسی ایک حصے میں شامل نہیں تھیں۔

## 3۔ کانگریس کی تقسیم

سنڈی کیٹ اوراندرا گاندھی کے درمیان بڑھتے فرق اور صدر کے انتخابات (1969) میں اندرا گاندھی کی حمایت والے امیدوار وی۔وی۔گری کی جیت اور این۔سنجیوا ریڈی کی ہار سے بدحواس ہوکر سنڈی کیٹ نے اندرا گاندھی کو کانگریس سے نکال دیا اور کانگریس دو حصوں میں بٹ گئی۔

- کانگریس آرگنائزیشن (پرانی کانگریس) (Congress Organisation)
- کانگریس ریکویزیشن (نئی کانگریس) (Congress Requisitionists)

- 1971 کے انتخابات میں کانگریس نے اپنی کھوئی ہوئی پہچان کو حاصل کرنے کے لیے اندرا گاندھی نے مندرجہ ذیل اقدامات کیے:
  - غریبی ہٹاؤ کا نعرہ
  - پریوپرس کا خاتمہ
  - بینکوں کو قومی ملکیت میں لانا
  - زمین سدھار اور حد بندی قانون
  - غریب، محروم، اقلیتی بے روزگار خواتین کو امداد
  - لال بہادر شاستری 1964 سے 1966 تک وزیراعظم رہے۔اس مدت میں ملک نے دو چنوتیوں کا سامنا کیا۔ 1۔1965 ہندوستان پاکستان جنگ 2۔غذائی بحران، (مانسون کی خرابی سے)
    ان چنوتیوں سے نپٹنے کے لیے شاستری جی نے جے جوان جے کیسان کا نعرہ دیا۔

- 1965 کے جنگ کے ختم ہونے کے بعد 1966 میں تاشقند میں ہندوستان اور پاکستان کے بیچ تاشقند سمجھوتہ ہوا۔ اس سمجھوتے میں ہندوستان کی طرف سے لال بہادر شاستری اور پاکستان کی طرف سے محمد ایوب خان نے دستخط کیئے۔
- 1960 کی دہائی کو خطرناک دہائی بھی کہا جاتا ہے۔ کیوں کہ اس دوران ہندوستان نے دو جنگوں کا سامنا کیا۔ (1962 میں ہندوستان چین اور 1965 میں ہندوستان پاکستان) اس کے علاوہ ملک میں مانسون کی ناکامی سے سوکھے کی حالت
- چوتھے عام چناؤ کے دوران ملک کی معاشی حالت ڈانواڈول تھی مہنگائی بڑھ گئی تھی۔ بڑھتی بے روزگاری غذائی بحران، ان سب کی وجہ سے عوام کی مخالفت بڑھتی چلی گئی۔
- جو دل اپنے پروگرام اور نظریات کی بنا پر ایک دوسرے سے الگ تھے انھوں نے سیٹوں کے معاملے میں انتخابی تال میل کرتے ہوئے ایک کانگریس مخالف مورچہ بنایا رام منوہر لوہیا نے اس مورچے کو غیر کانگریسی کا نام دیا۔

- عظیم اتحاد

- اندرا گاندھی کے لیے حالات کو خراب کرنے اور 1971 کے انتخابی عمل کو میاب بنانے کے لیے تمام غیر کمیونسٹ اور غیر کانگریسی سیاسی جماعتوں نے مل کر ایک ''عظیم اتحاد'' قائم کیا۔
- 1967 کے انتخابات سے ریاستوں میں گٹھ بندھن کے واقعات سامنے آئے۔ غیر کانگریسی پارٹیوں نے آپس میں مل کر SVD (سنکیت ودھائک دل) بنایا۔ پنجاب میں SVD سے بنی ریاستی حکومت کو یونائٹڈ فرنٹ کہا گیا۔

- **دل بدل** : جب کوئی نمائندہ کسی پارٹی کے انتخابی نشان سے الیکشن جیت جائے اور کامیاب ہو جانے کے بعد اس سیاسی جماعت کو چھوڑ کر دوسری سیاسی پارٹی میں شامل ہو جائے تو اسے دل بدلی کہتے ہیں۔
- 1967 کے انتخابات کے بعد کانگریس کے ایک لیڈر (ہریانہ) کے گیالال نے تین بار پارٹی بدلی۔ ان کے ہی نام پر'' آیارام+گیارام'' کی کہاوت دل بدلی سے متعلق عام ہوگئی۔
- **سنڈیکیٹ** : کانگریس پارٹی میں ایک طاقتور بااثر گروپ تھا جس کا مکمل طور سے پارٹی پر کنٹرول تھا اس میں چند اہم شخصیات تھیں۔

(i) مدراس کے سابق وزیر اعظم ...... کے۔ کامراج

(ii) بمبئی سے ...... ایس۔ کے پاٹل

(iii) میسور(کرناٹک) ...... کے۔ایس۔منجلنپّا

(v) آندھراپردیش ...... نیلم سنجیوا ریڈی

(v) مغربی بنگال ...... اتولی گھوش

- **1969 کے صدر کے چناؤ** :ڈاکٹر ذاکر حسین کی وفات کے بعد سنڈیکٹ نے موجودہ لوک سبھا اسپیکر این سنجیوا ریڈی کو کانگریس پارٹی کا امیدوار اعلان کر دیا۔اندرا گاندھی نے موجودہ نائب صدر وی وی گری کو آزاد امیدوار کی شکل میں صدر عہدے کے لیے میدان میں اترنے کی حمایت کی۔اندرا گاندھی ''ضمیر کی آواز'' پر ووٹ ڈالنے کے لیے کہا۔وی وی گری چناؤ جیت گئے۔

- 1969 میں صدر کے چناؤ کے بعد کانگریس کی تقسیم ہوگئی۔

کانگریس

| | |
|---|---|
| Congress R(کانگریس R) | Congress O(کانگریس O) |
| (اندرا گاندھی کی سربراہی والا کانگریس گروپ) | (سنڈیکیٹ کی سربراہی والا کانگریس گروپ) |
| (Congress Requisitionists) | (Congress Organisation) |

- دس ریاستوں کا الحاق ہندوستان وفاق میں کرنے سے پہلے حکومت نے ریاستوں کے موجود حکمراں خاندان کو مقرر تعداد میں نجی جائداد رکھنے کا حق دیا۔اور حکومت کی طرف سے کچھ خاص بھتہ دینے کا بھی یقین دیا۔یہ دونوں (نجی جائداد اور بھتے) اس بات کی بنا پر طے کیے جائیں گے کہ اس ریاست کی آمدنی اور دوسرے وسائل کا تناسب کتنا ہے۔اس نظام کو پروی پرس کہا گیا)

- اندرا گاندھی نے اپنے کھوئے ہوئے وقار کو حاصل کرنے کے لیے 1967 کے انتخابات میں دس نکاتی پروگرام کو اختیار کیا گیا جس کے ذریعے بینکوں کو قومی ملکیت میں لینا،غذائی اشیا کی سرکاری تقسیم اور زمینی سدھار سے متعلق بہت سے پروگرام شامل تھے۔

- اندرا گاندھی کے خلاف تمام غیر کانگریسی جماعتوں نے ملک کر عظیم اتحاد قائم کیا۔
- اندرا گاندھی نے ان انتخابات میں ''غریبی ہٹاؤ'' کا نعرہ دیا جبکہ ان کی مخالف جماعتوں نے مل کر عظیم اتحاد کے ذریعے'' اندرا ہٹاؤ'' کا نعرہ دیا۔
- **انتخابات کے نتائج**

| | |
|---|---|
| کانگریس آر اور سی۔ پی۔ آئی | 375 سیٹیں (کانگریس آر۔352) |
| گٹھ بندھن | (کمیونسٹ پارٹی23) |
| کانگریس O | 16 سیٹ |
| عظیم اتحاد | 40 سے بھی کم سیٹیں |

- **کانگریس نظام کی دوبارہ تشکیل**
  - کانگریس اب مکمل طور پر اعلیٰ لیڈر کی قیادت میں ایک مشہور و معروف سیاسی جماعت تھی۔
  - کانگریس اب مختلف مفاد اور خیالات کو ساتھ لے کے چلنے والی پارٹی نہیں تھی۔
  - اندرا گاندھی نے کانگریس پارٹی کی شکل کو بدل کر اسے دوبارہ مکمل طور پر منظّم کر دیا
- **غریبی ہٹاؤ کی سیاست**

غریبی ہٹاؤ کا نعرہ اور اس سے جڑی ہوئی سیاست اندرا گاندھی کی ذاتی سوچ کا حصہ تھا جس کی بنیاد پر وہ عوام سے نہ صرف حمایت حاصل کرنا چاہتی تھیں بلکہ تمام ملک کے غریب عوام کے ساتھ ساتھ دیگر عوام اور طبقات کو بھی ساتھ ملا کر سیاسی حمایت کی بنیاد قائم کرنا چاہتی تھیں۔ اندرا گاندھی نے زمین سے محروم کسانوں، دلت اور آدی باسی، اقلیتوں، خواتین اور بے روزگار نوجوانوں کو اپنی حمایت کی بنیاد بنا کر کامیابی حاصل کرنے کی کوشش کی جس کے نتائج 1971 کے انتخابات کی شکل میں ان کے سامنے تھے۔

- **دو پارٹی نظام**
  - جنوری 1977 میں اپوزیشن پارٹیوں کے ملک کر جنتا پارٹی کی تشکیل کی۔

- کانگریس لیڈر بابو جگ جیون رام نے ''کانگریس فار ڈیموکریسی'' پارٹی کی تشکیل کی جو بعد میں جنتا پارٹی میں شامل ہو گئی۔
- جنتا پارٹی نے ایمرجنسی کی زیادتیوں کو مدعا بنا کر اسے رائے شماری کی شکل دی۔
- 1977 کے چناؤ میں کانگریس کو لوک سبھا میں 154 سیٹیں اور جنتا پارٹی اور اس کے معاون پارٹیوں کو 330 سیٹیں۔
- ایمرجنسی کا اثر شمالی ہندوستان میں زیادہ ہونے کی وجہ سے 1977 کے چناؤ میں نہ کہ برابر سیٹیں ملیں۔
- جنتا پارٹی کی حکومت میں مرار جی دیسائی، وزیراعظم، چودھری چرن سنگھ اور جگ جیون رام، دو نائب وزیراعظم بنے۔
- جنتا پارٹی کی حکومت میں متعین مستحکم رہنمائی اور ایک مشترکہ طویل مدتی یا کم مدتی فلاحی پروگرام کی کمی تھی۔ جس کی وجہ سے یہ حکومت جلد ہی گر گئی۔
- 1980 کے لوک سبھا چناؤ میں کانگریس نے 353 سیٹیں حاصل کیں اور اپنے مخالفین کو سخت شکست دی۔
- 1980 کے انتخاب میں 197 سیٹیں جیت کر کانگریس سب سے بڑی پارٹی تو بن گئی لیکن حکومت نہیں بنا سکی۔
- کانگریس کی ناکامی کے ساتھ ہندوستان کے پارٹی نظام میں سے اس کا دبدبہ ختم ہو گیا اور کثیر گٹھ بندھن نظام کا دور شروع ہوا۔

## گٹھ بندھن ملی جلی حکومت کا دور

1989 کے چناؤ کے بعد گٹھ بندھن کا دور شروع ہوا ان چناؤ کے بعد جنتا دل اور کچھ علاقائی پارٹیوں کو ملا کر راشٹریہ مورچہ نے BJP اور دائیں بازو کی حمایت سے گٹھ بندھن یا ملی جلی حکومت بنائی۔ 1991 اور 1996 کے انتخابات BJP نے اپنی پوزیشن کو مستحکم بنایا اور سب سے بڑی اکیلی پارٹی کی شکل میں ابھری۔

1998 سے 2004 تک BJP کی رہنمائی میں NDA (قومی جمہوری اتحاد) کی حکومت رہی۔ اس دوران اٹل بہاری واجپائی وزیراعظم رہے۔ 2004 سے 2009 اور 2009 سے 2014 تک کانگریس کی رہنمائی رہی۔ UPA (یونائیڈ پروگریسیو الائنس) کی حکومت نے لگاتار دو مدت پوری کیں۔ اس دوران ڈاکٹر منموہن سنگھ وزیراعظم رہے۔ 2014 میں نریندر مودی کی رہنماء میں BJP نے تاریخ بتاتے ہوئے 30 سال بعد مکمل اکثریت حاصل کی لیکن چناؤ سے پہلے گٹھ بندھن کے وعدے کو پورا کرتے ہوئے NDA (قومی جمہوری اتحاد) کی حکومت بنائی)

- جنوری 1977 میں اپوزیشن پارٹیوں کے ملک کر جنتا پارٹی کی تشکیل کی۔

- کانگریس لیڈر بابو جگ جیون رام نے ''کانگریس فار ڈیموکریسی'' پارٹی کی تشکیل کی جو بعد میں جنتا پارٹی میں شامل ہوگئی۔
- جنتا پارٹی نے ایمرجنسی کی زیادتیوں کو مدعا بنا کر اسے رائے شماری کی شکل دی۔
- 1977 کے چناؤ میں کانگریس کو لوک سبھا میں 154 سیٹیں اور جنتا پارٹی اور اس کے معاون پارٹیوں کو 330 سیٹیں۔
- ایمرجنسی کا اثر شمالی ہندوستان میں زیادہ ہونے کی وجہ سے 1977 کے چناؤ میں نہ کہ برابر سیٹیں ملیں۔
- جنتا پارٹی کی حکومت میں مراری دیسائی، وزیر اعظم، چودھری چرن سنگھ اور جگ جیون رام، دو نائب وزیر اعظم بنے۔
- جنتا پارٹی کی حکومت میں متعین مستحکم رہنمائی اور ایک مشترکہ طویل مدتی یا کم مدتی فلاحی پروگرام کی کمی تھی۔ جس کی وجہ سے یہ حکومت جلد ہی گر گئی۔
- 1980 کے لوک سبھا چناؤ میں کانگریس نے 353 سیٹیں حاصل کیں اور اپنے مخالفین کو سخت شکست دی۔
- 1989 کے انتخابات میں 197 سیٹیں جیت کر کانگریس سب سے بڑی پارٹی تو بن گئی لیکن حکومت نہیں بنا سکی۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ آزادی کے بعد ہندوستان میں حکومت کے کون سے نظام کو اپنایا گیا۔

(A) صدارتی نظام　　(B) نیم صدارتی نظام

(C) جمہوری حکومت کا نظام　　(D) کوئی نہیں

2۔ 1967 کے چناؤ میں دوسری پارٹی کون سی تھی؟

(A) جنتا پارٹی　　(B) سی۔ پی۔ آئی

(C) سوتنتر پارٹی　　(D) کوئی نہیں

3۔ نہرو جی کی وفات کے بعد ہندوستان کے وزیر اعظم کون بنے؟

(A) لال بہادر شاستری　　(B) اندرا گاندھی

(C) کے کامراج　　(D) راجیو گاندھی

4۔ دل بدل کی سیاست کب سے شروع ہوئی؟

(A) 1971 (B) 1984 (C) 1967 (D) 1969

5۔ لوک سبھا کا پانچواں عام چناؤ کس سال کرایا گیا؟

(A) 1971 (B) 1980 (C) 1984 (D) 1967

6۔ سوال نمبر 7 سے 9 تک کے بیانات کو صحیح کر کے لکھیں۔

(MDM) دوپہر کا کھانا اسکولی بچوں کے لیے یہ منصوبہ اندرا گاندھی نے لاگو کیا۔

7۔ پہلے عام چناؤ کی مہم۔ ووٹ اور ووٹوں کی گنتی میں کل 1 سال کا وقت لگا۔

8۔ کانگریس کی تقسیم 1967 میں ہوئی۔

9۔ ایک پارٹی کے غلبے سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

10۔ پہلے عام چناؤ میں کتنے MLAS (قانون ساز اسمبلی کے ممبروں) اور کتنے MPS (پارلیمنٹ کے ممبروں) کا چناؤ کیا گیا۔

11۔ 1967 کے چناؤ کے نتائج نے کس طرح کی سیاست کو جنم دیا؟

(A) ایک پارٹی (B) دو پارٹی

(C) گٹھ بندھن (D) A اور B

12۔ EVM کو وسعت سے لکھیں۔

13۔ ہندوستان میں.................کمیشن کی تشکیل 1950 میں ہوئی۔

14۔ پہلے چناؤ میں کانگریس کا کیا نشان تھا؟

15۔ بھارت رتن سے نوازے گئے پہلے ہندوستانی تھے؟

## دو نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستان کے الیکشن کمیشن کی تشکیل کب ہوئی؟ اور پہلے الیکشن کمشنر کون تھے؟

2۔ ''سیاست مسئلہ نہیں بلکہ مسئلہ کا حل ہے'' اس جملے کی وضاحت کریں۔

3۔ پانچویں لوک سبھا کے لیے چناؤ کب ہوئے؟ اور اس کے کیا نتائج نکلے۔

4۔ 1977 میں کانگریس پارٹی کے ہارنے کی وجہ بتائیں۔

5۔ مارچ 1977 کے عام چناؤ میں جنتا پارٹی اور اس کی معاون پارٹیوں نے لوک سبھا میں کتنی سیٹیں جیتیں؟

6۔ اقتباس پر مبنی سوالات

1۔ مندرجہ ذیل پیراگراف کو دھیان سے پڑھیں اور دیے گئے سوالات کے جواب دیں۔

''پہلے عام انتخابات اکتوبر 1951 سے فروری 1952 تک مکمل ہوئے۔ انتخابی مہم، الیکشن اور ووٹوں کی گنتی میں کل چھ مہینے لگے۔ کل ووٹ دینے والوں میں سے آدھے سے زیادہ نے ووٹ دینے والے دن اپنا ووٹ ڈالا۔ ہارنے والے امیدواروں نے بھی اس انتخاب کو غیر جانب دار بتایا۔ عام بالغ رائے دہی کے اس استعمال نے تنقید نگاروں کا منھ بند کر دیا۔ ہندوستان ٹائمز نے لکھا ''یہ بات ہر جگہ مانی جا رہی ہے کہ بھارت کی عوام نے دنیا کی تاریخ میں جمہوریت کے سب سے بڑے تجربہ کو بخوبی انجام دیا''

1۔ پہلے عام چناؤ کو کرانے میں 6 مہینے کا وقت کیوں لگا؟

(A) چناؤ کے لیے وسائل کی کمی　(B) پڑھے لکھے چناؤ کرانے والوں کی کمی

(C) تقریباً 17 کروڑ ووٹرس　(D) سبھی

2۔ بالغ رائے دہندگی کیا ہے؟

(A) فرقہ پرستی کے بغیر ووٹ دینے کا حق

(B) مذہبی تفریق کے بغیر ووٹ دینے کا حق

(C) سبھی لوگوں کو جنسی تفریق کے بغیر ووٹ دینے کا حق

(D) اوپر دیئے گئے سبھی

3۔ پہلے عام چناؤ میں کوئی سی پارٹی فتحیاب رہی؟

(A) کانگریس پارٹی (B) سوتنتر پارٹی

(C) جن سنگھ (D) کوئی نہیں

4۔ ہندوستان ٹائمس کے ذریعے تبصرہ سے کیا مراد ہے؟

(A) انتخابیوں کی بڑی تعداد (B) صرف 15% خواندہ ووٹرس

(C) غریبی کے ماحول میں چناؤ (D) اوپر دیئے گئے سبھی

2۔ پیراگراف کا دھیان سے مطالعہ کریں اور دیئے گئے سوالات کے جواب دیں

''کانگریس امیدوار کی شکست نے آخرکار پارٹی کے بٹوارے کو ایک رسمی شکل دیدی کانگریس کے صدر نے وزیراعظم کو پارٹی سے نکال دیا۔ لیکن وزیراعظم کا دعویٰ تھا کہ ان کا گروپ ہی اصل کانگریس پارٹی ہے نومبر 1969 تک سیڈیکٹ کی سربراہی والا گروپ کانگریس آرگنائزیشن (o) کے نام سے جانے لگا اور اندرا گاندھی والا گروپ کانگریس (R) یا Congress Requisititimistis کے نام سے مشہور ہوا۔ ان کو پرانی کانگریس اور نئی کانگریس بھی کہا جاتا ہے۔

1۔ یہ پیراگراف کس انتخاب سے متعلق ہے؟

(A) تیسرا عام چناؤ 1962 (B) ہندوستان کے راشٹر پتی کا چناؤ 1969

(C) چوتھا عام چناؤ 1967 (D) پانچواں عام چناؤ 1971

2۔ اس چناؤ میں کانگریس امیدوار کون ہے؟

(A) کے کامراج (B) نیلم سنجیوا ریڈی

(C) راجیو گاندھی (D) وی۔ دی۔ گیری

3۔ کانگریس صدر نے کس وزیراعظم کو اپنی پارٹی سے نکال دیا؟

(A) وی۔ وی گری (B) اندرا گاندھی

(C) لال بہادر شاستری (D) مرارجی دیسائی

3۔ ان میں سے کون سنڈیکٹ کے لیڈر نہیں ہیں۔

(A) کے کامراج (B) ایس۔ کے پاٹل

(C) اتولیہ گھوش (D) اندرا گاندھی

## چار نمبر والے سوالات

1۔ مندرجہ ذیل کو مکمل کر کے لکھیں۔

PUF SVD CWC DMK

2۔ 1970 کی دہائی میں اندرا گاندھی کی حکومت کیوں مقبول ہوئی؟

3۔ ہندوستان میں ایک پارٹی کی قیادت کی وجوہات بتائیں۔


4۔ کانگریس کی فطرت میں کیا تبدیلی آئی۔

5۔ کانگریس کن معنوں میں ایک نظریاتی گٹھ بندھن تھی؟ مثال دیکر واضح کریں۔

4۔ صحیح سے ملائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | گرینڈ الائنس | (i) | کوئی نامزد امیدوار جس پارٹی کے ٹکٹ سے چناؤ جیتا ہو۔اس پارٹی کو چھوڑ کر دوسری پارٹی میں چلا جائے۔ |
| (B) | سنڈیکٹ | (ii) | اندرا گاندھی کو ہٹانے کے لیےاپوزیشن پارٹیوں کے اکٹھا ہونے کی پالیسی |
| (C) | دل بدل | (iii) | کانگریس کی پالیسیوں کے خلاف الگ الگ نظریات کی پارٹیوں کا اکٹھا ہونا |
| (D) | غیر کانگریس | (iv) | کانگریس کے اندر طاقتور اور متاثر کن لیڈروں کا گروپ |

## پانچ نمبر والے سوالات



1۔ مندرجہ بالا کارٹون کی بنا پر مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔

(i) یہ کارٹون کس سال کے چناؤ سے متعلق ہے؟

(ii) ناکامیاب کھلاڑیوں کی شکل میں کسے دکھایا گیا ہے؟ کنہیں دو لیڈروں کے نام لکھیں۔

(iii) یہ کارٹون کس نام سے مشہور ہے۔

2۔ مندرجہ ذیل تصویر کا مطالعہ کریں اور سوالات کے جواب دیں:

(i) یہ تصویر کس سے متعلق ہے؟ 1

(ii) آزاد ہندوستان کے پہلے گورنر جنرل کون تھے؟ 1

(iii) تصویر میں دکھائے گئے دو بیٹھے ہوئے اور دو کھڑے ہوئے لوگوں کے نام پہچان کر لکھیں۔ 3



3۔ مندرجہ ذیل کارٹون کو غور سے دیکھیں اور دیے گئے سوالات کا جواب دیں۔



(i) رسہ کشی کا کھیل کن کے درمیان چل رہا ہے؟

(ii) تصویر میں مخالف جماعتوں کی حالت کمزور کیوں نظر آ رہی ہے؟

(iii) تصویر کی مدد سے چار لوگوں کو پہچان کر ان کے نام لکھیں۔

4۔ دیے گئے ہندوستانی نقشے میں پانچ ریاستیں A,B,C,D,E کے ذریعے دکھائی گئی ہیں۔ دی گئی معلومات کی بنا کر انہیں پہچانیے اور ان کے صحیح نام استعمال کی گئی معلومات کے سیرئل نمبر اور متعلق حروف کے ساتھ مندرجہ ذیل جدول کی شکل میں لکھیں۔

| استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر | متعلق حروف | ریاست کا نام |
|---|---|---|
| i | | |
| ii | | |
| iii | | |
| iv | | |
| v | | |


(i) وہ ریاست جہاں کانگریس کو اکثریت حاصل نہیں ہوئی۔

(ii) وہ ریاست جہاں کانگریس کو اکثریت حاصل نہیں ہوئی۔ لیکن دوسری پارٹیوں کی مدد سے حکومت بنائی۔

(iii) وہ ریاست جہاں کمیونسٹ پارٹی کی حکومت بنی۔

(iv) وہ ریاست جہاں وِدھان سبھا چناؤ میں کانگریس مکمل اکثریت کی حکومت بنائی۔

(v) ایک ریاست جہاں Popular United Front کی حکومت بنی۔




## چھ نمبر والے سوالات

1۔ کانگریس میں 1969 میں ہوئی تقسیم کے اسباب بیان کیجیے۔ (Imp)

2۔ 1960 کی دہائی سے شروع دل بدلی کی سیاست سے بھارت کی سیاست آج بھی متاثر ہے۔اس بات کو دھیان میں رکھتے ہوئے دل بدلی کے برے اثرات بیان کیجیے۔

3۔ کانگریس کی دوبارہ تشکیل کے بعدنئی کانگریس اور پہلی کانگریس کن معنوں میں الگ طرح تھی واضح کریں۔ (Imp)

4۔ 1970 کے شروعاتی سالوں میں اندرا گاندھی کی حکومت کو مقبول بنانے میں معاون کنہیں چھ عوامل کی وضاحت کریں۔ (Imp)

5۔ پارٹیوں کے اندر گٹھ بندھن اور پارٹیوں کے بیچ گٹھ بندھن میں فرق بتائیں

6۔ ہندوستان میں سیاسی پارٹیوں کی مقابلہ آرائی کو مستحکم بنانے والی وجوہات کی وضاحت کریں۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ جمہوری نظام حکومت

2۔ سوتنتر پارٹی

3۔ لال بہادر شاستری

4۔ 1967

5۔ 1971

6۔ دوپہر کا کھانا اسکولی بچوں کے لیے منصوبہ کو کامراج نے لاگو کیا۔

7۔ کانگریس کی تقسیم 1969 میں ہوئی۔

8۔ پہلے عام چناؤ کی مہم۔ ووٹنگ اور ووٹوں کی گنتی میں 6 مہینے کا وقت لگا۔

9۔ کثیر پارٹی نظام کے اندر جہاں کسی ایک پارٹی اولیت ہوتی ہے اسے ایک پارٹی کی قیادت کہا جاتا ہے۔ ایسے نظام میں ووٹرس ایک ہی پارٹی کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔

10۔ 3200 اور 489

11۔ گٹھ بندھن

12۔ الیکٹرونک ووٹنگ مشین

13۔ الیکشن کمیشن

14۔ دو بیلوں کی جوڑی

15۔ سی۔ راج گوپال آچاریہ

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ 1 جنوری 1950 شوکمارسین

2۔ سماج میں وسائل کا ٹھیل بٹوارہ کرنے کے لیے سیاست ہی سب سے زیادہ ٹھیک وسیلہ پیش کرتی ہے۔

3۔ 1971 میں اندرا گاندھی کی قیادت میں کانگریس نے اپنی کھوئی ہوئی بہت سی سیٹوں پر دوبارہ کامیابی حاصل کرتے ہوئے ایک زبردست کامیابی حاصل کی۔

4۔ ایمرجنسی کا اعلان۔ مخالف پارٹیوں کا ایک ہونا۔

5۔ جنتا پارٹی اور اس کی معاون پارٹیوں نے لوک سبھا میں کل 542 میں 330 سیٹیں جیتیں۔

6۔ اقتباس پر مبنی

1۔ (d) اوپر دیئے گئے سبھی

2۔ (d) اوپر دیئے گئے سبھی

3۔ (a) کانگریس پارٹی

4۔ (d) اوپر دیئے گئے سبھی

2۔ 1۔ (a) ہندوستان کے صدر کا چناؤ

(b) نیلم سنجیوا ریڈی

(c) اندرا گاندھی

(d) اندرا گاندھی

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ 1۔ Popular United Front (PUF)

2۔ Samyukat Vidhayak Dal

3۔ Congress Working Committee CWC

4۔ Dravida Munnetra Kazhagam DMK

2۔ کانگریس کو سبھی طبقوں کی نمائندگی حاصل تھی۔

تقریباً سبھی مخالف پارٹیاں کانگریس سے نکلی تھیں۔

کانگریس اور مخالف پارٹیوں کی پالیسیوں میں یکسانیت تھی۔

ریاستوں میں گٹھ بندھن حکومت کا ناکام ہونا۔

3۔ 20ویں صدی میں کانگریس امیروں اور تاجروں کا دباؤ گروپ تھا جس پر انگریزی بولنے والے اونچے طبقے کا غلبہ تھا۔

گاندھی جی کے آنے سے شہری دیہی۔ سرمایہ دار۔ مزدور اور مختلف فرقے کانگریس کے ممبر بنے آزادی حاصل کرنے کے بعد کانگریس Rainbow کی طرح مختلف طبقوں، فرقوں، مذہب، زبان کی نمائندگی کرنے والی پارٹی تھی۔

4۔ کانگریس میں کئی نظریات کو ماننے والے لوگ شامل تھے۔

مثال: امن پسند اور انقلاب پرست

اسمیں لوگ اپنے گٹ میں رہتے ہوئے بھی شامل ہوسکتے تھے۔

کانگریس سوشلسٹ پارٹی کی تشکیل بھی کانگریس کے اندر سے ہوئی۔

ان کی رہنمائی کسی ایک فرقہ۔نسل یا پیشہ تک محدود نہیں تھی۔

5۔ 1971 کے ہندوستان پاکستان جنگ میں ہندوستان کی فتح

غریبی ہٹاؤ کی سیاست

پروِی پرس کا خاتمہ

بینکوں کا قومیانہ

زمینی سدھار

6۔ صحیح میل:A گرینڈ الائنس (ii) کانگریس کی پالیسیوں کے خلاف الگ الگ نظریات کی پارٹیوں کا اکٹھا ہونا۔

سنڈیکٹ (iv) کانگریس کے اندر طاقتور اور متاثر کن لیڈروں کا گروپ

دل بدل (i) کوئی نامزد نمائندہ جس پارٹی کے ٹکٹ سے چناؤ جیتا ہو اس پارٹی کو چھوڑ کر دوسری پارٹی میں چلا جائے

غیر کانگریسیت (iii) اندرا گاندھی کو ہٹانے کے لیے مخالف پارٹی کو اکٹھا کرنے کی پالیسی

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) یہ کارٹون 1971 کے لوک سبھا کے چناؤ سے متعلق ہے۔

(ii) ناکامیاب کھلاڑیوں کی شکل میں خاص اپوزیشن لیڈروں (گرینڈ الائنس) کو دکھایا گیا ہے۔مرارجی دیسائی۔ کے کامراج۔نجلنگ پاؤ (دولیڈروں کے نام)

(iii) یہ کارٹون The grand finish نام سے مشہور ہوا تھا۔

## کارٹون

1 ‏1۔ 1948 میں چکرورتی راج گوپال آچاریہ کے گورنر جنرل کا عہدہ سنبھالنے کا حلف کے بعد نہرو کابینہ

2۔ چکرورتی راج گوپال آچاریہ

3۔ ڈاکٹر امبیڈکر۔شیایاپرساد مکھرجی۔راج کماری امرت کور۔سردار پٹیل۔مولانا آزاد۔جواہر لال نہرو

2۔ 1۔ سرکار اور مخالف جماعتوں کے دوران

2۔ کانگریس پارٹی مضبوط اپوزیشن میں تھی جبکہ ایک مضبوط مخالف جماعت کی کمی تھی کیوں کہ کانگریس کے پاس ایک مضبوط تنظیم اور آزادی کی تحریک وراثت کی شکل میں موجود تھی۔

3۔ مخالف جماعت: ایس کے۔گویانی۔اچاریہ کرپلانی۔این سی چٹانی۔سری کانت نیر اور حکم سنگھ۔

حکمراں جماعت: پنڈت جواہر لال نہرو۔راجکماری امرت کور۔مولانا ابولا کلام آزاد۔

4۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) | B | مغربی بنگال |
| (ii) | A | راجستھان |
| (iii) | D | کیرل |
| (iv) | C | مدھیہ پردیش |
| (v) | E | پنجاب |

5۔ (i) اندرا گاندھی کی پالیسیاں بہت زیادہ محوری اور غیر جمہوری تھیں جبکہ نہرو کی پالیسیاں وفاقی جمہوری اور نظریاتی آمیزش کی تھیں

(ii) کیوں کہ کانگریس کے بنیادی اصولوں کو اندرا گاندھی کے ذریعے ختم کر دیا گیا تھا۔

(iii) کانگریس پارٹی میں ہونے والی تبدیلیوں کی وجہ سے دوسری پارٹیوں میں کانگریس کے خلاف اتحاد بڑھا، اور کانگریس مخالف تحریکیں شروع ہوگئیں۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) 1969 کا صدر کا انتخاب

(ii) بینکوں کو قومی ملکیت میں لینا اور پریوی پرس جیسے مدعے پر اس وقت کے وزیر مالیات مرار جی ڈیسائی کے ساتھ

مت بھید ہونا

(iii) سنڈیکیٹ اورنوجوان عناصر میں فرق

(iv) اندرا گاندھی کی سماج واد پالیسیاں

(v) اندرا گاندھی کا کانگریس پارٹی سے نکالا جانا

(vi) اندرا گاندھی کے ذریعے سنڈیکیٹ کو اہمیت نہ دینا وغیرہ

2۔ (i) قومی مفاد کو نظر انداز کرنا

(ii) سیاسی ناپائیداری

(iii) موقعہ پرستی کو بڑھاوا دینا

(iv) ووٹ دینے والوں کے یقین کو ٹھیس پہنچانا

(v) انتظامیں ڈھیل............غیر جمہوری

(vi) سیاست میں ووٹ دینے والوں کی بڑھتی غیر دلچسپی

3۔ یاد رکھنے لائق نکات دیکھیں۔

4۔ 1۔اندرا گاندھی کی کرشمائی رہنمائی

2۔غریبی ہٹاؤ کا نعرہ

3۔ کانگریس پارٹی پر اندرا گاندھی کی پکڑ۔

4۔ سماجوادی پالیسیاں

5۔ کمزور مخالف پارٹی

6۔ صوبوں میں کانگریس کی بحالی

5۔ پارٹی کے اندر گٹھ بندھن بھارت میں پہلے عام انتخابات سے ہی دیکھنے کو ملا۔ الگ الگ گٹوں کے ہونے سے اس کا برتاؤ صبر کرنے والا بنا اور کانگریس کے اندر تنظیم کا ڈھانچہ الگ ہونے پر بھی نظام میں توازن کو برقرار رکھنے کا کام کیا۔

آ ج کی سیاست میں جماعتوں کے درمیان گٹھ بندھن دکھائی دیتا ہے جہاں الگ الگ نظریات کو ماننے والے عام حمایت کے مدعوں پر ملی جلی حکومت قائم کرتے ہیں لیکن اپنی جماعت کی پالیسیاں نہیں بدلتے۔

6۔ (i) آزاد انتخابی کمیشن (iii) آزاد عدلیہ

(ii) آزاد پریس (iv) کثیر جماعتی نظام

(v) دباؤ گروپ اور مفاد گروپ وغیرہ

# باب۔ پانچ

# جمہوری بحالی

| |
|---|
| جے پرکاش نارائن اور مکمل انقلاب |
| رام منوہر لوہیا اور سماجواد |
| پنڈت دین دیال اپدھیائے اور متحدہ انسانیت |
| ملک میں ایمرجنسی |
| جمہوری بحالی۔ بالغ۔ پچھڑے طبقوں اور نوجوانوں کی شمولیت |

## 1۔ جے پرکاش نارائن اور مکمل انقلاب

جے پرکاش نارائن اپنے تین اہم کارناموں کے لیے جانے جاتے ہیں۔ بدعنوانی کے خلاف جدوجہد۔ کمیونٹی سماجواد کا اصول۔ مکمل انقلاب کے بانی۔

آزادی کے بعد جے پرکاش نارائن ایسے پہلے لیڈر تھے جنہوں نے خاص طور پر گجرات اور بہار کے نوجوانوں کو ساتھ لیکر بد عنوانی کے خلاف تحریک چلائی۔ لوک پال ادارے کی شروعات بھی انہوں نے ہی کی۔

- **کمیونٹی سماجواد کا اصول:**

ان کا نظریہ تھا کہ کمیونٹی۔ علاقے اور قوم تینوں کو ایک ساتھ جوڑ کر ہی حقیقی وفاق یا مرکز بن سکتا ہے۔ انہوں نے اپنے اس اصول کے مدنظر ہندوستان کو ایک کمیونٹی کی شکل میں پیش کیا۔ اور اپنی باتوں کو منوانے کی کوشش بھی کی۔

- **مکمل انقلاب:**

کے ذریعے جے پرکاش نارائن فرد۔ سماج اور ریاست میں تبدیلی لانا چاہتے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ چھوٹے چھوٹے لوگوں کو جوڑنا اور ساتھ ہی اوپر کے لوگوں کو بھی اپنے ساتھ جوڑنے سے انقلاب لایا جا سکتا ہے۔ مکمل انقلاب کے لیے وہ سماجی۔ معاشی۔ سیاسی۔ ثقافتی۔ دماغی اور تعلیمی سبھی پہلوؤں کو ضروری مانتے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ اقتدار پر بااثر اور حقیقی لوگوں کا

کنٹرول ہونا چاہیے اس میں پریس۔ عدلیہ۔ اپوزیشن اور سمجھ لوگوں کا اہم کردار ہونا چاہیے۔ لوگوں کو ناانصافی کے خلاف جدوجہد کرنی چاہیے۔ منصفانہ نظام قائم ہونا چاہیے۔ لوگوں کی طاقت کو مضبوط کرنے کے لیے انہیں ایک جُٹ ہونے کی ضرورت ہے۔

2۔ رام منوہر لوہیا اور جمہوری سماجواد

رام منوہر لوہیا ہندوستان میں سماجواد کے اہم بانیوں میں سے ایک ہیں۔ سماجواد کو جمہوریت سے جوڑتے ہوئے انہوں نے جمہوری سماجواد کے نظریہ کو اپنایا۔ لوہیا ہندوستانی سماج میں سرمایہ داری اور کمیونزم دونوں کو ہی غیر ضروری مانتے تھے۔ ان کے جمہوری سماجواد کی دو اصول تھے۔ ایک غذا اور مکان کی شکل میں معاشی مقصد۔ دوسرا جمہوریت اور آزادی کی شکل میں غیر معاشی مقصد۔

رام منوہر لوہیا نے سیاست کے لیے چار ستون بتائے۔ مرکز۔ علاقہ ضلع اور گاؤں جو کہ آپس میں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہونے چاہئیں۔ مثبت ردعمل پر زور دیتے ہوئے رام منوہر لوہیا کا کہنا ہے کہ صرف بچھڑے ہوئے لوگوں۔ ذاتوں اور قبائل کو ہی آگے نہیں لانا ہے بلکہ عورتوں اور غیر مذہبی اقلیتوں کو بھی آگے لانا چاہیے۔ ان کے سماجواد کی چار بنیادیں ہیں برابری۔ جمہوریت اہنسا اور لامرکزیت۔ ان کی سماجوادی پارٹی کی تین علامتیں ہیں۔ کدال۔ ووٹ اور جیل۔

- دین دیال اپادھیائے

پنڈت دین دیال اپدھائے ایک فلاسفر۔ معیشت داں۔ اور سیاستداں تھے۔ ان کی فلاسفی کو (Integral Humanism) (متحدہ انسانیت) کہا جاتا ہے۔ یہ فلاسفی مندرجہ ذیل اصولوں پر مبنی ہے۔

(1) پورے سماج کو ساتھ لیکر ترقی ہو۔

(2) مذہب کی برتری ہو۔

(3) سماج خودمختار ہو۔

ان کی اس فلاسفی کا مقصد فرد اور سماج کی ضروریات کو توازن میں کرتے ہوئے ہر ایک کے لیے باوقار زندگی کا تعین کرنا۔ قدرتی وسائل کے ذریعے ٹکاؤ ترقی۔ انسان کی روحانی ترقی۔ سیاسی سماجی اور معاشی جمہوریت کو بڑھاوا۔ یہ کثرت کو بھی بڑھاوا دیتی ہے۔ جو کہ ہندوستان کے لیے سب سے زیادہ ضروری ہے۔

دین دیال اپدھیائے نے classless اور casteless جدو جہد اور آزاد سماجی نظام کا تصور کیا۔ انہوں نے مغربی سرمایہ داری۔ انفرادیت۔ اور مارکسوادی سماجواد کی مخالفت کی۔ ان کے مطابق سرمایہ دارانہ اور سماجوادی نظریات صرف

انسان اوراس کے دماغ کی ضروریات پر ہی زور دیتے ہیں۔ جبکہ انسان کی مکمل ترقی کے لیے اس کی روحانی ترقی بھی ضروری ہے۔

دین دیال اپدھیائے کا سیاسی پروگرام 1965 میں جن سنگھ کے اصول کی شکل میں اپنایا گیا تھا۔ بھارتیہ جن سنگھ RSS کی شاخ تھی۔ دین دھال RSS سے جڑے ہوئے تھے۔

## ملک میں ایمرجنسی

25 جون 1975 سے 21 مارچ 1977 تک آئین کی دفعہ 352 کے تحت اندرونی خلفشار اور بدنظمی کے باعث ہندوستان میں ایمرجنسی لاگو رہی۔ اس دفعہ کی رو سے حکومت کے لئے کسی بیرونی خطرہ یا اندرونی حالات کے درہم برہم ہو جانے پر ایمرجنسی لاگو کرنا لازمی ہے۔ ایمرجنسی میں ملک کی یکجہتی اور تحفظ کو دھیان میں رکھتے ہوئے سبھی اختیارات مرکزی حکومت کو حاصل ہو جاتے ہیں۔

### ہندستان میں ایمرجنسی کی اہم وجوہات:۔

### 1۔ معاشی وجوهات:۔

(i) 1971 کے انتخابات میں کانگریس نے غریبی ہٹاؤ کا نعرہ دیا تھا۔ لیکن یہ نعرہ کچھ خاص نہیں کر پایا بلکہ ملک میں غریبی برقرار رہی۔

(ii) بنگلہ دیش کے بحران کے سبب معاشی نظام متاثر ہوا۔ امریکہ نے ہندوستان کی مدد بند کر دی۔

(iii) بین الاقوامی بازار میں تیل کی قیمتیں لگاتار بڑھنے سے مختلف چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ ہو گیا۔

(iv) صنعتی ترقی کافی سست تھی اور بے روزگاری خاص طور سے دیہی علاقوں میں بہت زیادہ تھی۔

(v) حکومت نے اخراجات کو کم کرنے کے لئے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں کو روک دیا تھا۔

(vi) مانسون بہتر نہ ہونے کی وجہ سے 73-1972 کے دوران زرعی پیداوار میں بھاری کمی آ گئی تھی۔

### 2۔ سیاسی وجوهات:۔ (طلبا کی تحریک / احتجاج)

- گجرات کے طلبا نے اناج۔ کھانے کے تیل اور دوسری بنیادی چیزوں کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور بڑے دفتروں میں رشوت خوری کے خلاف جنوری 1974 میں گجرات میں تحریک شروع کی اس تحریک کی رہنمائی کانگریس کے لیڈر مرارجی دیسائی کی رہنمائی میں چلائی گئی۔

- ## بہار تحریک:۔

- مارچ 1974 میں غذائی قلت ۔ بے روزگاری اور بدعنوانی کے خلاف بہار میں طلبا نے تحریک شروع کردی۔ جے پرکاش نارائن کی رہنمائی میں یہ تحریک دو اہم شرطوں پر چلائی گئی۔

1۔ اس تحریک میں تشدد کا کوئی دخل نہیں ہوگا۔

2۔ یہ تحریک بہار تک محدود نہیں رہے گی بلکہ ملک گیر پیمانے پر چلائی جائے گی۔

- جے پرکاش نارائن نے مکمل انقلاب کے ذریعے حقیقی جمہوریت کو قائم کرنے کی بات کہی۔انھوں نے بھارتیہ جن سنگھ، کانگریس علاقائی لوک دل اور سوشلسٹ پارٹی جیسی غیر کانگریسی جماعتوں کو اپنی حمایت میں لے کر تحریک کو مضبوط کیا۔

## 3۔ نکسلوادی تحریک:۔

- 1967 میں مارکسوادی کمیونسٹ پارٹی کے لوگوں کی رہنمائی میں مغربی بنگال کے دارجلنگ ضلع کے نکسلوادی علاقے کے کسانوں نے بغاوت کی۔ جسے نکسلوادی تحریک کے نام سے جانا جاتا ہے۔
- 1969 میں چارو مجودار کی رہنمائی میں CPI کی تشکیل کی گئی۔اس پارٹی نے انقلاب کے لئے گوریلا جنگ کا طریقہ اپنایا۔
- نکسلیوں نے امیر زمینداروں سے زمین چھین کر غریب بے زمین لوگوں کو زمینیں دیں۔

## 4۔ ریل ہڑتال:۔

- جارج فرنانڈیز کی رہنمائی میں بنی قومی کمیٹی نے ریلوے ملازمین سے جڑی خدمات اور بونس وغیرہ سے جڑی مانگوں کو لے کر 1974 میں ہڑتال کی۔
- حکومت نے ہڑتال کو غیر آئینی قرار دیا۔اوران کی مانگیں منظور نہیں کیں۔
- اس سے مزدور ریلوے ملازمین عام آدمی اور تجارتی لوگوں میں حکومت کے خلاف بے چینی پیدا کردی۔

## 5۔ عدالتی تصادم:۔

- حکومت اور عاملہ کے تعلقات میں کشیدگی پیدا ہوئی جس کی وجہ تھی:۔

- حکومت نے بنیادی حقوق میں کمی۔ جائداد کے حق میں کٹوتی اور ریاست کے رہنما اصولوں کو بنیادی حقوق پر سبقت دینا جیسی باتوں کو سپریم کورٹ نے خارج کردیا
- حکومت نے جے۔ ایم شیلٹ، کے۔ ایس۔ ہیگڑے، اور اے۔ این گروور کی سینیئر ٹی کو نظر انداز کرکے اے۔ این۔ رے۔ کو سپریم کورٹ کا چیف جسٹس مقرر کردیا۔ یہ تقرر سیاسی نزاع کا باعث بن گیا۔

## • ایمرجنسی کا اعلان

- 12 جون 1975 کو الہ آباد ہائی کورٹ کے جج جگ موہن لال سنہا نے اندرا گاندھی کے 1971 کے انتخاب کو غیر آئینی قرار دے دیا۔
- 24 جون 1975 کو سپریم کورٹ نے الہ آباد ہائی کورٹ کے فیصلے پر اپنا فیصلہ سنایا کہ اپیل کا فیصلہ آنے تک اندرا گاندھی ممبر پارلیمنٹ بنی رہیں گی لیکن کابینہ کی میٹنگ میں حصّہ نہیں لے سکیں گی۔
- 25 جون 1975 کو جے پرکاش نارائن کی قیادت میں اندرا گاندھی کے استعفیٰ کی مانگ کو لے کر دہلی کے رام لیلا میدان میں ملک گیر پیمانے پر ستیہ گرہ کرنے کی بات کی گئی۔ اور اندرا گاندھی سے استعفیٰ کی مانگ کی۔
- بی جے پی نے سرکاری ملازمین، پولیس اور فوج سے درخواست کی کہ وہ حکومت کے غیر اخلاق اور غیر قانونی کی احکامات کو نہ مانیں۔
- 25 جون 1975 کو اندرا گاندھی نے آرٹیکل 352 کے تحت ملک میں اندرونی خلفشار اور بدامنی پھیلنے کے اندیشے کے مدنظر صدر کے ذریعے ایمرجنسی لاگو کرنے کی سفارش کی۔

• ایمرجنسی کے نتائج

- مختلف جماعتوں کے لیڈروں کو جیل میں ڈال دیا۔
- اخبارات پر پابندی عائد کردی گئی۔
- غیر سرکاری اداروں اور جماعت اسلامی پر پابندی۔
- احتجاج، جلسے جلوس اور ہڑتالوں پر پابندی۔
- بنیادی حقوق کو معطل کردیا گیا۔

■ حکومت کے احتیاطی نظر بندی کے قانون کے ذریعے سیاسی کارکنان کو گرفتار کر لیا گیا۔

■ انڈین ایکسپریس اور اسٹیٹسمین جیسے اخبارات جن خبروں کو چھاپنے سے روکا جاتا تھا ان کی جگہ خالی چھوڑ دیتے تھے۔

■ کنٹر ادیب شوارام کارنتھ اور ہندی ادیب کا نیشور ناتھ رینو جو پدم بھوشن اور پدم شری جیسے ایوارڈ پا چکے تھے دونوں نے جمہوریت کی معطّلی کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اپنے خطاب واپس کر دیے۔

■ آئین میں 42 ویں ترمیم (1976) کے ذریعے چند اہم تبدیلیاں کی گئیں جسے صدر، نائب صدر اور وزیر اعظم کے انتخاب کو عدالتی چنوتی نہیں دی جاسکتی اور مجلس قانون ساز کی مدت کو پانچ سال سے بڑھا کر چھ سال کر دینا وغیرہ

## ایمرجنسی پر بحث

- حمایت میں بحث:

■ بار بار ہڑتالیں، احتجاج، مظاہرے اور عوامی تحریکوں سے جمہوریت متاثر

■ مخالف جماعتوں کے ذریعے غیر پارلیمانی سیاست کا سہارا لینا

■ حکومت کے ترقیاتی کاموں میں رکاوٹ پیدا کرنا

■ ملک کی یکجہتی کے خلاف بین الاقوامی سازش کرنا

■ اندرا گاندھی کے ذریعے ملک میں ایمرجنسی لاگو کرنے کے فیصلے کی کمیونسٹ پارٹی کی حمایت

- مخالفت میں بحث

■ جمہوریت میں عوام کو حکومت کی مخالفت کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے۔

■ مخالف تحریکیں زیادہ پر امن اور غیر تشددی رہی تھیں۔

■ وزیر داخلہ کے ذریعہ اس وقت قانونی نظام کی فکر ظاہر نہیں کی گئی تھی۔

■ آئینی طریقوں کا غلط استعمال ذاتی مفاد کے لیے کیا گیا تھا۔

- ایمرجنسی کے دوران کئے گئے کام

■ 20 نکاتی پروگرام میں زمینی سدھار زمین کی از سر نو تقسیم بے زمین مزدوروں کی مزدوری پر غور وفکر انتظامیہ میں کام کرنے والوں کی حصہ داری بند ہوا مزدوری کا خاتمہ وغیرہ عوام کی بھلائی کے کام شامل تھے۔

- مخالفین کونظر بندی قانون کے تحت بندی بنایا گیا۔
- زبانی حکم سے اخباروں کے دفتروں کی بجلی کاٹ دی گئی۔
- دہلی میں جھگی بستیوں کو ہٹانے اورزبردستی نظر بندی جیسے کام کیئے گئے۔

## ایمرجنسی کے سبق

- جمہوریت کے تئیں لوگوں کے اعتماد میں اضافہ۔
- اب اندرونی ایمرجنسی صرف ایک مسلح بغاوت کی صوورت میں ہی لاگو کی جاسکتی ہے اور یہ لازم ہے کہ ایمرجنسی لاگو کرنے کی سفارش صدر کے پاس وزرا کی کونسل کی جانب سے تحریری شکل میں دی جائے۔
- شہریوں میں بنیادی حقوق کے تئیں بیداری میں اضافہ ہوا۔ اوران حقوق کے تحفظ کے لیے کئی تنظیمیں وجود آئیں۔
- ایمرجنسی میں حکمراں پارٹی نے پولیس اورانتظامیہ کو اپنا سیاسی ہتھیار بنا کر استعمال کیا تھا۔ یہ ادارے آزادانہ طریقے سے کام نہیں کر پائے تھے۔
- ایمرجنسی کے دوران ہندوستان کی جمہوریت کی طاقت اور کمزوریاں اجاگر ہوگئیں تھیں لیکن جلد ہی سب کام جمہوری طرز پر ہونے لگے۔ جمہوریت کے تئیں لوگوں کے اعتماد میں اضافہ ہوا۔ اور یہ یقینی ہوگیا کہ ہندوستان سے جمہوریت کی جڑیں مٹانا بہت مشکل ہے۔

## ایمرجنسی کے بعد کی سیاست

- جنوری 1977 میں اپوزیشن پارٹیوں کے ملک کر جنتا پارٹی کی تشکیل کی۔
- کانگریس لیڈر بابو جگ جیون رام نے ''کانگریس فارڈیموکریسی'' پارٹی کی تشکیل کی جو بعد میں جنتا پارٹی میں شامل ہوگئی۔
- جنتا پارٹی نے ایمرجنسی کی زیادتیوں کو مدعا بنا کر اسے رائے شماری کی شکل دی۔
- 1977 کے چناؤ میں کانگریس کو لوک سبھا میں 154 سیٹیں اور جنتا پارٹی اور اس کے معاون پارٹیوں کو 330 سیٹیں۔
- ایمرجنسی کا اثر شمالی ہندوستان میں زیادہ ہونے کی وجہ سے 1977 کے چناؤ میں نہ کہ برابر سیٹیں ملیں۔

- جنتا پارٹی کی حکومت میں مراری دیسائی، وزیراعظم، چودھری چرن سنگھ اور جگ جیون رام، دو نائب وزیراعظم بنے۔
- جنتا پارٹی کی حکومت میں متعین مستحکم رہنمائی اور ایک مشترکہ طویل مدتی یا کم مدتی فلاحی پروگرام کی کمی تھی۔ جس کی وجہ سے یہ حکومت جلد ہی گر گئی۔
- 1980 کے لوک سبھا چناؤ میں کانگریس نے 353 سیٹیں حاصل کیں اور اپنے مخالفین کو سخت شکست دی۔

## شاہ کمیشن

ایمرجنسی کی جانچ کے لیے جنتا پارٹی کی حکوت کے ذریعے 1977 میں سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس جے۔ سی۔ شاہ کی صدارت میں ایک تحقیقاتی کمیشن قائم کیا گیا۔ شاہ کمیشن کے ذریعے رپورٹ میں بیان کیا گیا کہ:

- ایمرجنسی لاگو کرنے کا فیصلہ صرف وزیراعظم اندرا گاندھی کا تھا۔
- دہلی پاور سپلائی کے جنرل منیجر کو دہلی کے لیفٹیننٹ گورنر کے ذریعے زبانی احکامات دیے گئے تھے کہ 26 جون 1975 کو رات دو بجے اخبارات کی بجلی کاٹ دی جائے۔
- وزیراعظم کے حکم پر ان کے مخالف سیاسی جماعتوں کے لیڈران کو گرفتار کرنا غیر قانونی تھا۔
- MISA کے قانون کا غلط استعمال کیا گیا۔
- کچھ لوگوں نے افسران کے عہدے پر نہ ہوتے ہوئے بھی سرکاری کاموں میں مداخلت کی تھی۔

## شہریوں کی آزاد تنظیموں کا آغاز

- شہری آزادی اور جمہوری حقوق کی حفاظت کے لیے عوامی تنظیموں کی شروعات اکتوبر 1976 میں ہوئی۔
- ان تنظیموں نے نہ صرف ایمرجنسی بلکہ عام حالات میں بھی لوگوں کو اپنے حقوق کی حفاظت کے لیے کہا۔
- 1980 میں شہری آزادی اور جمہوری حقوق کی حفاظت کے لیے عوامی تنظیموں کا نام بدل کر ''شہری آزادیوں کے لیے عوامی تنظیم'' رکھ دیا گیا۔
- غریبی، آپسی میل جول، جمہوری طرز عمل اور غیر جانبداری سے متعلق مسائل کے بارے میں بھارت کی آزاد شہریوں کی تنظیم کے مختلف میدانوں میں منظّم ہو کر کام کرنا شروع ردیا ہے۔

## جمہوری بحالی

ملک کی جمہوری سیاست میں عوام کی بڑھتی ہوئی شمولیت کو جمہوری بحالی کی شکل میں جانا جاتا ہے۔ اس اصول کی بنیاد پر

سماجی علوم کے عالم ہندوستان کی آزادی کے بعد کی تاریخ میں تین طرح کی جمہوری بحالی کی وضاحت کرتے ہیں۔

1۔ پہلی جمہوری بحالی کو 1950 کی دہائی سے 1970 کی دہائی تک شمار کیا جا سکتا ہے۔ جو مرکز اور ریاست دونوں میں بالغ رائے دہندگی کی بڑھتی ہوئی شمولیت تھی۔ یہ شمولیت ایک کامیاب جمہوریت کی جدید کاری۔ شہر کاری۔ تعلیم اور میڈیا پر مبنی ہوتی ہے۔ پارلیامانی جمہوریت کے اصول پر لوک سبھا اور ریاست کی قانون ساز اسمبلیوں میں چناؤ کی کامیابی نے ہندوستان کی پہلی جمہوری بحال کو ثابت کر دیا۔

2۔ 1980 کی دہائی میں سماج کے نچلے طبقوں، پچھڑی ہوئی ذاتوں۔ قبائل اور دیگر پسماندہ طبقوں کی بڑھتی سیاسی شمولیت کو یوگیندر یادو کے ذریعے دوسری جمہوری بحالی کی شکل میں واضح کیا گیا ہے۔ اس شمولیت نے ہندوستانی سیاست کو ان طبقوں کے لیے زیادہ آسان بنا دیا ہے اگر چہ اس بحالی نے ان طبقوں خصوصاً دلتوں کے معیار زندگی میں کوئی زیادہ تبدیلی نہیں کی ہے لیکن سیاسی منچوں پر ان طبقوں کی شمولیت نے ان کے وقار کو مضبوط اور طاقتور بنانے کے مواقع دیئے ہیں۔

3۔ 1990 کی دہائی کے شروع سے نرم کاری، نجی کاری، اور عالم کاری کے دور کو ایک تقابلی بازار اور سماج کے عروج کے لیے ذمہ دار مانا جاتا ہے جس میں معیشت سماج اور سیاست کے سبھی اہم شعبوں کو شامل کیا جاتا ہے۔ نرم کاری کی یہ دہائی تیسری جمہوری بحالی کے لیے راستہ بناتی ہے۔

تیسری جمہوری بحالی ایک تقابلی چناؤ کی سیاست کی نمائندگی کرتی ہے۔ جو Survival of the fittest کے اصول پر مبنی نہ ہو کر Survival of the Ablest پر مبنی ہوتی ہے۔ یہ چناؤ کی مارکیٹ میں تین تبدیلیوں کی نشاندہی کرتی ہے۔ ریاست سے بازار کی طرف حکمراں سے حکومت کی طرف اور کنٹرولر ریاست سے سہولیابی ریاست کی طرف اس کے علاوہ تیسری جمہوری بحالی نے اس نوجوان طبقے کی شمولیت کو ظاہر کیا ہے جو ہندوستانی سماج کا ایک اہم حصہ ہیں۔ اور ہندوستان کی دور حاضر کی جمہوری سیاست میں اپنی بڑھتی انتخابی اولیت کے نظریہ سے ترقی اور انتظامیہ دونوں کے لیے حقیقی بانی کی شکل میں اجاگر ہوئی۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ مکمل انقلاب (سمپورن کرانتی) کا کیا مقصد تھا؟

2۔ پریس سنسر شپ سے کیا مراد ہے؟

3۔ شاہ کمیشن کو کب اور کیوں شروع کیا گیا تھا۔

(A) 1991 (B) 1974 (C) 1975 (1977)

4۔ آئین کی کون سی ترمیم کے ذریعے مجلس قانون ساز کی مدّت کو پانچ سال سے بڑھا کر چھ سال کر دیا گیا؟

(A) 25 (B) 42 (C) 44 (D) 62

5۔ ایمرجنسی کے دوران غریبوں کے مفاد کے لیے کس پروگرام کا اعلان کیا گیا؟

(A) پنج سالہ منصوبوں کا (B) دس نکاتی پروگرام کا

(C) 20 نکاتی پروگرام کا (D) غریبی ہٹاو

6۔ ''کانگریس فار ڈیموکریسی'' پارٹی کے کامراج قیادت میں بنی؟ صحیح یا غلط لکھیں۔

7۔ کونسی کمیونسٹ پارٹی نے ایمرجنسی کے دوران کانگریس پارٹی کا ساتھ دیا تھا؟

8۔ کن دو مصنفین نے جمہوریت کو دبانے کی مخالفت میں اپنے خطابات حکومت کو واپس کر دیے تھے؟

9۔ 25 جون 1975 کو ایمرجنسی کا اعلان کس صدر کے ذریعے کیا گیا تھا؟

10۔ 1976 میں آزادی سے متعلق کس تنظیم کی تشکیل ہوئی۔

11۔ Committed Judiciary سے کیا مراد ہے۔

12۔ غریبی ہٹاؤ کا نعرہ کب اور کس نے دیا۔

13۔ 1973 میں کسے ہندوستان کے چیف جسٹس کی شکل میں مقرر کیا گیا۔

14۔ 1975 میں آئین کی کس دفعہ کے تحت ایمرجنسی لگائی گئی۔

15۔ مکمل انقلاب کا نعرہ کس نے دیا۔

16۔ 1974 میں ریل ہڑتال کی رہنمائی کس نے کی۔

17۔ جے۔ پی تحریک کی حمایت کرنے والی کسی ایک پارٹی کا نام بتائیں۔

(A) کانگریس (B) جن سنگھ (C) سوتنتر پارٹی (D) بھارتیہ لوک دل

18۔ خالی جگہ بھریں

آزادی کے بعد ہندوستان میں.......................جمہوری بحالیوں کا ذکر ملتا ہے۔

19۔ لوک پال ادارے کی حمایت کس نے کی؟

(A) رام منوہر لوہیا (B) دین دیال اپدھائے

(C) جے پرکاش نارائن (D) یوگیندر یادو

20۔ خالی جگہیں بھریں۔

چارستونی سیاست کے بانی...................... تھے۔

## دو نمبر والے سوالات

1۔ ایمرجنسی کے دوران کن دو تنظیموں پر پابندی لگائی گئی تھی؟

2۔ 1974 میں گجرات اور بہار کے طلبا نے کن مدعوں پر تحریک شروع کی تھی؟

3۔ نکسلی تحریک کے دو کاموں کا ذکر کریں۔

4۔ 42ویں ترمیم کے ذریعے کیے گئے دو اہم تبدیلیوں کو بیان کیجیے۔

5۔ 1977 کے انتخابات میں جنتا پارٹی کی جیت کے دو اسباب بتایئے۔

6۔ ایمرجنسی اور اس کے آس پاس کے عرصہ کو کیوں آئینی بحران کے زمانے کی شکل میں دیکھا جاتا ہے؟

7۔ مندرجہ ذیل کو ملائیں:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | ایمرجنسی کا اعلان | (i) | جے پرکاش نارائن |
| (B) | جمہوریت بچاؤ | (ii) | چارو مجوداد |
| (C) | CIP | (iii) | جنتا پارٹی |
| (D) | سچی جمہوریت کی تشکیل | (iv) | فخر الدین علی احمد |

8۔ ریل ہڑتال کب اور کس خاص مانگ کو لے کر ہوئی تھی؟

9۔ شاہ کمیشن کو کب اور کیوں قائم کیا گیا تھا؟

10۔ احتیاطی گرفتاری سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

11۔ تیسری جمہوری بحالی کس اصول پر مبنی ہے؟

12۔ متحدہ انسانیت کی فلاسفی کن اصول پر مبنی ہے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات

مندرجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے بڑھیں اور سوالات کے جواب دیں۔

''ایمر جنسی کے اعلان کے بعد اختیارات کی وفاقی نوعیت ختم ہو جاتی ہے اور ساری طاقت مرکزی حکومت کے ہاتھوں میں آجاتی ہے دوسری حکومت کو یہ اختیار بھی حاصل ہوتا ہے کہ ایمر جنسی کے دوران وہ بنیادی حقوق کو معطل یا مختصر کر دے۔ دستور کے الفاظ سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ایمر جنسی ایک بہت ہی غیر معمولی طریقہ ہے جو صرف اسی صورت میں عمل میں لایا جا سکتا ہے جب روزمرہ کی جمہوری سیاست بالکل ہی نا قابل عمل ہو جائے۔ لہذا حکومت کو مخصوص اختیارات دیئے گئے ہیں۔ 26 جون 1975 کی رات وزیراعظم نے ایمر جنسی کے نفاذ کے لیے صدر فخر الدین علی احمد سے سفارش کی۔ انہوں نے فوراً ہی حکم نامہ جاری کر دیا۔ آدھی رات کے بعد تمام بڑے اخباروں کے دفتروں کی بجلی کاٹ دی گئی دوسری صبح سویرے اپوزیشن کے لیڈروں اور کارکنون کی ایک کثیر تعداد کو گرفتار کر لیا گیا۔ یہ سب کچھ ہونے کے بعد 26 جون کو صبح 6 بجے ایک خصوصی میٹنگ میں کابینہ کو مطلع کر دیا گیا۔

1۔ کس دفعہ کے تحت 25 جون 1975 کو ایمر جنسی کا اعلان کیا گیا تھا۔

(A) دفعہ 350 (B) دفعہ 352

(C) دفعہ 356 (D) دفعہ 360

2۔ ایمر جنسی کا اعلان کس نے جاری کیا؟

(A) راشٹری پتی فخر الدین علی احمد (B) وزیراعظم اندرا گاندھی

(C) جے پرکاش نارائن (D) مرار جی دیسائی

3۔ ملک کی ایمر جنسی کی مدت میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) طاقت کے بٹوارے کا وفاقی نوعیت ختم ہو جاتی ہے۔

(B) ساری طاقتیں مرکزی حکومت کے ہاتھوں میں مرکوز ہو جاتی ہیں۔

(C) حکومت چاہے تو بنیادی حقوق پر روک لگاسکتی ہے۔

(D) اوپر دیئے گئے سبھی۔

4۔ اندرا گاندھی نے ملک میں ایمرجنسی کس بنیاد پر لگائی تھی؟

(A) آئینی گڑبڑی کی وجہ سے (B) باہری گڑبڑی کی وجہ سے

(C) اندرونی گڑبڑی کی وجہ سے (D) اوپر دیئے گئے سبھی

## چار نمبر والے سوالات

1۔ ایمرجنسی سے پہلے عدلیہ اور حکومت کے آپسی رشتوں میں کس طرح تناؤ پیدا ہوا؟

2۔ 1975 کی ایمرجنسی نے کس طرح بھارت کی جمہوریت کو متاثر کیا؟

3۔ جون 1975 میں اندرونی ایمرجنسی لاگو کرنے کے پیچھے کیا اسباب تھے؟ (Imp)

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ نیچے دیے گئے کارٹون کو غور سے دیکھیں اور سوالات کے جواب دیں




(i) کارٹوں کے ذریعے کس واقع کو دکھانے کی کوشش کی گئی ہے؟ 1

(ii) عام لوگوں کے ساتھ ساتھ کون سے چار لیڈر کھڑے ہیں؟ 2

(iii) برسراقتدار جماعت کون سی تھی؟ اس کی شکست کے دو اسباب بتائیے؟ 2

2۔ دیے گئے کارٹوں کی بنیاد پر سوالوں کے جواب دیں۔




1۔ کارٹون میں دیئے گئے لیڈر کو پہچانیں۔

2۔ یہ کارٹون کس تنازعے پر روشنی ڈالتا ہے۔

3۔ شاہ جانچ کمیشن کب اور کیوں بنایا گیا؟

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ ایسے چار حالات کا ذکر کریں جن کے سبب 1975 میں ایمرجنسی لاگو کی گئی۔

2۔ 25 جون 1975 کو بھارت میں قومی ایمرجنسی کا اعلان کیوں کیا گیا؟ اس کے تین نتائج بیان کیجیے۔

3۔ ایمرجنسی سے ملنے والے تین اسباق کا ذکر کریں؟

4۔ ''ایمرجنسی کے دوران حکومت نے اختیارات کا غلط استعمال کیا تھا'' اس بیان کی حمایت کیجیے۔

5۔ 1975 کی ایمرجنسی میں اجاگر ہندوستان جمہوریت کی کمزوریوں اور طاقت کے تین تین نکات کی وضاحت کریں۔

6۔ 1980 کے وسط مدتی چناؤ کے لئے ذمہ دار حالات کی وضاحت کریں۔

7۔ جے پرکاش نارائن کے تین اہم کارناموں کی وضاحت کریں۔

8۔ دین دیال اپدھیائے کے متحدہ انسانیت کے اصول سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ وضاحت کریں۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ حقیقی جمہوریت کو قائم کرنا۔

2۔ اخبارت میں کچھ بھی چھاپنے سے پہلے حکومت کی اجازت لے کر چھاپنا

3۔ (D) 1977

4۔ آئین میں 42ویں ترمیم

5۔ بیس نکاتی پروگرام

6۔ بابو جگ جیون رام

7۔ سی۔ پی۔ آئی (بھارتیہ کمیونسٹ پارٹی)

8۔ کنڑ ادیب شوارا ما کنتھ اور ہندی ادیب کا نیشور ناتھ

9۔ فخر الدین علی احمد

10۔ شہری آزادیوں کے لیے عوامی تنظیم

11۔ حکومت کے پالیسیوں کے مطابق کام کرنا۔

12۔ اندرا گاندھی 1971

13۔ A.N. Ray

14۔ دفعہ 352

15۔ جے پرکاش نارائن

16۔ جارج فرنانڈیز

17۔ بھارتیہ لوک دل

18۔ تین

19۔ جے پرکاش نارائن

20۔ رام منوہر لوہیا

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ آر۔ایس۔ایس اور جماعت اسلامی۔

2۔ (i) غذائی اشیا کی کمی، غذائی تیل اور دوسری اشیاء کی بڑھتی قیمتیں۔

(ii) بے روزگاری اور اعلی عہدوں پر بڑھتی ہوئی بدعنوانی۔

3۔ (i) امیر زمین مالکان سے زمین چھین کر غریب اور بے زمین لوگوں کو دینا۔

(ii) سیاسی مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے تشدد کے ذرائعوں کا استعمال۔

4۔ ■ وزیراعظم، صدر اور نائب صدر کے انتخاب کو عدالت میں چنوتی نہیں دی جا سکتی۔

■ مجلس قانون ساز کی مدّت پانچ سال سے بڑھا کر چھ سال کر دی گئی۔

5۔ (i) ایمرجنسی کا اعلان اور کانگریس کی کارگذاری

(ii) مخالف جماعتوں کا ایک ہو جانا

6۔ پارلیمنٹ اور عدلیہ کے دائرہ اختیار کو لے کر آئینی جدوجہد ایمرجنسی کی بنیاد تھا۔حکومت کے پاس اکثریت ہونے کے باوجود جمہوریت کو ٹھپ کرنے کا فیصلہ کیا گیا

7۔ A — ii ، C — ii

C — iii ، D — i

8۔ مئی 1974 میں بونس اور نوکری سے جڑی شرطوں کو لے کر کی گئی۔

9۔ جے۔سی۔شاہ کی صدارت میں مئی 1977 میں ایمرجنسی کے دوران کی گئی کارروائی اور اقتدار کے ناجائز استعمال کے خلاف مختلف پہلوؤں کی جانچ کرنے کے لیے قائم کیا گیا۔

10۔ عام طور پر کسی بھی شخص کو اس وقت گرفتار کیا جاتا ہے جبکہ اس نے کوئی جرم کیا ہو لیکن کسی شخص کے آزاد رہتے ہوئے اس سے کسی جرم کے لیے خدشہ ہو تو اسے گرفتار کر لیا جاتا ہے۔ اس کو احتیاطی نظری بندی کہتے ہیں۔

11۔ Survival of the fittest

12۔ سبھی کی ترقی ہو۔ مذہب کی برتری سماج کی خود مختاری۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ سپریم کورٹ نے حکومت کے کئی کاموں کو آئین کے خلاف پایا۔ کانگریس عدالت کے اس رویہ کو جمہوریت کے اصولوں اور پارلیمنٹ کی عظمت کے خلاف ماننے لگی۔ اس جماعت کا یہ الزام تھا کہ عدالت ایک ایسی برقرار تنظیم ہے جو غریبوں کی فلاح سے متعلق یوجناؤں کو لاگو ہونے سے روک رہی ہے۔

2۔ (i) مخالف لیڈروں نے ایک ساتھ مل کر جنتا پارٹی بنائی

(ii) 1977 میں آزاد، غیر جانبدارانہ انتخابات ہوئے اور اندرا گاندھی والی برسر اقتدار سیاسی جماعت کو عوام نے ہار کا منھ دکھایا

(iii) ایمرجنسی کے دوران کیے گئے نامناسب آئینی ترمیم کو بدل دیا گیا

(iv) حزب مخالف اب تنقید کے لیے آزاد تھا۔

3۔ (i) حکومت کو مخالف جماعتیں اس کی پالیسیوں کے مطابق حکومت نہیں کرنے دے رہی تھیں

(ii) تمام طاقت قانونی نظام کی بحالی پر لگانی پڑ رہی تھی۔ سازشی طاقتیں حکومت کے کاموں میں رکاوٹیں ڈال رہی تھیں۔

(iii) مخالف جماعتیں فوج، پولیس اور سرکاری افسران کو حکومت کے خلاف بھڑکا رہے تھے۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) 1977 کے انتخابات میں کانگریس کی ہار اور جنتا پارٹی کی کامیابی کو دکھانے کی کوشش کی گئی ہے۔

(ii) جگ جیون رام، مرارجی دیسائی، چودھری چرن سنگھ اور اٹل بہاری واجپائی

(iii) ایمرجنسی لاگو کرنا

■ پریس سنسر شپ، MISA اور آئین کی 42 ویں ترمیم

■ برسراقتدار سیاسی جماعت کانگریس تھی

2۔ 1۔ اندرا گاندھی

2۔ اندرا گاندھی اور شاہ جانچ کمیشن کے بیچ ٹکراؤ پر روشنی ڈالتا ہے۔

3۔ 1977 اور ایمرجنسی کے دوران حکومت کے ذریعے کی گئی کارروائی اور طاقت کے غلط استعمال مختلف پہلوؤں کی جانچ کے لیے۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) غریبی ہٹاؤ کا نعرہ اپنا اثر کھو رہا تھا

(ii) 1972-73 میں مانسون کے ناکام ہونے کے سبب زرعی پیداوار میں بھاری گراوٹ

(iii) 1973 میں بین الاقوامی بازار میں تیل کی قیمتوں کے بڑھنے سے بھارت کی معیشت پر برا اثر پڑا

(iv) ریلوے ملازمین کی ہڑتال

(v) گجرات اور بہار میں طلبا کی تحریکیں

(vi) حکومت کی غلط پالیسیوں کے خلاف عوام میں بے چینی اور مایوسی

2۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

3۔ (i) آئین کے تنازعہ والے آرٹیکل میں ترمیم

(ii) بھارت میں جمہوریت کی بنیاد کا مزید مضبوط ہونا

(iii) پولیس اور انتظامیہ کا غیر جانبدار شکل میں کام کرنا

4۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

5۔ ایمرجنسی کے دوران ہندوستانی جمہوریت کی کمزوریاں

1۔ جمہوری اداروں کا اپاہج ہونا

2۔ ایمرجنسی کی دفعات کا واضح نہ ہونا

3۔ پولیس اور انتظامیہ کا غلط استعمال

5۔ 1۔ شہریوں میں اپنے حقوق کے تئیں بیداری ہونا

2۔ جمہوریت کی از سر نو تشکیل

3۔ شہری تنظیموں کا وجود میں آنا

6۔ یاد رکھنے لائق نکات دیکھیں۔

7۔ یاد رکھنے لائق نکات دیکھیں۔

8۔ یاد رکھنے لائق نکات دیکھیں۔

# باب۔چھ


# ہندوستان میں سماجی اورنئی سماجی تحریکیں

سماجی بنام نئی سماجی تحریکیں

کسان تحریک ۔مزدور تحریک ۔خواتین تحریک ۔ماحولیات تحریک

ایک واضح مقصد کے لئے کی جانے والی کوشش کوعوامی تحریک کہا جاتا ہے۔عوامی تحریک کی خاص وجوہات میں غریبی ۔ بے روزگاری۔ عام لوگوں اور کسانوں کا سیاسی لیڈروں اوراداروں سے ناواقف ہوناوغیرہ شامل ہے۔

- جوتحریکیں کسی سیاسی پارٹی کے تعاون کے ذریعےشروع کی جاتی ہیں انھیں پارٹی پرمبنی تحریکیں کہتے ہیں۔جیسے آندھراپردیش کسانوں کے ذریعے تلنگانہ تحریک ( کمیونسٹ پارٹی ) تبھاگہ تحریک۔
- جوتحریکیں خودامدادی تنظیموں مقامی لوگوں طلبا کے ذریعے کسی مسئلے سے دوچار ہونے کی وجہ سے شروع کی جاتی ہیں انھیں سیاسی پارٹیوں سے آزادعوامی تحریک کہتے ہیں۔جیسے دلت پینتھرس تاڑی مخالف تحریک چپکوتحریک۔




## ماحولیات تحریک (چپکو تحریک)

- 1973 میں اترا کھنڈ میں مردوخواتین کے ذریعے شروع کی گئی۔

- جنگلاتی شعبہ نے کھیتی باڑی کے اوزار بنانے کے لیے پیڑوں (انگو) کی کٹائی سے انکار کر دیا
- جب کہ کھیل کا سامان بنانے والی کمپنی کو کاروباری استعمال کے لیے زمین کا وہی ٹکڑا دیا۔
- خواتین اور گاؤں کے لوگوں کے ذریعے پیڑوں کی کٹائی کی مخالفت کی گئی۔
- خواتین پیڑوں کی کٹائی کی مخالفت میں پیڑوں سے چپک گئیں۔

## مانگیں

- مقامی لوگوں کو پانی، جنگل، زمین جیسے قدرتی وسائل پر کارگر کنٹرول
- حکومت چھوٹی صفتوں کے لیے کم قیمت پر سامان مہیا کرائیں۔
- شہر کے ماحولیات توازن کو نقصان پہنچانے بغیر ترقی کا تعین کریں۔
- خواتین نے شراب خوری کی لت کے خلاف بھی آواز اٹھائی۔

## نتائج

- حکومت نے 15 سالوں کے لیے ہمالیائی علاقے میں پیڑوں کی کٹھائی پر روک لگا دی۔

## اہم لیڈر

- سندر لال بہوگنا
- بعد کے سالوں میں ملک کے مختلف حصوں میں اٹھنے والی عوامی تحریک کی علامت
- خواتین کو ان کے حقوق کے تئیں بیدار کیا۔
- **نرمدا بچاؤ تحریک**

اس تحریک کے ذریعے نرمدا ندی پر بڑے باندھوں کی تشکیل/تعمیر کی مخالفت، مقامی لوگوں کی باز آبادکاری، ذریعہ معاش، ثقافت اور ماحولیات پر پڑنے والے برے اثرات کو بہتر طریقے سے اجاگر کیا گیا۔

اس تحریک میں مدھیہ پردیش، گجرات اور مہاراشٹر سے گزرنے والی نرمدا ومعاون ندیوں پر 30 بڑے 135 درمیانی اور 300 چھوٹے باندھ بنانے کی تجویز:

- اس منصوبے کا نام سردار سرور منصوبہ ہے۔

- گجرات ریاست میں سردار سروور اور مدھیہ پردیش میں نرمدا ساگر سب سے بڑا باندھ ہے۔

- **فائدئے**
  - گجرات کے بہت بڑے حصے کے ساتھ تین ریاستوں میں پینے کا پانی، سینچائی اور بجلی پیداوار کی سہولت
  - زراعت کی پیداوار میں بہتر کوالٹی اور سدھار
  - باڑھ اور سوکھے کی آفات پر کنٹرول

- **مخالفت**
  - اس منصوبہ کا عوام کی رہائش، روزگار، ثقافت اور ماحولیات پر برا اثر
  - اس منصوبے کے سبب ہزاروں لوگ بے گھر ہو گئے (25 گاؤں کے اس علاقے میں آجانے سے تقریباً ڈھائی لاکھ لوگ بے گھر)

- **مطالبات**
  - اس منصوبہ سے جڑے سبھی لوگوں کو دوبارہ سے رہنے کی مناسب جگہ دی جائے
  - اس منصوبہ سے متعلق فیصلوں میں یہاں کے مقامی لوگوں کو بھی حصّہ دار بنایا جائے
  - پانی، جنگل، زمین جیسے قدرتی ذرائع پر ان کا اثر اور کنٹرول
  - باندھوں کو تشکیل دینے میں آرہی کثیر لاگت/خرچ کا سماجی نقصان سے متعلق اندازہ لگایا جائے

- **اس تحریک سے جڑے اہم لیڈر**
  - میگھا پاٹیکر ............عامر خاں

- **نتائج**

اس منصوبے کے تحت مرکزی حکومت نے 2003 میں قومی از سر نو رہائشی پالیسی کا اعلان کیا۔

## تاڑی مخالف تحریک

- شراب مخالف تحریک کی شروعات 1990 میں آندھرا پردیش نیلور ضلع کے ڈباگنٹا گاؤں میں ہوئی۔

- تقریباً 5000 گاؤں کی عورتوں نے اس تحریک میں حصہ لیا۔
- نیلور ضلع میں تاڑی کی فروخت کی نیلامی 17 بار رد ہوئی۔
- تاڑی کی فروخت بند کرو کا نعرہ لگایا

## مانگیں

- شراب کی وجہ سے صحت خراب ہوگئی تھی معاشی پریشانیوں بڑھ رہی تھیں اس لیے تاڑی کی فروخت کی مخالفت گھریلو تشدد، عورتوں پر ہونے والے ظلم، جہیز کی رسم کی مخالفت۔

## نتائج

- کئی ریاستوں میں شراب نوشی پر پابندی
- گھریلو تشدد اور عورتوں پر ہونے والے مظالم کے خارجی قانون
- عورتوں کی مانگ پر مقامی اداروں میں ریزرویشن 73 ویں اور 74 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے

## نیشنل فیش ورکس فارم (NFWF)

- مچھواروں کی تعداد کے لحاظ سے ہندوستان کا دنیا میں دوسرا مقام
- حکومت کے ذریعے تجارتی جہازوں کو گہرے سمندر میں مچھلی مارنے کی اجازت سے مچھواروں کے روزگار پر سوالیہ نشان
- مجبور ہو کر مچھواروں نے NFWF بنایا۔
- 2002 میں NFWF کے ذریعے غیر ملکی کمپنیوں کو مچھلی مارنے کا لائیسنس جاری کرنے کی مخالفت میں پورے ملک میں ہڑتال کی گئی۔
- ماحولیات کے تحفظ اور مچھواروں کی زندگی کو بچانے کے لیے کئی قانونی لڑائیاں لڑیں۔

## دلت پینتھرس

- مہاراشٹر میں 1992 میں تعلیم یافتہ دلت نوجوانوں نے دلت طبقے کی اذیتوں ان پر کئے جانے والے ظلموں کو ظاہر کرنے کے مقصد سے دلت پینھترس کے نام سے ایک تنظیم بنائی۔

## مانگیں

- ذات پر مبنی نابرابری اور طبعی وسائل کے معاملے میں اپنے ساتھ ہونے والی ناانصافی کے خلاف لڑنا۔
- ریزرویشن کے قانون اور سماجی انصاف کی پالیسوں کو کارگر طریقے سے لاگو کرنے کی مانگ
- دلت خواتین کے ساتھ ہونے والے برے سلوک کی مخالفت
- بے زمین کسانوں، مزدوروں اور سبھی محروم طبقوں کو ان کے حقوق دلوانا
- دلتوں میں تعلیم کا پھیلانا

## دلت پینتھرس کی سرگرمیاں

- کئی ادبی تصنیفات لکھیں۔ تخلیقی اور احتجاجی ڈھنگ سے اپنی لڑائی لڑی۔
- دلت نوجوانوں نے آگے بڑھ کر ظلموں کی مخالفت کی۔

## نتائج

- حکومت نے 1980 میں قانون بنا کر دلت پر ظلم کرنے والوں کے لیے سخت سزا کا بندوبست کیا۔

## دلت پنتھرس کے سیاسی زوال کے بعد بام سیف (BAMCEF)

Backward and Minority classes Employear Fedration کی تشکیل۔

## بھارتیہ کسان یونین

- جنوری 1988 میں اتر پردیش کے میرٹھ میں BKU کے ممبر کسانوں نے دھرنا دیا۔ (مہیندر سنگھ ٹکیٹ کی رہنمائی ہیں)

## مانگیں

- بجلی کی شرح میں کی گئی بڑھوتری کی مخالفت
- گنے اور گیہوں کی سرکاری قیمتوں میں بڑھوتری کی مانگ۔
- زراعتی چیزوں کی بین الاقوامی تجارت پر لگائی گئی پابندیوں کو ہٹانا
- بجلی کی فراہمی کا مکمل یقین

- کسانوں کے لیے پینشن کا بندوبست
- کسانوں کے بقایا قرض معاف

## سرگرمیاں

- دھرنا، ریلی، مظاہرے، جیل بھرو وغیرہ کارروائیوں سے حکومت پر دباؤ بنایا۔

## خصوصیات

- BKU نے کسانوں کی تعداد کی بنیاد پر ذات کے تعلق کا استعمال کیا۔ اپنی تعداد کی بنیاد پر سیاست میں ایک دباؤ گروپ کی طرح کام کرتی رہی۔
- تحریک کی کامیابی کے پیچھے اس کے ممبروں کی سیاست مول بھاؤ کی صلاحیت تھی کیوں کہ وہ نقدی فعل اگاتے تھے۔
- اپنے علاقے کی انتخابی سیاست میں اس کے ممبروں کا رسوخ تھا۔ مہاراشٹر کاشت کاری سنگھٹن اور کرناٹک کارعایت کاری سنگھٹن کسان تنظیموں کی زندہ مثال ہے۔

# معلومات کے حق کی تحریک

- اس تحریک کی شروعات 1990 میں مزدور کسان شکتی سنگھٹن (MKSS) نے کی۔ یہ راجستھان کی ایک بڑی عوامی تنظیم تھی جس نے مزدوروں کے حسابات اور قحط کے راحتی کاموں کے ریکارڈ اور تفصیلات کا مطالعہ کرنے کے لیے پہل کی کیونکہ انھیں دی گئی مزدوری میں ہیرا پھیری کی گئی تھی۔
- اس تحریک کے دباؤ میں راجستھان سرکار نے قانون بنایا کہ عوام کو پنچایت کے دستاویزوں کی نقل/فوٹو کاپیاں رکھنے کی اجازت ہے۔
- پنچایت کے لیے بجٹ حساب کتاب، خرچ، پالیسیوں اور ان سے فائدہ اٹھانے والوں کے بارے میں عوامی اعلان کرنا لازمی ہے۔
- 1996 میں MKSS نے دہلی میں اطلاع کے حق کو لے کر قومی سمیتی کی تشکیل کی مانگ کی۔
- 2004 میں اطلاعات کے حق کو بل کی شکل میں ایوان میں رکھا گیا
- جون 2005 میں اس قانون کو صدر کی منظوری حاصل ہوگئی۔

- عوامی تحریکوں سے سبق
  - ان تحریکوں کا مقصد جماعتی سیاست کی خامیوں کو دور کرنا تھا۔
  - ان سماجی تحریکوں نے سماج کے ان نئے طبقات کو سماجی، معاشی مسائل کو ظاہر کیا جو اپنی مشکلات کو انتخابی سیاست کے ذریعے حل نہیں کر پا رہے تھے۔
  - عوام کے غصّہ اور سماج کے گہرے تناؤ کو مناسب سمت دے کر جمہوریت کی حفاظت کی گئی۔
  - عوام کی منظّم شمولیت نے جمہوریت کی بنیاد پر رائے عامہ کو قائم کیا۔
  - عوام کو بیدار کیا گیا اور جمہوری سیاست کو بہتر ڈھنگ سے سمجھنے میں مدد ملی۔
- نتائج

یہ تحریکیں جمہوریت کے لیے خطرہ نہیں ہوتیں بلکہ لوگوں میں جمہوریت کے تئیں یقین کو پیدا کرتی ہیں۔ ان کا مقصد مختلف سیاسی جماعتوں کی سیاست سے پیدا خامیوں کو دور کرنا ہوتا ہے۔ لہٰذا ملک میں اس طرح کی تحریکوں کو کسی مسئلہ کی شکل میں نہیں دیکھا جانا چاہیے۔

## ایک نمبر والے سوالات

مندرجہ ذیل دیئے گئے انتخابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کریں:۔

1۔ نرمدا بچاؤ تحریک کا تعلق کس ریاست سے ہے۔

(i) مدھیہ پردیش (ii) راجستھان (iii) مہاراشٹر (iv) گجرات

(A) i, ii (B) ii, iii (C) i, ii, iii (D) i, ii, iii, iv

2۔ دلت پینتھر کی شروعات کس سال ہوئی؟

A۔ 1973 B۔ 1972 C۔ 1980 D۔ 1988

3۔ اطلاع پانے کا حق (RTI) کب پاس ہوا۔

A۔ 2001 B۔ 2002 C۔ 2004 D۔ 2005

4۔ مندرجہ ذیل تحریکوں کو ترتیب وار لکھیں۔

A۔ بھارتیہ کسان تحریک B۔ چپکو تحریک

C۔ دلت پینتھر تحریک D۔ تاڑی مخالف تحریک

مندرجہ ذیل جملوں کے سامنے صحیح اور غلط کا نشان لگاؤ

6۔ عوامی تحریکیں جمہوریت کو مضبوط بنانے میں اہم رول نبھاتیں ہیں۔

7۔ نرمدا بچاؤ تحریک۔ایک کسان تحریک ہے۔

8۔ چپکو تحریک آندھرا پردیش میں شروع ہوئی۔

9 دلتوں کے لیے بابا صاحب امبیڈکر نے اہم رول نبھایا۔

10۔ چپکو آندولن کی شروعات کہاں ہوئی؟

11۔ تاڑی مخالف تحریک کا اہم نعرہ بتایئے۔

12۔ نام دیوڈھسال.................کے مشہور شاعر ہیں؟

13۔ میگھا پاٹیکر کس عوامی تحریک سے جڑی ہوئی ہے؟

14۔ دلت پنتھرس کے زوال کے بعد پیدا خالی مقام کو کون سی تنظیم کے ذریعے پورا کیا گیا۔

15۔ عوامی تحریکوں سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

16۔ حال ہی میں کس ریاست نے مکمل نشہ بندی کو لاگو کیا ہے؟

17۔ بھارتیہ کسان یونین کا اثر کن ریاستوں میں زیادہ تھا؟

18۔ اطلاعات کے حق کی قیادت کس تنظیم نے کی؟

19۔ آئین کی کس ترمیم کے ذریعے خواتین کو مقامی اداروں میں ریزرویشن دیا گیا ہے؟

20۔ مندرجہ ذیل کو صحیح کر کے دوبار لکھیں

''اطلاعات کے حق'' سے متعلق بل ایوان میں 2002 میں رکھا گیا اور 2005 میں اس قانون کو صدر کی منظوری ملی''

21۔ BAMCEF اور BKU کو مکمل کر کے لکھیں

## دونمبر والے سوالات

1۔ بھارتیہ کسان یونین کی دو مانگیں بتایئے۔

2۔ دلت پنتھرس کی دو سرگرمیاں بتایئے۔

3۔ جماعتوں پر منحصر اور سیاسی جماعتوں سے آزاد تحریکوں میں فرق بتایئے۔

4۔ اڑیسہ کے آدی باسی ضلعوں میں صنعتیں لگانے سے آدی واسیوں اور ماحولیاتی جھگڑوں کے کس طرح کے خوف تھے؟

5۔ مندرجہ ذیل کو آپس میں ملایئے

| | تحریکیں | | اہم لیڈر |
|---|---|---|---|
| (i) | نرمدا بچاؤ تحریک | ............ | مہندر سنگھ ٹکیت |
| (ii) | تاڑی مخالف تحریک | ............ | نام دیو ڈھسال |
| (iii) | بھارتیہ کسان یونین | ............ | میگھا پاٹیکر |
| (iv) | دلت پنتھرس | ............ | دُبا گُنٹا روزاما |

## اقتباس پر مبنی سوالات

1۔ عبارت کو پڑھیے اور درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

''......تقریباً سبھی سماجی تحریکیں نئی بیماریوں اور برائیوں کے علاج کے طور پر رونما ہوئیں۔ ماحولیاتی، پستہ حالی، عورتوں کے حقوق کی خلاف ورزی، قبائلی ثقافت کی تباہی و بربادی اور انسانی حقوق کی زک رسانی...... بذات خود ان میں سے کوئی بھی سماجی نظام کی شکل نہیں بدل سکتی۔ ان معنوں میں یہ ماضی کے انقلابی نظریات سے بالکل مختلف ہیں۔ لیکن ان کی کمزوری یہ ہے کہ یہ منتشر ہیں اور ٹکڑوں میں منقسم ہیں......نئی سماجی تحریکوں کے زیر اثر جگہ کا بڑا حصّہ......مختلف قسم کی خصوصیات...... میں مبتلا ہے جس نے انہیں اصلی پس ماندہ اور غریبوں کی ایک بامعنی اور حسب حال ٹھوس اور متحدہ تحریک بننے سے روکا ہے ...... یہ تحریکیں حد درجہ بکھری ہوئی اور حساس اور وقتی نوعیت کی ہیں جو ایک جامع بنیادی سماجی تبدیلی کا خاکہ پیش کرنے سے قاصر ہیں۔ ان کا یہ وہ مخالف (مغرب، سرمایہ داری مخالف، ترقی مخالف وغیرہ) ہونا انہیں مظلوم اور حاشیائی لوگوں کے

لیے اور زیادہ بامعنی خیز نہیں بننے دیتا۔''

1۔ نئی سماجی تحریکیں کن مسائل کو حل کرنے کے لیے ابھریں

(A) ماحولیات کے موضوع (B) خواتین کی بری حالت

(C) قبائیلیوں کی خراب حالت (C) اوپر دیئے گئے سبھی

2۔ تحریکوں کے بکھرنے سے کیا اثر پڑتا ہے؟

(A) تحریکیں مضبوط ہوتی ہیں (B) تحریکیں مضبوط ہوتی ہیں

(C) کوئی اثر نہیں پڑتا (C) ان میں سے کوئی نہیں

3۔ خواتین کے ساتھ ہونے والے گھریلو تشدد کا تعلق کس سے تھا؟

(A) مزدور کسان شکتی سنگھٹن (B) نیشنل فش ورکرس فورم

(C) تاڑی مخالف تحریک (C) نرمدا بچاؤ تحریک

4۔ ماحولیات سے متعلق تحریک کو چنیے

(A) چپکو تحریک (B) نرمدا بچاؤ تحریک

(C) A اور B دونوں (C) اطلاعات کا حق تحریک

## چار نمبر والے سوالات

1۔ چپکو تحریک کب شروع ہوئی؟ ماحولیاتی تحفظ میں اس کی کیا اہمیت ہے؟ (Imp)


2۔ آندھرا پردیش میں چلائے گئے تاڑی مخالف تحریک نے ملک کا دھیان کن سنگین مدعوں کی طرف کھینچا۔ (Imp)

3۔ دلت پنتھرس کی اہم مانگیں کیا تھیں؟ (Imp)

4۔ بھارت سرکار کی کس کارروائی سے مچھواروں کی زندگی ایک بڑی مشکل سوار ہوگئی؟

5۔ بھارتیہ سماج کے کن طبقات کو ان تحریکوں نے اکھٹا کیا؟

## پانچ نمبر کے سوالات




دیئے گئے ہندوستان کے نقشے میں A، B، C، D اور E دکھائے گئے ہیں نیچے دی گئی معلومات کی بنا کر انھیں پہچانیے اور ان کے صحیح نام استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور متعلق حروف کے ساتھ مندرجہ ذیل جدول میں لکھیں۔

| استعمال کی گئی جانکاری کا سیریل نمبر | متعلق حروف | ریاست کا نام |
|---|---|---|
| i | | |
| ii | | |
| iii | | |
| iv | | |
| v | | |

1۔ وہ ریاست جہاں جنگلات کی کٹائی کو روکنے کے لیے تحریک چلائی گئی۔

2۔ وہ ریاست جہاں عورتوں نے شراب بندی کے لیے تحریک کی۔

3۔ وہ جگہ جہاں بھیم راؤ امبیڈکر نے دلتوں کے لیے تحریک چلائی۔

4۔ وہ ریاست جہاں کسان تحریک چلائی گئی۔

5۔ وہ ریاست جہاں میگھا پاٹیکو نے ماحولیات کے تحفظ کے لیے تحریک چلائی۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ عوامی تحریکوں سے کیا سبق ملتا ہے؟ یا

''عوامی تحریکوں نے جمہوریت کی راہ میں رکاٹ نہیں بلکہ اس کو چوڑا کیا ہے'' اس بیان کی حمات کرتے ہوئے عوامی تحریکوں پر روشنی ڈالیے۔

2۔ کثیر مقاصد ندی گھاٹی منصوبہ کے تین مثبت اور تین منفی اثرات بتایئے۔

3۔ بھارتیہ کسان یونین کے ذریعے چلائے جانے والے کسان تحریک کو سب سے زیادہ کامیاب عوامی تحریک بنانے والے کنہیں چھ عوامل کا ذکر کریں۔

4۔ سردار سرور منصوبہ سے کیا مراد ہے اس منصوبے کی کیا افادیت ہے؟ اس کی مخالفت کیوں کی گئی۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ اتراکھنڈ

2۔ تاڑی کی فروخت بند کرو۔

3۔ مراٹھی

4۔ نرمدا بچاؤ تحریک

5۔ BAMCEF

6۔ National Fishworkers Forum

7۔ 2005

8۔ سماج کے مختلف گروپ اپنی امیدوں کو پورا کرنے کے لیے جو تحریک چلاتے ہیں انھیں عوامی تحریک کہتے ہیں۔ عوامی تحریکیں لوگوں کی بے اطمینانی اور بے چینی کو ظاہر کرتی ہیں۔

9۔ بہار

10۔ مدھیہ پردیش

11۔ مغربی اتر پردیش اور ہریانہ

12۔ مزدور کسان شکتی سنگھٹن

13۔ 73ویں ترمیم کے ذریعے اور 74ویں ترمیم کے ذریعے

14۔ ''اطلاعات کے حق سے متعلق بل 2004 میں رکھا گیا اور 2005 میں اس بل کو صدر کی منظوری حاصل ہوئی''

15۔ ■ Backward and Minorities Employees Fedration

■ Bharitya Kisan Union

## دونمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ بجلی کی قیمتوں میں کیے گئے اضافہ کی مخالفت، کسانوں کے قرض کو معاف کرنے کی مانگ

2۔ ■ ان کو ادبی تصانیف کے ذریعے ذات پات کی بنیاد پر ہو رہے ظلم کی مخالفت

■ بے زمین غریب کسانوں، مزدوروں اور دلتوں کی تنظیم بنانا اور انھیں ایک اسٹیج فراہم کرنا

3۔ جماعتوں پر منحصر تحریکیں وہ ہوتی ہیں جو سیاسی جماعتوں کی حمایت سے شروع ہوتی ہیں۔ جو تحریکیں مقامی لوگوں یا مقامی تنظیموں کے ذریعے شروع ہوتی ہیں انھیں آزاد تحریکیں کہتے ہیں۔

4۔ آدی باسیوں کو اپنے مقام اور بیروزگاری کے مسائل کا خوف تھا۔ ان لوگوں کو ماحولیاتی تحفظ فراہم نہ ہونے کے سبب آلودگی کا خوف بھی تھا۔

5۔ (i) نرمدا بچاؤ تحریک ............ میگھا پاٹیکر

(ii) تاڑی مخالف تحریک ............ دُبا گُنٹا روزاما

(iii) بھارتیہ کسان یونین ............ مہندر سنگھ ٹکیت

(iv) دلت پنتھرس ............ نام دیو دھسال

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جواب

(i) —D 2 —B 3 —C 4 —B

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ یادر کھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

2۔ (i) جرائم کا بڑھنا، شراب کی فروخت کے سبب جرائم اور سیاست کا گہرا تعلق ہو گیا تھا۔

(ii) گھریلو تشدد: شراب پینے کے بعد گھریلو تشدد، فسادات میں اضافہ ہو رہا تھا

(iii) صحت: شراب پینے کے سبب لوگوں کی صحت بری طرح متاثر ہو رہی تھی۔

(iv) خواتین کا استحصال: شراب کے سبب خواتین کا جسمانی اور ذہنی استحصال ہو رہا تھا۔

3۔ یادر کھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

4۔ یادر کھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

6۔ سماج کے محروم طبقات، دلت، آدی باسی، گاؤں کی خواتین، کسان اور مزدور

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) B اتراکھنڈ

(ii) C آندھرا پردیش

(iii) A مہاراشٹر

(iv) E اتر پردیش

(v) D مدھیہ پردیش

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ یادر کھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

2۔ **مثبت اثرات**

(i) سینچائی کے لیے پانی کی فراہمی

(ii) باڑھ اور سوکھے کے مسائل سے چھٹکارا

(iii) علاقے کی ترقی

**منفی اثرات**

(i) مقامی لوگوں کی رہائش/ بسنے کا مسئلہ

(ii) ماحولیات کو نقصان

(iii) روزگار اور ثقافت پر بُرا اثر

3۔ یاد رکھنے لائق نکات اور NCERT کی کتاب دیکھیں۔

4۔ یاد رکھنے لائق نکات اور NCERT کی کتاب دیکھیں۔

# باب۔سات

# علاقائی آرزوئیں

علاقائی پارٹیوں کا عروج۔ پنجاب بحران۔خودمختاری کے لیے تحریک۔ کشمیر مدّا

## یاد رکھنے لائق نکات:

- ایک مخصوص علاقے کے لوگوں کے ذریعے اپنی مخصوص زبان۔ مذہب۔ثقافت جغرافیائی کیفیت وغیرہ کی بنا پر کی جانے والی مخصوص مانگوں کو علاقائی آرزوؤں کی شکل میں سمجھا جاسکتا ہے۔
- یوروپ کے ممالک میں ثقافت کے مختلف ہونے کو ملک وقوم کے لیے خطرہ مانا جاتا ہے۔ بھارت میں اس چنوتی سے نمٹنے کے لیے ملک کی اندرونی سرحدوں کو دوبارہ تشکیل دیا گیا ہے۔اور تمام لوگوں کو اپنی ثقافت کو بنائے رکھنے کا حق حاصل ہے۔
- بھارت میں 1980 کی دہائی کو خودمختاریت کی دہائی کی شکل میں دیکھا جاسکتا ہے۔کئی بار اپنے خودغرض مفادات، بیرونی حوصلہ افزائی یا پست پناہی کی وجہ سے خودمختاریت کا جذبہ جب علیحدگی پسندی کا راستہ اختیار کر لیتا ہے تو یہ قومی یکجہتی اور علاقائی سالمیت کے لیے ایک چنوتی بن جاتا ہے۔
- علاقائیت کے اہم اسباب
  - مختلف مذاہب کے سبب
  - مختلف ثقافتوں کے سبب
  - جغرافیائی فرق
  - سیاسی مفاد
  - غیر متوازی ترقی
  - علاقائی سیاسی جماعتیں

## پنجاب بحران

- 1920 کی دہائی میں قائم اکالی دل نے پنجابی زبان علاقے کی تشکیل کے لیے تحریک چلائی جس کے سبب

پنجاب علاقے سے الگ ہوکر 1966 میں ہندی زبانی علاقے ہریانہ اور پہاڑی علاقے ہماچل پردیش بنائے گئے۔

- اکالی دل نے پنجاب کی زیادہ خودمختاری کی بات اٹھائی۔1970 کی دہائی میں پنجاب میں اکالیوں کے ایک طبقہ نے خودمختاری کی بات اٹھائی۔1973 میں آنند پور قرارداد نے 'سکھ قوم' کی امنگوں کا ذکر کیا اور سکھ قوم کے بول بالے کو اپنے حصول کا مقصد بتایا۔کچھ انتہا پسندوں نے پنجاب کو بھارت سے الگ کر کے ''خالصتان'' بنانے کی مانگ کی۔

- آپریشن بلو اسٹار

- 1980 کے بعد اکالی دل پر انتہا پسند لوگوں کا غلبہ ہو گیا اور انھوں نے امرتسر کے سورن مندر (Golden Temple) کو اپنا مرکزی دفتر بنالیا۔حکومت نے جون 1984 میں انتہا پسندوں کو گولڈن ٹیمپل سے نکالنے کے لیے فوجی کارروائی (آپریشن بلو اسٹار) کی۔
- اس فوجی کارروائی کو سکھوں نے اپنے مذہبی یقین پر حملہ بتایا جس کا بدلہ لینے کے لیے 31/اکتوبر 1984 کو اندرا گاندھی کے سکھ محافظوں نے ان کی رہائش گاہ پر قتل کر دیا جس کے سبب ملک میں سکھوں کے خلاف تشدد بھڑک اٹھا۔

- پنجاب معاہدہ

جولائی 1985 میں راجیو گاندھی اور اکالی دل کے صدر ہرچرن سنگھ لونگوال کے درمیان ایک معاہدہ ہوا جسے پنجاب معاہدہ بھی کہا جاتا ہے۔اس معاہدے کے سبب پنجاب میں امن کو قائم کیا گیا۔

- شمال مشرق کے علاقے

اس علاقے میں سات ریاستیں ہیں۔ یہاں بھارت کی چار فیصد آبادی رہتی ہے۔اس علاقے کی سرحدیں چین، میانمار، بنگلہ دیش اور بھوٹان سے ملتی ہیں۔ یہ علاقہ جنوب مشرقی ایشیا کے لیے ہندوستان کے دروازے (Gateway) کا کام کرتا ہے۔

- مشکلات

اس علاقے کی علاحدگی، اس کی الجھی ہوئی سماجی خصوصیات اور ملک کے دوسرے علاقوں کے مقابلے میں اس کی پسماندگی نے مل کر شمال مشرق کی مختلف ریاستوں کے مطالبات کا ایک پیچیدہ مجموعہ پیش کیا ہے۔شمال مشرق کی سیاست میں خودمختاری کی مانگ، علاحدگی پسند تحریکیں اور باہر کے لوگوں کی مخالفت اہم مدعے ہیں۔

- خودمختاری کے لیے تحریکیں

آزادی کے وقت منی پور اور تری پورہ کے علاوہ پورا علاقہ آسام کی ریاست تھا۔ اس میں مختلف زبانیں بولنے والے اور قبائلی فرقوں کے لوگ رہتے تھے۔ ان لوگوں نے اپنی قدیمی پہچان کو برقرار رکھنے کے لیے الگ الگ ریاستوں کی مانگ کی۔

- علاحدگی پسند تحریکیں

## میزورم

- 1959 میں آسام کے میزو پہاڑیوں کے سنگین قحط کے دوران آسام حکومت کے مناسب انتظامات نہ کرنے کے سبب یہاں علاحدہ پسند تحریک شروع ہوئی۔
- 1966 میں لال ڈینگا کی قیادت میں میزو نیشنل فرنٹ نے آزادی کے لیے مسلح تحریک شروع کردی۔ 1986 میں راجیو گاندھی اور لال ڈینگا کے درمیان معاہدہ ہوا جس کے مطابق خصوصی اختیارات کے ساتھ میزورم کو ایک مکمل ریاست تسلیم کرلیا گیا۔

## ناگالینڈ

ناگا نیشنل کاؤنسل نے انگامی زافو میزو کی قیادت میں آزادی کی مانگ کرتے ہوئے 1951 سے بھارت سے الگ ہونے کی مانگ کرتے ہوئے مسلح تحریک شروع کی۔ کچھ وقت کے بعد اس میں دو گروپ بن گئے۔ بھارت سرکار نے ناگا نیشنل کاؤنسل (M) گروپ سے امن بحال کرنے کے لیے 2015 میں معاہدہ کیا لیکن یہاں مکمل طور سے امن قائم نہیں ہوسکا ہے۔

- باہر والوں کے خلاف تحریکیں

- شمال مشرق سے آنے والے تارکین وطن کی بھاری تعداد نے ایک خاص قسم کا مسئلہ پیدا کردیا جس نے مقامی آبادی کو ان باہر والوں یا غیروں کے سامنے کھڑا کردیا ہے۔
- 1979 سے آسام کی طلبا یونین (AASU) نے باہری لوگوں کی مخالفت میں تحریک شروع کی جس کے سبب AASU اور راجیو گاندھی کے درمیان امن معاہدہ ہوا۔ 2016 کے ریاستی انتخابات میں بنگلہ دیشی مسلمانوں کا غیر قانونی طور سے یہاں آکر بس جانا ایک مسئلہ کی شکل میں اہم موضوع رہا۔

- دراویڈن تحریک

اس تحریک کی قیادت تامل سماجی مصلح ای۔وی۔ راما سوامی ''پیری یار'' نے کی۔ اس تحریک نے جنوبی بھارت کی سیاسی، معاشی اور ثقافتی اقتدار، برہمن واد اور ہندی زبان کی مخالفت اور علاقائی پہچان بڑھانے پر زور دیا۔ اس تحریک کو جنوبی ریاستوں کی حمایت نہ ملنے کے سبب یہ صرف تامل ناڈو کے ساحل تک ہی سمٹ کر رہ گئی۔ اس تحریک کے سبب ایک نئی سیاسی جماعت دراوڑ کازگھم کی شروعات ہوئی جو کچھ عرصے کے بعد دو حصوں میں بٹ گئی (DMK اور AIDMK)۔ یہ دونوں سیاسی جماعتیں تامل ناڈو کی سیاست پر اثر انداز ہوتی ہیں۔

- ### سکم کا انضمام

آزادی کے وقت سکم بھارت کے زیر انتظام ونگرانی میں تھا۔ آزادی کے بعد سرکار نے سکم کے دفاعی اور خارجہ معاملات اپنے پاس رکھے اور راجا چوگیال کو داخلی انتظام دے دیا۔ چوگیال عوام کی جمہوری امنگوں اور آرزوؤں کا ساتھ نہ دے سکا۔ اپریل 1975 میں سکم اسمبلی نے سکم کو بھارت میں شامل کرنے کی قرارداد پاس کر دی جسے وہاں کی عوام نے تسلیم کر لیا۔ بھارت نے اس قرارداد کو منظور کر کے سکم کو بھارت کی 22 ویں ریاست بنا لیا۔

- ### گوا کی آزادی

گوا، دیو اور دمن سولہویں صدی سے ہی پرتگال کے ماتحت تھے اور 1947 میں آزادی کے بعد بھی پرتگال کے ماتحت رہے۔ مہاراشٹر کے سماج وادی ستیہ گرہوں کی حمایت سے گوا کی آزادی کا آندولن چلایا گیا۔ دسمبر 1961 میں بھارت سرکار نے گوا میں فوج بھیج کر آزاد کروایا اس طرح گوا، دیو اور دمن بھارت کے مرکزی اختیار والا علاقہ بن گیا۔

جنوری 1967 میں بھارت کی مرکزی حکومت نے گوا میں رائے شماری کروائی تاکہ عوام خود فیصلہ کریں کہ وہ مہاراشٹر میں شامل ہونا چاہتے ہیں یا ایک الگ ریاست میں رہنا چاہتے ہیں۔ یہ بھارت میں سب سے پہلا ریفرنڈم تھا۔ اکثریت نے مہاراشٹر سے الگ رہنے کا فیصلہ کیا۔ گوا کی حیثیت مرکزی علاقے کی ہی رہی۔ آخرکار 1987 میں گوا کو ہندوستانی وفاق کا حصہ بن گیا۔

- ### کشمیر مدّا

ہندوستانی وفاق میں الحاق کے ساتھ کشمیر آزدی کے بعد ہندوستان کا ایک روشن موضوع بنا رہا ہے۔ مسئلہ تب اور سنگین ہو گیا جب اسے دفعہ 370 اور دفعہ 35-A کے ذریعے ایک مخصوص درجہ دیا گیا۔ دفعہ 370 نے اسے الگ آئین/آئین ساز اسمبلی/جھنڈا/ وزیر اعلیٰ کا وزیر اعظم کی شکل میں۔ اور گورنر کا صدر ریاست کی شکل میں نامزدگی۔ ریاست میں زیادہ تر وفاقی

قانون کی غیر تبدیلی جیسے مخصوص حقوق دیئے گئے جبکہ دفعہ 35-A اسے خاص شہری حقوق دیتے ہوئے غیر کشمیریوں کے ذریعے ریاست میں جائداد کے بیچنے کو منع کیا گیا۔ جموں اور کشمیر ریاست کی خاص حیثیت کے خلاف ایک آئین ۔ایک جھنڈا۔اور ریاستی/حکومت کے ایک سربراہ کی شکل میں ایک ودھان ۔ایک نشان ایک سربراہ کی اشاعت کرتے ہوئے سیاسی میدان میں دفعہ 370 اور 35-A کو نکالنے کا ارادہ کیا گیا۔

اس کو مدنظر رکھتے ہوئے حالیہ حکومت نے 5 اگست 2019 کو کشمیر سے دفعہ 370 اور 35-A کو ختم کرنے کے لیے راجیہ سبھا میں جمو اور کشمیر تشکیل نو قانون پیش کیا لوک سبھا میں اس قانون کو 6 اگست 2019 کو پاس کیا گیا۔

9 اگست 2019 کو صدر کی منظوری کے بعد دفعہ 370 اور 35-A کو نکال دیا گیا۔اور جموں اور کشمیر دو مرکزی صوبے ایک لداخ اور دوسرا جموں اور کشمیر میں تقسیم ہو گئے۔

- **آزادی کے بعد سے آج تک علاقائی آرزوں سے سبق**

(i) علاقائی آرزوئیں جمہوری سیاست کا اہم حصّہ ہیں

(ii) علاقائی آرزوں کو دبانے کے بجائے جمہوری بات چیت کے ذریعے حل کرنا چاہیے

(iii) اقتدار کی ساجھے داری کی اہمیت کو سمجھنا

(iv) علاقائی غیر توازن پر کنٹرول رکھنا

## ایک نمبر والے سوالات

مندرجہ ذیل جملوں کو صحیح کر کے لکھیں۔

1۔ دراوڑ تحریک آندھرا پردیش میں چلائی گئی۔

2۔ ہندوستانی حکومت کو آسام مسئلے کو حل کرنے میں کامیابی نہیں ملی

3۔ جموں و کشمیر ریاست کو دفعہ 373 کے تحت مخصوص ریاست کا درجہ دیا گیا۔

4۔ 1975 میں ایک تجویز پاس کی گئی اور سکم ہندوستان کی 23 ویں ریاست بنی۔

5۔ ہریانہ ریاست کو پنجاب سے 1960 میں الگ کر کے ایک نئی ریاست بنائی گئی۔

مندرجہ ذیل دئے گئے انتخابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کریں:۔

6۔ علیحدگی پسند تحریک کن ریاستوں میں چلائی گئی۔

A۔ میزورم۔ناگالینڈ B۔ منی پور۔تری پوری

C۔ آسام۔میزورم D۔ میزورم اور منی پور

7۔ MNF کا تعلق کس ریاست سے ہے۔

A۔ ناگالینڈ B۔ میزورم

C۔ منی پور D۔ میگھالیہ

8۔ 1948 کے بعد بھی گوا کس کے ماتحت رہا۔

A۔ ڈچ B۔ انگریز

C۔ پرتگال D۔ سبھی کے

9۔ اکالی دل کس ریاست کی علاقائی پارٹی ہے۔

A۔ ہریانہ B۔ ہماچل پردیش

C۔ اتر پردیش D۔ پنجاب

10۔ آزادی کے وقت جموں و کشمیر کا حکمراں کون تھا۔

A۔ ہری چند B۔ ہری سنگھ

C۔ ہری رام D۔ ہری لال

11۔ علاقائی آرزؤں کا سیاسی اظہار کس حکومتی نظام میں ہوتا ہے؟

12۔ میزو نیشنل فرنٹ کے بانی کون تھے۔

13۔ پنجاب سے دہشت گردی کو ختم کرنے کے لے حکومت نے کون سا فوجی آپریشن چلایا؟

14۔ بھارت میں خودمختاریت کی دہائی کون سی مانی جاتی ہے؟

15۔ ''پیری یار'' کے نام سے کس کو جانا جاتا ہے؟

16۔ سیاسی جماعت DMK کو کس نے قائم کیا تھا؟

17۔ جموں وکشمیر کے دو علاقوں کے نام لکھیں۔

18۔ گوا، دمن اور دیو پرتگال سے کب آزاد ہوئے۔

19۔ دراور تحریک کا نعرہ کیا تھا؟

20۔ ہندوستانی آئین کی دفعہ 370 کس ریاست سے متعلق ہے۔

## دونمبر والے سوالات

1۔ پنجاب معاہدہ کب اور کس کے درمیان ہوا؟

2۔ آپریشن بلواسٹار کب اور کہاں چلایا گیا تھا؟

3۔ ان چار ملکوں کے نام لکھیں جن کی سرحدیں بھارت کے شمال مشرق علاقے سے ملتی ہیں؟

4۔ کشمیر اور لداخ میں کن مذہبوں کی اکثریت ہے۔

5۔ آسام کی علاقائی سیاسی جماعت ''آسام گن پریشد'' کن جماعتوں کو ملا کر بنائی گئی ہے؟

6۔ پنجاب کی تقسیم کب ہوئی اور کون سی نئی ریاستیں بنائی گئیں؟

7۔ شمال مشرق کے علاقہ کو زیادہ نازک علاقہ ماننے کے لیے دو اسباب بتائیے۔

8۔ دی گئی ریاستوں کو ان کے سالوں کے مطابق ملائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | ہریانہ | .................. | 1986 |
| (ii) | میگھالیہ، تری پورہ، منی پور | .................. | 1966 |
| (iii) | ناگالینڈ | .................. | 1960 |
| (iv) | اروناچل پردیش، میزورم | .................. | 1972 |

9۔ آسو کیا تھا؟ اس کی خاص مانگیں کیا تھیں۔

## اقتباس پر مبنی سوالات

''ھزاریکا کا ایک گیت ............اتحاد اور یکجہتی کے موضوع کو اجاگر کرتا ہے۔'' اتحاد پر مبنی ہندوستان کے شمال مشرق کی سات ریاستیں دراصل سات بہنیں ہیں جو ایک ہی ماں کی اولاد ہیں۔............میگھالیہ اپنے راستے پر چلی............ اروناچل بھی الگ ہوگئی......اور آسام کے دروازے پر میزورم کا ظہور ہوا۔ ایک دولہا کی طرح جو ایک اور بیٹی سے بیاہ کرنا چاہتا ہے'' ...... یہ ایک گیت اس عزم کے ساتھ ختم ہوتا ہے کہ آج کے آسام میں چھوٹی چھوٹی قومیتیں باقی رہ گئی ہیں ان سے اتحاد قائم رہے گا۔'' کربی اور منسلک ہمارے بہت عزیز بھائی بہن ہیں............سنجیب بروا

1۔ مصنف یہاں کس یک جہتی کی بات کر رہا ہے۔

(A) پڑوسی ممالک کی یک جہتی

(B) شمال مشرقی ریاستوں کی یک جہتی

(C) ہندوستان کی یک جہتی

(D) دنیا کی یک جہتی

2۔ پرانی ریاستیں آسام سے الگ کر کے شمال مشرقی کی اہم ریاستیں کیوں بنائی گئیں۔

(A) علاقائی مانگوں کو پورا کرنے کے لیے (B) شمال مشرقی کی مکمل ترقی کے لیے

(C) شمال مشرق کی متوازن ترقی کے لیے (D) اوپر دیئے گئے سبھی

3۔ شمال مشرق کی کوئی ریاستوں کے نام بتائیں

(A) منی پور اور میزورم (B) منی پور اور پنجاب

(C) منی پور اور بنگال (D) تری پورہ اور بنگال

4۔ ہزاریکا نے شمال مشرق کی سات ریاستوں کو کیا نام دیا ہے؟

(A) ایک ہی ماں کی 7 بیٹیاں (B) ایکتا کی فتح

(C) ایکتا کا عید (D) ایک جٹ رہنا

نیچے دیئے گئے پیراگراف کا مطالعہ کر کے دیئے گئے سوالات کے جواب دیں۔

''چھ سال کی مسلسل ناپائیداری کے بعد راجیو گاندھی کی قیادت والی حکومت نے آسو (AASU) کے لیڈر رو کے ساتھ بات چیت شروع کی جس کا سبب ایک معاہدہ ہوا''

1۔ آسو (AASU) کس ریاست کی تنظیم ہے؟

(A) منی پور (B) میزورم (C) میگھالیہ (D) آسام

2۔ AASU کی وسیع شکل بتایئے

(A) آل ایشیا اسٹوڈینٹ یونین (B) آل آسام اسٹوینٹ یونین

(C) آل آسام اسٹوڈینٹ یونیورسل (D) آل آسام اسکالر یونین

3۔ راجیو گاندھی اور آسو کے لیڈروں کے بیچ سمجھوتہ کب ہوا؟

(A) 1980 (B) 1982 (C) 1985 (D) 1986

4۔ آسو کی ایک اہم مانگ کو لکھیں۔

(A) باہری لوگوں کی مخالفت (B) اپنی ثقافت کا تحفظ

(C) غریبی دور کرنا (D) اوپر دیئے گئے سبھی

## چار نمبر والے سوالات

1۔ علاقائیت اور علیحدگی پسندی میں فرق بیان کیجیے۔

2۔ پنجاب معاہدے کی اہم باتوں کا ذکر کیجیے۔

3۔ پنجاب کے الگ صوبہ بن جانے کے بعد بھی اکالی دل زیادہ مقبول کیوں نہیں ہوا؟

4۔ بھارت میں علاقائی غیر توازن کو کس طرح سے قابو میں کیا جا سکتا ہے؟

5۔ آزادی کے بعد ملک میں پیدا ہوئے تناؤ اور کشیدگی کے کیا اسباب ہیں؟

6۔ ہر علاقائی تحریک علیحدگی کی پسند تحریک کی طرف مائل نہیں ہوتی مثالیں دیکر واضح کریں۔

7۔ آنندہ پور صاحب قرارداد کیا تھا، اس کے متنازعہ ہونے کے کیا اسباب تھے۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ ''علاقائی مانگوں کو ماننا اور زبان کی بنیاد پر ریاستوں کی تشکیل کرنا ایک جمہوری قدم مانا جاتا ہے''۔اس بیان کو صحیح ثابت کرنے کے لیے کوئی تین دلائل دیں۔

2۔ آزادی کے بعد سے جموں وکشمیر کی سیاست مسائل سے الجھی ہوئی اور جدوجہد والی رہی ہے۔ کیوں؟ واضح کیجیے۔

3۔ کن اسباب کے سبب بھارت کی جمہوریت کی کامیابی کے لیے علاقائیت پر قابو پانا ضروری ہے؟

4۔ ''آسام کی تحریک ثقافتی فخر اور معاشی پچھڑے پن کی ملی جلی شکل کو ظاہر کرتا ہے''۔ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

صحیح جملے

1۔ دراوڑ تحریک تملناڈو میں چلائی گئی۔

2۔ ہندوستانی حکومت کو آسام مسئلے کو حل کرنے میں کامیابی ملی۔

3۔ جموں کشمیر ریاست کو 370 دفعہ کے تحت مخصوص ریاست کا درجہ دیا گیا۔

4۔ 1975 میں ایک تجویز پاس کی گئی اور سکم ہندوستان کی 22ویں ریاست بنا۔

5۔ ہریانہ ریاست کو پنجاب سے 1966 میں الگ کر کے ایک نئی ریاست بنائی گئی۔

6۔ A میزورم۔ناگالینڈ

7۔ B میزورم

8۔ C پرتگال

8۔ D پنجاب

10۔ B ہری سنگھ

11۔ جمہوری نظام حکومت

12۔ لال ڈینگا

13۔ آپریشن بلواسٹار

14۔ 1980 کی دہائی

15۔ ای۔وی۔راموسوامی نائیکر

16۔ سی۔این۔انّادورائی

17۔ (i) جموں

(ii) کشمیر

(iii) لداخ

18۔ دسمبر 1961

19۔ شمال ہر دن بڑھتا جائے۔جنوب دن دن گھٹتا جائے۔

20۔ 1961 میں

## دونمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ جولائی 1985،راجیو گاندھی اوراکالی لیڈر ہر چرن سنگھ لونگوال

2۔ جون 1984 میں۔پنجاب کے شہر امرتسر کے گولڈن ٹیمپل میں

3۔ چین،میانمار،بنگلہ دیش اور بھوٹان

4۔ کشمیر میں مسلمانوں (اسلام) اور لداخ میں بودھ مذہب کے لوگوں کی اکثریت پائی جاتی ہے۔

5۔ آسو اور آسام سنگرام کو ملا کر آسام گن پریشد بنائی گئی ہے۔

6۔ 1966 میں ہریانہ اور ہماچل پردیش

7۔ (i) پورے بھارت سے الگ تھلگ...... بین الاقوامی سرحدی لائن کا طویل ہونا

(ii) پیچیدہ سماجی بناوٹ،معاشی پچھڑاپن وغیرہ

8۔ (i) ہریانہ .................. 1966

(ii) میگھالیہ، منی پور، تری پورہ .................. 1972

(iii) ناگالینڈ .................. 1960

(iv) ارونا چل پردیش، میزورم .................. 1986

9۔ ایک طلبا کی تنظیم تھی (All Asam Students Union) اس کی خاص مانگ تھی کہ 1951 کے بعد جتنے بھی لوگ آسام میں آ کر بسے انہیں آسام سے باہر بھیج دیا جائے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جواب

1۔ 1۔ شمال مشرق کی 7 ریاستوں کی ایکتا

2۔ اوپر دئے گئے سبھی

3۔ منی پور اور میزورم

4۔ ایک ہی ماں کی 7 بیٹیاں

2۔ 1۔ آسام

2۔ آل آسام اسٹوڈینٹ یونین

3۔ 1985

4۔ اوپر دیئے گئے سبھی

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ **علاقائیت**: علاقائی بنیاد پر سیاسی، معاشی اور ترقیاتی سے متعلق مانگیں اٹھانا

**علیحدگی پسندی**: کسی علاقے کا ملک سے الگ ہونا یا علیحدہ کرنے کی مانگ اٹھانا

2۔ (i) چندی گڑھ پنجاب کو دیا جائے گا۔

(ii) پنجاب، ہریانہ سرحدی مسئلہ سلجھانے کے لیے کمیشن قائم ہوگا

(iii) پنجاب، ہریانہ، راجستھان کے درمیان راوی ندی، بیاس ندی کے پانی کا بٹوارہ کے لیے انصافی عدالت قائم ہوگی۔

(iv) پنجاب میں دہشت گردی سے متاثر خاندانوں کو معاوضہ دیا جائے گا۔

3۔ (i) پنجاب کے ہندوؤں میں اکالی دل کا اثر نہیں

(ii) مرکزی حکومت نے اکال دل حکومت کو برخاست کیا

(iii) سکھ قوم بھی مختلف طبقوں میں بٹی ہوئی تھی؟

(iv) دلت سکھوں پر کانگریس پارٹی کا اثر رہا تھا۔

4۔ (i) سبھی علاقوں کو متوازن ترقی دینا

(ii) لسانیت کے مسئلہ کا حل نکالا جائے

(iii) قومی یکجہتی کو اہمیت دینا

(iv) علاقائی مفاد کے بدلے قومی مفاد کو اہمیت دینا

5۔ (i) زبان کی بنیاد پر نئی ریاستوں کی تشکیل

(ii) غیر ہندی زبانی علاقوں میں ہندی زبان کی مخالفت

(iii) جموں وکشمیر میں خودمختاری کی تحریک

(iv) مختلف طبقات کی تحریکیں

(v) علیحدگی پسند تحریکیں

6۔ یادرکھنے لائق نکات دیکھیں اور NCERT کی کتاب

7۔ یادرکھنے لائق نکات دیکھیں اور NCERT کی کتاب

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

### 1۔ حمایت

(i) 60 سالہ زبان کی بنیاد پر قائم ریاستوں نے جمہوری سیاست کی شکل کو مثبت اور رنگارنگ بنا دیا ہے

(ii) زبان کی بنیاد پر ریاستوں کی سرحدوں کا تعین کرنے میں زبان ایک مساوی بنیاد بن گئی ہے۔

(iii) اس سے دیش تقسیم ہونے کے بجائے یکجہتی میں بندھا ہے۔

(iv) لوگوں کی علاقائی آرزوئیں پوری ہوئی ہیں اور جمہوریت کامیاب ہوئی ہے۔

2۔ (i) کشمیر میں تین سماجی اور معاشی علاقے

(ii) پاکستانی افواج کے ذریعے قبائلیوں کی شکل میں حملہ

(iii) کشمیر کو بھارت میں شامل کرنا

(iv) آرٹیکل 370 کے ذریعے ریاست کو خصوصی درجہ حاصل

(v) غلام کشمیر اور اکسائی چین کا معاملہ

(vi) علیحدگی پسندوں کا نظریہ

(vii) پاکستان کے ذریعے دہشت گردی کو بڑھاوا دینا

3۔ (i) ملک کی یکجہتی اور اتحاد میں رکاوٹ

(ii) ملک کی متوازن ترقی میں رکاوٹ

(iii) ملک کی معاشی ترقی میں رکاوٹ

(iv) قومی مفاد کو نظر انداز کرنا

(v) مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے تعلقات میں کمی

(vi) ریاستوں کے آپسی تعلقات کے دائرے

(vii) پرتشدد تحریکوں کو بڑھاوا

4۔
- ملک کی خاص زمین سے جغرافیائی علیحدگی اور ثقافتی پہچان کا احساس
- معاشی پچھڑاپن
- باہری لوگوں (بنگلہ دیشی، بنگالی وغیرہ) کی بڑھتی ہوئی آبادی سے مقامی لوگوں میں مختلف آرزوئیں یا ڈر پیدا ہو گئے جیسے

  (a) ثقافت کو خطرہ

  (b) سیاسی اہمیت کا کم ہونا

  (c) بے روزگاری بڑھنا

  (d) تجارت اور کاروبار کے مواقع کم ہونا وغیرہ وغیرہ


# باب۔ آٹھ

# ہندوستانی سیاست میں بدلاؤ اور ترقی

گٹھ بندھن کا دور: نیشنل فرنٹ۔ یو ائیڈ فرنٹ۔ یونائیڈ پروگریسیو الائنس
UPA۔ این۔ ڈے۔ اے۔ (نیشنل ڈیموکریٹک الائنس) iv, iii, ii, i ترقی اور
حکومت کے موضوع

**یاد رکھنے لائق نکات:**

- 1989 کے عام چناؤ میں کسی بھی پارٹی کو اکثریت حاصل نہ ہونے کی حالت میں ہندوستانی سیاست میں گٹھ بندھن کے دور کی شروعات ہوئی۔ اس بدلاؤ نے قومی سیاست میں علاقائی پارٹیوں کے کردار میں اضافہ کیا۔ 1990 کے بعد ہندوستانی سیاست میں سماجی معاشی، سیاسی سطح پر کئی بڑے بدلاؤ دیکھے گئے جس نے ہندوستانی سیاست کی سمت کو بدلنے کا کام کیا ہے۔




- 1989 کے انتخابات میں کانگریس 197 سیٹیں حاصل کر کے سب سے بڑی پارٹی تو بن گئی لیکن لوک سبھا میں اکثریت نہ حاصل کرنے کے سبب راجیو گاندھی نے حکومت بنانے سے انکار کر دیا۔ اس طرح کانگریس کے اقتدار کا دور ختم ہو گیا۔

- گٹھ بندھن کی سیاست کا دور

■ کانگریس کی ہار کے ساتھ ہندوستان کے پارٹی نظام میں سے اس کا دبدبہ ختم ہوگیا۔اور کثیر پارٹی نظام کا دور شروع ہوا۔اب مرکز میں گٹھ بندھن حکومت کی تشکیل میں علاقائی پارٹیوں کی اہمیت بڑھ گئی۔

■ 1989 کے چناؤ کے بعد گٹھ بندھن کا دور شروع ہوا۔ان چناؤ کے بعد جنتا دل اور کچھ علاقائی پارٹیوں کو ملا کر راشٹریہ مورچہ نے BJP اور دائیں بازو کی حمایت سے گٹھ بندھن یا ملی کلی حکومت بنائی۔

■ 1991 اور 1996 کے انتخابات میں BJP نے اپنی پوزیشن کو مستحکم کیا اور سب سے بڑی اکیلی پارٹی کی تشکل میں ابھری

■ 1998 سے 2004 تک BJP کی رہنمائی میں NDA (قومی جمہوری اتحاد) National Bemecritic Alliance کی حکومت رہی۔اس دوران اٹل بہاری باجپئی وزیر اعظم رہے۔2004 سے 2009 اور 2009 سے 2014 تک کانگریس کی رہنمائی ہیں۔UPA (United Progressive Alliance) کی حکومت نے لگاتار دو مدت پوری کیں۔ اس دوران ڈاکٹر منموہن سنگھ وزیر اعظم رہے ہے 2004 میں نریندر مودی کی رہنمائی میں BJP نے تاریخ بناتے ہوئے 30 سال بعد مکمل اکثریت حاصل کی۔لیکن چناؤ سے پہلے گٹھ بدھن کے وعدے کو پورا کرتے ہوئے NDA (قومی جمہوری اتحاد) کی حکومت بنائی۔




2019 میں شری نریندر مودی کی رہنمائی میں بھارتیہ جنتا پارٹی نے مکمل اکثریت ہونے کے بعد بھی مرکز میں این۔ڈی۔اے۔IV کی حکومت بنائی۔

اگر چہ این۔ڈے۔اے۔کیا جانے والا 2014 کا BJP کی رہنمائی والا گٹھ بندھن اپنے پہلے والے ک گٹھ بندھن حکومتوں سے بڑی سطح پر الگ تھا۔ جہاں پہلے کے گٹھ بندھن ایک قومی پارٹی کی رہنمائی میں ہوتے تھے وہیں این۔ڈے۔اے۔گٹھ بندھن نہ صرف ایک قومی پارٹی یعنی BJP کی رہبری میں کام کر رہی تھی بلکہ لوک سبھا میں مکمل اکثریت حاصل کرنے والی

پارٹی کے غلبے کی شکل میں تھی۔ اسے ایک فاضل اکثریتی گٹھ بندھن بھی کہا گیا۔ اس معنی میں گٹھ بندھن کی سیاست کی Nature میں ایک بڑی تبدیلی دیکھی جا سکتی ہے جو ایک پارٹی کی رہنمائی والے گٹھ بندھن کے مقام پر ایک پارٹی غلبے والے گٹھ بندھن کی شکل میں نظر آئی۔

- منڈل مُدّا:۔

1978 میں جنتا پارٹی حکومت نے دیگر پسماندہ طبقات کے لئے ایک کمیشن کی تشکیل کی۔ اس کمیشن کی صدارت بندیشوری پرساد منڈل نے کی۔ اس لئے اسے منڈل کمیشن کے نام سے جانا جاتا ہے۔

- منڈل کمیشن کی اہم سفارشیں:۔

(i) دیگر پسماندہ طبقات (OBC) کو سرکاری نوکریوں میں 27 فیصد ریزرویشن

(ii) زمینی سدھاروں کو پوری طرح سے لاگو کرنا

1990 میں سابق وزیر اعظم جناب وی۔ پی سنگھ کی حکومت نے منڈل کمیشن کی سفارشوں کو لاگو کرنے کا اعلان کیا۔ اس کے خلاف ملک کے مختلف حصوں میں منڈل مخالف تشددی مظاہرے ہوئے۔

- منڈل کمیشن کی رپورٹ کو لاگو کرنا اور اس کے نتائج

منڈل کمیشن کی تشکیل بی۔ پی۔ منڈل کی صدارت میں 1979 میں کی گئی۔ اس کمیشن کا مقصد بھارت کے سماج کے مختلف طبقات کے درمیان تعلیمی و سماجی پچھڑے پن کی حقیقت کا پتہ لگانا تھا۔ منڈل کمیشن نے اپنی سفارشات 1980 میں پیش کیں۔

- دیگر پسماندہ طبقات (OBC) کو مرکزی حکومت کی نوکریوں میں 27 فی صد ریزرویشن
- تعلیمی اداروں میں ریزرویشن
- پچھڑے ہوئے طبقات کی حالت کو سدھارنے کے لیے زمینی سدھار

- لاگو کرنے کے نتائج

ریزرویشن کی مخالفت میں ہندوستان کے مختلف شہروں میں پرتشدد مظاہرے ہوئے۔ اس میں طلبا کے ذریعے ہڑتال، دھرنا، جلوس اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے کے واقعات سامنے آئے۔ اس مخالفت کا دوسرا سب سے اہم پہلو طلبا کے ذریعے خودسوزی اور خودکشی جیسے واقعات تھے۔ دہلی یونیورسٹی کے طلبا راجیو گوسوامی کے ذریعے سب سے پہلے خود کو جلانے کی کوشش کی گئی۔ مخالفین کا کہنا تھا کہ ذات پات کی بنیاد پر یہ ریزرویشن مساوات کے حق کے خلاف ہے۔ تمام مخالفتوں

کے باوجود 1993 میں اس وقت کے وزیر اعظم وی۔ پی۔سنگھ نے ان سفارشات کو لاگو کر دیا۔

- نئی معاشی پالیسی

1991 میں پی۔وی۔نرسمہا راؤ کی قیادت والی حکومت (جس میں ڈاکٹر من موہن سنگھ، وزیر مالیات تھے) نے ملک میں نئی معاشی پالیسی نافذ کی جسے بعد کی حکومتوں نے بھی جاری رکھا۔اس پالیسی میں معیشت کی نرم کاری اور نجی کاری پر زور دیا گیا۔

- ایودھیا تنازعہ:۔

1 6 دسمبر 1992 کو ایودھیا میں واقع بابری مسجد کو شہید کر دیا گیا۔اس کی وجہ سے ملک کے کئی حصوں میں فرقہ وارانہ فسادات پھوٹ پڑے۔ہندوؤں کا ماننا تھا کہ بابری مسجد کی تشکیل 1528 میں رام جنم بھومی مندر کو گرا کر ہوئی تھی لیکن خود کو سیکولر کہنے والے لوگوں کا کہنا تھا کی ایک عبادت گاہ کو توڑ کر اس کی جگہ پر دوسری عبادت گاہ بنانا مناسب نہیں ہے۔بی جے پی نے ایودھیا میں رام جنم بھومی پر رام مندر بنانے کا اعلان کر کے اس مدّے کو ہندوؤں کے جذبات سے جوڑ کر اپنی مقبولیت کافی بڑھالی۔اور عوام کی حمایت حاصل کرنے کی غرض سے سومناتھ (گجرات) سے لے کر ایودھیا (اتر پردیش) تک ایک زبر دست ریلی نکالی جسے رتھ یاترا کا نام دیا گیا۔اسی کی وجہ سے ملک میں فرقہ وارانہ فسادات ہوئے اور 1993 میں ممبئ میں دنگے ہوئے۔حال ہی میں سپریم کورٹ کے ذریعے اس موضوع پر فیصلہ دیا گیا ہے۔

- گودھرا حادثہ

  - 26 جنوری 2002 کو گجرات کے گودھرا اسٹیشن پر سابرمتی ایکسپریس میں کارسیوکوں کی بوگی میں آگ لگ گئی یہ شک کر کے کہ آگ مسلمانوں نے لگائی ہوگی اگلے دن گجرات میں بڑے پیمانے پر مسلمانوں کے خلاف تشدد ہوئے یہ ایک مہینے تک چلا اور 1100 لوگ مارے گئے۔

- شاہ بانو کیس

  - شاہ بانو ایک مسلمان عورت تھیں جنہیں طلاق کے بعد شوہر نے گزارہ بھتہ دینے سے منع کر دیا تھا سپریم کورٹ نے دفعہ 44 Uniform Civil Code کے تحت شاہ بانو کو شوہر سے گزارہ بھتہ دینے کا حکم دیا۔

- ترقی اور حکومت

2014 کے بعد ہندوستانی سیاست میں ایک بڑی تبدیلی فرقہ واریت اور مذہب پر مبنی سیاست کی ترقی اور اچھے نظام حکومت کی طرف راغب ہے۔سب کا ساتھ سب کی ترقی۔ پہلے پہلے سے تعین کردہ مقاصد کے ساتھ جاری ہے۔این۔ڈی۔

اے۔حکومت نے ترقی اور اچھی حکومت بنانے کے مقصد سے مختلف سماجی معاشی، فلاحی منصوبے شروع کئے ہیں۔جیسے پردھان منتری اجول یوجنا۔آیوشمان یوجنا۔سوچھ بھارت مہم۔جن دھن یوجنا۔دین دیال اپدھائے گرام جیوتی یوجنا۔کسان فصل بیمہ یوجنا۔بیٹی پڑھاؤ دیش بچاؤ یوجنا وغیرہ۔

ان سبھی یوجناؤں کا مقصد دیہی خاندانوں خصوصاً عورتوں کو مرکز حکومت کی یوجناؤں کو حقیقت میں منافع بخش بنا کر عام لوگوں کے دروازے تک انتظامیہ کو پہنچادی ہیں۔مختلف ریاستوں کے ووٹرس نسلوں، طبقوں۔برادریوں۔جنس اور علاقوں سے اوپر اٹھ کر ترقی اور اچھی حکومت کے موضوعات کو مرکزی منچ پر لانے میں کامیاب ہوئے۔

- اتفاق رائے کا ظہور

■ گذشتہ بیس سالوں میں سخت مقابلے اور بہت سے تنازعہ کے باوجود زیادہ تر سیاسی جماعتوں کے درمیان بہت سے تنازعات اور کشاکش کے باوجود ایک اتفاق رائے قائم ہوتی نظر آتی ہے۔یہ اتفاق رائے مندرجہ ذیل اجزا پر مشتمل ہے:

■ پہلا نئی معاشی اور اقتصادی پالیسیوں کے بارے میں ہم آہنگی اور اتفاق

■ دوسرا پسماندہ ذاتوں کے سیاسی اور دعوے کو تسلیم کرنا

■ تیسری ملک کی حکوت چلانے میں ریاستی سطح کی پارٹیوں کے کردار کو تسلیم کیا جانا چاہیے

■ چوتھا عنصر نظریاتی موقف کے بجائے عملی باتوں پر زور اور نظریاتی ہم آہنگی کے بغیر سیاسی اتحاد ہے

- 16/ مئی 2014 کو لوک سبھا انتخابات کے نتائج نے سب کو حیرت میں ڈال دیا ہے۔پچھلے بیس سالوں سے گٹھ بندھن کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔بھارتیہ جنتا پارٹی نے زبردست کامیابی حاصل کر کے مرکز میں اپنی حکومت قائم کر لی ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات

خالی جگہ بھریں۔

1۔ Uniform Civil Code کا تعلق دفعہ.................سے ہے۔

2۔ منڈل کمیشن نے OBC کو.................ریزرویشن کی سفارش کی۔

3۔ 2009 کے لوک سبھا چناؤ کے نتیجے میں.......................پارٹی نے مرکز میں حکومت بنائی

4۔ مرکز میں پہلی گٹھ بندھن حکومت.................پارٹی نے 1989 میں بنائی۔

مندرجہ ذیل سوالات میں دیئے گئے انتخابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کریں:۔

5۔ مندرجہ ذیل کو تاریخی اعتبار سے ترتیب وار لکھیں۔

A۔ ہندوستان میں معاشی سدھاروں کی شروعات

B۔ گودھرا حادثہ

C۔ آیودھیا تنازعہ

D۔ منڈل کمیشن کی رپورٹ لاگو کرنا

6۔ 1990 کے بعد ہندوستانی سیاست میں ہونے والے بدلاؤ کے تعلق میں کون سا بدلاؤ غلط ہے۔

A۔ کانگریس نظام کا خاتمہ B۔ علاقائی پارٹیوں کا بڑھتا کردار

C۔ ملک کی سیاست میں خواتین مدے کو اولیت D۔ معاشی سدھاروں کی شروعات

7۔ 1989 میں مرکز میں گٹھ بندھن حکومت کے اثر کے لیے ذمہ دار عوامل تھے۔

(i) کانگریس کی مرکز کی مضبوط حیثیت ہونا (ii) کسی بھی پارٹی کو اکثریت نہ ملنا

(iii) کانگریس پارٹی میں کرشمائی لیڈروں کی کمی ہونا (iv) علاقائی پارٹیوں کا بڑھتا اکثر

(A) i, ii, iii, iv (B) i, iv (C) ii, iii, iv D۔ i, iii

مندرجہ ذیل جملوں کے سامنے صحیح یا غلط کا نشان لگائیے۔

8۔ شاہ بانو ایک عیسائی عورت تھیں۔

9۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کو مئی 2014 کے لوک سبھا چناؤ میں مکمل اکثریت حاصل ہوئی۔

10۔ کانگریس کو 1984 کے چناؤ میں 415 سیٹیں ملیں۔

11۔ منڈل کمیشن 1980 میں بنا۔

12۔ نئی معاشی پالیسی کب لاگو کی گئی؟

13۔ بہوجن سماج پارٹی کو قائم کرنے میں کس نے اہم رول ادا کیا؟

14۔ بھارت کی سیاست میں مرکزی حکومت گٹھ بندھن سرکاروں کا دور کبشر وع ہوا؟

15۔ کانگریس نے گٹھ بندھن سرکار کی حقیقت کو سمجھ کر مرکزی سطح پر گٹھ بندھن حکومت کب بنائی ؟

16۔ پچھڑا طبقہ کسے کہا جاتا ہے؟

17۔ Uniform Civil Code سے کیا مراد ہے؟

## دو نمبر والے سوالات

1۔ گٹھ بندھن سرکار سے کیا مراد ہے؟

2۔ منڈل کمیشن کی دو اہم سفارشات بتائیں۔

3۔ گٹھ بندھن حکومتوں کا دور کس وجہ سے شروع ہوا؟

4۔ شاہ بانو معاملہ کیا تھا؟

5۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کو 1986 میں کن دو اہم واقعات کے سبب ابھرنے کا موقعہ ملا۔

6۔ BAMCEF کو تفصیل سے لکھیں۔ یہ کب قائم ہوئی ؟

7۔ گجرات میں فرقہ وارانہ فسادات کس حادثہ کے سبب شروع ہوئے؟

8۔ تین طلاق پر حال میں مودی حکومت کے ذریعے لایا گیا بل Uniform Civil Code کی طرف ایک قدم ہے واضح کریں۔

## اقتباس پر مبنی سوالات

1۔ مندرجہ ذیل پیراگراف کو غور سے پڑھیں اور سوالات کے جواب دیں۔

''1989 کے انتخابات سے بھارت میں گٹھ بندھن کی سیاست کے ایک لمبے دور کی شروعات ہوئی۔ اس کے بعد سے مرکز میں 11 حکومتیں بنیں۔ یہ سبھی گٹھ بندھن کی حکومتیں تھیں یا دوسری جماعتوں کی حمایت پر ٹکی ہوئی غیر اکثریتی حکومتیں تھیں جو ان حکومتوں میں شامل نہیں ہوئیں۔ اس نئے دور میں کوئی سرکار علاقائی پارٹیوں کی ساجھے داری یا ان کی حمایت سے ہی بنائی جاسکتی تھی۔'' مئی 2014 کے لوک سبھا چناؤ میں BJP کو مکمل اکثریت حاصل ہوئی لیکن مرکز میں شری نریندر مودی کی قیادت میں NDA کی گٹھ بندھن حکومت بنی۔

1۔ گٹھ بندھن سیاست کا دور مرکز میں کس سال شروع ہوا؟

(A) 1979 (B) 1989 (C) 1999 (D) 2014

2۔ یونائیٹڈ فرنٹ حکومت کی تشکیل کس سال ہوئی ؟

(A) 1996 (B) 1999 (C) 2001 (D) 2004

3۔ 2014 کے لوک سبھا چناؤ میں مکمل اکثریت کس پارٹی کو ملی۔

(A) BSP (B) BJP (C) Congress (D) AAP

3۔ 2014 میں وزیر اعظم کون تھے؟

(A) منموہن سنگھ (B) وی۔ پی۔ سنگھ

(C) راج ناتھ سنگھ (D) نریندر مودی

2۔ ''آزادی کے بعد 17 ویں لوک سبھا چناؤ 2019 میں پھر سے بی۔ جے۔ پی۔ کی قیادت میں این۔ ڈی۔ اے۔ 543 میں سے 350 سے زیادہ سیٹوں پر کامیابی حاصل کر کے مرکز میں اقتدار میں آئی ہے۔ خود بی۔ جے۔ پی۔ نے اسی لوک سبھا چناؤ میں 303 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی جو 1984 میں اندرا گاندھی کے قتل کے بعد کانگریس کو ملی۔ لاثانی کامیابی کے بعد نچلے ایوان میں کسی ایک پارٹی کے ذریعے جیتی گئی سیٹیں اب تک کی سب سے بڑی تعداد ہیں۔ 2019 میں BJP کی اس لاثانی کامیابی کی بنا پر سماجی علمبردار نے پارٹی نظام کو بی۔ جے۔ پی۔ نظام کی شکل میں متعارف کرنا شروع کر دیا ہے جس سے ہندوستان کی جمہوری سیاست میں کانگریس نظام کی طرح ایک پارٹی کے غلبہ کا دور دکھائی دینا شروع ہو گیا ہے۔

(1) 1984 کے چناؤ میں کس پارٹی کو مکمل اکثریت حاصل ہوئی۔

(A) بی۔ جے۔ پی۔ (B) کانگریس

(C) جنتا دل (D) راشٹریہ مورچہ

(2) 17 ویں لوک سبھا کا چناؤ کس سال ہوا؟

(3) بی۔ جے۔ پی۔ نے 17 ویں لوک سبھا میں کتنی سیٹیں جیتیں۔

(303) (B) 315 (C) 350 (D) 543

(4) ہندوستان کے موجودہ وزیر اعظم کون ہیں؟

(A) شری رام ناتھ کووند (B) شری راج ناتھ سنگھ

(C) شری نریندر مودی (D) شری امیت شاہ

## چار نمبر والے سوالات

1۔ منڈل مدعے پر نوٹ لکھیں۔ (Imp)

2۔ دسمبر 1992 میں ایودھیا واقعہ کے کیا نتائج نکلے؟

3۔ ملی جلی حکومت (گٹھ بندھن) کے دو مثبت اور دو منفی پہلو بتایئے

4۔ BJP کی کامیابی پر نوٹ لکھیں۔


## پانچ نمبر والے سوالات


1۔ مندرجہ ذیل کارٹون کو غور سے دیکھیے اور متعلق سوال کے جواب دیجیے۔

(i) کیا یہ کارٹون کٹھ پتلی حکومت کی جانب اشارہ کرتا ہے؟ اور کیوں؟ 2

(ii) ''حکومت کی باہر سے حمایت کرنا، ان الفاظ سے کیا مراد ہے؟ 2

(iii) یہ کارٹون کس طرح کی حکومت کی مثال ہے؟ 1


THEY SAID THEY'LL SUPPORT THE GOVERNMENT FROM OUTSIDE!


A
B
C
D
E
0 250 500 Kms.

2۔ دیئے گئے ہندوستان کے نقشے میں E, D, C, B, A کو دکھایا گیا ہے۔ نیچے دی گئی معلومات کی بنیاد پر انہیں پہچانیے اور ان کے صحیح نام استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور متعلق حروف کے ساتھ مندرجہ ذیل جدول کی شکل میں اپنی جوابی کاپی میں لکھیں۔

| استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر | متعلق حروف | ریاست کا نام |
|---|---|---|
| i | | |
| ii | | |
| iii | | |
| iv | | |
| v | | |

1۔ وہ ریاست جہاں سے سابق وزیر اعظم وی۔ پی۔ سنگھ منتخب ہوئے تھے۔

2۔ جون 1996 سے اپریل 1997 تک رہے۔ سابق وزیر اعظم کی ریاست۔

3۔ وہ ریاست جس کا تعلق منڈل کمیشن 79-1977 کے صدر سے تھا۔

4۔ وہ ریاست جہاں 1957 سے 1967 تک نیشنل کانفرنس کی حکومت بنی رہی۔

5۔ وہ ریاست جہاں سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی دورے پر تھے اور ان کو قتل کر دیا گیا۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ 1989 کے بعد بھارت کی سیاست میں آنے والی تبدیلیوں کا ذکر کیجیے۔ (Imp)

2۔ کن مدعوں پر بھارت کی سیاسی جماعتوں میں عام طور پر ایک رائے ہے؟

3۔ ''2014 کے انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی کی جیت سے گٹھ بندھن حکومت کا خاتمہ ہو گیا ہے'' اس بیان کی حمایت میں اور مخالفت میں دلائل دیجیے۔

4۔ گٹھ بندھن حکومت کے سبب مرکز۔ ریاستی حکومت کے تعلقات میں کیا تبدیلیاں آئی ہیں؟ کوئی تین تبدیلیاں بیان کیجیے۔

5۔ یو۔پی۔اے۔حکومت کے کاموں کو بیان کیجیے۔

6۔ 2014 کے بعد ہندوستان کی سیاست میں ایک بڑی تبدیلی فرقہ اور مذہب پر مبنی سیاست ترقی کی طرف راغب ہے۔ وضاحت کریں۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ 44

2۔ 27%

3۔ UPA

4۔ راشٹریہ مورچہ

5۔ D, A, C, B

6۔ C

7۔ C

8۔ غلط

9۔ صحیح

10۔ صحیح

11۔ غلط

12۔ 1991

13۔ کانشی رام

14۔ 1989 کے بعد سے لوک سبھا کے انتخابات میں بھی کسی سیاسی جماعت کو 2014 تک مکمل اکثریت حاصل نہ ہوئی۔ مرکز میں 1989 سے گٹھ بندھن حکومتوں کا دور شروع ہوا۔

15۔ 2004

16۔ تعلیمی اور سماجی طور پر پچھڑا ہوا طبقہ

17۔ سبھی شہریوں کے لیے ملک میں یکساں قانون کے طریقے کو Uniform Civil Code کہا جاتا ہے۔

## دونمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ ایک سے زیادہ سیاسی جماعتوں کے ذریعے مل کر حکومت بنانا

2۔ دیگر پسماندہ طبقات کو سرکاری نوکریوں میں 27 فی صدر یزرویشن

زمینی اصلاحات سے متعلق قانون کو عملی جامع پہنانا

3۔ قومی سیاسی جماعتوں کا کمزور ہونا اور علاقائی جماعتوں کا زیادہ اثر انداز ہونا

4۔ شاہ بانو ایک مسلم عورت تھیں جنھوں نے اپنے شوہر کے طلاق دینے پر عدالت میں اپنے گذارہ بھتہ حاصل کرنے کے لیے اپیل کی اور سپریم کورٹ نے ان کے حق میں فیصلہ دیا۔ حکومت نے ایک قانون کے ذریعے اس فیصلہ کو مسترد کر دیا۔

5۔ (i) شاہ بانو کیس

(ii) عدالت کے ذریعے ایودھیا میں متنازعہ مقام کا تالا کھولا جانا

6۔ Backward and Minorities Classes Employee's Federation... 1978 میں

7۔ گودھرا ٹرین حادثہ

8۔ ہندوستان کے آئین میں سب شہریوں کو یکساں حقوق دیئے گئے ہیں تین طلاق کا خاتمہ مسلم عورتوں کو برابری دلانے کی سمت میں اٹھایا گیا ایک قدم ہے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات کے جواب

(i) 1۔ B — 1989

2۔ A — 1996

3۔ B — BJP

4۔ D — نریندر مودی

(ii) 1۔ B — کانگریس

2۔ D — 2019

3۔ A — 303

4۔ C — نریندر مودی

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ یاد رکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

2۔ (i) اتر پردیش کی بی۔ جے۔ پی۔ سرکار برخاست

(ii) اتر پردیش میں صدر راج نافذ

(iii) ملک میں فرقہ وارانہ کشیدگی

(iv) مرکزی حکومت کے ذریعے تحقیقاتی کمیشن کا تقرر

(v) زیادہ تر سیاسی جماعتوں کے ذریعے اس واقعہ کی تنقید کی گئی

3۔ **مثبت پہلو:**

(i) علاقائی توازن قائم کرنے میں معاون

(ii) مختلف سیاسی جماعتوں کو نمائندگی

**منفی پہلو:**

(i) سیاسی ناپائیداری

(ii) پالیسیوں کو مضبوطی سے لاگو کرنے میں کمی

4۔ ■ اطلاعات کا حق

■ قومی غذائی تحفظ

■ فصل بیمہ یوجنا

■ تعلیم کا حق

5۔ 1980 میں تشکیل

1980 اور 1984 کے چناؤ میں خاص کامیابی نہیں۔

1986 کے بعد ہندو قومیت کے اجزا پر زور

رام جنم بھومی مدعا

1996 میں لوک سبھا میں سب سے بڑی پارٹی بنی

1998 سے 2004 تک BJP کی قیادت والے گٹھ بندھن کی حکومت

2014 سے BJP کی قیادت والے گٹھ بندھن کی حکومت

شمالی مشرق میں بھی 2016 میں پہلی بار حکومت کی تشکیل وغیرہ

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) جی ہاں، کیونکہ وی۔پی۔سنگھ کی حکومت کو بی۔جے۔پی نے باہر سے حمایت دی تھی۔

(ii) حکومت کی باہر سے حمایت کرنا یعنی حکومت میں شامل نہ ہونا بلکہ واضح اکثرت کی کمی کے سبب ان کو باہر سے حمایت دے کر حکومت بنانے میں مدد کرنا

(iii) یہ کارٹون گٹھ بندھن حکومت کی مثال ہے۔

2۔ (i) — B — اتر پردیش

(ii) — C — کرناٹک

(iii) — D — بہار

(iv) — A — جموں وکشمیر

(v) — E — تملناڈو

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ یادرکھنے لائق نکات کا مطالعہ کریں

2۔ (i) نئی معاشی پالیسی پر رضامندی

(ii) پچھڑے طبقات کے سیاسی اور سماجی دعوں کو منظوری

(iii) علاقائی جماعتوں کا رول اوران کی حکومت بنانے میں حصّہ داری

(iv) سیاسی جماعتوں کے نظریات کی جگہ کام کرنے کے عمل پر زور

3۔ **حمایت**

- 1984 کے بعد پہلی بار مرکز میں کسی جماعت کو اکثریت حاصل ہوئی
- زیادہ تر علاقائی جماعتوں کی طاقت میں کمی
- سیاسی جماعتوں میں خاص طور سے کانگریس اور یو۔پی۔اے۔ کا صفایا

**مخالفت**

- واضح اکثریت حاصل کر لینے کے بعد بھی بھارتیہ جنتا پارٹی کا NDA کو ساتھ لے کر چلنا
- تین علاقائی جماعتوں تریمول کانگریس (مغربی بنگال) بیجو جنتا دل (اڑیسہ) اور AIADMK (تامل ناڈو) میں اپنا دبدبہ قائم رکھنا

4۔ (i) دفعہ 356 کا غلط استعمال کم ہو گیا

(ii) ریاستوں کی طاقت میں اضافہ

(iii) ریاستوں میں مرکز کی مداخلت کم ہوئی

(iv) زیادہ تر ریاستوں میں قومی سیاسی جماعتوں کا کمزور ہونا

5۔ (i) RTI اور RTE لاگو کر کے جمہوریت کو مضبوطی دینا

(ii) غذائی سلامتی بل کے ذریعے غریبی کی سطح سے نیچے کی زندگی گزارنے والوں کو کھانے کا حق دینا

(iii) منریگا کے ذریعے 100 دنوں تک روزگار مہیا کرانا روزگار نہ ہونے کی صورت میں بھتہ کی گارنٹی جس سے گاؤں سے شہر کی جانب ہجرت کرنے میں روک لگانے میں کافی مدد ملی ہے۔

(iv) اعلیٰ تعلیمی اداروں میں OBC کو 27 فی صدرریزرویشن دے کر ریزرویشن کی سیاست کو بڑھاوا۔

6۔ یاد کھنے لائق نکات دیکھیں۔

# SAMPLE PAPER-1 2021-2022

Time: 3 Hrs. | MM - 80

**عام ھدایات:.**

1۔ سبھی سوالات ضروری ہیں۔

2۔ سیکشن A میں ایک سے 16 تک سبھی سوال کثیر انتخابی ہیں اور مختلف طرح کے ہیں۔

3۔ سیکشن B میں اقتباس پر مبنی سوال 17 اور 18 ہیں اور ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔

4۔ سیکشن C میں سوال نمبر 19 سے 22 ہر ایک 2 نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کے جواب 40 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونے چاہیے۔

5۔ سیکشن D میں سوال نمبر 23 سے 27 ہر ایک 4 نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کے جواب 100 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونے چاہئیں۔

6۔ سیکشن E میں سوال نمبر 28 اور 29 نقشہ اور کارٹون سے متعلق ہے جن میں ہر ایک سوال 3 نمبر کا ہے۔

7۔ سیکشن F میں سوال نمبر 30 سے 32 ہر ایک 6 نمبر کا ہے ان سوالوں کے جواب 150 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونے چاہئیں۔

## سیکشن –A

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی تنظیم امریکہ کے ذریعے تائید شدہ نہیں ہے۔ 1

(a) ناٹو (b) سینٹو

(d) سیٹو (d) وارسا

2۔ عرب انقلاب کا اثر مندرجہ ذیل میں سے کس عرب ملک میں دیکھا گیا۔ 1

(a) کویت (b) یمن (c) عراق (d) ایران

3۔ مندرجہ ذیل بیان کو صحیح کر کے پھر سے لکھیں۔ 1

جنوبی ایشیا کے ممالک میں سب سے پہلے پاکستان نے اپنی معیشت کی نرم کاری کی۔

4۔ برکس کی 11ویں کانفرنس 2019 میں کہاں منعقد ہوئی؟ 1

(a) برازیل (b) ہندوستان (c) روس (d) چین

5۔ 26 جون 1945 کو انجمن اقوام متحدہ کے چارٹر پر دستخط کرنے والے ممالک کی تعداد کتنی تھی؟ 1

(a) 49 (b) 50 (c) 51 (d) 5

6۔ مندرجہ ذیل میں سے کس کو سلامتی کے غیر روایتی تصور کا درجہ دیں گے۔ 1

(a) چکن گنیا/ڈینگو بخار (b) پڑوسی ریاستوں سے کامگاروں کی آمد

(c) اپنے علاقے کو قوم بنانے کی مانگ کرنے والے گروپ کا عروج

(d) اپنے علاقے کو زیادہ خودمختاری دیئے جانے کی حمایت کرنے والے گروپ کا عروج

7۔ خالی جگہیں بھریں۔

ہندوستان نے کیوٹو پروٹول پر سال.............................میں دستخط کیے۔ 1

(a) 1992 (b) 1997 (c) 2002 (d) 2007

8۔ ''انجمن اقوام متحدہ کا قیام انسانیت کو جنت پہنچانے کے لیے نہیں بلکہ اسے دوزخ سے بچانے کے لیے ہوا ہے'' یہ بیان مندرجہ ذیل میں سے کس کے ذریعے کہا گیا۔ 1

(a) ششی تھرور (b) کوفی اے عنان

(c) ڈیگ ہیمر شولڈ (d) ٹرائی گولی

9۔ مندرجہ ذیل بیان کو ٹھیک کر کے لکھیں۔

ہندوستان میں اسرائیل کے سفارت خانہ کا قیام 1994 میں ہوا۔ 1

10۔ اے۔کے گوپالن ایس۔اے ڈانگے مندرجہ ذیل میں سے کس سیاسی پارٹی سے متعلق ہیں۔ 1

(a) کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (b) بھارتیہ جن سنگھ

(c) کانگریس (d) سوشلسٹ پارٹی

11۔ خالی جگہیں بھریں۔ 1

تاشقند سمجھوتے پر لال بہادر شاستری اور........................ نے دستخط کئے۔

12۔ مکمل انقلاب کے بانی کی شکل میں کس کو جانا جاتا ہے؟ 1

(a) مہاتما گاندھی (b) رام منوہر لوہیا

(c) دین دیال اپدھیائے (d) جے پرکاش نارائن

13۔ چپکو تحریک کی شروعات کس ریاست سے ہوئی؟ 1

(a) ہماچل پردیش (b) پنجاب

(c) اترا کھنڈ (d) ہریانہ

14۔ ہندوستان نے فوجی میدان میں ایٹمی صلاحیت کب حاصل کی؟ 1

(a) 1875 (b) 1978 (c) 1998 (d) 2008

15۔ ترک اسلحہ سے مراد۔ 1

(a) ہتھیاروں کو بنانے یا ان کو حاصل کرنے پر پابندی

(b) ترقی پذیر ممالک کو ہتھیار رکھنے سے منع کرنا

(c) کچھ خاص ہتھیاروں کے استعمال سے پرہیز

(d) اوپر دیئے گئے سبھی

16۔ لال ڈینگا کا تعلق کس ریاست سے ہے؟

(a) آسام (b) ناگالینڈ (c) میزورم (d) منی پور

## سیکشن–B

17۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔ 1+1+1+1 = 4

''وہ آسیان معاشی برادری کے مقاصد میں مشترکہ مارکیٹ۔ آسیان ممالک کے درمیان صنعتی مرکز کا قیام اور علاقے کی سماجی اور معاشی ترقی میں تعاون شامل ہیں۔ معاشی برادری موجودہ مالی جھگڑوں کو جلدی نمٹانے کے لیے Asean dispute settlement mechanism کے طریقۂ کار میں بہتری لانے کو پسند کرے گی۔ آسیان کی توجہ ایک آزاد تجارتی علاقہ FTA بنانے کا بھی ہے جو سرمایہ کاری، خدمات اور مزدوروں کے لیے وقف ہو۔ امریکہ اور چین نے FTA کے معاملے میں آسیان سے گفتگو کرنے میں کافی تیزی دکھائی''۔

17.1۔ آسیان کے ممبر ممالک کی تعداد ہے۔

(a) 5 (b) 10 (c) 15 (d) 20

17.2۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا آسیان معاشی برادری کا مقصد نہیں ہے۔؟

(a) آسیان ممالک کی مشترکہ مارکیٹ تیار کرنا

(b) آسیان ممالک کے درمیان صنعتی مرکز کا قیام

(c) اس علاقے کی سماجی اور معاشی ترقی میں تعاون کرنا

(d) یوروپین یونین کی طرح ایک ملکی تنظیم بنانا

17.3۔ آسیان نے مندرجہ ذیل میں سے کن مدوں پر آزاد تجارتی علاقہ بنانے پر دھیان دیا ہے؟

(a) سرمایہ کاری (b) مزدور (c) خدمات (d) سبھی

17.4۔ آزاد تجارتی علاقہ پر بات چیت کی پہل مندرجہ ذیل ممالک نے کی ہے۔

(a) امریکہ (b) روس (c) چین (d) امریکہ اور چین دونوں

18۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے پڑھیں اور سوالات کے جواب دیں۔ 1+1+1+1=4

''علاقائی امنگوں کا مقابلہ جمہوری طریقے سے کرنا چاہیے نہ کہ زور اور زبردستی سے۔ 1980 کی دہائی کی صورت حال پر غور کریں پنجاب میں مسلح بغاوت کے آثار پیدا ہو چکے تھے۔ شمال مشرق کے مسائل جاری تھے۔ آسام میں طالب علم احتجاج کر رہے تھے۔ کشمیر میں زبردست ہنگامہ آرائی ہو رہی تھی بجائے اس کے کہ ان کو انتظامی مسئلہ قرار دیا جاتا ہندوستان کی حکومت نے ان مسائل کا سامنا علاقائی تحریکوں کے ساتھ گفتگو کر کے حل کیا۔ اس نے ایک سمجھوتے کا ماحول پیدا کیا اور

اسی طرح سے بہت سے علاقوں میں تناؤ کم ہو گیا۔ میزورم کی مثال نے یہ دکھا دیا کہ سیاسی سمجھوتے علاحدگی پسند کے مسائل کو کس طرح کامیابی سے حل کر سکتے ہیں۔

18.1۔ آسام تحریک کی رہنمائی مندرجہ ذیل میں سے کس نے کی؟

(a) کسان تنظیم (b) خواتین تنظیم

(c) طلبا تنظیم (d) مزدور تنظیم

18.2۔ جمہوری بات چیت کے معنی ہیں۔

(a) علاقائی امنگوں کو دبانا (b) علاقائی امنگوں کی عزت کرنا

(c) علاقائی امنگوں کی مخالفت کرنا (d) ان میں سے کوئی نہیں

18.3۔ علاقائی مسائل کو سلجھانے کے لیے حکومت نے کیا قدم اٹھائے؟

(a) بات چیت کے ذریعے سمجھوتہ کیا (b) نیتاؤں کو جیل میں بند کر دیا

(c) بات چیت سے انکار کر دیا (d) ظالمانہ پالیسی اپنائی

18.4۔ اس ریاست کو پہچانیں جس میں کچھ انتہا پسند طبقوں نے ہندوستان سے الگ ہو کر ''خالصتان'' بنانے کی وکالت کی۔

(a) آسام (b) میزورم (c) کشمیر (d) پنجاب

## سیکشن–C

19۔ ہندوستان اور مالدیپ کے بیچ تعاون کے کوئی دو میدان لکھیں۔ 2

20۔ سماجی سلامتی کو چ سے کیا مراد ہے؟ 2

21۔ ''نیتی آیوگ'' کی تشکیل کب کی گئی؟ اس کے قیام کا کوئی ایک اہم مقصد لکھیں۔ 2

22۔ ''متحدہ انسانیت'' کے کنہیں دو اصولوں کی وضاحت کریں 1+1=2

یا

ایمرجنسی کے حق میں حکومت کے ذریعے دی گئی کنہیں دو دلیلوں کو لکھیں 1+1=2

# سیکشن–D

23۔ 1947 میں برطانوی ہندوستان کی تقسیم کے کنہیں چار نتائج کا جائزہ کیجیے؟ 4

24۔ امریکہ کے غلبے سے کیا مرا ہے؟ امریکی غلبے کے راستے میں آنے والی کنہیں دو رکاوٹوں کا ذکر کریں 2+2=4

25۔ ماحولیات پر تیزی سے ہونے والے نقصان سے ممالک کی سلامتی کو سنگین خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ کیا آپ اس بیان سے متفق ہیں مثالوں کے ذریعے اپنے جواب کی تصدیق کریں،

26۔ جنوبی ایشیا میں اپوزیشن کے تعلقات کو باہری طاقتیں کیسے متاثر کرتی ہیں؟ 4

یا

اسرائیل/ اور ہندوستان کے بیچ تعاون کے کنہیں دو معاملوں کی وضاحت کریں۔

27۔ ہندوستان اور چین کے بیچ تنازعے کے کنہیں دو معاملات کو پہچانیں اور بتائیں زیادہ سے زیادہ بہتر تعاون کے لیے انہیں کیسے نپٹایا جا سکتا ہے۔

# سیکشن–E

28۔ ہندوستان کے دیئے گئے نقشے میں A, B, C, D, E ریاستیں دکھائی گئی ہیں نیچے دی گئی جانکاری کی بنا پر انہیں پہچانیں اور ان کے نام استعمال کی گئی جانکاری کے سیریل نمبر اور متعلق حروف کو دیئے گئے جدول کی شکل میں اپنی جوابی کاپی میں لکھیں۔

| استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر | متعلق حروف | ملک کا نام |
|---|---|---|
| 1۔ | | |
| 2۔ | | |
| 3۔ | | |
| 4۔ | | |
| 5۔ | | |


1۔ ایسی ریاست جہاں کانگریس پارٹی کو اکثریت حاصل ہوئی اور وہ حکومت بنانے میں کامیاب ہوئی۔

2۔ ایسی ریاست جہاں کانگریس پارٹی کو اکثریت حاصل نہیں ہوئی لیکن دوسری پارٹیوں کے تعاون سے کانگریس نے حکومت بنائی۔

3۔ ایسی ریاست جہاںPopular united front کی حکومت بنی۔

4۔ ایسی ریاست جہاں دوسوشلسٹ پارٹیاںSSP اورPS شامل تھیں۔


5۔ علاقائی پارٹیDMK مکمل اکثریت کے ساتھ اقتدار حاصل کرنے میں کامیاب رہی۔




نوٹ: مندرجہ ذیل سوال صرف نابینا طلبا کے لیے سوال نمبر 28 کی جگہ پر

1967 کے عام چناؤ میں کانگریس پارٹی کی ہار کی اہم وجوہات کی وضاحت کریں۔

29۔ دی گئی تصویر کا بغور مطالعہ کریں اور اس پر مبنی سوالات کے جواب لکھیں۔



29.1۔ اوپر دی گئی تصویر میں کس مسئلہ کو دکھایا گیا ہے؟ 1

29.2۔ یہاں انگلیوں کو چمنی کی طرح اور دنیا کو لائٹر کی شکل میں کیوں دکھایا گیا ہے؟ 2

29.3۔ اوپر دی گئی تصویر میں دکھائے گئے مسئلہ کو حل کرنے کے لیے آپ کیا سجھاو دیں گے کوئی دو سجھاؤ لکھیں 2

**نوٹ:** مندرجہ ذیل سوالا نابینا طلبا کے لیے سوال نمبر 29 کی جگہ پر ہے۔ 1+1+1+1+1

1۔ عالمی معاملات سے تجاوز رکھنے والے 'کلب آف روم' نے 1972 میں ایک کتاب شائع کی اس کتاب کا عنوان کیا تھا؟

2۔ ہندوستان میں اصل باشندے کے لیے کس لفظ کا استعمال کیا جاتا ہے؟

3۔ UNFCC کو وسیع کر کے لکھیں۔

4۔ پہلی ارضی کانفرنس کب اور کہاں ہوئی؟

5۔ عالمی حرارت سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔

# سیکشن-F

30۔ یہ مانا جاتا ہے کہ سرد جنگ سیدھے طور پر طاقت کے لیے جدوجہد تھی اور اس کا نظریات سے کوئی تعلق نہیں تھا؟ آپ اس دلیل سے متفق ہیں۔ دلیل دے کر جواب دیں۔ 6

یا

سرد جنگ سے ہتھیاروں کی دوڑ اور ہتھیاروں پر کنٹرول یہ دونوں ہی ردعمل پیدا ہوئے ان دونوں کی کیا وجوہات تھیں۔

31۔ رجواڑوں کو ہندوستانی وفاق میں شامل کرنے میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کے تاریخی کردار کی وضاحت کریں۔ 6

یا

ہندوستان میں معاشی ترقی کی بدلتی حالتوں کا ذکر کریں۔

32۔ ''بیٹی بچاؤ۔ بیٹی پڑھاؤ'' منصوبے کی کنہی چھ خصوصیات کا تذکرہ کریں 6

یا

مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ لکھیں۔

1۔ سوچھ بھارت ابھیان

2۔ پردھان منتری جن۔ دھن یوجنا

# Sample Paper II (2021-2022)

## عام ھدایات :

1۔ سبھی سوالات ضروری ہیں۔

2۔ سیکشن A میں ایک سے 16 تک سبھی معروضی (Objective type) سوال ہیں ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔

3۔ سیکشن B میں اقتباس پر مبنی سوال 17 اور 18 ہیں اور ہر سوال 1 نمبر کا کثیر انتخابی ہے۔

4۔ سیکشن C میں سوال نمبر 19 سے 22 ہر ایک 2 نمبر کا ہے ہر ایک کا جواب 40 الفاظ سے زیادہ نہ ہو۔

5۔ سیکشن D میں سوال نمبر 23 سے 27 تک سوال ہیں ہر سوال 4 نمبر کا ہے۔ ہر ایک کا جواب 100 الفاظ سے زیادہ نہ ہو۔

6۔ سیکشن E میں سوال نمبر 28 اور 29 نقشہ اور کارٹون کا ہے۔ ہر ایک سوال 5 نمبر کا ہے۔

7۔ سیکشن F میں سوال نمبر 30 سے 32 تک سوال ہیں۔ ہر سوال 6 نمبر کا ہے۔ ہر ایک کا جواب 150 الفاظ سے زیادہ نہ ہو۔

## سیکشن–A

1۔ خالی جگہیں بھریں 1

ریاستہائے متحدہ امریکہ اور سوویت یونین کے بیچ جاری نظریاتی جنگ کو.......................کہا جاتا ہے۔

2۔ عرب انقلاب کی شروعات کس وقت سے مانی جاتی ہے؟ 1

(a) 2005-06 (b) 2009-10

(c) 2015-16 (d) 2019-20

3۔ ماسٹریٹ معاہدے سے کس تنظیم کا قیام ہوا ہے؟ 1

4۔ سارک کے کنہیں دو ممبر ممالک کے نام لکھیں۔ 1

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کس ملک کے پاس سلامتی کاؤنسل میں ویٹو کا حق نہیں ہے؟ 1

(a) آسٹریلیا (b) چین

(c) فرانس (d) امریکہ

6۔ مندرجہ ذیل بیان کے لیے صحیح یا غلط لکھیں۔ 1

دہشت گردی سے مراد سنگین تشدد کے اس منظم استعمال سے ہے جس سے سماج میں ڈر کا ماحول بنتا ہے۔

7۔ دہشت گردی کو ایک کسے مسئلہ کی شکل میں دیکھا جاسکتا ہے۔ 1

(a) ایک ملک کا مسئلہ (b) دوممالک کا مسئلہ

(c) ایشیا براعظم کا مسئلہ (d) عالمی مسئلہ

8۔ خالی جگہیں بھریں 1

.................آزاد ہندوستان کے پہلے وزیر خارجہ تھے۔

9۔ ہندوستان میں سیاسی پارٹیوں کے حوالہ سے کون سا نظام ہے؟ 1

(a) ایک پارٹی نظام (b) دو پارٹی نظام

(c) کثیر پارٹی نظام (d) ان میں سے کوئی نہیں

10۔ رام منوہر لوہیا کس نظریہ پر یقین رکھتے تھے؟ 1

11۔ معلومات کا حق قانون کس سال لاگو ہوا؟ 1

12۔ چپکو تحریک کی شروعات کس ریاست سے ہوئی؟ 1

13۔ اکالی دل خاص طور سے کس ریاست کی علاقائی پارٹی ہے؟ 1

14۔ مندرجہ ذیل بیان کو صحیح کر کے لکھیں۔ 1

پنجاب سے الگ کر 1975 میں ہریانہ ریاست بنی

15۔ وزیر اعظم بننے سے پہلے شری نریندر مودی کس ریاست کے وزیر اعلیٰ رہے؟ 1

(a) اتر پردیش (b) مدھیہ پردیش

(c) گجرات (d) راجستھان

16۔ 2019 میں کون سی لوک سبھا کے لیے چناؤ ہوئے؟ 1

(a) 13ویں (b) 14ویں

(c) 16ویں (d) 17ویں

## سیکشن–B

17۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔ 1+1+1+1

''عالم گیریت ہمیشہ ریاست کی طاقت کو کم نہیں کرتی۔ ریاست اب بھی سیاسی برادری کی مضبوط بنیاد کے لیے بغیر کسی مد مقابل کے سرفہرست ہے۔ عالمی سیاست میں پرانی کشمکشوں اور رقابتوں کی اہمیت اپنی جگہ برقرار ہے۔ ریاست اپنے بنیادی فرائض ادا کر رہی ہے۔ لیکن شعوری طور سے کچھ میدانوں سے ہٹ رہی ہے۔ بہر حال ریاست کی اہمیت کم نہیں ہوئی ہے وہ قائم ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ریاست کی صلاحیت کے کچھ پہلوؤں کو عالم گیریت سے فروغ ملا ہے خاص طور سے ٹکنالوجی میں بڑھتی ہوئی مہارت کی وجہ سے شہریوں کے بارے میں معلومات جمع کرنے میں ریاست کی صلاحیت میں اضافہ ہوا ہے۔ ان اطلاعات کے ساتھ سیاست کی حکمرانی کی صلاحیت مضبوط ہوئی ہے کمزور نہیں یعنی نئی ٹیکنالوجی کی بدولت ریاست پہلے کے مقابلے میں زیادہ طاقتور ہوئی ہے۔

17.1۔ ریاست کے اہم لازمی کام کون سے ہیں؟

(a) قانون و نظم و نسق (b) ملک کی سلامتی

(c) A اور B دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

17.2۔ ہندوستان نے کون سے سال میں عالم گیریت کو اپنایا؟

(a) 1991 (b) 1992

(c) 1993 (d) 1990

17.3۔ ہندوستان نے عالم گیریت کو کیوں اپنایا؟

(a) 1991 میں مالی بحران سے ابھرنے کے لیے

(b) معاشی ترقی کی اونچی شرح حاصل کرنے کے لیے

(c) غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے

(d) A اور B دونوں کے لیے

17.4۔ مندرجہ ذیل میں کمپیوٹر ٹیکنالوجی سے متعلق ایک ملٹی نیشنل کمپنی ہے؟

(a) نیسلے (b) مائیکروسافٹ

(c) پتنجلی (d) امول

18۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔ 1+1+1+1

ترقی کے دو جانے مانے ماڈل تھے۔ ہندوستان نے ان میں سے کسی کو نہیں اپنانا سرمایہ داری ماڈل میں ترقی کا کام پوری طرح نجی شعبے کے بھروسے پر ہوتا ہے۔ ہندوستان نے یہ راستہ نہیں اپنایا تھا۔ ہندوستان نے ترقی کا سماجوادی ماڈل بھی نہیں اپنایا جس میں ہر طرح کی پیداوار ہر ریاست کا کنٹرول ہوتا ہے۔ ہندوستان نے دونوں ماڈل کے ملے جلے روپ کو اپنایا۔

18.1۔ سرمایہ دارانہ ماڈل کس ملک سے متاثر تھی؟

(a) ریاستہائے متحدہ امریکہ (b) سوویت یونین

(c) ہندوستان (d) ان میں سے کوئی نہیں

18.2۔ سماجوادی کس ماڈل س متاثر تھا؟

(a) ریاستہائے متحدہ امریکہ (b) سوویت یونین

(c) ہندوستان (d) ان میں سے کوئی نہیں

18.3۔ ہندوستان نے کون سا ماڈل اپنایا؟

(a) سرمایہ دارانہ ماڈل (b) سماجوادی ماڈل

(c) مخلوط ماڈل (d) ان میں سے کوئی نہیں

18.4۔ ہندوستان میں بھلائی فولاد مشینری کس ملک کے تعاون سے لگائی گئی۔

(a) سوویت یونین (b) امریکہ

(c) برطانیہ (d) چین

## سیکشن–C

19۔ عظیم طاقتوں کو چھوٹے ممالک کے ساتھ فوجی گٹھ بندھن سے ہونے والے کوئی دو فائدے لکھیں۔ 2

20۔ سوویت یونین کے زوال کی کوئی دو وجہ بتائیں۔ 2

21۔ قومی ترقیاتی کاؤنسل کی بناوٹ لکھیں۔ 2

22۔ ہندوستان کے ذریعے ناوابستگی کی پالیسی کو اپنائے جانے کے کوئی دو مقصد لکھیں۔ 2

یا

مزاحمت اور توازن کے اصول سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

## Section-D

23۔ پاکستان میں جمہوریت قائم کرنے میں آنے والی خاص رکاوٹیں کون سی ہیں۔ وضاحت کریں۔ 4

24۔ ہم عصر دنیا میں ماحولیات کے کون سے موضوع عالمی فکر کی وجہ بنے ہوئے ہیں کنہیں چار کی وضاحت کریں۔ 4

25۔ ہندوستان کی خارجہ پالیسی کے اہم اجزا کون سے ہیں کنہیں چار کی وضاحت کریں۔ 4

یا

ہندوستان کی نیوکلیائی پالیسی کی اہم خصوصیات بتائیں۔

26۔ ہندوستان کی سیاست میں ایک پارٹی نظام کا کیا مطلب ہے یہ دوسرے ممالک کے ایک پارٹی نظام سے کس طرح الگ تھا؟ 4

یا

ہندوستان میں کثیر پارٹی نظام کے دو فائدے اور دو نقصان لکھیں۔

27۔ جمہوریت کی بحالی کے کیا معنی ہیں؟ ہندوستان کی سیاست میں ہوئی مختلف جمہوری بحالی کا ذکر کریں۔

## سیکشن–E

